اُردُو دائرۂ معارفِ اسلامیّہ

زیرِ اہتمام

شعبۂ اُردو دائرۂ معارفِ اسلامیّہ

دانش گاہِ پنجاب، لاہور

نستعلیق ایڈیشن

جلد ۲

(اَرْغُون ـــــ اَلْبَاتِیہ)

طبع اوّل: محرّم ۱۴۳۹ھ/ستمبر ۲۰۱۷ء

ادارۂ تحریر

ڈاکٹر محمد وحید میرزا، ایم اے (پنجاب)، پی ایچ ڈی (لنڈن)	مدیر و رئیسِ ادارہ[1]
پروفیسر محمد علاء الدین صدیقی، ایم اے، ایل ایل بی (پنجاب)	قائم مقام رئیسِ ادارہ[2]
پروفیسر حمید احمد خاں، ایم اے (پنجاب)، ایم لٹ (کیمبرج)	قائم مقام رئیس ادارہ[3]
مولانا غلام رسول مہر	مشیر رئیس ادارہ[4]
ڈاکٹر محمد نصر اللہ احسان الٰہی رانا، ایم اے، پی ایچ ڈی (پنجاب)، پی ایچ ڈی (کیمبرج)	معاون رئیس ادارہ[5]
سید محمد امجد الطاف، ایم اے (پنجاب)	مدیرِ معاون[6]
سید نذیر نیازی، ایم اے (پنجاب)	مدیر معاون[7]
عبدالمنان عمر، ایم اے (علیگ)	مامور خصوصی[8] و مدیرِ معاون[9]
ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، ایم اے (پنجاب)	معتمدِ ادارہ[10]

مقالۂ اسلام کی تدوین و اشاعت ڈاکٹر سید عبداللہ، ایم اے، ڈی لٹ، پروفیسر ایمریطس
موجودہ رئیس ادارہ[11] کے زیر نگرانی ہوئی

۱۔ از ۱۴ مارچ ۱۹۶۳ء تا ۱۵ اپریل ۱۹۶۶ء؛ ۲۔ از یکم دسمبر ۱۹۶۵ء تا ۶ جولائی ۱۹۶۶ء؛
۳۔ از ۲۷ جولائی ۱۹۶۶ء تا ۱۳ نومبر ۱۹۶۶ء؛ ۴۔ از ۲۷ جولائی ۱۹۶۶ء تا ۳ نومبر ۱۹۶۶ء؛
۵۔ از اکتوبر ۱۹۶۱ء؛ ۶۔ از ۲۲ مئی ۱۹۶۲ء؛ ۷۔ از ۱۲ جولائی ۱۹۶۳ء؛ ۸۔ از ۱۲ فروری ۱۹۵۸ء تا جنوری ۱۹۶۵ء؛
۹۔ از ۲۳ جنوری ۱۹۶۵ء؛ ۱۰۔ از ۶ اپریل ۱۹۶۰ء؛ ۱۱۔ از ۱۴ نومبر ۱۹۶۶ء

مجلسِ انتظامیّہ

۱۔ پروفیسر حمید احمد خاں، ایم اے (پنجاب)، ایم لٹ (کیمبرج)، ستارۂ امتیاز، وائس چانسلر دانش گاہِ پنجاب (صدرِ مجلس)
۲۔ جسٹس ڈاکٹر ایس اے رحمٰن، ہلالِ پاکستان، چیف جسٹس سپریم کورٹ، پاکستان، لاہور
۳۔ لیفٹیننٹ جنرل ناصر علی خاں، سابق صدر پبلک سروس کمیشن، مغربی پاکستان، لاہور
۴۔ مسٹر معزّ الدّین احمد، سی ایس پی، رکن ریونیو بورڈ، حکومت مغربی پاکستان، لاہور
۵۔ مسٹر الطاف گوہر، سی ایس پی، تمغۂ پاکستان، ستارۂ قائداعظم، ستارۂ پاکستان، معتمد اطلاعات پاکستان، راولپنڈی
۶۔ معتمدِ مالیات، حکومتِ مغربی پاکستان، لاہور
۷۔ سیّد یعقوب شاہ، ایم اے، سابق آڈیٹر جنرل پاکستان و سابق وزیرِ مالیات، حکومتِ مغربی پاکستان، لاہور
۸۔ مسٹر عبدالرشید خاں، سابق کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری، مغربی پاکستان، لاہور
۹۔ ڈاکٹر سیّد محمد عبداللہ، ایم اے، ڈی لٹ، سابق پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور
۱۰۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر، ایم اے، پی ایچ ڈی، پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور
۱۱۔ پروفیسر محمد علاء الدین صدیقی، ایم اے، ایل ایل بی، صدر شعبۂ علومِ اسلامیہ، دانش گاہِ پنجاب، لاہور
۱۲۔ سیّد شمشاد حیدر، ایم اے، مسجّل و خازن، دانش گاہِ پنجاب، لاہور

بارِ اوّل: محرّم ۱۴۳۹ھ / ستمبر ۲۰۱۷ء

ناشر: محمد ارشد، ایم اے، پی ایچ ڈی (پنجاب)، رئیس شعبۂ اردو دائرۂ معارفِ اسلامیہ، دانش گاہِ پنجاب، لاہور
مطبع: پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور

رموز واختصارات

(ا)

کتبِ عربی وفارسی وترکی وغیرہ اوران کے تراجم اوربعض مخطوطات جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ہیں

آئین اکبری = **ابوالفضل**: آئین اکبری، Bibl. Indica.

آئین اکبری، ترجمہ = ترجمۂ آئین اکبری از بلخمن Blochmann (جلد اوّل) و از Jarrett (جلد ۲ و ۳)، Bibl. Indica.

[آ] = انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، انگریزی، طبع اوّل یا دوم، لائڈن.

ابن الأبّار = کتاب تَکمِلَة الصِلَة، طبع کودیرا (F. Codera)، میڈرڈ ۱۸۸۷-۱۸۸۹ء (BAH V-VI).

ابن الأبّار: تَکمِلَة = M. Alarcóny C. A. González Palencia: *Apéndice a la adición Codera de Tecmiela*، در *Misc. de estudios y textos árabes*، میڈرڈ ۱۹۱۵ء.

ابن الأبّار، جلد اوّل = ابن الأبّار: تَکمِلَة الصِلَة، *texte arabe d'après un ms. de Fès, tome I, complétant les deux vol. édités par F. Codera* بتصحیح A. Bel و محمد بن شنب، الجزائر ۱۹۱۸ء.

ابن الأثیر ا یا ۲ یا ۳ یا ۴ = طبع اوّل، کتاب الکامل، طبع تورنبرگ (C. J. Tornberg)، لائڈن ۱۸۵۱-۱۸۷۶ء؛ طبع دوم وسوم، کتاب الکامل، طبع قاہرہ ۱۳۰۱ھ؛ ۱۳۰۳ھ؛ طبع چہارم، کتاب الکامل، طبع قاہرہ ۱۳۴۸ھ، ۹ جلد.

ابن الأثیر، ترجمۂ فانیاں = *Annales du Maghreb et de l'Espagne*، ترجمہ از فانیاں (E. Fagnan)، الجزائر ۱۹۰۱ء.

ابن بَشکُوال = کتاب الصِلَة فی اخبار اَئِمّة الأَندلُس، طبع کودیرا (F. Codera)، میڈرڈ ۱۸۸۳ء (BAH II).

ابن بطوطہ = تحفة النُظّار الخ مع ترجمہ از C. Defrémery اور B. R. Sanguinetti، ۴ جلد، پیرس ۱۸۵۳-۱۸۵۸ء.

ابن تَغری بِردِی = النُجوم الزاهرة فی مُلوک مصر و القاهرة، طبع پوپر (W. Popper)، برکلے و لائڈن ۱۹۰۸-۱۹۳۶ء.

ابن تَغری بِردِی؛ قاہرہ = وہی کتاب، طبع قاہرہ ۱۳۴۸ھ بعد.

ابن حَوقَل = کتاب صُورَة الأرض، طبع کرامرز (J. H. Karamers)، لائڈن ۱۹۳۸-۱۹۳۹ء (BGA II, 2nd edition).

ابن خُرَّداذبِہ = المَسالک و المَمالِک، طبع ڈخویہ (M. J. de Goeje)، لائڈن ۱۸۸۹ء (BGA VI).

ابن خَلدُون: عِبَر = کتاب العِبَر و دِیوان المُبتدأ والخَبَر الخ، بولاق ۱۲۸۴ھ.

ابن خَلدُون: مقدّمة = *Prolégomènes d' Ibn Khaldoun*، طبع کاترمیر (E. Quatremere)، پیرس ۱۸۵۸-۱۸۶۸ء (*Notices et Extraits XVI-XVIII*).

ابن خَلدُون: مقدّمة، ترجمۂ دیسلان = *Prolègomènes d' Ibn Khaldoun*، ترجمہ وحواشی از دیسلان (M. de Slane)، پیرس ۱۸۶۳-۱۸۶۸ء (طبع ثانی ۱۹۳۴-۱۹۳۸ء).

ابن خَلدُون: مقدّمة، ترجمۂ روزنتھال = *The Muqaddimah*، ترجمہ از Franz Rosenthal، ۳ جلد، لنڈن ۱۹۵۸ء.

ابن خَلّکان = وَفَیات الأَعیان و اَنباء اَبناء الزَمان، طبع وُسٹنفلٹ (F. Wustenfeld)، گوٹنگن ۱۸۳۵-۱۸۵۰ء (حوالے شمارِ تراجم کے اعتبار سے دیے گئے ہیں).

ابن خلّکان، بولاق = وہی کتاب، بولاق ۱۲۷۵ء.

ابن خلّکان، قاہرہ = وہی کتاب، قاہرہ ۱۳۱۰ھ.

ابن خلّکان، ترجمۂ دیسلان = *Biographical Dictionary*، ترجمہ از دیسلان (M. de Slane)، ۴ جلد، پیرس ۱۸۴۳-۱۸۷۱ء.

ابن رُستَہ = الأَعلاق النَفِیسة، طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۹۱-۱۸۹۲ء (BGA VII).

ابن رُستَہ، ویت = *Les Atours précieux*، ترجمہ از G. Wiet، قاہرہ ۱۹۵۵ء.

ابن سَعد = کتاب الطبقات الکبیر، طبع زخاؤ (H. Sachau) وغیرہ، لائڈن ۱۹۰۴-۱۹۴۰ء.

ابن العِذاری = کتاب البَیان المُغرِب، طبع کولن (G. S. Colin) ولیوی پرووانسال (E. Lévi-Provençal)، لائڈن ۱۹۴۸-۱۹۵۱ء، جلد سوم، طبع لیوی پرووانسال، پیرس ۱۹۳۰ء.

ابن العماد: شَذَرات = شَذَرات الذَهَب فِی أَخبار من ذَهَب، قاہرہ ۱۳۵۰-۱۳۵۱ھ (سنین وفیات کے اعتبار سے حوالے دیے گئے ہیں).

ابن الفَقِیہ = مختصر کتاب البُلدان، طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۸۶ء (BGA V).

ابن قُتَیبَہ: شِعر = کتاب الشِعر و الشُعَراء، طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۹۰۲-۱۹۰۴ء.

ابن قُتَیبَہ: مَعارِف = کتاب المَعارِف، طبع وُسٹنفلٹ، گوٹنگن ۱۸۵۰ء.

ابن ہشام = کتاب سِیرة رسول اللّٰہ، طبع وُسٹنفلٹ، گوٹنگن ۱۸۵۸-۱۸۶۰ء.

ابوالفِداء: تقویم = تَقوِیم البُلدان، طبع رینو (J. T. Reinaud) و دیسلان (M. de Slane)، پیرس ۱۸۴۰ء.

ابوالفداء: تقویم، ترجمہ = *Géographie d'Aboulfeda traduite de l'arabe en français*، ج ۱ و ii/۱ از رینو، پیرس ۱۸۴۸ء؛ ج ii/۲ از St. Guyard، ۱۸۸۳ء.

الإدریسی: المُغرِب = *Description de l'Afrique et de l' Espagne*، طبع ڈوزی (R. Dozy) وڈخویہ، لائڈن ۱۸۶۶ء.

الإدریسی، ترجمہ جوبار = *Géographie d' Edrisi*، ترجمہ از جوبار (P. A. Jaubert)، ۲ جلد، پیرس ۱۸۳۶-۱۸۴۰ء.

الإستیعاب = ابن عبدالبرّ: الاستیعاب، ۲ جلد، حیدرآباد ۱۳۱۸-۱۳۱۹ھ.

الاشتقاق = ابن دُرید: الاشتقاق، طبع وُسٹینفِلٹ، گوٹنگن ۱۸۵۴ء (طبع اناستاتیک).

الإصابة = ابن حجر العسقلانی: الإصابة، ۴ جلد، کلکتہ ۱۸۵۶-۱۸۷۳ء.

الإصطخری = المَسالِک و المَمالک، طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۷۰ء (BGA I) اور طبع دوم (نقل طبع اوّل) ۱۹۲۷ء.

الأغانی ۱ یا ۲ یا ۳ = ابوالفرج الإصفہانی: الأغانی، طبع اوّل، بولاق ۱۲۸۵ھ؛ طبع دوم، قاہرہ ۱۳۲۳ھ؛ طبع سوم، قاہرہ ۱۳۴۵ھ بعد (طباعت جاری).

الأغانی، برونّو = کتاب الأغانی کی اکیسویں جلد، طبع برونّو (R. E. Brunnow)، لائڈن ۱۸۸۸ء/۱۳۰۶ھ.

الأنباری: نُزْهَة = نُزْهَة الألِبّاء فی طَبَقات الأُدَباء، قاہرہ ۱۲۹۴ھ.

بادشاہ نامہ = عبدالحمید لاہوری: بادشاہ نامہ، Bibl. Indica.

بدایونی = مُنْتَخَب التوَاریخ، Bibl. Indica.

برنی = ضیاء برنی: تاریخ فیروز شاہی، Bibl. Indica.

البغدادی: الفَرْق = الفَرْق بین الفِرَق، طبع محمد بدر، قاہرہ ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء.

البلاذُری: أنْساب = أنساب الأشْراف، ج ۴ و ۵، طبع شلو ر سِنگر (M. Schlossinger) و گوئٹائن (S. D. F. Goitien)، بیت المقدس (یروشلم) ۱۹۳۶-۱۹۳۸ء.

البلاذُری: أنساب، ج ۱ = أنساب الأشراف، ج ۱، طبع محمد حمید اللہ، قاہرہ ۱۹۵۹ء؛ مخطوطة جدیدة من أنساب الأشراف، در مجلّۂ معهد المخطوطات العربیة، ج ۶، ۱۹۶۰ء (زیادات از نسخۂ رباط و معارضہ دو مخطوطہ و تصحیحات).

البلاذُری: فُتُوح = فُتُوح البُلْدان، طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۶۶ء.

بَیْہَقی: تاریخ بیہق = ابوالحسن علی بن زید البیہقی: تأریخ بیہق، طبع احمد بہمنیار، تہران ۱۳۱۷ش.

بیہقی: تتمة = ابوالحسن علی بن زید البیہقی: تتمة صوان الحکمة، طبع محمد شفیع، لاہور ۱۹۳۵ء.

بیہقی، ابوالفضل = ابوالفضل بیہقی: تاریخ مسعودی، Bibl. Indica.

تاج العروس = محمد مرتضی بن محمد الزَّبیدی: تاج العروس.

تأریخ بغداد = الخطیب البغدادی: تأریخ بغداد، ۱۴ مجلدات، قاہرہ ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۱ء.

تأریخ دِمَشق = ابن عساکر: تأریخ دمشق، ۷ جلد، دمشق ۱۳۲۹-۱۳۵۱ھ/۱۹۱۱-۱۹۳۱ء.

تأریخ العراق = عبّاس العزّاوی، تأریخ العراق، ۵ جلد، بغداد ۱۹۳۹-۱۹۵۴ء.

تاریخ گزیدہ = حمد اللہ مُستَوفی القزوینی: تاریخ گزیدہ، طبع فاکسمیل از براؤن (E. G. Browne)، لائڈن ولنڈن ۱۹۱۰ء.

تہذیب = ابن حَجَر العسقلانی: تهذیب التهذیب، ۱۲ مجلدات، حیدرآباد ۱۳۲۵-۱۳۲۷ھ/۱۹۰۷-۱۹۰۹ء.

توزک جہانگیری = طبع سیّد احمد خان، علی گڑھ ۱۲۸۱ھ/۱۸۶۴ء.

الثعالبی: یَتیمة = یَتِیمَةُ الدَهْر فی مَحاسِن اهل العَصْر، دمشق ۱۳۰۴ھ.

الثعالبی: یتیمة، قاہرہ = وہی کتاب، قاہرہ ۱۹۳۴ء.

جُوینی = تاریخ جہان گشای، طبع محمد قزوینی، لائڈن ۱۹۰۶-۱۹۳۷ء (GMS XVI).

جُوینی، ترجمہ بوائل = *The History of the World-conqueror*، ترجمہ از بوائل (J. A. Boyle)، ۲ جلد، مانچسٹر ۱۹۵۸ء.

حاجی خلیفہ: جِہان نُما = استانبول ۱۱۴۵ھ/۱۷۳۲ء.

حاجی خلیفہ = کَشْفُ الظُنُون، طبع محمد شرف الدین یالْتقایا (S. Yaltkaya) و محمد رفعت بیلگہ الکلیسلی (Kilisli Rifat Bilge)، استانبول ۱۹۴۱-۱۹۴۳ء.

حاجی خلیفہ، طبع فلوگل = کَشْفُ الظُنُون، نشر فلوگل (Gustavus Flügel)، لائپزگ ۱۸۳۵-۱۸۵۸ء.

حاجی خلیفہ: کشف = کشف الظنون، ۲ جلد، استانبول ۱۳۱۰-۱۳۱۱ھ.

حُدود العالَم = *The Regions of the World*، ترجمہ از مِنورسکی (V. Minorsky)، لنڈن ۱۹۳۷ء (GMS N.S. XI).

حمد اللہ مُستَوفی: نُزْهَة = نُزْهَة القُلُوب، طبع لیسٹرینج، لائڈن ۱۹۱۳-۱۹۱۹ء (GMS XXIII).

خافی خان = خافی خان: منتخب اللباب، Bibl. Indica.

خواند امیر = حَبیب السیَر، (۱) تہران ۱۲۷۱ھ [(۲) بمبئی ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ء].

الدرر الکامنة = ابن حجر العسقلانی: الدُّرَر الکامنة، حیدرآباد ۱۳۴۸-۱۳۵۰ھ.

دستور الوزراء = غیاث الدین بن ہمام الدین معروف بخواند امیر: دستور الوُزَراء، طبع سعید نفیسی، تہران ۱۳۱۷ھ.

الدَمیری = حیوة الحَیَوان (کتاب کے مقالات کے عنوانوں کے مطابق حوالے دیے گئے ہیں).

دولت شاہ = تذکرة الشعراء، **طبع براؤن، لنڈن ولائڈن ۱۹۰۱ء.**

ذہبی: حفّاظ = الذّہبی: تَذکرة الحُفّاظ، **۴ جلد، حیدرآباد ۱۳۱۵ھ.**

رحمان علی = تذکرۂ علمائے ہند، **لکھنؤ ۱۹۱۴ء.**

روضات الجنّات = **محمد باقر خوانساری:** رَوضات الجنّات، **تہران ۱۳۰۶ھ.**

زامباور، عربی = عربی ترجمہ از محمد حسن وحسن احمد محمود، ۲ جلد، قاہرہ ۱۹۵۱–۱۹۵۲ء.

زبدة = **حافظ ابرو:** زُبدة التواریخ، **فقط وہ حصّہ جو** زبدة التواریخ بایسُنغُری **کہلاتا ہے، جلد ۴، جملہ ۱، از ۶۳۷–۸۰۷ھ، نسخۂ کتاب خانۂ فاتح استانبول (اس نسخے کے کوائف کے لیے رک بہ** Felix Tauer: *Les Manuscrits Persans, Historiques des Bibliotheques des Stanboul, No. 38*، **نقل مائیکروفلمی در کتاب خانۂ دانش گاہِ پنجاب.**

السّبکی = طبقات الشافعیة، **۶ مجلدات، قاہرہ ۱۳۲۴ھ.**

سِجِلّ عُثمانی = **محمد ثریا:** سِجِلّ عثمانی، **استانبول ۱۳۰۸–۱۳۱۶ھ.**

سَرکیس = سرکیس: مُعجم المطبوعات العربیة، **قاہرہ ۱۹۲۸–۱۹۳۱ھ.**

السّمعانی = السّمعانی: الأنساب، **طبع عکسی باعتناء مرجلیوث** (D. S. Margoliouth)، **لائڈن ۱۹۱۲ء** (GMS XX).

السّیوطی: بُغیَة = بُغیَة الوُعاة، **قاہرہ ۱۳۲۶ھ.**

الشّہرستانی = المِلَل والنِحَل، **طبع کیورٹن** (W. Cureton) **لنڈن ۱۸۴۶ء.**

الضّبّی = بُغیَة المُلتَمِس فی تأریخ رجال اهل الأندُلس، **طبع کودیرا** (Codera) **و ریبیرہ** (J. Ribera)، **میڈرڈ ۱۸۸۵ء** (BAH III).

الضّوء اللامع = **السّخاوی:** الضّوء اللامع، **۱۲ جلد، قاہرہ ۱۳۵۳–۱۳۵۵ھ.**

الطّبری = تأریخ الرُسُل والمُلوک، **طبع ڈخویہ وغیرہ، لائڈن ۱۸۷۹–۱۹۰۱ء.**

طبقات اکبری = **نظام الدین احمد بن محمد مقیم ہروی**، Bibl. Indica.

طبقات ناصری ۱ و ۲ = **منہاج سراج جُوزجانی:** طبقات ناصری، (۱) Bibl. Indica؛ (۲) **طبع آقای عبدالحی حبیبی، کوئٹہ ۱۹۴۹ء ولاہور ۱۹۵۴ء، ۲ جلد.**

عثمانلی مؤلّف لری = **بروسہ لی محمد طاہر:** عثمانلی مؤلّف لری، **استانبول ۱۳۳۳ھ.**

عَفیف = شمس سراج عفیف: تاریخ فیروز شاہی، Bibl. Indica.

العِقد الفَرید = **ابن عبد ربّہ:** العِقد الفَرید، **قاہرہ ۱۳۲۱ھ وطباعات دیگر، حسب تصریح در حوالہ.**

علی جَواد = ممالک عثمانییّن تاریخ و جغرافیا لغاتی، **استانبول ۱۳۱۳–۱۳۱۷ھ / ۱۸۹۵–۱۸۹۹ء.**

عمل صالح = **محمد صالح کنبو:** عمل صالح، Bibl. Indica.

عُنصُری = دیوان حکیم عنصری، **تہران، بلا تاریخ.**

عُنصُری ۲ = دیوان حکیم عنصری، **تہران ۱۳۶۳ ش.**

عوفی: لُباب = لباب الالباب، **طبع براؤن، لنڈن ولائڈن ۱۹۰۳–۱۹۰۶ء.**

عیون الأنباء = **طبع مُلّر** (A. Müller)، **قاہرہ ۱۲۹۹ھ / ۱۸۸۲ء.**

غلام سرور، مفتی: خزینة الاصفیاء، **لاہور ۱۲۸۴ھ.**

غوثی مانڈوی: گلزار ابرار؛ **ترجمۂ اردو موسوم بہ** اذکار ابرار، **آگرہ ۱۳۲۶ھ.**

فرخی = دیوان حکیم فرخی سیستانی، **تصحیح عبدالرسولی، تہران آبان ۱۳۱۱ ش.**

فِرِشتہ = محمد قاسم فِرِشتہ: گلشن ابراهیمی، **طبع سنگی، بمبئی ۱۸۳۲ء.**

فرهنگ = فرهنگ جغرافیای ایران، **از انتشارات دائرہ جغرافیای ستاد ارتش ۱۳۲۸–۱۳۲۹ ش.**

فرهنگ آنند راج = **منشی محمد بادشاہ:** فرهنگ آنند راج، **۳ جلد، لکھنؤ ۱۸۸۹–۱۸۹۴ء.**

فقیر محمد = حدائق الحنفیة، **لکھنؤ ۱۹۰۶ء.**

فلٹن و لنگز = Alexander S. Fulton and Matrin Lings: *Second Supplementary Catalogue of Arabic Printed Books in the British Museum*، **لنڈن ۱۹۵۹ء.**

فہرست = **ابن الندیم:** کتاب الفہرست، **طبع فلوگل، لائپزگ ۱۸۱۷–۱۸۷۲ء.**

ابن القِفطی = تأریخ الحکماء، **نشر لپّرٹ** (J. Lippert)، **لائپزگ ۱۹۰۳ء.**

الکُتُبی: فوات = **ابن شاکر الکُتُبی:** فَوات الوَفَیات، **بولاق ۱۲۹۹ھ.**

کمال الدین عبدالرزاق سمرقندی: مطلع، ادرنہ = مطلع سعدین، **نسخۂ جامع سلیمیہ، ادرنہ، نقل مائیکروفلمی در کتاب خانۂ محمد شفیع لاہوری.**

گزیدہ = تأریخ گُزیدہ.

لسان العرب = **ابن منظور:** لسان العرب، **۲۰ جلد، قاہرہ ۱۳۰۰–۱۳۰۸ھ.**

مآثر الاُمَراء = **شاہنواز خان:** مآثر الاُمَراء، Bibl. Indica.

مجالس المؤمنین = **نوراللہ شوستری:** مجالس المؤمنین، **تہران ۱۲۹۹ھ.**

محمد حسین: مخزن الادویة، **مع** تحفة المؤمنین، **شاہدرہ دلہائی ۱۲۷۸ھ.**

مرآة احمدی = **علی محمد خان:** مرآة احمدی، **کلکتہ ۱۹۳۰ء.**

مرآة الجنان = **الیافعی:** مرآة الجنان، **۴ جلد، حیدرآباد ۱۳۳۹ھ.**

مرآة الزمان = **سبط ابن الجوزی:** مرآة الزمان، **حیدرآباد ۱۹۵۱ء.**

مسعود کیہان = جغرافیای مفصّل ایران، **۲ جلد، تہران ۱۳۱۰ و ۱۳۱۱ ش.**

مَسعُودی: مُرُوج = مُرُوج الذهب، **طبع باربیہ دی مینار و پاوہ دکورتی، پیرس ۱۸۶۱–۱۸۷۷ء.**

مَسعُودی: التنبیہ = کتاب التَنبیہ و الإشراف، **طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۹۴ء** (BGA VIII).

مطلع (سمرقندی) = **کمال الدین عبدالرزاق سمرقندی:** مطلع سعدین، **جلد ۱ و ۲،**

طبع لاہور ۱۹۴۱–۱۹۴۹ء.

مطلع ،کیمبرج = وہی کتاب، نسخۂ کرائسٹ کالج کیمبرج، نقل فوٹوسٹیٹ، درکتاب خانۂ دانش گاہ پنجاب.

المقدسی =احسن التقاسیم فی معرفة الأقالیم، طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۷۷ء (BGA III).

المقری: *Analectes* = نفح الطیب فی غصن الأندلس الرطیب ، *Analectes sur l'histoire et la littérature des Arabs de l' Espagne*، لائڈن ۱۸۵۵–۱۸۶۱ء.

المقری، بولاق = وہی کتاب، بولاق ۱۲۷۹ھ/ ۱۸۶۲ء.

منجم باشی = صحائف الأخبار، استانبول ۱۲۸۵ھ.

میرخواند = روضة الصفاء، بمبئی ۱۲۶۶ھ/ ۱۸۴۹ء.

نزهة الخواطر = **حکیم عبدالحی:** نزهة الخواطر، حیدرآباد ۱۹۴۷ء (طباعت جاری).

نسب = **مصعب الزبیری:** نسب قریش، طبع لیوی پرووانسال، قاہرہ ۱۹۵۳ء.

نظام شامی = **نظام الدین شامی:** ظفر نامہ، جلد اوّل، طبع فیلکس تاور (Felix Tauer)، بیروت ۱۹۳۷ء.

الوافی = **الصفدی:** الوافی بالوفیات، ج ۱، طبع رٹر (Ritter)، استانبول ۱۹۳۱ء؛ ج ۲ و ۳، طبع ڈیڈرنگ (Dedering)، استانبول ۱۹۴۹ و ۱۹۵۳ء.

الہمدانی = صفة جزیرة العرب، طبع مُلر (D. H. Müller)، لائڈن ۱۸۸۴–۱۸۹۱ء.

یاقوت = معجم البلدان، طبع وسٹنفلٹ، لائپزگ ۱۸۶۶–۱۸۷۳ء (طبع اناستاتیک، ۱۹۲۴ء).

یاقوت: إرشاد (یا ادباء) = ارشاد الأریب الی معرفة الأدیب، طبع مرجلیوث، لائڈن ۱۹۰۷–۱۹۲۷ء (GMS VI)؛ معجم الادباء (طبع اناستاتیک، قاہرہ ۱۹۳۶–۱۹۳۸ء.

یعقوبی = تأریخ، طبع ہوتسما (M. Th. Houtsma)، لائڈن ۱۸۸۳ء.

یعقوبی: بلدان = طبع ڈخویہ، لائڈن ۱۸۹۲ء (BGA VII).

یعقوبی، ویت = Ya'qūbī, Les Pays، ترجمہ از G. Wiet، قاہرہ ۱۹۳۷ء.

زیادات

س ی ب، ۶۰ = *The Statesman's Year-Book 1960*, London 1960.

شفیعیہ = (مخطوطات) کتابخانۂ محمد شفیع لاہوری.

وٹکر، ۶۱ = Whitaker —1961, London 1961.

(ب)

کتب انگریزی، فرانسیسی، جرمن، جدید ترکی وغیرہ جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ہیں

Al-Aghāni, *Tables*=*Tables alphabétiques du Kitāb al-aghāni,* rédigées par I. Guidi, Leiden 1900.

Babinger = F. Babinger, *Die Geschichtschreiber der Osmanen und ihre Werke*, 1st. ed., Leiden 1927.

Barkan, *Kanunlar* = Ömer Lûtfi Barkan: *XV ve XVI inci Asırlarda Osmanlı Imparatorluğunda Ziraî Ekonominin Hukukî ve Malî Esaxları*, *I. Kanunlar*, Istanbul 1943.

Barthold, *Turkestan* = W. Barthold, *Turkestan down to the Mongol Invasion*, London 1928 (GMS, N. S. V.).

Barthold, *Turkestan*^{2} = the same, 2nd edition, London 1958.

Blachère, *Litt.* = R. Blachère, *Histoire de la Littérature arabe*, i, Paris 1952.

Brockelmann, I, II = C. Brockelmann, *Geschichte der Arabischen Litteratur*, Zweite den Supplement-bänden angepasste Auflage, Leiden 1943-1949.

Brockelmann, S I, II, III = *G. D. A. L.*, Erster (Zweiter, Dritter). Supplement-band, Leiden 1937-42.

Browne, i = E. G. Browne, *A Literary History of Persia, from the earliest times until Firdawsi*, London 1902.

Browne, ii=*A Literary History of Persia, from Firdawsi to Sa'di*, London 1908.

Browne, iii=*A History of Persian Literature under Tartar Dominion*, Cambridge 1920.

Browne, iv=*A History of Persian Literature in Modern Times*, Cambridge 1924.

Caetani, *Annali* = L. Caetani, *Annali dell'Islam*, Milano 1905-26.

Chauvin, *Bibliographie*=V. Chauvin, *Bibliographie des ouvrages arabes et relatifs aux Arabes*, Lille 1892.

Dorn, *Quellen*=B. Dorn, *Muhammedanische Quellen zur Geschichte der südlichen Küstenländer des Kaspischen, Meeres*, St. Petersburg 1850-58.

Dozy, *Notices* = R. Dozy, *Notices sur quelques manuscrits arabes*, Leiden 1847-51.

Dozy, *Recherches*^{3} = *Recherches sur l'histoire et la littérature de l' Espagne Pendant le moyen-âge*, 3rd ed., Paris-Leiden 1881.

Dozy, *Suppl.* = R. Dozy, *Supplément aux dictionnaires arabes*, 2nd ed., Leiden-Paris 1927.

Fagnan, *Extraits* = E. Fagnan, *Extraits inédits relatifs au Maghreb*, Alger 1924.

Gesch. des Qor. = Th. Nöldeke, *Geshichte des Qorans*, new edition by F. Schwally, G. Bergstr ässer and O. Pretzl, 3 vols., Leipzig 1909-38.

Gibb, *Ottoman Poetry* = E. J. W. Gibb, *A History of Ottoman Poetry*, London 1900-09.

Gibb-Bowen = H. A. R. Gibb and Harold Bowen, *Islamic Society and the West*, London 1950-57.

Goldziher, *Muh. St.* = I. Goldzher, *Muhammedanische Studien*, 2 Vols., Halle 1888-90.

Goldziher, *Vorlesungen* = I. Goldziher, *Vorlesungen über den Islam,* Heidelberg 1910.

Goldziher, *Vorlesungen*^{2} = 2nd ed., Heidelberg 1925.

Goldziher, *Dogme* = *Le dogme et la loi de l'islam*, trad. J. Arin, Paris 1920.

Hammer-Purgstall, *GOR* = J. von Hammer (-Purgstall), *Geschichte des Osmanischen Reiches,* Pest 1828-35.

Hammer-Purgstall, *GOR*^{2} = the same, 2nd ed., Pest 1840.

Hammer-Purgstall, *Histoire* = the same, trans by J. J. Hellert, 18 vol., Bellizard (etc.), Paris (etc.), 1835-43.

Hammer-Purgstall, *Staatsverfassung* = J. von Hammer, *Des Osmanischen Reiches Staatsverfassung und Staatsverwaltung*, 2 vols., Vienna 1815.

Houtsma, *Recueil* = M. Th. Houtsma, *Recueil des textes relatifs à l'histoire des Seldjoucides*, Leiden 1886-1902.

Juynboll, *Handbuch* = Th. W. Juynboll: *Handbuch des islámischen Gesetzes*, Leiden 1910.

Juynboll, *Handleiding* = *Handleiding tot de kennis der mohammedaansche wet*, 3rd ed., Leiden 1925.

Lane = E. W. Lane, *An Arabic-English Lexicon*, London 1863-93 (reprint, New York 1955-56).

Lane-Poole, *Cat.* = S. Lane-Poole, *Catalogue of Oriental Coins in the British Museum*, 1877-90.

Lavoix, Cat. = H. Lavoix, *Catalogue des Monnaies Musulmanes de la Bibliotheque Nationale*, Paris 1887-96.

Le Strange = G. Le Strange, *The Lands of the Eastern Caliphate*, 2nd ed., Cambridge 1930.

Le Strange, *Baghdad* = G. Le Strange, *Baghdad during the Abbasid Caliphate*, Oxford 1924.

Le Strange, *Palestine* = G. Le Strange, *Palestine under the Moslems*, London 1890.

Lévi-Provençal, *Hist. Esp. Mus.* = E. Lévi-Provençal, *Histoire de l' Espagne musulmane*, nouv. éd., Leiden-Paris 1950-53, 3 vols.

Lévi-Provençal, *Hist. Chorfa* = E. Lévi-Provençal, *Les Historiens des Chorfa*, Paris 1922.

Maspero-Wiet, *Matériaux* = J. Maspéro et G. Wiet, *Matériaux pour servir à la Géographie de l'Egypte*, Le Caire 1914 (*MIFAO XXXVI*).

Mayer, *Architects* = L. A. Mayer, *Islamic Architects and their Works*, Geneva 1956.

Mayer, *Astrolabists* = L. A. Mayer, *Islamic Astrolabists and their Works*, Geneva 1958.

Mayer, *Metalworkers* = L. A. Mayer: *Islamic metalworkers and their Works*, Geneva 1959.

Mayer, *Woodcarvers* = L. A. Mayer, *Islamic Woodcarvers and their Works*, Geneva 1958.

Mez, *Renaissance* = A. Mez, *Die Renaissance des Islams*, Heidelberg 1922; Spanish translation by S. Vila, Madrid-Granada 1936.

Mez, *Renaissance*, Eng. tr. = A. Mez, *The Renaissance of Islam*, Translated into English by Salahuddin Khuda Bukhsh and D. S. Margoliouth, London 1937.

Nallino, *Scritti* = C. A. Nallino, *Raccolta di Scritti editi e inediti*, Rome 1939-48.

Pakalin=Mehmet Zeki Pakalin, *Osmanlî Tarih seyimleri ve Terimleri Sözlügü*, 3 vols., Istanbul 1946 ff.

Pauly-Wissowa = *Realenzyklopaedie des klassischen Altertums*.

Pearson = J. D. Pearson, *Index Islamicus*, Cambridge 1958.

Pons Boigues = *Ensayo bio-bibliográfico sobre los historiadores y geógrafos arábigo-españoles*, Madrid 1898.

Santillana, *Istituzioni* = D. Santillana, *Istituzioni di diritto musulmano malichita*, Rome 1926-38.

Schlimmer = John L. Schlimmer, *Terminologie medico-Pharmacéutique et Anthropologique*, Tehran 1874.

Schwarz, *Iran* = P. Schwarz, *Iran im Mittelalter nach den arabischen Geographen*, Leipzig 1896.

Smith = W. Smith, *A Classical Dictionary of Biography, Mythology and Geography*, London 1853.

Snouck Hurgronje: *Verspr. Geschr.* = C. Snouck Hurgronje, *Verspreide Geschriften*, Bonn-Leipzig-Leiden 1923-27.

Sources inéd. = Henri de Castries, *Sources inédites de l'histoire du Maroc*, Paris 1905-; 2nd Series, Paris 1922.

Spular, *Horde* = B. Spuler, *Die Goldene Horde*, Leipzig 1943

Spuler, *Iran* = B. Spuler, *Iran in früh-islamischer Zeit*, Wiesbaden 1952.

Spular, *Mongolen*^{2} = B. Spuler, *Die Mongolen in Iran*, 2nd ed. Berlin 1955.

SNR=Stephan and Naudy Ronart, *Concise Encyclopaedia of Arabic Civilization* , Djambatan- Amsterdam 1959.

Storey = C. A. Storey: *Persian Literature*: *a biobibliographical survey*, London 1927.

Survey of Persian Art = ed. by A.U. Pope, Oxford 1938.

Suter = H. Suter, *Die Mathematiker und Astronomen der Araber und ihre Werke,* Leipzig 1900.

Taeschner, *Wegenetz* = F. Taeschner, *Die Verkehrslage und das Wegenetz Anatoliens im Wandel der Zeiten*, Gotha 1926.

Tomaschek = W. Tomaschek, *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter*, Vienna 1891.

Wiel, *Chalifen* = G. Weil, *Geschichte der Chalifen*, Mannheim-Stuttgart 1846-82.

Wensinck, *Handbook* = A. J. Wensinck, *A Handbook of Early Muhammadan Tradition*, Leiden 1927.

Zambaur = E. de Zambaur, *Manuel de généalogie et de chronologie pour I'histoire de l'Islam*, Hanover 1927 (anastatic reprint, Bad Pyrmont 1955).

Zinkeisen = J. Zinkeisen, *Geschichte des Osmanischen Reiches in Europa*, Gotha 1840-83.

Zubaid Ahmad, *The Contribution of India to Arabic Literature*, Allahabad 1948 (?).

(ج)

مجلّات، سلسلہ ہائے کتب[1] وغیرہ جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ہیں

AB = *Archives Berbères.*

Abh. G. W. Gött. = *Abhandlungen der Gesellschaft der Wissenschaften zu Göttingen.*

Abh. K. M. = *Abhandlungen f. d. Kunde des Morgenlandes.*

Abh. Pr. Ak. W. = *Abhandlungen d. preuss. Akad. d. Wiss.*

Afr. Fr. = *Bulletin du Comité de l'Afrique française.*

Afr. Fr. RC = *Bulletin du Com. de l'Afr. franç., Renseignements Coloniaux.*

AIÉO Alger = *Annales de l'Instituté d' Études Orientales de l'Université d' Alger.*

AIUON = *Annali dell' Instituto Univ. Orient. di Napoli.*

AM = *Archives marocaines.*

And. = *Al-Andalus.*

Anth. = *Anthropos.*

Anz. Wien = *Anzeiger der philos.-histor. Kl. d. Ak. der Wiss. Wien.*

AO = *Acta Orientalia.*

Arab. = *Arabica*

ArO = *Archiv Orientální*

ARW = *Archiv für Religionswissenschaft.*

ASI = *Archaelogical Survey of India.*

ASI, NIS = the same, New Imperial Series.

ASI, AR = the same, Annual Reports

AÜDTCFD = *Ankara Universitesi Dil ve Tarih-Coğrafia Fakültesi Dergisi.*

As. Fr. B. = *Bulletin du Comité de l' Asie Française.*

BAH = Bibliotheca Arabico-Hispana.

BASOR = *Bulletin of the American School of Oriental Research.*

Bell. = *Türk Tarih Kurumu Belleten.*

B Fac. Ar. = *Bulletin of the Faculty of Arts of the Egyptian University.*

BÉt. Or. = *Bulletin d' Études Orientales de l'Institut Français de Damas.*

BGA = Bibliotheca geographorum arabicorum.

BIE = *Bulletin de l' Institut Egyptien.*

BIFAO = *Bulletin de l'Institut Français d' Arachéologie Orientale du Caire.*

BIS = Bibliotheca Indica series.

BRAH = *Boletín de la Real Academia de la Historia de España.*

BSE = *Bol'shaya Sovetskaya Éntsiklopediya* (Large Soviet Encyclopaedia) Ist ed.

BSE[2] = the Same, 2nd ed.

BSL(P) = *Bulletin de la Société de Linguistique de Paris.*

BSO(A)S = *Bulletin of the School of Oriental (and African) Studies.*

BTLV = *Bijdragen tot de Taal-, Land-en Volkenkunde (van Ned.-Indië).*

BZ = *Byzantinische Zeitschrift.*

COC = *Cahiers de l' Orient contemporain.*

CT = *Cahiers de Tunisie.*

EI[I] = *Encyclopaedia of Islam,* 1st edition.

EI[II] = *Encyclopaedia of Islam,* 2nd edition.

EIM = *Epigraphia Indo-Moslemica.*

ERE = *Encyclopaedia of Religion and Ethics.*

GGA = *Göttinger Gelehrte Anzeigen.*

GJ = *Geographical Journal.*

G M S = Gibb Memorial Series.

Gr. I. ph. = *Grundriss der Iranischen Philologie.*

GSAI = *Giornale della Soc. Asiatica Italiana.*

Hesp. = *Hespéris.*

IA = *Islâm Ansiklopedisi.*

IBLA = *Revue de l'Institut des Belles Lettres Arabes,* Tunis.

IC = *Islamic Culture.*

IFD = *Ilahiyat Fakültesi Dergesi.*

IG = *Indische Gids.*

IHQ = *Indian Historical Quarterly.*

IQ = *The Islamic Quarterly.*

IRM = *International Review of Missions.*

Isl. = *Der Islam.*

JA = *Journal Asiatique.*

J. Afr. S. = *Journal of the African Society.*

JAOS = *Journal of the American Oriental Society.*

J Anthr. I = *Journal of the Anthropological Institute.*

JBBRAS = *Journal of the Bombay Branch of the Royal*

(۱) انھیں رومن حروف میں لکھا گیا ہے۔

Asiatic Society.

JE. = *Jewish Encyclopaedia.*

JESHO = *Journal of the Economic and Social History of the Orient.*

JNES = *Journal of Near Eastern Studies.*

J PAK. H. S. = *Journal of the Pakistan Historical Society.*

JPHS = *Journal of the Punjab Historical Society.*

JQR = *Jewish Quarterly Review.*

JRAS = *Journal of the Royal Asiatic Society.*

J(R) ASB = *Journal and Proceedings of the (Royal) Asiatic Society of Bengal.*

J(R) Num. S = *Journal of the (Royal) Numismatic Society.*

JRGeog. S = *Journal of the Royal Geographical Society.*

JSFO = *Journal de la Société Finno-ougriene.*

JSS = *Journal of Semetic Studies.*

KCA = *Körösi Csoma Archivum.*

KS = *Keleti Szemle* (Revue Orientale).

KSIE = *Kratkie Soobs̲hčeniy̲a Instituta Étnografiy* (Short Communications of the Institute of Ethnography).

LE = *Literaturnay̲a Énts̲iklopediy̲a* (Literary Encyclopaedia).

Mash. = *Al-Mashriḳ.*

MDOG = *Mitteilungen der Deutschen Orient-Gesellschaft.*

MDPV = *Mitteilungen und Nachr. des. Deutschen Palästina-Vereins.*

MEA = *Middle Eastern Affairs.*

MEJ = *Middle East Journal.*

MFOB = *Mélanges de la Faculté Orientale de Beyrouth.*

MGG Wien = *Mitteilungen der geographischen Gesellschaft in Wien.*

MGMN = *Mitt. z. Geschichte der Medizin und der Naturwissenschaften.*

MGWJ = *Monatsschrift. f. d. Geschichte u. Wissenschaft des Judentums.*

MI = *Mir Islama.*

MIDEO = *Mélanges de l'Institut Dominicain d' Études Orintales du Caire.*

MIE = *Mémoires de l'Institut d' Egyptien.*

MIFAO = *Mémoires publiés par les membres de l'Inst. Franç. d' Arachéologie Orientale du Caire.*

MVAG = *Mitteilungen der Vorderasiatisch-ägyptischen Gesellschaft.*

MMAF = *Mémoires de la Mission Archéologique Franç. au Caire .*

MMIA = *Mad̲jallat al-Mad̲jma' al-'ilmi al-'Arabi*, Damascus.

MO = *Le Monde oriental.*

MOG = *Mitteilungen zur osmanischen Geschichte.*

MSE = *Malay̲a Sovetskay̲a Énts̲iklopediy̲a* - (Small Soviet Encyclopaedia).

MSFO = *Mémoires de la Société Finno-ougrienne.*

MSL = *Mémoires de la Société Linguistique de Paris.*

MSOS Afr. = *Mitteilungen des Sem. für oriental. Sprachen, Afr. Studien.*

MSOS As. = *Mitteilungen des Sem. für oriental. Sprachen, Westasiat. Studien.*

MTM = *Milī Taebbü'ler Med̲jmü'asi.*

MW = *The Muslim World.*

NC = *Numismatic Chronicle.*

NGW Gött. = *Nachrichten von d. Gesellschaft d. Wiss. zu Göttingen.*

OA = *Orientalisches Archiv.*

OC = *Oriens Christianus.*

OCM = *Oriental College Magazine,* Lahore.

OCMD = *Oriental College Magazine, Ḍamima,* Lahore.

OLZ = *Orientalistische Literaturzeitung.*

OM = *Oriente Moderno.*

Or. = *Oriens.*

PEFQS = *Palestine Exploration Fund Quarterly Statement.*

PELOV = *Publications de l'École des langues orientales vivantes.*

Pet.Mitt. = *Petermanns Mitteilungen.*

PRGS = *Proceedings of the R. Geographical Society.*

QDAP = *Quarterly Statement of the Department of Antiquities of Palestine.*

RAfr. = *Revue Africaine.*

RCEA = *Répertoire Chronologique d'Épigraphie arabe.*

REI = *Revue des Études Islamiques.*

REJ = *Revue des Études Juives.*

Rend. Lin. = *Rendiconti della Reale Accad. dei Lincei*, *Cl. di sc. mor., stor. e filol.*

RHR = *Revue de l' Histoire des Religions.*

RI = *Revue Indigène.*

RIMA = *Revue de l' Institut des manuscrits Arabes.*

RMM = *Revue du Monde Musulman.*

RO = *Rocznik Orientalistyczny.*

ROC = *Revue de l' Orient Chrétien.*

ROL = *Revue de l' Orient Latin.*

RRAH = *Rev. de la R. Academia de la Histoira,* Madrid.

RSO = *Rivista degli Studi Orientali.*

RT = *Revue Tunisienne.*

SBAK. Heid. = *Sitzungsberichte der Ak. der Wiss. zu Heidelberg.*

SBAK. Wien = *Sitzungsberichte der Ak. der Wiss. zu Wien.*

SBBayr. Ak. = *Sitzungsberichte der Bayrischen Akademie der Wissenschaften.*

SBPMS Erlg. = *Sitzungsberichte d. Phys.-medizin. Sozietät in Erlangen.*

SBPr. Ak. W.=*Sitzungsberichte der preuss. Ak. der Wiss. zu Berlin.*

SE = *Sovetskaya Étnografiya* (Soviet Ethnography).

SI = *Studia Islamica.*

SO = *Sovetskoe Vostokovedenie* (Soviet Orientalism).

Stud. Isl.= *Studia Islamica.*

S.Ya. = *Sovetskoe Yazi̊koznanie* (Soviet Linguistics).

TBG = *Tijdschrift van het Bataviaasch Genootschap van Kunsten en Wetenschappen.*

TD = *Tarih Dergisi.*

TIE = *Trudi̊ instituta Étnografiy* (Works of the Institute of Ethnography).

TM = *Türkiyat Mecmuasi̊.*

TOEM = *Ta'rīkh-i 'Othmānī* (*Türk Tarīkhī*) *Endjümeni medjmū'asi̊.*

TTLV = *Tijdschrift v. Indische Taal-, Land- en Volkenkunde.*

Verh. Ak. Amst. = *Verhandelingen der Koninklijke Akademie van Westenschappen te Amsterdam.*

Versl. Med. Ak. Amst. = *Verslagen en Mededeelingen der Koninklijke Akademie van Wetenschappen te Amsterdam.*

VI = *Voprosi̊ Istoriy* (Historical problems).

WI = *Die Welt des Islams.*

WI, NS. = the same, New Series.

Wiss. Veröff. DOG = *Wissenschaftliche Veröffentlichungen der Deutschen Orient-Gesellschaft.*

WMG = *World Muslim Gazetteer*, Karachi.

WZKM = *Wiener Zeitschrift für die Kunde des Morgenlandes.*

ZA = *Zeitschrift für Assyriologie.*

Zap. = *Zapiski.*

ZATW= *Zeitschrift für die alttestamentliche Wissenschaft.*

ZDMG = *Zeitschrift der Deutschen Morgenländischen Gesellschaft.*

ZDPV = *Zeitschrift de Deutschen Palästinavereins.*

ZGErdk. Berl. = *Zeitschrift der Gesellschaft für Erdkunde in Berlin.*

ZK = *Zeitschrift für Kolonialsprachen.*

ZOEG = *Zeitschrift f. Osteuropäische Geschichte.*

ZS = *Zeitschrift für Semitistik.*

(د)

بعض علامات جو اکثر اس کتاب میں آئی ہیں

*	=	نئے مقالے کا آغاز (از ۴: ۳۸۵)
⊗	=	جدید مقالہ از ادارہ (از ۴: ۹۲۵)
[ ]	=	اضافہ از ادارۂ دائرۂ معارفِ اسلامیہ (اردو)
[ ]ٓ	=	اضافہ در انسائیکلوپیڈیا آف اسلام (انگریزی)
-o-	=	نشان منازلِ راہ آہن وغیرہ
>	=	مبدّل بہ
بعد	=	f.، ff.، sq.، sqq.
بذیلِ مادّۂ فلاں یا کلمۂ فلاں	=	s.v.
رکّ بآن (= رجوع کنید بآن)	=	q.v.
قبّ (قارِبْ یا قابِلْ)	=	cf.
کتاب مذکور	=	op. cit.
م	=	متوفّٰی
محلِّ مذکور	=	loc. cit.
وہی کتاب	=	ibid.
ھ	=	ہجری
ء	=	عیسوی یا (میلادی)
۱، ۲، ۳	=	کتاب طبعِ اوّل، دوم، سوم
ء	=	’
ث	=	TH
ج	=	DJ
چ	=	Č

ح	=	Ḥ
خ	=	KH
ذ	=	DH
ز	=	Z
ژ	=	ZH (or Ž)
ش	=	SH (or Ch)
ص	=	Ṣ
ض	=	Ḍ
ط	=	Ṭ
ظ	=	Ẓ
ع	=	‘
غ	=	GH
ق	=	Ḳ
ـِ		e کی آواز ظاہر کرتی ہے، مثلاً بِل (Bell)
ـٗ		o کی آواز ظاہر کرتی ہے، مثلاً مٗول (mole)
ـْ		علامتِ سکون یا جزم
ـٗ		(ترکی یا جرمن الفاظ میں کسی حرف یا ضمّے کے اوپر) ü، کی آواز ظاہر کرتی ہے، مثلاً تورک (Türk)؛ گُل (Gül)
وٗ		ö کی آواز ظاہر کرتی ہے، مثلاً کول (Köl)
ـَ		(کسی حرف یا فتحے کے اوپر) ä کی آواز ظاہر کرتی ہے، مثلاً اَرَجَب (ärädjäb)؛ رَجَب (rädjäb)

* **اَرْغُوْن**: ایک مغل خاندان، جس کا دعوٰی یہ ہے کہ وہ ہلاگو کی نسل سے ہے (راورٹی (Raverty): *Notes on Afghanistan*، ص ۵۸۰، اس دعوے کو تسلیم نہیں کرتا) [اس کے متعلّق دیکھیے ترخان نامہ، منقول در ایلیٹ (Eliott)، ۱: ۳۰۳؛ قب دولت شاہ، ص ۳۶۴: "اہلِ ارغون کہ از تراکمۂ ترکستان اند"]۔ خاندانِ ارغون کے لوگوں نے پندرھویں صدی عیسوی کے آخر میں اُس وقت سے اہمیّت حاصل کی جب ہرات کے سلطان حسین بایقرا نے ذُوالنُّون بیگ ارغون کو قندھار کا والی مقرّر کیا۔ ذُوالنُّون بیگ نے والی بننے کے بعد جلد ہی خودمختارانہ روش اختیار کر لی اور ہرات کے فرمان روا نے اُسے اطاعت پر مجبور کرنے کی جتنی کوششیں کیں ان کی مدافعت کرتا رہا۔ اس نے ۸۸۴ھ/ ۱۴۷۹ء ہی سے پشین شال اور مستانگ کے مرتفع علاقوں پر قبضہ جما لیا تھا، جو اب بلوچستان کا ایک حصّہ ہیں۔ ۸۹۰ھ/ ۱۴۸۵ء میں اس کے دو بیٹوں شاہ بیگ اور محمد مقیم خان نے درۂ بولان سے اتر کر سندھ پر چڑھائی کی اور سندھ کے سمّہ حاکم جام نندا سے سیوِی (سبی Sibi) کا علاقہ عارضی طور پر چھین لیا۔ ۹۰۲ھ/ ۱۴۹۷ء میں اس نے حسین بایقرا کے باغی بیٹے بدیع الزمان کی تائید وحمایت اختیار کر لی اور اس سے اپنی بیٹی کی شادی کر دی۔ جب ازبک امیر شیبانی خان نے خراسان پر چڑھائی کی تو ذُوالنُّون بیگ ۹۱۳ھ/ ۱۵۰۷ء میں مَرُوچَک کی لڑائی میں مارا گیا اور اس کا بڑا بیٹا شاہ بیگ اس کا جانشین ہوا، جسے قندھار میں اپنی حیثیت برقرار رکھنے کے لیے شیبانی خان کی سیادت مجبورًا تسلیم کرنا پڑی۔ اس زبردست ازبک سردار [شیبانی خان] نے ۱۵۱۰ء میں مرو میں شکست کھائی اور [زخموں سے نڈھال ہو کر] جان دی تو شاہ بیگ کو بابر کی طرف سے، جو کابل کا فرمان روا بن چکا تھا، اور ایران کے شاہ اسمٰعیل صفوی کی طرف سے، جس نے ہرات پر قبضہ جما لیا تھا، خطرہ لاحق ہونے لگا۔ جب شاہ اسمٰعیل عثمانلی ترکوں کے خلاف جنگ میں مصروف ہو گیا اور بابر سمرقند کو از سرِ نو حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگا تو شاہ بیگ نے کچھ دیر کے لیے اطمینان کا سانس لیا، تاہم اس نے محسوس کر لیا کہ اسے قندھار سے زُود یا بدیر نکلنا پڑے گا اور اسی لیے اس نے بلوچستان اور سندھ میں اپنا اقتدار جمانے کی کوشش شروع کر دی۔ سندھ میں جام نندا کی جگہ اس کا بیٹا جام فیروز تخت نشین ہو چکا تھا، جس کا اقتدار ملک کے اندرونی جھگڑوں کی وجہ سے کمزور ہو گیا تھا۔ ۹۲۶ھ/ ۱۵۲۰ء میں شاہ بیگ سندھ میں گھس گیا۔ اس نے جام فیروز کی فوج کو شکست دی اور جنوبی سندھ کے صدر مقام ٹھٹہ کو تاراج کیا۔ بالآخر ایک معاہدے کی رُو سے جام فیروز نے بالائی سندھ کا علاقہ شاہ بیگ کے حوالے کر دیا اور زیریں سندھ پر سمّاؤں کا اقتدار بحال رکھا گیا۔ سمّاؤں نے اس معاہدے کو کم وبیش فورًا ہی مسترد کر دیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انھیں ایک دفعہ پھر شکست کھانا پڑی۔ اب شاہ بیگ نے جام فیروز کو تخت سے اُتار کر سندھ کے ارغون خاندان کی بنیاد رکھ دی۔ ۹۲۸ھ/ ۱۵۲۲ء میں جب قندھار اس کے ہاتھ سے نکل کر مکمّل طور پر بابر کے قبضے میں چلا گیا تو شاہ بیگ نے بھکّر کے مقام کو، جو دریاے سندھ کے کنارے پر واقع ہے، دارالحکومت بنایا۔ اس نے ۹۳۰ھ/ ۱۵۲۴ء میں وفات پائی۔ [میرزا شاہ بیگ بہادر اور صاحبِ فضل وکمال تھا، اس نے شرح عقائد نسفی، شرح کافیۃ و شرح مطالع تصنیف کیں (مآثر الامراء، ۳: ۳۰۶)۔] اس کا بیٹا میرزا شاہ حسین اس کا جانشین ہوا۔ اُس نے بابر کے نام کا خطبہ پڑھوایا اور غالبًا بابر کے ساتھ ساز باز کر کے ملتان کے لنگاہوں کی مملکت پر چڑھائی کر دی۔ ملتان نے طویل محاصرے کے بعد ۱۵۲۸ء میں اطاعت قبول کر لی۔ شاہ حسین وہاں پر اپنا ایک والی بٹھا کر ٹھٹہ چلا گیا۔ اس کے کچھ عرصے بعد جب اہلِ ملتان نے اس کے مقرّر کردہ حاکم کو باہر نکال دیا تو اس نے شہر کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوئی کوشش نہ کی۔ ملتان کچھ دن آزاد و خودمختار رہا، لیکن جلد ہی یہاں کے بااقتدار لوگوں نے یہ مناسب سمجھا کہ مغل شہنشاہ کی سیادت تسلیم کر لی جائے۔ ۹۴۷ھ/ ۱۵۴۰ء میں جب ہمایوں نے شیر شاہ سوری کے ہاتھوں شکست کھائی اور شمالی ہند سے نکالے جانے پر سندھ میں پناہ لی تو سندھ میں شاہ حسین حکمرانی کر رہا تھا۔ اس نے ہمایوں کو مدد دینے سے انکار کر دیا، غالبًا اس لیے کہ یہ ارغون فرمان روا شیر شاہ سے لڑائی مول لینے کے لیے تیار نہ تھا۔ اس پر ہمایوں نے بھکّر اور سہوان کے مضبوط قلعوں پر قبضہ پانے کی کوشش کی، لیکن اس کے پاس اس کام کے لیے نہ تو مناسب ذرائع تھے، نہ ہمّت و طاقت اور نہ لشکرکشی کی صلاحیت۔ ۹۵۰ھ/ ۱۵۴۳ء میں ہمایوں کو سندھ سے بلا روک ٹوک گزر کر قندھار جانے کی اجازت دے دی گئی۔ عمر کے آخری دنوں میں شاہ حسین کے کردار میں پستی آ گئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ امرا نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور ارغون قبیلے کی بڑی شاخ کے ایک رکن میرزا محمد عیسٰی ترخان کو اپنا حکمران منتخب کر لیا۔ [پہلے زمانے میں الوسِ ارغون کی امارت میرزاے مذکور کے اجداد ہی کے سپرد تھی۔] شاہ حسین نے ۱۵۵۶ء میں وفات پائی اور [چونکہ وہ لاولد مرا] اس پر ارغون خاندان کا خاتمہ ہو گیا.

ارغون ترخان خاندان کی حکومت ۱۵۵۶ء سے ۱۵۹۱ء تک قائم رہی۔ محمد عیسٰی ترخان کو مجبورًا اپنے حریف اور مدعی سلطنت سلطان محمود گوکل داس سے مصالحت کرنا پڑی اور یہ قرار پایا کہ محمد عیسٰی ترخان زیریں سندھ پر قابض رہے اور ٹھٹہ اس کا دارالحکومت ہو اور بالائی سندھ سلطان محمود کے تصرّف میں رہے اور وہ بھکّر کو اپنا صدر مقام بنا لے۔ ۹۸۲ھ/ ۱۵۷۳ء میں اکبر نے بالائی سندھ کو اپنی سلطنت میں ملا لیا۔ عیسٰی ترخان نے ۹۷۵ھ/ ۱۵۶۷ء میں وفات پائی۔ اس کی جگہ اس کا بیٹا محمد باقر حکمران بنا، جس نے ۹۹۳ھ/ ۱۵۸۵ء میں [سودا کے غلبے سے] خودکشی کر لی۔ اس کے جانشین جانی بیگ کے عہد میں اکبر نے ۹۹۹ھ/ ۱۵۹۱ء میں عبدالرحیم خان خانان کو زیریں سندھ کے الحاق کے لیے بھیجا۔ جانی بیگ کو شکست ہوئی اور [۱۰۰۱ء میں] زیریں سندھ سلطنت مغلیہ میں شامل کر لیا گیا۔ جانی بیگ [بچپن سے شراب کا شیدائی تھا، شراب خوری کی کثرت سے بیمار ہوا، رعشہ ہوا پھر سرسام اور وہ برہانپور میں تھا کہ] ۱۰۰۸ھ/ ۱۵۹۹ء میں جنون خمری (delirium tremens) سے مر گیا [مآثر الامراء، ۳: ۳۱۰].

مآخذ: (۱) نظام الدین احمد: طبقات اکبری، (.Bibl. Ind)؛ (۲) محمد قاسم فرشتہ: گلشن ابراھیمی، بمبئی ۱۸۳۲ء؛ (۳) محمد علی کوفی: چچ نامہ؛ (۴) بابر نامہ (طبع بیورج Beveridge)؛ (۵) H. M. Elliot و J. Dowson: *The History of India as told by its own Historians*، (ج ۱، سید جمال: ترخان نامہ یا ارغون نامہ، جو بدون اعتراف میر محمد معصوم کی تاریخ سندھ پر مبنی ہے؛ (۶) W. Erskine: *A History of India under Baber and Humayun*، لنڈن ۱۸۵۴ء؛ (۷) میرزا قلیچ فریدون بیگ: *A History of Sind*، ج ۲، کراچی ۱۹۰۲ء؛ (۸) M. R. Haig: *The Indus Delta Country*، لنڈن ۱۸۹۴ء؛ (۹) H. G. Raverty: *Notes on Afghanistan and Part of Baluchistan*، لنڈن ۱۸۸۸ء.

(C. COLLIN DIVIES ڈیویز)

✱ **اُوْرفہ:** Edessa، رکّ بہ الرُّھا.

✱ **الاَرْقَم** [رض]: رسول اللہ [صلّی اللہ علیہ وسلّم] کے شروع زمانے کے ایک صحابی، جو عام طور پر سے الاَرْقم بن ابی الاَرْقم کے نام سے معروف ہیں اور جن کی کنیت ابوعبیداللہ ہے۔ ان کے والد کا نام عبدمَناف تھا اور وہ مکّے کے مشہور اور بااثر قبیلۂ مخزوم سے تعلّق رکھتے تھے۔ ان کی والدہ کے نام میں اختلاف ہے، مگر عام خیال یہ ہے کہ وہ قبیلۂ بنوخُزاعہ سے تھیں۔ چونکہ ان کا سالِ وفات ۵۳ھ/ ۶۷۳ء یا ۵۵ھ/ ۶۷۵ء بتایا جاتا ہے اور ان کی عمر اسّی سال سے زیادہ کہی جاتی ہے اس لیے ان کا سالِ پیدائش لازمًا ۵۹۴ء کے قریب ہوگا اور وہ بہت ہی کم عمری میں مسلمان ہوے ہوں گے، کیونکہ وہ قدیم ترین مسلمانوں میں سے تھے، یعنی ایک روایت کے مطابق وہ ساتویں مسلمان تھے اور دوسری روایت کے مطابق بارھویں ...... ۔ انھیں تقریبًا ۶۱۴ء میں اپنا مکان، جو کوہ صَفا پر واقع تھا، آنحضرت [صلّی اللہ علیہ وسلّم] کی سکونت کے لیے پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی اور یہی مکان [حضرت] عمر بن الخطّاب [رضی اللہ تعالٰی عنہ] کے اسلام لانے کے وقت تک نوزائیدہ ملّتِ اسلامیہ کا مستقر رہا۔ ابن سَعْد نے کئی جگہ کچھ لوگوں کے دائرۂ اسلام میں داخل ہونے اور دیگر ایسے واقعات کا ذکر کیا ہے جو حضور [صلّی اللہ علیہ وسلّم] کے الاَرْقم [رض] کے گھر میں تشریف لانے یا وہاں آنے سے پہلے پیش آئے تھے؛ لیکن ابن ہشام نے ان باتوں کا کوئی ذکر نہیں کیا۔ الارقم [رض] نے حضور [علیہ الصلٰوۃ والسلام] کے ساتھ مدینۂ [منوّرہ] کو ہجرت کی اور غزوۂ بدر اور دوسری اہم مہمّوں میں شریک ہوے۔ الارقم [رض] کا گھر، جس میں ایک عبادت گاہ (مسجد یا قُبّہ) بھی تھی، ان کے خاندان کے قبضے میں رہا، تا آنکہ خلیفہ المنصور نے اسے خرید لیا پھر یہ خلیفہ ہارون الرشید کی والدہ الخَیْزُران کے قبضے میں چلا گیا اور ''بیت الخیزران'' کے نام سے مشہور ہوا۔

مآخذ: (۱) ابن سعد، ۳/۱: ۱۷۲ - ۱۷۴؛ (۲) ابن الاثیر: اُسْد الغابۃ، ۱: ۵۹ بعد؛ (۳) ابن حجر: اصابۃ، کلکتہ ۱۸۵۶ - ۱۸۷۳ء، ۱: ۲۰۵؛ (۴) ابن ہشام، ص ۲۵۷؛ (۵) الواقدی (ترجمۂ ولہاؤزن (J. Wellhausen)، بعنوان *Muhammed in Medina*)، برلن ۱۸۸۲ء، ص ۶۷؛ (۶) وُسْٹِنْفِلْٹ (F. Wüstenfeld): *Chroniken der stadt Mekka*، لائپزگ ۱۸۵۸ - ۱۸۶۱ء، ۳: ۱۱۲، ۴۴۰؛ (۷) Caetani: *Annali*، ۱: ۲۶۱ بعد، مع مزید حوالہ جات.

(W. MONTGOMERY WATT واٹ)

✱ **الْاَرَک:** آج کل کا سانتا ماریا دالارکو (Santa Maria de Alarcas)، کلتراوا لا ویژا (Calatrava la Vieja) کے ضلعے میں ایک چھوٹا سا قلعہ، جو سوداد ریال (Ciudad Real) سے سات میل جنوب مغرب میں ایک پہاڑ کی چوٹی پر واقع ہے، جس سے ملی ہوئی پہاڑیاں نہر وادی انا (Guadiana) تک نیچے آ گئی ہیں۔ اس ناہموار میدان میں جو اس کے دامن میں پُوبلیٹ (Poblete) اور وادی انا کے درمیان ہے یعقوب المنصور اور قشتیلہ والوں کی وہ مشہور لڑائی ہوئی تھی جس میں الفانسو ہشتم کو مکمّل ہزیمت ہوئی (لڑائی سے پیشتر کے واقعات کی تفصیل کے لیے دیکھیے مادّۂ ابو یوسف یعقوب).

اصل لڑائی کی تفصیلات کے متعلّق ہمارے پاس بہت کم معلومات ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قشتیلہ والوں نے الموحّدون کے ہَراوُل پر بالکل اچانک حملہ کر دیا، جو ابوحفص عمر انتی [رکّ بآن] کے پوتے ابویحیٰی وزیر کے زیر کمان تھا، لیکن انھیں بہت معمولی سی کامیابی حاصل ہوئی۔ یعقوب نے خود اپنی فوج سے عیسائیوں کے بازو پر حملہ کر دیا۔ جب لڑائی نے طول کھینچا تو عیسائی گرمی اور پیاس سے پریشان ہو کر بھاگے اور الارک کے قلعے میں پناہ لینے پر مجبور ہوے یا اپنے بادشاہ کے ساتھ طُلَیطِلہ کی طرف فرار ہو گئے۔ علاوہ بریں پیڈرو (Pedro Fernàndez de Castro) نے، جو الفانسو ہشتم کا بڑا دشمن تھا، اپنے خاص سواروں کے ایک دستے کے ساتھ الموحّد بادشاہ کی کامیابی میں حِصّہ لیا، جسے اس نے بہت سے مشورے دیے۔ Don Diego Lopez de Haro نے، جو قشتیلہ کا بڑا علَم دار (alférez) تھا، شاہی عَلَم کے زیرِ سایہ قلعے میں پناہ لی، مگر اُسے بہت جلد ہتھیار ڈالنا پڑے۔

مسلمان مؤرّخین نے اس لڑائی کا حال لکھتے ہوے طرفین کی افواج کی تعداد کے بیان میں بظاہر کسی قدر مبالغے سے کام لیا ہے۔ یہی مبالغہ عیسائیوں کے مقتولین اور ان قیدیوں کی تعداد کے بیان میں بھی موجود ہے جو قلعے میں گرفتار ہوے، لیکن اس میں شبہ نہیں کہ الفانسو ہفتم کی فوج نے اس لڑائی میں زبردست نقصان اٹھایا اور اُسے اس شکست سے ایسا زبردست دھکا لگا کہ آئندہ سالوں میں شاہ اَرَغون (Aragon) کی امدادی کمک کے باوجود اُسے یعقوب سے اُس موقع پر دوبارہ لڑنے کی ہمّت نہ ہوئی جب وہ قشتیلہ کے علاقے میں گُھس آیا۔

الموحّدون کے لیے الارک کی لڑائی نہایت ہی سازگار حالات میں لڑی گئی۔ الفانسو ہشتم لیون (Léon) اور نبرہ (Navarre) سے لڑائی میں مصروف تھا۔ اندلس میں نہایت آسان اور کامیاب حملوں کا عادی ہو چکنے کی وجہ سے، جن میں اسے کسی زبردست مقاومت کا مقابلہ نہیں کرنا پڑا تھا، اس نے مسلمان فوجوں کی قوّت اور یعقوب المنصور کی حربی صلاحیتوں کا قطعی غلط اندازہ لگایا۔

مآخذ: (۱) ان حوالہ جات کے ساتھ جو لیوی پروونسال (E. Lévi- Pro-vençal) نے *La Péninsula ibérique d'après al-Rawḍ al-miṭār*، ص ۸، عدد ا میں دیے ہیں، مندرجۂ ذیل کا اضافہ بھی کر لینا چاہیے: (۱) ابن العِذاری: البیان، ج ۴، ترجمۂ Huici، ص ۱۵۵ ببعد؛ (۲) الشریف الغرناطی: شرح مقصورة حازم القرطاجنّی، قاہرہ ۱۳۴۴ھ، ۲: ۱۵۳ - ۱۵۶؛ (۳) *Primera Crónica General*، طبع R. Menèndez Pidal، ۱: ۶۸۰؛ (۴) *Chronique des Rois de Castille*، طبع Cirot، ص ۱۴، ص ۴۵؛ (۵) A. Huici: *Las grandes batallas de la Reconquista*، ص ۱۳۷ ببعد۔

(A. HUICI MIRANDA (میرانڈا)

----

* **ارُکائیوز:** (Archives) رکّ بہ باش وکالت ارشوی، دفتر، دارالمحفوظات العمومیہ، وثیقہ۔

----

* **ارُکان:** رکّ بہ رُکن۔

⊗ **ارکانِ اسلام:** (جمع رکن=ستون) یعنی وہ اعمال بلکہ ادارات وتاسیسات جن پر اسلام کی عمارت قائم ہے؛ چنانچہ بخاری میں ہے: بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ (بخاری، باب الایمان)؛ البتہ احادیث رسول (صلّی اللہ علیہ وسلّم) میں لفظ رکن کہیں استعمال نہیں ہوا۔ ہاں، عماد کا لفظ آیا ہے، دیکھیے مثلاً اتحاف السادة المتقین، ۳: ۹، جس میں بروایت دیلمی اور تیمی صلٰوة کو عماد الدین ٹھیرایا گیا ہے، جیسے حج کو "سنام العمل" اور زکوٰة کو "بین ذلک"؛ (نیز دیکھیے امام الغزالی: احیاء، مطبوعہ مکتبۂ عیسٰی البابی الحلبی، مصر، ۱: ۱۳۱)۔ اس روایت کے اسناد اگرچہ ضعیف ہیں، لیکن اس اصطلاح کی ضرورت، مفہوم اور خوبی میں اس کے باوجود کوئی فرق نہیں آتا۔ بات یہ ہے کہ اسلام اور اس کی تعلیمات میں باقاعدہ غور و فکر کی ابتدا ہوئی اور فقہا اور محدّثین نے محسوس کیا کہ ان اصول اور اعمال کو مرتّب شکل میں پیش کرنا چاہیے جن کی بجا آوری ہر مسلمان پر فرض ہے تو قرآن پاک اور احادیث رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم میں جہاں جہاں اور جس طرح ان کی طرف اشارہ کیا گیا تھا اس کے پیشِ نظر انھوں نے ان اصول و اعمال کو نہ صرف الگ الگ عنوانات میں ترتیب دیا، بلکہ ان کے لیے مناسب اصطلاحیں بھی وضع کیں۔ اب ہر اس نظام اعمال و عقائد کی طرح جس کا تعلّق زندگی سے ہے اور جس سے مقصود ہے اسے ایک مخصوص سانچے میں ڈھالنا، اسلام کی بھی دو حیثیتیں ہیں: ایک نظری اور دوسری عملی۔ نظری کا تعلّق ان اصولوں سے ہے جن سے اس کی تعلیمات وتشریعات اور نصب العین متعیّن ہوتا ہے، (یعنی ایمان باللہ، ایمان بالملائکہ، ایمان بالانبیاء، ایمان بالکُتب اور ایمان بالآخرة — دیکھیے ۲ (البقرة): ۲۸۵: اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (مان لیا رسول نے جو کچھ اترا اس پر اس کے رب کی طرف سے اور ایمان لانے والوں نے بھی۔ سب نے مان لیا اللہ کو، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو۔ ہم ان میں کوئی فرق نہیں کرتے۔ اور انھوں نے کہا ہم نے سنا اور اطاعت کی۔ ہم تجھ سے مغفرت چاہتے ہیں، اے ہمارے رب اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے) اور عملی کا ان ادارات وتاسیسات اور اعمال و افعال سے جن سے اس کی ترجمانی زندگی میں کی جاتی ہے اور جس کے بغیر ناممکن ہے کہ بحیثیت ایک دستورِ حیات اس میں کوئی معنی پیدا ہوں یا فرد کی تقدیر اور مستقبل اور جماعت کے مادّی اور اخلاقی نشوونما کا راستہ کھلے۔ یہی وجہ ہے کہ ارکانِ اسلام کا ترک یا انکار اسلام کا ترک اور انکار ہے، جیسا کہ قرآن پاک میں واضح طور پر تصریح کر دی گئی ہے؛ مثلاً سورة ۱۰۷ (الماعون): اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلٰي طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَاۗءُوْنَ ۝ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ (کیا تو نے اس شخص کو دیکھا جو دین کی تکذیب کرتا ہے۔ یہی تو یتیم کو دھتکارتا ہے اور لوگوں کو آمادہ نہیں کرتا کہ مساکین کی بھوک دور کریں۔ خرابی ہے ان نمازیوں کے لیے جو اپنی نمازوں سے بے خبر ہیں، جو ریاکاری سے کام لیتے ہیں اور معمولی چیزوں کو بھی روکے رکھتے ہیں) اور جس کا مطلب واضح طور پر یہ ہے کہ ان کا ترک یا محض رسمًا پابندی اس نظام حیات کے منافی ہے جسے قرآن پاک نے دین سے تعبیر کیا۔ سورة ۷۴ (المدثّر): ۴۳، ۴۴ میں ہے: قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ (انھوں نے کہا ہمیں جہنّم میں اس لیے جھونکا گیا کہ ہم صلٰوة ادا نہیں کرتے تھے، نہ مساکین کو کھانا کھلاتے تھے)۔ پھر الرحمة المهداة الی من یرید العلم علی احادیث المشکوٰة، (مطبع فاروقیہ، دہلی، ص ۴، کتاب الایمان)، میں بھی حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے جو روایت مذکور ہے اس سے اس حقیقت کی اور زیادہ وضاحت ہو جاتی ہے: "عَنْ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَلدِّيْنُ خَمْسٌ لَا يُقْبَلُ مِنْهُنَّ شَيْءٌ دُوْنَ شَيْءٍ شَهَادَةُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَالْحَيٰوةِ بَعْدَ الْمَوْتِ هٰذِهٖ وَاحِدَةٌ وَالصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ عَمُوْدُ الْاِسْلَامِ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ الْاِيْمَانَ اِلَّا بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةُ

طَهُوْرٌ مِنَ الذُّنُوْبِ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ تَعَالٰى الْاِيْمَانَ وَ الصَّلٰوةَ اِلَّا بِالزَّكٰوةِ مَنْ فَعَلَ هٰؤُلَاءِ ثُمَّ جَاءَ رَمَضَانَ فَتَرَكَ صِيَامَهٗ مُتَعَمِّدًا لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ الْاِيْمَانَ وَلَا بِالصَّلٰوةِ وَلَا الزَّكٰوةَ وَمَنْ فَعَلَ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَ وَتَيَسَّرَ لَهُ الْحَجُّ وَلَمْ يَحُجَّ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِحَجِّهٖ وَلَمْ يُحِجَّ بَعْضَ اَهْلِهٖ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ الْاِيْمَانَ وَلَا الصَّلٰوةَ وَلَا الزَّكٰوةَ وَلَا الصِّيَامَ، رواہ فی الحلیة (یعنی حلیةُ الاَوْلِیاء از ابونعیم اصفہانی) = ابن عمر سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: دین عبارت ہے پانچ باتوں سے۔ ان میں کوئی بھی کسی کے بغیر قبول نہیں کی جاتی۔ یہ شہادت دینا کہ اللہ ایک ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں اور ایمان اللہ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں اور جنت اور دوزخ اور حیات بعد الموت پر۔ یہ ایک بات ہوئی۔ صلٰوۃ پنج گانہ دین کا ستون ہے۔ اللہ ایمان قبول نہیں کرتا صلٰوۃ کے بغیر۔ زکٰوۃ پاکیزگی ہے گناہوں سے۔ اللہ تعالیٰ ایمان اور صلٰوۃ قبول نہیں کرتا بغیر زکٰوۃ کے۔ جس نے ان پر عمل کیا اور رمضان آ گیا اور اس نے روزے عمدًا ترک کر دیے تو اللہ اس سے ایمان قبول کرے گا، نہ صلٰوۃ نہ زکٰوۃ۔ جس نے ان چاروں پر عمل کیا اور حج کر سکتا ہے، لیکن اس نے حج نہیں کیا اور نہ اپنے حج پر ایمان لایا اور نہ اس کی طرف سے اس کے اہل میں سے کسی نے حج کیا تو اللہ اس سے ایمان قبول کرے گا، نہ صلٰوۃ نہ زکٰوۃ اور نہ روزہ۔

گویا ارکانِ اسلام پانچ ہیں: (۱) تشہّد یا شہادتین، (۲) اقامتِ صلٰوۃ، (۳) ایتاءِ زکٰوۃ، (۴) صوم ماہ رمضان اور (۵) حج کعبہ، جیسا کہ احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں باقاعدہ اور بالترتیب ان کا ذکر آیا ہے (دیکھیے بخاری، اوپر) لیکن قرآن مجید کا چونکہ اپنا ایک جداگانہ اندازِ بیان ہے اور وہ اپنے مطالب کی تشریح بالعموم تصریفِ آیات سے کرتا ہے (كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ = یوں ہم آیات کو بار بار لاتے ہیں ــ ۶ (الانعام): ۱۰۵)، لہٰذا اس نے ان اعمال وافعال کی طرف کہیں فردًا فردًا اشارہ کیا، مثلاً حج اور صوم کے بارے میں، ۲ (البقرۃ): ۱۸۳ ـ ۱۸۵، يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ... شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ... فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ط = اے اہل ایمان! تم پر روزہ فرض کیا گیا جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیا گیا تھا تاکہ تم پرہیزگار بنو...... رمضان کا مہینہ جس میں قرآن نازل کیا گیا...... تو جو کوئی تم میں سے اس میں موجود ہو چاہیے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور ۳ (آل عمران): ۹۷ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا = اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا جس کو استطاعت ہے اس کی طرف راہ چلنے کی؛ کہیں ایک ساتھ ــ بالخصوص صلٰوۃ و زکٰوۃ کا کہ ان کا الگ الگ بھی ذکر ہے اور ایک ساتھ بھی، مثلاً ۲ (البقرۃ): ۴۳، ۸۳، ۱۱۰؛ ۴ (النّساء): ۷۶، ان آیات میں بار بار کہا گیا ہے: ''صلٰوۃ قائم کرو اور زکٰوۃ دو''۔ ایسے ہی شہادتین میں کلمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' دو جداگانہ آیات پر مشتمل ہے (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ: ۳۷ (الصّٰفّٰت): ۳۵ اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ: ۴۸ (الفتح): ۲۹۔ ان آیات کے علاوہ قرآن مجید نے، جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے، متعدّد مقامات پر اور طرح طرح سے اس امر کی صراحت کر دی ہے کہ ارکانِ اسلام کی بجا آوری ہر مسلمان پر لازم ہے؛ البتہ یہاں قابل لحاظ امر یہ ہے ـــ اور اس کی اہمیّت کچھ کم نہیں ـــ کہ ان اعمال یا ادارات و تاسیسات کو محض مراسم مذہبی (یا عام محاورے میں عبادات ritual) پر محمول کرنا غلط ہوگا۔ ایک لحاظ سے وہ بلاشبہ ذاتی معاملہ ہیں عبد اور معبود کے درمیان۔ بایں ہمہ ان کی قدر و قیمت انفرادی نہیں۔ برعکس اس کے وہ حیاتِ انسانی کا تار و پود ہیں، یعنی اس نظامِ حیات کی عملی تشکیل کا ذریعہ جو اسلام نے نوع انسانی کے لیے تجویز کیا اور جس سے فرد اور جماعت دونوں کی تربیت ہوتی ہے۔ ان کی بجا آوری پہلا قدم ہے اسلام کی عملی ترجمانی میں، آخری قدم نہیں ہے کہ اگر ان کو باضابطہ ادا کر دیا گیا تو گویا اسلام کا تقاضا پورا ہو گیا۔ لیکن یہ خیال صحیح نہیں، بلکہ غلط فہمی پر مبنی ہے کیونکہ زندگی کا کوئی بھی مرحلہ ہو اس میں ارکانِ اسلام کے تعطّل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ان کی ادائگی ہر حالت، ہر موقع، ہر مقام اور ہر زمانے میں فرض ہے، کیونکہ زندگی عبارت ہے اس مسلسل حرکت سے جس میں ہماری جد و جہد کا سلسلہ لگاتار جاری رہتا ہے اور جس کی وحدت کو ارکانِ اسلام ہی نے سہارا دے رکھا ہے اس لیے کہ اسلام نہ روح و مادّہ کی ثنویّت کا قائل ہے نہ دین اور دنیا میں تفریق کا کہ یونہیں ایک مبنی بر حقائق اور پائدار تہذیب و تمدّن کے ساتھ ساتھ ایک ایسی ثقافت کی اساس قائم ہو سکتی ہے جس کی روح خالصتاً انسانی ہو۔ یوں بھی یہ ایک حیاتی اور نفسیاتی حقیقت ہے کہ زندگی چونکہ سرتاسر نظم وضبط ہے، جو کسی نصب العین ہی کی رعایت سے متعیّن ہو گا، لہٰذا اس کا تقاضا ہے کہ ہمارے اعمال و افعال بھی اسی نظم وضبط کے سانچے میں ڈھلتے رہیں۔ بعینہٖ جیسے یہ چند ایک ادارات اور تاسیسات ہیں جن کی بدولت کوئی دستورِ حیات ایک عملی اور واقعی شکل اختیار کرتا اور خارج میں مشہود ہوتا ہے۔ ارکانِ اسلام کا قیام، پابندی اور بجا آوری گویا ایک مستقل فریضہ ہے، جس میں ذرا سی فروگزاشت بھی اپنے مقصد سے دور لے جائے گی۔ بالفاظِ دیگر ان کا ترک کبھی ممکن نہیں کیونکہ وہ عملی اساس ہمیں ہمارے اس عزم کا کہ ہم اپنی سیرت اور کردار اور اخلاق و عادات کی طرح اپنی ملّی اور اجتماعی زندگی میں بھی وہی راستہ اختیار کریں جو احکامِ شریعت کے عین مطابق ہے۔ مثال کے طور پر اگر ہم یوں سوچیں کہ خیر و شر توأم ہیں، اس لیے ایک پہلو سے دیکھیے تو زندگی نام ہے تقوٰی کا تاکہ ہم ان ترغیبات و تحریصات سے بچیں جو انسان کو ہدایت کے بجائے ضلالت کی طرف لے جاتی ہیں تو ایمان بالغیب، اقامتِ صلٰوۃ، انفاقِ رزق، ایمان بالتنزیل اور ایمان بالیوم الآخر ضروری ہو جاتا ہے، اس لیے کہ یہ وہ امور ہیں جن کے بغیر تقوٰی ممکن نہیں اور اس خاص پہلو سے وہ انھیں کے مطابق زندگی بسر کرنے پر مشروط ہے، دیکھیے ۲ (البقرۃ): ۳ و ۴ (اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ لا وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ج وَ

بِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ o)= جوغیب پر ایمان لائے اور آداب کے ساتھ نماز پڑھتے اور جو ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں اور جو کتاب (اے محمد) تم پر نازل ہوئی اور جو کتابیں تم سے پہلے (پیغمبروں پر) نازل ہوئیں سب پر ایمان لاتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔ ارکانِ اسلام کا ادا کرنا گویا اس زندگی کا اہتمام کرنا ہے جو عبارت ہے اسلام سے اور جس کا مقصد یہ ہے کہ فرد ہو یا جماعت ہم اپنی زندگی کے نقطۂ آغاز سے نقطۂ انتہا تک ایک مخصوص نصب العین کی طرف بڑھتے چلے جائیں؛ لہٰذا ارکانِ اسلام جہاں ایک ذریعہ ہیں فرد کی ذہنی اور اخلاقی تربیت، اس کے تزکیۂ باطن اور احوال وواردات کی اصلاح کا، وہاں ان کی حیثیت ایک ایسے نظم وضبط کی بھی ہے جو اسے ایک اعلیٰ زندگی کے لیے تیار کرتا ہے اور جس کی مزید خوبی یہ ہے کہ اس پر محض لوجہ اللہ عمل کیا جاتا ہے کیونکہ وہ ایک ایسا فریضہ ہے جس میں ہماری ہی بھلائی ہے (ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ)= یہ تمھارے ہی لیے اچھا ہے اگر تم جانتے ہو۔ ۲۹ (العنکبوت): ۱۶) اور علاوہ اس کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی بھی، لہٰذا معاملات ہوں یا تعلّقات، وہ ہر پہلو سے دیانت وامانت اور صدق وصفا کا سرچشمہ ہیں جس سے فرد یا جماعت کی زندگی ہر قسم کے غصب وتغلّب اور خودغرضیوں سے پاک رہتی ہے، فرد کی سیرت اور کردار بنتا ہے اور جماعت اپنی ساری قوتیں ایک اعلیٰ مقصد کے حصول پر مرتکز کر دیتی ہے جس میں کوئی ذاتی یا دنیوی آلائش پیدا نہیں ہوتی، کیونکہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اپنے ہر قول وفعل کے لیے اللہ کے حضور جواب دہ ہیں۔ یوں فرد پر مسئولیتِ ذات کے ساتھ ساتھ جہاں یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ اس کا وجود دوسروں سے الگ نہیں، اس لیے کہ بنی نوع انسان ایک ایسے رشتے میں منسلک ہیں جس کی نوعیت حیاتی بھی ہے اور اخلاقی بھی، وہاں یہ بھی کہ اس کی سیرت اور شخصیت کا نشوونما جماعت ہی میں ہوتا ہے اور وہ اپنی تکمیلِ ذات کے لیے بھی اسی کا محتاج ہے۔ یہ رشتہ ناگزیر ہے اور اسی کے پیشِ نظر فرد محسوس کرتا ہے کہ علاوہ ان ضروریات کے جن کا تعلّق معاشرت اور تمدّن سے ہے یہ ہمارا باہمی ربط وضبط، اشتراک اور تعاوُن ہے جس کے بغیر کوئی ایسا نظامِ عمران واجتماع قائم نہیں ہوسکتا جس کا مطمحِ نظر سرتاسر انسانی ہو اور جو ایک اعلیٰ اور برتر انسانیت کے نشوونما کا ذریعہ بن سکے، جیسا کہ ارکانِ اسلام سے مقصود ہے، اس لیے کہ ان میں ایک ہر لحظہ ترقی پذیر اور وسعت طلب نظامِ مدنیّت کے وہ جملہ عناصر موجود ہیں جو انسانی معاشرے کے حفظ واستحکام اور نشوونما کے ضامن ہیں اور جن کی بدولت وہ ادارات وتاسیسات اور وہ اصول ومناہج وضع ہوتے ہیں جن کی روح انفرادی بھی ہے اور اجتماعی بھی اور اسی لیے ہم ان کو ایک عالمگیر تہذیب وثقافت کے علاوہ سیاست، معاش، نظم اور قانون کی بنا ٹھیراتے ہیں۔ اسلام نے زندگی کا تصوّر چونکہ ایک پیش رو حرکت کے طور پر کیا، جس میں تنوُّع بھی ہے اور تخلیق بھی، لہٰذا انسان اس میں آگے بڑھتا اور ایک مرتبے سے دوسرے مرتبے میں قدم رکھتا ہے تو یونہیں کہ ایک تو اس کی وحدت میں فرق نہ آئے، ثانیاً وہ اس ربط پر بھی نظر رکھے جس نے اس کے اجزا میں جزو و کُل کا تعلّق پیدا کر دیا ہے۔ اندریں صورت ارکانِ اسلام سے جو نظامِ مدنیّت مُتشکّل ہوتا ہے اس میں ترقی اور تنوّع کی راہیں کھلی رہتی ہیں؛ بایں ہمہ اس کی ہیئت، روح اور غرض وغایت میں کوئی فرق نہیں آتا، کیونکہ اس میں اجزاے حیات کی شیرازہ بندی اس خوبی سے کر دی گئی ہے کہ ان میں ایک نامی اور حیاتی رشتہ قائم ہوگیا ہے۔ اس نظامِ مدنیّت میں نہ تو قدروں کا تصادم ممکن ہے نہ دنیا کا آخرت اور فرد کا جماعت سے کہ ایک کی ہستی دوسرے کی نفی کر دے؛ اس لیے یہی معاشرہ ہے جس میں عدالتِ اجتماعیہ کے ساتھ ساتھ اخوّت ومساوات اور حرّیتِ ذات کی ترجمانی عملاً ہوتی رہتی ہے اور جو صحیح معنوں میں شرفِ انسانی کا محافظ اور اس کی تقدیر کا صُورت گر ہے۔ یہ خالص انسانی اور اخلاقی نصب العین ہے، جس کے پیشِ نظر اسلام نے فرد اور جماعت دونوں پر یکساں نظر رکھی اور ارکانِ خمسہ (شہادتین، صلوٰۃ وزکوٰۃ، صوم وحج) کو اس کے حصول کا ذریعہ قرار دیا۔ مثال کے طور پر رکن اوّل تشہّد (شہادتین) کو لیجیے کہ بظاہر یہ اقرار ہے فرد کی جانب سے توحید اور رسالت محمدیہ (علی صاحبہا التحیۃ والسّلام) کا، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ کلمہ ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' کو محض عقیدۃً زبان سے دہرا دیا جائے، بلکہ یہ اعلان ہے اس معاشرے یا نظامِ اجتماع وعمران میں شمولیت کا جس میں انسان صرف اللہ کے سامنے سر جھکاتا اور صرف اس کے رسول کی رہنمائی قبول کرتا ہے؛ لہٰذا انفرادی اعتبار سے جہاں توحید ورسالت کا اقرار ایک دعوتِ فکر ہے کہ ہم اس حقیقت کا مشاہدہ اپنے علم اور عقل اور محسوسات اور مدرکات کی دنیا میں کریں جسے ہم نے از رُوے ایمان تسلیم کر لیا ہے، وہاں یہ ہماری عزّتِ نفس اور حرّیتِ ذات کی کتنی بڑی ضمانت ہے کہ اب ہمارا سرِ اطاعت نہ کسی معبودِ باطل کے سامنے جھکے گا، جس کی نفی کلمۂ لا الہ الّا اللہ نے کر دی ہے، نہ حضور رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وسلّم کے علاوہ ہم کسی دوسری قیادت کے محتاج رہیں گے، جیسا کہ اعلان محمد رسول اللہ سے مقصود ہے۔ اجتماعی لحاظ سے یہ عزم ہے اس معاشرے اور نظامِ مدنیّت کی ذمہ داریوں کو ایک فریضہ سمجھ کر ادا کرنے اور اس کے حفظِ استحکام اور مسلسل نشوونما کے لیے مخلصانہ جدوجہد کا جس کا اصولِ عمل ہے اللہ کی اطاعت اور اس کے رسول (صلعم) کا اتّباع۔ یوں شرک اور کفر، جہالت اور توہّمات کی نفی کے ساتھ ان سب اداروں کا خاتمہ ہوجاتا ہے جو دنیا ہو یا آخرت، انسان اور خدا کے درمیان ایک واسطہ بن کر حائل ہوجاتے ہیں۔ اب صلوٰۃ کو لیجیے کہ یہ عبارت ہے اس نصب العین کی تڑپ سے جس سے انسان کی تقدیر اور مستقبل وابستہ ہے، لہٰذا ''شہوات'' یعنی ان مادّی اور حیوانی تقاضوں کی ضد جن کی طرف انسان بالطبع مائل رہتا ہے لیکن جنھیں کسی اصول کے ماتحت آجانا چاہیے (۳ (آل عمران): ۱۴)۔ وہ گویا ہوا وہوس یا دوسرے لفظوں میں اس بے مقصد اور بے اصول زندگی کے خلاف جو محض دنیا طلبی کے لیے بسر کی جاتی ہے ہماری سب سے بڑی سپر ہے جس کے بغیر ہم اپنے نصب العین سے دور ہوتے ہوتے بے راہ روی کا شکار ہو جائیں (فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِھِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوۃَ وَاتَّبَعُوا الشَّھَوٰتِ فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ

غَیًّا= تو اُن کے جانشین ہوے وہ لوگ جنھوں نے صلوٰۃ ضائع کر دی اور خواہشات کی پیروی کی، سو دیکھ لیں گے آگے چل کر گمراہی کو — ۱۹ (مریم): ۵۹)۔ صلوٰۃ، جس کے ارکان میں قیام وقعود اور رکوع وسجود، یعنی وہ سب حالتیں جمع ہیں جن میں انسان اپنے رب کے سامنے اظہارِ عبودیت کرتا ہے، دراصل ذریعہ ہے اس حقیقت سے براہِ راست تقرّب اور توسّل کا جس کو فلسفے نے اپنی زبان میں اساسِ وجود، یعنی ہر شے کا سہارا ٹھیرایا ہے اور جس سے فرد جب اپنے اندرونِ ذات میں اتّصال پیدا کرتا ہے تو اسے ایک ایسی شخصیت مل جاتی ہے جسے قرار و دوام حاصل ہوسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صلوٰۃ کا حقیقی مقصود بھی ذکرِ الٰہی ہے (اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ = صلوٰۃ قائم کر مجھے یاد رکھنے کے لیے — ۲۰ (طٰہٰ): ۱۴) اور اس لیے وہ استحکامِ ذات کی اساس ہے۔ صلوٰۃ ہی کی بدولت فرد اپنا امتحان کرتا اور دیکھتا ہے کہ آیا وہ اس معیار پر پورا اترا جو اسلام نے زندگی کے لیے قائم کیا۔ وہ حصولِ علم کی ایک صورت بھی ہے کہ یونہیں انسان کائنات میں اپنا مرتبہ و مقام متعیّن کرتا اور یونہیں یہ نکتہ اس کی سمجھ میں آتا ہے کہ اس کی ایک تقدیر اور ایک مستقبل ہے؛ چنانچہ شروطِ تقوٰی میں ایمان بالغیب کی شرط اوّل اقامتِ صلوٰۃ ہی کو ٹھیرایا گیا ہے کہ اگر ایمان بالغیب نہیں تو اس کی بجاآوری گراں گزرتی ہے (وَاِنَّهَا لَكَبِيۡرَةٌ اِلَّا عَلَى الۡخٰشِعِيۡنَ ۙ الَّذِيۡنَ يَظُنُّوۡنَ اَنَّهُمۡ مُّلٰقُوۡا رَبِّهِمۡ وَاَنَّهُمۡ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ = وہ گراں ہے مگر اُن پر نہیں جو عاجزی سے کام لیتے ہیں، جن کو خیال ہے کہ وہ اپنے رب کے رُوبرُو ہونے والے ہیں اور یہ کہ ان کو اسی کی طرف لوٹنا ہے — ۲ (البقرۃ): ۴۵ و ۴۶)۔ صلوٰۃ ہی سے تزکیۂ نفس کا راستہ کھلتا اور فحشا اور منکر کا ازالہ ہو کر فرد کی سیرت اور کردار کا جوہر نکھرتا ہے (اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنۡهٰى عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ = بے شک صلوٰۃ روکے رکھتی ہے بے حیائیوں اور ناپسندیدہ باتوں سے — ۲۹ (العنکبوت: ۴۵)۔ پھر جب ایک بااصول زندگی کی جدوجہد میں انسان مشکلات اور صعوبات سے گھبرا جاتا ہے تو صلوٰۃ ہی اسے سہارا دیتی ہے اور صبر و استقامت (وَاسۡتَعِيۡنُوۡا بِالصَّبۡرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ = مدد مانگو صبر اور صلوٰۃ کے ساتھ — ۲ (البقرۃ: ۴۵) کے ساتھ ساتھ عزم و اعتماد اور امید و رجا کا سرچشمہ بن جاتی ہے: وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيۡنَ ۙ الَّذِيۡنَ اِذَاۤ اَصَابَتۡهُمۡ مُّصِيۡبَةٌ ۙ قَالُوۡۤا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ = اور بشارت دو اہلِ صبر کو کہ جب ان پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی سے ہمیں رجوع کرنا ہے ۲ (البقرۃ): ۱۵۵ و ۱۵۶)۔ یہاں تک تو فرد کا معاملہ تھا۔ جماعت کے لیے صلوٰۃ کی حیثیت اس ادارے کی ہے جس سے امّت ایک نصب العین پر جمع رہتی ہے اور اس اخوّت و مساوات کا عملی نمونہ قائم کرتی ہے جو حرّیتِ ذات اور شرفِ انسانی کی حقیقی روح ہے؛ لہٰذا امّت کا بلا امتیاز رنگ و نسل اور بلاتفریقِ ادنٰی و اعلٰی ایک ہی امام کی اقتدا میں کامل نظم و انضباط سے قبلہ رُو ہونا اور علاوہ سورۂ فاتحہ کے ہر رکعت میں قرآن پاک کے کسی حصّے کو سننا جہاں اللہ اور اس کے رسولؐ سے اپنی اطاعت کا اظہار ہے وہاں اس امر کا اہتمام بھی ہے کہ ہم اپنے موقفِ حیات کو فراموش نہ کریں، ہمیں برابر خیال رہے کہ اسلام کیا ہے، اس کی تعلیمات کیا ہیں اور وہ کیا مقاصد اور عزائم ہیں جن کے لیے ہمیں باہم مل کر جدوجہد کرنا ہے۔ صلوٰۃ پنج گانہ کی ادائگی سے (خواہ مسجد میں یا مسجد سے باہر کسی دوسری جگہ) فرد اور جماعت دونوں اپنا اپنا احتساب کرتے اور دیکھتے ہیں کہ انھوں نے وہ ذمّے داریاں جن کا تعلّق امّت کی حیاتِ انفرادی اور اجتماعی سے ہے کہاں تک پوری کیں۔ گویا صلوٰۃ باالجماعت سے اگر اسلام کے اجتماعی مقاصد کی ترجمانی ایک عملی شکل میں ہوتی ہے اور فرد اور جماعت کے تزکیہ و استحکامِ ذات کا راستہ کھلتا ہے تو وہ اپنی جگہ وحدتِ امّت کی ایک زندہ مثال بھی ہے۔ یہاں یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ یہ فریضہ دنیا کے کسی حصّے میں ادا ہو جماعت کا رخ ایک ہی طرف ہوگا، یعنی مسجدِ حرام کی طرف (فَوَلُّوۡا وُجُوۡهَكُمۡ شَطۡرَهٗ = تم اس کی طرف اپنا منہ پھیر دو — ۲ (البقرۃ): ۱۴۴)، بعینہٖ جس طرح روشنی کی کرنیں خواہ کسی سمت سے آئیں، ایک نقطۂ ماسکہ پر جمع ہو جاتی ہیں۔ یوں ایک مشترک نصب العین کے لیے اہلِ ایمان کا یہ روزمرّہ اور بار بار اجتماع اگران کے ملّی عزائم اور مقاصد، ارادوں اور آرزوؤں کی تکمیل کا ایک بےتکلّف اور از روے نفسیات مؤثّر ترین ذریعہ ہے تاکہ افراد کے اتّحاد و ارتباط، جذبات کی ہم آہنگی اور یک جہتی سے ان کے عزم و ہمّت اور قوّتِ عمل میں بیش از پیش اضافہ ہو تو صلوٰۃ ہی کی بدولت ہم اپنی مادّی اور حیوانی زندگی کے اس معمول سے، جس میں انسان ایک پُرزے کی طرح حرکت کرتا اور عالمِ طبیعی کی قوّتوں کے سامنے اپنے آپ کو بےبس پاتا ہے، خلاص حاصل کرتے اور اختیارِ ذات برقرار رکھتے ہیں۔ یوں ہمارا تعلق اپنے داخل اور باطن سے بھی منقطع نہیں ہوتا، کیونکہ وہی ہمارے ارادوں اور اقدامات کا حقیقی سرچشمہ ہے۔ پھر جب انسان یہ سمجھتے ہوے کہ اُس کی زندگی کا کوئی مقصد ہے اور اس کے کچھ فرائض ہیں مسجد میں قدم رکھتا ہے تو وہ اپنے نفس کا محاسبہ کرتے اور اپنی کوتاہیوں پر نظر رکھتے ہوے اللہ تعالٰی کے حضور سربسجود ہوتا ہے، تاکہ اس کی رحمت اور فضل کے بھروسے پر ایک نیا ارادہ اور نئی آرزو لیے باہر آئے اور اس جدوجہد میں، جو بحیثیتِ مسلمان اس کے سامنے ہے، تازہ دم ہو کر پھر سے قدم رکھے۔ صلوٰۃ کو ''جامعہ'' (جمع کرنے والی)، یعنی ذریعۂ اجتماع بھی کہا گیا ہے؛ چنانچہ صدرِ اسلام میں امّت کے اجتماع کی یہی صورت تھی اور یونہیں وہ اپنے معاملات طے کرتی۔ صلوٰۃ گویا روح ہے اسلام کے نظامِ اجتماعیت کی، لہٰذا اس نے جو ہیئتِ اجتماعیہ قائم کی ہے اس کی بنا بالخصوص صلوٰۃ و زکوٰۃ پر رکھی: اَلَّذِيۡنَ اِنۡ مَّكَّنّٰهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ = وہ لوگ کہ جب ہم نے انھیں طاقت دی کسی ملک میں تو وہ صلوٰۃ قائم کریں اور زکوٰۃ دیں — (۲۲ (الحج): ۴۱)۔ بعینہٖ اس سورۃ کا خاتمہ بھی جس آیت ۷۸ پر ہوتا ہے، ان میں صلوٰۃ و زکوٰۃ کے اجتماعی پہلو پر بالخصوص زور دیا گیا ہے (وَجَاهِدُوۡا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجۡتَبٰٮكُمۡ وَمَا جَعَلَ عَلَيۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ مِنۡ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيۡكُمۡ اِبۡرٰهِيۡمَ ۔۔۔ فَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۔۔۔ = اور جہد کرو اللہ کے راستے میں جیسا کہ اس کا حق ہے، جس نے تمھیں پسند کیا اور دین میں کوئی مشکل نہیں رکھی، یہ تمھارے باپ ابراہیمؑ کی ملت ہے ... لہٰذا صلوٰۃ قائم

کرو اور زکوٰۃ دو)۔ ان آیات میں صلوٰۃ و زکوٰۃ کو جس طرح بصراحت حیاتِ اجتماعیہ کی اساس ٹھیرایا گیا ہے اس سے زکوٰۃ کی اجتماعی اہمیّت کے اعتراف میں بھی کوئی مشکل باقی نہیں رہتی۔ بالخصوص اس لیے کہ زکوٰۃ کے بارے میں آج بھی سوال کیا جائے تو بلا تامّل جواب ملے گا کہ اس سے مقصود ہے اہلِ حاجت کی امداد، یعنی بھوک اور فاقے، فقر اور افلاس کی لعنت کو دور کرنا یا دوسرے لفظوں میں یہ کہ دولت کی تقسیم بے راہ روی اختیار نہ کرے؛ لہٰذا اس کی فراہمی اور خرچ کا معاملہ بھی جماعت، یعنی ریاست کے ہاتھوں میں رہنا چاہیے۔ گویا زکوٰۃ سے مقصود ہے سرمایۂ ملّی کا مسلسل نشوونما اور اس کی نہایت درجہ مناسب تقسیم، اس لیے کہ فرد ہو یا جماعت دولت کی پیدائش، اس کا صَرف اور تقسیم یونہیں اُن جملہ ناہمواریوں اور خرابیوں سے پاک ہوسکتی ہے جو ابتدا میں معاشی اور پھر آگے چل کر اخلاقی اور اجتماعی فساد کا موجب بنتی ہیں۔ یہ ہوگا تو دولت میں اضافہ اور ترقی بھی ہوگی۔ یہاں یہ امر قابلِ لحاظ ہے کہ لفظ زکوٰۃ میں پاکیزگی اور نمو (بڑھنا) دونوں مفہوم شامل ہیں۔ پھر اس مسئلے میں کوئی بھی نقطۂ نظر اختیار کیا جائے، انفرادی یا اجتماعی، جہاں ملک اور قوم کا سوال سامنے آیا دولت کے بارے میں جماعت ہی کے نقطۂ نظر کو ترجیح دی جائے گی۔ اندریں صورت ضروری ہے کہ نظامِ زکوٰۃ ریاست کے ہاتھ میں رہے جیسا کہ ازرُوے اسلام ہے؛ لہٰذا ریاست کی معاشی تدابیر (policies) کے علاوہ یہ اس کے نظامِ ضرائب (taxation) کی اساس بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی ریاست کی تاسیس ہوئی تو حضور رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وسلّم نے انفرادی دولت کا جائزہ لیتے ہوئے جیسی بھی کسی شخص کی ذاتی ملکیت تھی اس سے وصولِ زکوٰۃ کے لیے ایک نصاب مقرّر کیا۔ یوں بھی کوئی نصب العین ہو اس کا حصول جب ہی ممکن ہے کہ فرد اور جماعت کی مالی ضرورت کی کفالت ہوتی رہے، اس لیے کہ انسان جس مادّی عالم میں پیدا کیا گیا ہے اور جس میں اسے حصولِ مقصد کے لیے جدوجہد کرنا ہے اس کے تقاضوں سے بے نیاز نہیں رہ سکتا؛ لہٰذا اسلام نے بجا طور پر زکوٰۃ کا رشتہ صلوٰۃ سے جوڑا، بلکہ زکوٰۃ کے علاوہ بھی فرد اور جماعت دونوں کے سود و بہبود کے پیشِ نظر انفاق پر زور دیا: وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا = اور صلوٰۃ قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور قرض دو اللہ کو، اچھا قرض دینا اور جو کچھ آگے بھیجو گے اپنے واسطے کوئی نیکی، اسے پاؤ گے اللہ کے یہاں بہتر اور اجر میں زیادہ — (۷۳ (المزّمّل): ۲۰)۔ بعینہٖ اسلام نے دولت کے احتکار و ارتکاز کی ویسی ہی ممانعت کی (۹ (التوبۃ): ۳۵) جیسے بخل (۳ (آل عمران): ۱۸) اور اسراف (۱۷ (بنی اسرآئیل): ۲۶) کی۔ زکوٰۃ اسلامی نظامِ معیشت کی روح ہے؛ چنانچہ جونہیں ہمارا دین افراد کی مالی کفالت اور احتیاجات کی طرف منتقل ہوا، اس کا قیام ناگزیر ہوجائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کا تعلّق ایک طرح سے اسلام کے چوتھے رکن، یعنی صومِ ماہِ رمضان سے بھی قائم ہوجاتا ہے، اس لیے کہ ایک تو ارکانِ اسلام کی حیثیت بجائے خود ایک وحدت کی ہے کہ ایک کے بغیر دوسرے کی تکمیل نہیں ہوتی، دوسرے اس لیے کہ دنیا کی ہر تحریک کی طرح اسلام بھی اپنے پیروؤں سے ایک نظم و ضبط کا طالب ہے کہ اگر ہماری زندگی کے مادّی اور حیوانی تقاضے یا مال و دولت کی محبت اس نصب العین سے ٹکرائے جو ہمارے سامنے ہے تو ہم اپنی راحت و آرام اور منفعت دنیوی کو اس پر قربان کردیں؛ لہٰذا اسلام نے ہمارے لیے جو نظم و ضبط بشکل صوم تجویز کیا اس سے مقصود نفس کشی نہیں بلکہ صفاتِ عالیہ اور اخلاقِ حسنہ کی پرورش ہے تاکہ ہم خویش و اقارب کی طرح اپنے ابنائے جنس کے لیے بھی خلوص اور ایثار سے کام لیں اور جماعت کا مفاد، مفادِ ذات پر مقدّم رکھیں۔ لیکن یہ جب ہی ممکن ہے کہ فرد کا دل ہوا و ہوس سے پاک ہوجائے، وہ تن آسانی اور راحت طلبی کے بجائے سخت کوشی اور صعوباتِ زندگی کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کرے، ہر کٹھن منزل پر صبر و استقامت سے کام لے، اپنے جسم اور شکم پر قابو رکھے، یہ نہیں کہ جسم کو جسم سمجھتے ہوئے بلا سبب آزار پہنچائے۔ اسلام نے نفسِ انسانی کی گونا گوں قوّتوں اور صلاحیّتوں کی طرح اس کے مادّی اور حیوانی تقاضوں کی نفی نہیں کی، بلکہ انھیں ایک مقصد اور نصب العین کے تابع رکھا تاکہ فرد اور جماعت کی زندگی جیسی بھی کسی مرحلے سے گزر رہی ہے ہم اس کے پیشِ نظر ان پر ایک حد قائم کریں اور دیکھیں کہ ان سے لطف اندوزی کہاں تک مناسب ہے۔ مزید یہ ہے کہ ہمیں تجربۃً بھی معلوم ہوجائے کہ ہماری اپنی ذات کی طرح اگر دوسروں کی ضروریات اور احتیاجات پوری نہ ہوئیں تو اس کے معنی کیا ہوں گے۔ یوں بھی زندگی جس ہمہ گیر جدوجہد سے عبارت ہے اس کا سلسلہ ہر طرح کے حالات میں جاری رہنا چاہیے، کیونکہ جس نظم و ضبط سے خیر خواہی اور خیر پسندی، عفّت اور پاکیزگی مقصود ہے اس میں اخلاقِ عالیہ کو تحریک ہوگی تو جب ہی کہ ہم اسے بے جا ترغیبات و تحریصات سے پاک رکھیں۔ یوں بھی ہر نظم و ضبط کی ابتدا دل و دماغ کی درستی اور بدن کی تربیت ہی سے ہوتی ہے، اس لیے صوم بھی، جس کے متعلّق بظاہر خیال ہوتا ہے کہ ایک انفرادی فریضہ ہے، ایک اجتماعی ادارہ بھی ہے، جس میں مزید اجتماعی شان اس طرح پیدا ہوجاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے ایک خاص مہینہ مقرّر فرمایا (۲ (البقرۃ): ۱۸۵) اور سحر اور افطار کا وقت بھی سب کے لیے یکساں معیّن کردیا، لہٰذا ہم سب کا ایک ہی وقت میں افطار اور سحر بھی ہماری جماعتی وحدت اور یک جہتی کا ایک مظہر ہے۔ پھر اگر فرد کے لیے یہ مہینہ بالخصوص ذکرِ الٰہی کا ہے تاکہ وہ اپنے خالق اور پروردگار سے اور زیادہ قریب ہوجائے ''اس لیے کہ وہ ہر پکارنے والے کی پکار سنتا ہے'' (قرآن مجید نے فرضیتِ صیام کے ساتھ اس امر کی طرف بالخصوص اشارہ کیا ہے: وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ = اور جب تجھ سے پوچھیں میرے بندے مجھ کو تو میں قریب ہوں؛ میں قبول کرتا ہوں دعا مانگنے والے کی دعا؛ سو مجھ سے دعا مانگیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ انھیں نیک راہ حاصل ہو — (۲ (البقرۃ): ۱۸۶) اور یوں مراتبِ اخلاق اور روحانیت میں آگے بڑھے تو جماعت

بھی قرآن کی تلاوت سُننے اور سُنانے کا بالخصوص اہتمام کرتی ہے کہ اپنے رب کی بڑائی بیان کرے اور اس ہدایت پر جواُسے ملی اللہ کا شکر ادا کرے، اس لیے کہ یہی مہینہ ہے جس میں قرآن پاک نازل ہوا، جو ''ہدایت ہے انسانوں کے لیے، ہدایت کی روشن دلیلوں کے ساتھ اور جو فرقان ہے، یعنی حق کو باطل سے جدا کرنے والا'': شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَ الْفُرْقَانِ... وَ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۔(۲(البقرۃ): ۱۸۵)؛ پھر یہ اس کی بڑائی بیان کرنے کا حکم بھی ایک طرح کی یاد دہانی ہے کہ امّت اس جدوجہد کے لیے تیار ہوجائے جو ازرُوے اسلام اُس پر لازم آتی ہے۔ یوں ذکرِ الٰہی سے اس کے اتّحاد و ارتباط کو بھی اور زیادہ تقویت حاصل ہوتی ہے۔ جمعے اور بالخصوص جمعۃ الوَداع کے اجتماع سے یہی غرض ہے کہ ہم اپنے نظامِ ملّی کا جائزہ لیتے رہیں اور دیکھیں کہ کیا ہم اس تقریب سعید کے سچ مچ اہل ہیں جو ایک موقع ہے ادائے تشکّر اور اظہارِ مسرّت کا کہ ہم اپنے فرائض میں پورے اترے۔

آخری اور پانچواں رکن حج ہے جس کی حیثیت واضح طور پر اجتماعی ہے اور جس میں فرد اس لیے شریک ہوتا ہے کہ علاوہ اُن اخلاقی اور روحانی فوائد کے جو ذاتی طور پر اسے حاصل ہوں گے وہ اتحادِ ملّی کے اس منظر کا بھی عملاً مشاہدہ کرے جو بلا امتیازِ حدود و قیود اور بلا رعایتِ قوم و ملک وحدتِ انسانی کی تمہید ہے اور جس کے پیشِ نظر اسلام نے ایک عالمگیر معاشرے کی بنا رکھی؛ لہٰذا یہ بین الاقوامی اجتماع، جس میں ہر رنگ اور ہر نسل کے مسلمان اکناف و اطرافِ عالم سے ایک دوسرے کے لیے اخوّت اور مساوات کا پیام لے کر آتے ہیں، بجائے خود ایک ناقابلِ انکار دلیل ہے اس بالقوۃ وحدت کی: كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً = لوگ ایک ہی امّت ہیں۔ (۲(البقرۃ): ۲۱۳) جو نوعِ انسانی میں پہلے سے موجود ہے اور جس کو بالفعل لانے کا بجز اس کے اَور کوئی ذریعہ نہیں کہ اس نصب العین کی رعایت سے جو اس کے سامنے ہے اس کا ایک مرکزِ مشہود بھی ہو، جیسا کہ ہر نظامِ عمران و اجتماع، مذہب اور ملّت کا ہوا کرتا ہے: وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا = اور ہر ایک کے لیے ایک سمت ہے وہ منہ کرتا ہے اس کی طرف۔ (۲(البقرۃ): ۱۴۸) یعنی اس کی آنکھیں اس کی طرف لگی رہتی ہیں؛ لہٰذا امّت اسلامی کا بھی ایک قبلہ (۲(البقرۃ): ۱۴۲) ہے، ایک مرکزِ مشہود جس کی انسانی اور آفاقی حیثیت کا تقاضا تھا کہ اس کی قدامت بھی مسلّم ہو؛ جیسا کہ خانۂ کعبہ کے باب میں تاریخ کو بھی اس کی قدامت کا اعتراف ہے۔ قرآن حکیم میں ہے: اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّ هُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ = بے شک سب سے پہلا گھر جو نوعِ انسانی کے لیے مقرّر ہوا یہی ہے جو مکّے میں ہے باعثِ برکت اور ہدایت سب انسانوں کے لیے — (۳(آل عمران): ۹۶)۔ ایسے ہی سورۂ حج (آیت ۳۳) میں اسے ''بیت عتیق'' کہا گیا۔ یوں بھی وحدتِ انسانی کی بنا چونکہ توحید پر ہے اور یہ وہ بات ہے جس کی تاریخ سے بھی تائید ہوتی ہے، لہٰذا ایسے کسی مرکز کو نسبت ہونی چاہیے تو اسی ذاتِ پاک سے جس نے زمین و آسمان پیدا کیے اور جسے اسلام نے رب العٰلمین ٹھیرایا۔

اندریں صورت خانۂ کعبہ کو بیت اللہ ہی کہا جا سکتا تھا تاکہ اس مرکزیت کا جس کی اساس خالصۃً روحانی ہے جواز پیدا ہوجائے اور یہ وہ امر ہے جو قرآن حکیم کی متعدّد آیات میں مذکور ہے، مثلاً (۲(البقرۃ): ۱۲۵؛ ۲۲(الحج): ۲۶)۔ یوں اس گھر کی حرمت بھی، جسے پروردگارِ عالم سے نسبت ہے، لازم ٹھیری: جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ قِیٰمًا لِّلنَّاسِ = اللہ نے کعبے کو حرمت والا گھر بنایا اور قیام کا باعث لوگوں کے لیے۔ (۵(المائدۃ): ۹۷) اور اس کا نام بھی بجا طور پر مسجد قرار پایا (۲(البقرۃ): ۲۱۳)۔ یہی وجہ ہے کہ ہر مسجد کا قبلہ رُو ہونا ضروری ہے تاکہ ادائے صلوٰۃ میں سب کا منہ خانۂ کعبہ کی طرف ہو: وَ حَیْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ = اور تم جہاں کہیں بھی ہو اپنا منہ مسجد حرام کی طرف کرلو۔ (۲(البقرۃ): ۱۴۴) اور جو گویا اتّحادِ خیال اور اتّحادِ عمل کے ساتھ ساتھ اس امر کا بھی اعلان ہے کہ امّتِ اسلامیہ کی تشکیل ساری نوعِ انسانی کے لیے ہوئی۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور حصولِ خیر اس کا مقصد ٹھیرا (كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ... = تم بہترین امّت ہو جسے انسانوں کے لیے اٹھایا گیا..... (۳(آل عمران): ۱۱۰)؛ چنانچہ یہی وہ امّت ہے جس کی زندگی میں ایک عالمگیر ہیئتِ اجتماعیہ اور خالصۃً انسانی نظامِ مدنیّت کا عملی نمونہ دیکھنے میں آ سکتا ہے اور وہ دوسروں کی رہبری بھی اس نصب العین کی طرف کرسکتی ہے۔ بنابریں خانۂ کعبہ کو قبلہ قرار دیا گیا تو اس امر کی صراحت بھی کردی گئی کہ اس کی غرض و غایت جملہ اقوامِ عالم کو ایک مرکز پر جمع کرنا ہے: وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَی النَّاسِ وَ یَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْكُمْ شَهِیْدًا = ''اور اسی طرح ہم نے تم کو امّتِ معتدل بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور پیغمبر (آخرالزماں) تم پر گواہ بنیں''۔ (۲: (البقرۃ): ۱۴۳)۔ یہاں یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہی وہ امّت ہے جسے نوعِ انسانی کے اس اخلاقی اور روحانی ورثے کا حق پہنچتا ہے جس کا تعلّق ماضی کی عالمگیر تحریکات سے ہے، کیونکہ اس نے اپنے آپ کو ساری نوعِ انسانی سے وابستہ کر رکھا ہے۔ یہ ایک اَور وجہ ہے کہ عالم انسانی کی مرکزیت خانۂ کعبہ کے حصّے میں آئی، جس پر یہود و نصاریٰ کو، جو خود بھی اس قسم کی مرکزیت کے دعوے دار تھے، اعتراض ہوا تو ان سے بہ تحدّی کہا گیا: اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی = کیا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم، اسمٰعیل، اسحٰق، یعقوب اور اس کی اولاد یہودی اور نصرانی تھے۔ (۲: (البقرۃ): ۱۴۰)، کیونکہ اس تحریک کی قیادت کی ابتدا، جس کے پیشِ نظر ایک عالمگیر نظامِ اجتماع اور تہذیب و تمدّن ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمائی تھی۔ انھیں جب اللہ تعالیٰ نے بعض باتوں میں آزمایا اور وہ ان میں پورے اترے تو ارشاد ہوا کہ تمھیں انھیں نوعِ انسانی کا امام بنایا جائے گا (۲: (البقرۃ): ۱۲۴)، لہٰذا اس فریضۂ امامت کا عین اقتضا تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس گھر کی تطہیر کے لیے کوشاں رہتے جو اتحادِ انسانی اور امنِ عالم کا مرکز ہے (وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَیْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَ اَمْنًا ... وَ عَهِدْنَآ اِلٰٓی اِبْرٰهٖمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ اَنْ طَهِّرَا بَیْتِیَ لِلطَّآئِفِیْنَ وَ الْعٰكِفِیْنَ وَ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ = اور جب ہم نے اس گھر کو لوگوں کا مرکز اور مأمن بنایا..... اور جب ہم

نے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ سے عہد لیا کہ میرے گھر کو طواف کرنے، اعتکاف کرنے اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے پاک و صاف رکھیں — (۲(البقرۃ): ۱۲۵) تاکہ جو مقاصد اس سے وابستہ ہیں وہ کسی طرح کے فتنہ و فساد، ذاتی اور مقامی مفادات سے داغ دار نہ ہوں، جیسا کہ قرآن حکیم نے واضح الفاظ میں صراحت کر دی ہے (دیکھیے ۲۲(الحج): ۲۵)۔ یہی وجہ ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ نے خانۂ کعبہ کی از سرِ نو تعمیر کی (۲(البقرۃ): ۱۲۷) تو انھوں نے اپنے منصبِ امامت کے پیشِ نظر اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ ایک ایسی امّت پیدا کرے جو صرف اسی کی فرمان بردار ہو، یعنی صرف اسی کے احکام پر چلے اور ایک ایسا رسول بھی جو اس عظیم الشان فریضے کی بجاآوری میں اس کی تعلیم و تربیت اور رہنمائی کرے (رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ . . . رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ يُزَكِّيْهِمْ = اے ہمارے رب ہمیں اپنا فرمان بردار بنا اور ہماری اولاد سے ایک ایسی امّت پیدا کر جو تیری فرمان بردار ہو..... اے ہمارے رب ان میں ایک رسول پیدا کر جو ان پر تیری آیات تلاوت کرے انھیں کتاب و حکمت سکھائے اور پاک کرے — (۲(البقرۃ): ۱۲۸، ۱۲۹)؛ لہٰذا جب پیغمبرِ اسلام، نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم تشریف لے آئے اور اس امّت کی تشکیل ہوگئی جس کی حضرت ابراہیمؑ نے دعا کی تھی تو حجّ کعبہ بھی ہر مسلمان پر بشرطِ استطاعت فرض ٹھیرا تاکہ اس نظامِ اجتماع و عمران کی جو سارے عالمِ انسانی پر محیط ہے ایک اساس اور تمہید قائم ہو جائے اور فرد کو بھی موقع ملے کہ اس نے اپنی تقدیر جس دستورِ حیات سے وابستہ کر رکھی ہے اس میں اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہوئے کمالاتِ ذات سے بہرہ ور ہو۔ خانۂ کعبہ محض زیارت گاہ تو ہے نہیں، بلکہ اسلام کی اخلاقی، اجتماعی، سیاسی، معاشی اور ثقافتی وحدت کا مظہر ہے اور حجِ اُن مقاصد کی تکمیل کا نقطۂ آغاز جو اس سے وابستہ ہیں اور جس کی ابتدا اسی لیے حضرت ابراہیمؑ ہی نے فرمائی تھی وَ اَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ = اور اعلان کر کہ لوگ حجّ کے لیے آئیں — (۲۲(الحج): ۲۷)؛ لہٰذا حجّ کے ظاہری ارکان کا اشارہ بھی دراصل اس نصب العین کی طرف ہے جس کی جدوجہد میں ہر فردِ امّت اس امر کا اظہار کرتا ہے کہ اس کی عبادات صرف اللہ کے لیے ہیں (اِنَّ صَلَاتِيْ وَ نُسُكِيْ وَ مَحْيَايَ وَ مَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ = میری صلوٰۃ، میری قربانی، میرا جینا اور مرنا سب اللہ کے لیے ہے — (۶(الانعام): ۱۶۲)؛ لہٰذا ارکانِ حجّ بھی وہ علامات (شعائر) ہیں جن سے ایک مخصوص نصب العین کی ترجمانی مقصود ہے اور جن کے لیے تقویٰ شرط ہے تاکہ انسان کے قول و فعل میں ظاہرداری کا رنگ پیدا نہ ہو (وَ مَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ = جس نے شعائر اللہ کی تعظیم کی تو وہ بسبب دل کے تقویٰ کے ہے — (۲۲(الحجّ): ۳۲)؛ چنانچہ صفا اور مروہ کا شمار بھی شعائر ہی میں کیا گیا (۲(البقرۃ): ۱۵۸)۔ پھر ان حقائق کی مزید تشریح نبیؐ کے خطبۂ حجۃ الوداع سے ہو جاتی ہے، جس میں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: ہر مسلمان پر اس کے ابنائے جنس کی جان اور مال اور آبرو کی حفاظت فرض ہے (اِنَّ دِمَائَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا اِلٰى يَوْمِ تَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ — بخاری، کتاب الحجّ)؛ مسلمانوں پر اس لیے کہ اسلام عبارت ہے انسانیت کاملہ سے، لہٰذا اسلام ہر انسان کو مسلمان ہی دیکھنا چاہتا ہے۔ حضور رسالت مآبؐ کا یہ خطبہ گویا حرّیت و مساواتِ انسانی کا منشور ہے؛ چنانچہ آپؐ نے نہایت واضح الفاظ میں ہمیں ہمیشہ کے لیے متنبّہ کر دیا کہ عربی کو عجمی پر کوئی فضیلت ہے نہ عجمی کو عربی پر، نہ سرخ کو سیاہ پر اور نہ سیاہ کو سرخ پر، مگر بسبب تقویٰ کے (اَلَا لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلٰى عَجَمِيٍّ وَّلَا لِعَجَمِيٍّ عَلٰى عَرَبِيٍّ وَّلَا لِاَحْمَرَ عَلَى الْاَسْوَدِ وَلَا لِاَسْوَدَ عَلَى الْاَحْمَرِ اِلَّا بِالتَّقْوٰى — مسند احمد) اور یہ قرآن پاک کے اس ارشاد کے عین مطابق ہے کہ (وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ = ہم نے تمھیں شعوب و قبائل بنایا تاکہ تم ایک دوسرے کو جان سکو۔ تم میں سب سے زیادہ عزّت مند وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ (۴۹(الحجرات): ۱۳)۔ پھر اس لحاظ سے بھی کہ حجّ سے مقصود ہے وحدتِ انسانی، جس کا بیک وقت وہ ایک ذریعہ بھی ہے اور مظہر بھی، بعینہٖ جیسے خانۂ کعبہ نوعِ انسانی کا مرکز اور مأمن ہے؛ لہٰذا اس فریضے اور اس مقام کی عظمت دونوں کا تقاضا تھا کہ ان میں کسی ایسی چیز کو راہ نہ ملے جس سے ان مقاصد کو ٹھوکر لگے جو حج سے وابستہ ہیں ورنہ خانۂ کعبہ کی حرمت میں فرق آ جائے گا، کیونکہ ان سے انحراف اس دستورِ زندگی سے انحراف ہے جو اسلام نے ہمارے لیے تجویز کیا (وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ِۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَ مَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍۭ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ = اور مسجد حرام جسے ہم نے سب لوگوں کے لیے برابر بنایا، باہر سے آنے والے ہوں یا وہاں کے رہنے والے، تو جس نے اس میں الحاد اور ظلم سے کام لیا اسے ہم سخت عذاب دیں گے — (۲۲(الحج): ۲۵)۔ اس نکتے کو یوں بھی سمجھایا گیا ہے کہ حجّ میں نہ رفث کی اجازت ہے، نہ فسوق اور نہ جدال کی (فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ — (۲(البقرۃ): ۱۹۷)۔ اب رفث (جنسی اختلاط)، فسوق (بدعہدی اور بددیانتی) اور جدال (ونزاع) کی حجّ کے سلسلے میں ممانعت پر بالخصوص زور اس لیے دیا گیا کہ جب اس اجتماع کی غرض و غایت ہے ایک پابندِ اصول، عفیف، پُرامن اور خالصتاً انسانی معاشرہ، جس میں محبت و اخوّت اور آزادی و مساوات کے علاوہ ایک دوسرے کی خیرخواہی، عزّت اور احترام کی روح کارفرما رہے تو اس تقریب میں بالخصوص ضرورت تھی کہ ہم اپنی خواہشاتِ نفسانی اور ہر ایسی ترغیب و تحریص سے بچیں جو سُوءِ خیال اور سُوءِ نیّت کا سبب بن جائے، نہ اس میں وہ خرابیاں پیدا ہوں جو تقریبات و اجتماعات میں اکثر پیدا ہو جاتی ہیں اور نہ ہمارے اپنے ارادے کی کمزوری اور دل کا فساد ہمارے مقاصد میں حارج ہونے پائے۔ یاد رکھنا چاہیے کہ ایک تو حجّ کے معنی ہیں ارادہ، دوسرے بیت اللہ شریف کو ''قِيٰمًا لِّلنَّاسِ''، ''مَثَابَةً لِّلنَّاسِ'' اور ''اَمْنًا'' ٹھیرایا گیا؛ لہٰذا حج ارادہ ہے حفظِ نوع، اتحادِ انسانی اور امنِ عالم کے مقاصد کی عملاً تکمیل کا۔ پھر اس حیثیت سے کہ حج مسلمانوں کا ایک بین الاقوامی اجتماع ہے اس سے امّت میں اتحاد و ارتباط اور اشتراک و تعاون کا راستہ کھلتا اور ان کے مطمحِ نظر میں

وسعت پیدا ہوتی ہے۔ وہ جب مختلف سرزمینوں میں سفر کرتے اور مختلف النسل انسانوں سے ملتے، ان کے اخلاق و عادات کا مشاہدہ کرتے اور ان کے ماضی و حال پر نظر ڈالتے ہیں تو حیاتِ اُمَم اور ان کے عروج و زوال کے علاوہ تاریخ اور تمدّن کے کیسے کیسے حقائق ان کے سامنے آ جاتے ہیں۔ (قرآن مجید میں ہے: فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ = تو سفر کرو دنیا میں اور دیکھو کیا انجام ہوا جھٹلانے والوں کا) ــ (۱۶ (النحل): ۳۶)۔ بعینہٖ جب ان پر یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ رنگ و نسل کا اختلاف آیاتِ الٰہیہ میں سے ہے (وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ = اور اس کی آیات میں ہے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمھاری زبانوں اور رنگوں کا اختلاف ــ (۳۰ (الروم): ۲۲) اور بنابریں نوعِ انسانی اصلاً ایک ہے تو ان کا یہ احساس اَور بھی بڑھ جاتا ہے کہ حجّ ہی سے امّت میں اخوّت و مساوات اور یگانگت کا رشتہ قائم ہے اور حجّ ہی اس کی شان و شوکت، ثبات و استحکام اور سیاسی، اجتماعی اور ثقافتی وحدت کی علامت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عالمِ اسلام کے لیے اس میں طرح طرح کے مصالح اور مفادات مُضمر ہیں جن کی نوعیت اخلاقی بھی ہے اور روحانی بھی، جو دنیا و آخرت میں اس کی سربلندی اور سرفرازی کے ضامن ہیں اور جن کی طرف قرآن مجید میں یہ نہایت بلیغ اشارہ موجود ہے: لِيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ = تاکہ دیکھیں اپنے منافع کی جگہیں ــ (۲۲ (الحج): ۲۸)۔ حج ہی کی بدولت ان لاتعداد انسانوں کا دل و دماغ، جن کا تعلق مختلف نسلوں، قوموں اور ملکوں سے ہے اور جو اطراف و اکنافِ عالم میں پھیلے ہوئے اسلام کو اپنا اصولِ زندگی ٹھیرا چکے ہیں، نسلی اور جغرافیائی تعصّبات سے آزاد ہوتا اور ایک یک رنگ قومیت کے سانچے میں ڈھلتا ہے۔

حاصلِ کلام یہ کہ ارکانِ اسلام سے مقصود نہ صرف اس رشتے کی تقویت ہے جو اَز رُوے اسلام عبد اور معبود کے درمیان قائم ہے بلکہ اس دستورِ حیات کا قیام و استحکام بھی جو حیاتِ فرد اور جماعت اور ایک عالمگیر تہذیب و ثقافت اور خالص انسانی معاشرے کی اساس ہے۔

تشہّد یا شہادتین، صلٰوۃ، زکٰوۃ، صوم اور حج کے متعلق تفصیلی معلومات کے لیے دیکھیے بذیلِ مادّہ۔

مآخذ: (۱) قرآن مجید بمواضع کثیرہ؛ (۲) کتبِ احادیث، بذیلِ ایمان، صلٰوۃ و زکٰوۃ، صوم اور حجّ؛ (۳) جلال الدین: السراج المنیر شرح الجامع الصغیر، قاہرہ ۱۳۵۷ھ؛ (۴) الغزالی: الاحیاء، مطبوعۂ مکتبۂ عیسٰی البابی الحلبی، مصر؛ (۵) ابوالخیر نور الحسن: الرحمۃ المھداۃ الی من یرید العلم علی احادیث المشکوۃ، مطبع فاروقیہ، دہلی؛ (۶) مرتضٰی زبیدی: اتحاف السادۃ المتقین، مطبعۂ میمنہ، مصر ۱۳۰۶ھ۔

(سیّد نذیر نیازی)

---

* **اَرْکُش**: (ہسپانوی: Arcos) سپین میں کم از کم بیس مقام اس نام کے ہیں اور بہت سے دریاؤں، ندیوں، تنگ پہاڑی درّوں اور دریائی طاسوں کو بھی اس نام سے موسوم کیا جاتا ہے، یا تو صیغۂ واحد Arco کی شکل میں اور یا بشکلِ جمع، یعنی Arcos؛ علاوہ ازیں اَرْکُش بلنسیہ (Valencia) سے ۴½ میل (سات کیلومیٹر) کے فاصلے پر ایک چھوٹا سا ضلع ہے، جس کا عربی نام الاقواس = (Alacuas, The Arcos) اب تک برقرار ہے، جہاں تک مسلم سپین کی تاریخ کا تعلق ہے، ان جگہوں میں سب سے زیادہ اہم "سرحد کا ارکش" (Arcos de la Frontera) ہے، جو قادس (Cádiz) کے صوبے کے شمال مغرب میں زیریں Betic سلسلے کی آخری مغربی پہاڑیوں پر اشبیلیہ (Seville) کے میدان (کام پینا Campiña) میں [وادی لکہ کے دائیں کنارے پر] واقع ہے، جہاں انگور بکثرت پیدا ہوتے ہیں۔ اس کے باشندوں کی تعداد تقریباً تیس ہزار ہے اور اس کی جاے وقوع جغرافیائی اور مصالح حربی دونوں کے لحاظ سے انتہائی دلچسپ ہے، کیونکہ یہ ایک چٹانی تودے کے محور پر واقع ہے جہاں وادی لطہ یا وادی لکہ (Guadalete) ایک دم مڑ جاتا ہے اور کنارے کو چھوتا ہوا گزرتا ہے۔ قرونِ وسطٰی کے پورے دوران میں اس کا قلعہ (Castillo) اور اس کے مضافات مختلف اوقات میں مسمار کیے گئے اور اَز سرِ نو آباد ہوے۔ تاریخی دور سے پہلے کے متعدد آثار، ٹھوس شہادات اور فرش کے رومی پتھر سب اس کی قدامت کا ثبوت ہیں۔ جب یوسف الفہری کے خلاف عبدالرحمٰن اوّل نے اپنی مہمّ کا آغاز کیا تو اَرْکُش نے موءخر الذکر کی رفاقت کا اعلان کر دیا۔ بعد میں اس پہلے اموی امیر کے خلاف اہمّ ترین اور خطرناک ترین بربری بغاوت کے رہنما شَقْیا بن عبدالواحد المِکْناسی نے اُسے تاخت و تاراج کیا۔ تیسری/نویں صدی کے خاتمے پر اشبیلیہ کے علاقے میں عربوں اور مولّدوں کی جنگ کے دوران میں ارکش، شریش (Jerez) اور مدینہ شذونہ (Medina Sidonia) کے باغی قلعوں پر امیر عبداللہ کی افواج نے حملہ کیا۔ یوسف بن تاشُفِین نے زَلّاقہ جاتے ہوے اَرْکُش میں قیام کیا تھا۔ الموحّد خلیفہ یعقوب المنصور نے ۵۸۶ھ/۱۱۹۰ء میں پرتگال کے خلاف اپنی مہمّ کے دوران میں اپنی فوجوں کا اجتماع ارکش (Arcos de la Frontera) میں کیا۔ وہاں سے اس نے اپنے ایک چچازاد بھائی السیّد یعقوب بن ابی حَفْص کو شلب (Silves) کے شہر کے خلاف روانہ کیا اور اس اثنا میں خود اس نے طرش (Torres Novas) اور تومر (Tomar) کا محاصرہ شروع کیا۔ ۶۴۸ھ/۱۲۵۰ء میں فرڈینینڈ (Ferdinand) ثالث نے غرناطہ فتح کرنے کے بعد ارکش پر قبضہ کر لیا۔ اس کے مسلمان باشندوں نے ۶۵۹ھ/۱۲۶۱ء میں بغاوت کی اور ۶۶۲ھ/۱۲۶۴ء میں الفانسو (Alfonso the Learned) نے اسے اطاعت قبول کرنے پر مجبور کیا۔ ۷۳۹ھ/۱۳۳۹ء میں جب مرینی امیر ابوالحسن نے اندلس میں اپنی مہمّ شروع کی، جس کا نتیجہ نہر بکّہ (Salado) یا جزیرۂ طریف (Tarifa) کی جنگ میں اس کی ہزیمت کی صورت میں نکلا، تو اندلسی مجالس (Councils) نے ابو مالک کی فوج کو ارکش کے قریب شکست دی اور اسے دریاے برباط (Barbate) کے کناروں پر، جو

دونوں ملکوں کے درمیان سرحد کی نشاندہی کرتا تھا، قتل کر دیا۔ ۸۵۶ھ/ ۱۴۵۲ء تک غرناطہ کے مسلمان حکمران (Moors) ارکش کے علاقے پر دست درازی کرتے رہے، جو دو صدیوں تک ایک سرحدی شہر رہا۔ اسے ہر وقت جنگ کے لیے تیار رکھا جاتا تھا اور اس طرح وہ Arcos de la Frontera (= سرحد کا اَرُکُش) کہلانے کا واقعی مستحق تھا.

مآخذ: (۱) الاِدریسی عربی متن: ص ۱۷۴، ترجمہ: ص ۲۰۸؛ (۲) لیوی پرووانسال (E. Lévi-Provençal): *La Péninsule ibérique*، متن: ص ۱۴، ترجمہ: ص ۲۰؛ (۳) *Dic. geogr. de España*، ۱۹۵۷ء، ۲: ۶۹۷؛ (۴) A. Huici: *Las Grandes batallas de la Reconquista*، ص ۳۳۶.

(A. HUICI MIRANDA میرانڈا)

----

* **اَرُکُوس:** رَکّ بہ اَرُکُش.

----

* **اَرُکیڈونہ:** رَکّ بہ اَرشِذُونہ.

----

* **اَرکائی روکاشُٹرُو:** رَکّ بہ اِرُگری.

----

* **اِرُگِرِی:** (اَرُگری، اِرُگرِی) Argyrocastro، البانوی: Gjinokastër کا ترکی نام، جو البانوی اپی رس (Epirus) کا سب سے بڑا شہر (عرض البلد شمالی ۴۰° - ۱۳′، طول البلد مشرقی ۲۰° - ۱۳′)، مالی جیرہ (Mal e Gjer ë) کی مشرقی ڈھلان کے دامن میں دریاے ڈُرِن (Drin) کی وسیع اور زرخیز وادی کے اوپر واقع ہے، جو دریاے وایوتسا (Voyutsa) (ویوسہ Vijose) کا معاون ہے اور اس راستے کے ناکے پر ہے جو والونا (Valona) سے مشرقی یونان کے اندر گیا ہے۔ یہ شہر قدیم ہیڈریانوپل (Hadrianopolis) [آگے چل کر ایڈریانوپل = اِدرنہ] کی جاے وقوع کے قریب آباد ہے اور اس کا نام ایک ایلیری (illyrian) قبیلے کے نام پر رکھا گیا۔ بایزید اوّل کے عہدِ سلطنت میں یہ علاقہ ترکوں کے قبضے میں آیا۔ ۸۳۵ھ/ ۱۴۳۱ء کے "دِفتر" میں اَرُگرِی قصری (جس کے ضلع کا نام ولایتِ زِنبِیش، یعنی زِنبِسّی (Zenebissi) خاندان کی ولایت ہے) کا ذکر سنجقِ عَرُوانیہ کے صدر مقام کے طور پر آیا ہے۔ آگے چل کر (۹۱۲ھ/ ۱۵۰۶ء میں یقیناً وہ اولونیہ (Alvonya) کی سنجق کا ایک حصّہ بن گیا۔ سلطنتِ عثمانیہ کے آخری ایّام میں یہ پھر سنجق بنا اور ولایت یانیہ میں شامل کر دیا گیا۔ اِوُلیاء چلبی (۱۶۷۰ء) اسے ایک خوش حال اور مستحکم شہر بتاتا ہے، جہاں کی زیادہ آبادی مسلمان تھی۔ جینوکاستر [اِرگری] کی، جو آج کل وادی کی طرف پھیل رہا ہے (موجودہ آبادی بارہ ہزار کے قریب)، سربلند عمارت از منۂ وسطٰی کا (وینسی؟) قصر ہے، جسے تپہ دِلن کے علی پاشا [رَکّ بآن] نے از سرِ نو تعمیر کیا۔ اس شہر کے بہت سے قدیم مکان آج بھی باقی ہیں، جو اُس وقت کے مزاج کے مطابق قلعہ نما بنائے گئے ہیں اور انھیں دیکھ کر اِوُلیاء چلبی بے حد متأثّر ہوا.

مآخذ: (۱) ح۔ اینالجق: ارنا ودلقدہ عثمانلی حاکمیتنگ یرلشمہ سی، درفاتح و استانبول، ۱/ ۲ (۱۹۵۳ء): ۱۵۳-۱۷۵؛ (۲) وہی مصنف: ھجری ۸۳۵ تاریخلی صورتِ دفترِ ارنوید، انقرہ ۱۹۵۴ء، مقدّمہ؛ (۳) وہی مصنّف: مقالۂ ارنوودلق، او پر؛ (۴) اِوُلیاء چلبی: سیاحت نامہ، ۸: ۶۷۴-۶۸۱ = Babinger، ملخّص ترجمہ و حواشی، در *MSOS*، ۳۳ (۱۹۳۰ء): ۱۴۸-۱۵۰؛ (۵) J. C. Hobhouse: *A Journey through Albania....*، ۱۸۱۳ء، ص ۹۲-۹۷؛ (۶) Baedeker: *Dahmatien und die Adria*، ۱۹۲۹ء، ص ۲۵۰؛ (۷) *Enc. it.*، بذیل مادّہ Argrirocastro (F. Babinger)؛ (۸) S. Skendi (طبع): *Albania*، ۱۹۵۷ء؛ (۹) ('Albturist') *Guide d'Albanie*، تیرانہ (Tirana) ۱۹۵۸ء، ص ۳۱۰-۳۱۵.

(V. L. MÉNAGE)

----

* **اِرِگلی:** (Eregli)، τὸ 'Ηραχλέως Κάστρου، در Theophanes، ۱: ۴۸۲ (طبع دبور de Boor)؛ ἤτού 'Ηραχλέοξ؛ Κωμόπολιζ، در Michael Attaliata، ص ۱۳۶ (مطبوعۂ Bonn)؛ 'Ηράχλεια یا χωρα του Ηραχλέοζ، در رزمیۂ Digenis Acritas، عربوں کا ہِرَقْلَہ، اراکلیہ، در Recueil etc.، طبع ہوتسما (Houtsma)، ۳: ۱۱ و ۴: ۵، ۲۴۹، ۲۶۰؛ ترکی میں اِرکلِی اور کبھی کبھی شکل قدیم میں ہراقلہ و ہراقلیہ؛ صلیبی سپاہیوں کا Reclei، Erachia (Tomaschek: *Zur histor. Topo-graphie von Kleinasien*، ص ۸۴، ۸۸، ۹۲)؛ Araclie، در *Bertrandon de la Broquière*، ص ۱۰۴ ببعد، طبع شیفر (Charles Schefer)، بوزنطی سرحد پر ایک قلعہ جو کلیکیا (Cilicia) سے قونیہ (Iconium) کو جانے والی سڑک پر واقع تھا اور جسے عربوں نے کئی مرتبہ فتح کیا، خاص طور پر ہارون نے ستمبر ۸۰۶ء میں (الطبری، ۳: ۷۰۹ ببعد = Theophanes، مقام مذکور)؛ لیکن عموماً وہ بوزنطی مقبوضات ہی میں رہا، یہاں تک کہ قونیہ کے ترکوں نے اسے اُن سے چھین لیا (بقول اِوُلیاء چلبی (۳: ۲۸ ۴۸۴ھ/ ۱۰۹۱ء میں)۔ اس کے بعد وہ قرہ مان اوغلو کی سلطنت میں شامل رہا اور ۱۴۶۶ء میں باقی علاقے سمیت عثمانلی ترکوں کے قبضے میں آ گیا۔ اس کے باشندے (تقریباً پانچ ہزار) قریب قریب سب مسلمان ہیں، صرف ایک مختصر سی ارمنی آبادی موجود ہے۔ پچاس سال پہلے اس شہر میں [بائیس محلّے]، پندرہ بڑی [جامع] اور گیارہ چھوٹی مسجدیں تھیں۔ بڑی مسجدوں میں سے ایک کے متعلّق جہان نما میں بیان کیا گیا ہے کہ اُسے قرہ مان اوغلو خاندان کے ایک فرد ابراہیم بیگ

نے بنوایا تھا (مناسک الحج کے مطابق قلیچ آرسلان نے)۔ سِنان نامی معمار نے سولھویں صدی میں جو [مسجد اور] کاروان سرائے رستم پاشا کے حکم سے تعمیر کی تھی اس کا ذکر بھی مذکورۂ بالا تصنیف میں آیا ہے۔ [اس کے علاوہ ایک اَور سرائے بھی تھی جسے اکمک جی اوغلو احمد پاشا نے بنوانا شروع کیا تھا اور بیرام پاشا نے مکمّل کیا] روایت ہے کہ پنَر باشی کے پانی کے چشمے [پیغمبر پناری] رسول اللہ [صلّی اللہ علیہ وسلّم] نے اپنے معجزے سے پیدا کر دیے تھے، جس کی وجہ سے اس ضلع کا عُشر (پیداوار کا دسواں حصّہ) مدینے کے لیے وقف تھا (جہان نما، اِوْلِیاء چلبی، قب سعید الدین، ۱:۵۱۶)۔ [اس میں چھے ہزار باغ تھے، جنھیں تالابوں کے ایک سلسلے سے سیراب کیا جاتا تھا اور اس کام کی نگرانی ایک سرکاری عہدے دار کے سپرد تھی، جو میرِ آب کہلاتا تھا۔] گزشتہ زمانے میں ارگلی اس راستے پر ایک مقام تھا جس سے حاجی آتے جاتے تھے اور ۱۹۰۸ء سے وہ قونیہ سے بغداد جانے والی ریلوے لائن پر ایک اہم سٹیشن ہے۔ یہ شہر سنجقِ قونیہ میں ایک قضا کا صدر مقام ہے۔ [یہاں سوتی کپڑوں کا ایک بڑا کارخانہ قائم ہو گیا ہے اور آبادی میں برابر اضافہ ہوتا جا رہا ہے؛ چنانچہ ۱۹۲۷ء میں آبادی ۹۴۶۳ تھی جو ۱۹۴۵ء میں بڑھ کر سولہ ہزار سے اوپر ہو گئی۔ پوری قضا کی آبادی چھیالیس ہزار سے اوپر ہے۔ اس میں سڑسٹھ دیہات ہیں اور کل رقبہ ۴۷۰۰ مربّع کیلومیٹر ہے]۔

مآخذ: (۱) حاجی خلیفہ: جہان نما، ص ۶۱۶ ببعد؛ (۲) اِوْلِیاء چلبی، ۳:۲۸ ببعد؛ (۳) مناسک الحج، ص ۳۷ ببعد؛ (۴) رِٹّر (Ritter): *Kleinasien*، ۲:۲۶۸.

(ماردَیمان J. H. MORDTMANN)

[مذکورۂ بالا ارگلی کے علاوہ اناطولیہ کے کئی اَور مقامات اسی نام سے موسوم ہیں، جن میں سے قابلِ ذکر یہ ہیں (۱) استانبول سے اڑتالیس بحری میل کی مسافت پر تیکِرداغ کی ولایت اور چورلو کی قضا میں ایک ناحیہ کا مرکز، آبادی ۱۹۴۰ء میں ۱۶۰۷؛ (۲) بوزنطی عہد کا Herakleia، جو آج کل ارکلیجہ بھی کہلاتا ہے، شادکوپی اور مورفتہ کے درمیان ایک ساحلی گاؤں، آبادی ۱۹۴۰ء میں صرف ۸۳۱؛ (۳) قوجہ ایلی میں قرہ مؤرسل سے چار میل کے فاصلے پر، بحیرۂ مارمورہ کے کنارے ایک گاؤں، آبادی ۱۹۴۰ء میں ۹۲۰؛ (۴) قرہ دگز [دنز] میں ایک قصبہ، جس کی آبادی ۱۹۴۵ء میں ۷۵۶۳ تھی۔ اس نام کی قضا، جس میں ۱۲۱ گاؤں شامل ہیں، ۱۱۶۵ مربّع میل پر محتوی ہے اور اس کی آبادی ترپن ہزار سے زائد ہے۔ افسانے کی رُو سے یہ قصبہ اس مقام پر واقع ہے جہاں Acherusia نامی غار تھا، جس میں سے ہرقلیس (Herakles) جہنّم میں اُترا تھا (دیکھیے آ، ت وسامی بک: قاموس الاعلام، بذیل مادّہ؛ قب نیز آ، طبع جدید].

---

* **اَرگَن:** (بربری زبان کا لفظ)، ارگن کا درخت (argania spinosa یا argania sideroxylon)، Sapodaceae نوع کا ایک درخت، جو مرّاکش کے جنوبی ساحل پر پایا جاتا ہے۔ یہ ایک جھاڑی ہے، جس کی لکڑی بہت سخت اور مضبوط ہوتی ہے۔ اس جھاڑی سے ایک قسم کی گٹھلی حاصل ہوتی ہے۔ اس گٹھلی کی گری کو پیسا جائے تو اس سے تیل نکلتا ہے جس کی [بربروں کے ہاں] بڑی قدر ہے۔ کھلی مویشیوں کو کھلائی جاتی ہے۔ مرّاکش کے عربی بولنے والے بعض لوگ بھی اس لفظ کو استعمال کرتے ہیں، لیکن اسے ایک دخیل یا مستعار لفظ سمجھتے ہیں.

مآخذ: (۱) ابن البیطار، شمارہ ۱۲۴۸؛ (۲) L. Brunot: *Textes arabes de Rabat*، فرہنگ (Glossary)، پیرس ۱۹۵۲ء، ص ۶-۷؛ (۳) V. Monteil: *Contribution à l'étude de la flora du Sahara occidental*، ج ۲، پیرس ۱۹۵۳ء، شمارہ ۴۰۹ (مع فہرستِ مآخذ)؛ (۴) A. Roux: *La Vie berbére par les Textes*، پیرس ۱۹۵۵ء، ۱:۳۴-۳۶.

(ادارہ)

---

* **اُرُنج:** (Urgenč) رک بہ خوارزم.

---

* **اِرگِن، عثمان:** (عثمان نُوری) ترکی عالم اور ماہرِ نشر و اشاعت، جو ۱۸۸۳ء میں ولایت مَلَطْیہ کے ایک گاؤں (اب ایک ضلع کا مرکز) اِمْرِن (Imrin) میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ حاجی علی غریب کسانوں کے ایک خاندان سے تھا۔ اس نے تجارت میں قسمت آزمائی کی اور کئی ایک سفر کرنے کے بعد، جن میں ایک رومانیا کا بھی تھا، استانبول میں ایک قہوہ خانہ کھولا اور وہیں سکونت پذیر ہو گیا۔ عثمان، جو ابھی بچہ ہی تھا اور جس نے گاؤں میں قرآن [مجید] حفظ کر لیا تھا، ۱۸۹۲ء میں استانبول لایا گیا، جہاں اس نے نئے طرز کے مختلف مکاتب میں تعلیم حاصل کی اور پھر دارالشّفقۃ میں، جو ایک اونچے پائے کا نجی اور چوٹی کا مکتب تھا، داخل ہو گیا۔ ۱۹۰۱ء میں اس نے اپنی تعلیم ختم کی اور اپنی جماعت میں دوسرے درجے پر رہا۔ اسے اسی سال استانبول کی بلدیّہ (Municipality) کے ایک اہلکار کی حیثیت سے ملازمت مل گئی۔ چونکہ پڑھنے لکھنے کا شوق تھا، لہٰذا ملازمت سے جو وقت بچتا اس میں تین سال تک وہ برابر شہزادہ مسجد میں حاضر ہوتا رہا، جہاں اس نے وہ جملہ روایتی علوم سیکھے جو ایک خوجہ (عالم دین) کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ بایں ہمہ وہ اس تعلیم و تربیت سے، جس کی آگے چل کر اس نے سختی سے تنقید کی، مطمئن نہ ہوا اَور اس نے جامعۂ استانبول کے کلیۂ ادبیات میں اپنا نام لکھوا لیا۔ ۱۹۲۷ء میں اس نے درجۂ اوّل میں سند حاصل کر لی۔ اس کے باوجود عثمان ارگن ۱۹۴۷ء یعنی اپنے زمانۂ سبکدوشی تک بلدیہ کی ملازمت کرتا رہا اور اس عرصے میں وہ ایک معمولی محرّر سے ترقّی کرتا ہوا مکتوب جی کے منصب تک پہنچ گیا۔ اس عہدے پر اُس نے بائیس سال تک کام کیا۔ وہ ایک کامیاب معلّم بھی تھا اور ۱۹۵۶ء تک استانبول کے مختلف ثانوی اور پیشہ ورانہ مدارس میں درس دیتا رہا۔ جن میں اس کا اپنا مدرسہ دارالشّفقۃ اور لڑکیوں کا ایک امریکی کالج بھی شامل تھا۔

۱۹۶۱ء میں اس نے استانبول میں وفات پائی۔

عثمان ارگن ایک زندہ دل، متجسّس اور نہایت فاضل انسان تھا۔ استانبول کے کتب خانوں اور دفاتر (archives) میں عمر بھر تحقیق و تفتیش کے باعث اسے بہت جلد استانبول کے بلدیاتی اور تعلیمی اداروں کی تاریخ میں سند مان لیا گیا۔ وہ بڑا اصول پرست اور وفادار دوست تھا اور یہی خوبیاں تھیں جن کی بدولت ''مکتوب جی عثمان بے'' نے اپنے زمانے کے فضلا میں ایک ممتاز درجہ حاصل کر لیا اور ہر کوئی اسے محبت اور احترام کی نظر سے دیکھتا تھا۔

علاوہ ان متعدّد کتابوں کے جو اس نے مختلف موضوعات پر لکھیں اور سیرت اور کتابیات پر مخصوص مقالات کے، جن میں سے بعض اب تک شائع نہیں ہوے، اس کی بڑی بڑی تصنیفات یہ ہیں:

(۱) مجلّۂ امورِ بلدیة، ۵ جلدیں، استانبول ۱۳۳۰–۱۳۳۸ھ، جن میں سے پہلی جلد کی حیثیت بلادِ اسلامیہ اور ترکی، بالخصوص استانبول کے بلدی اداروں کی ایک تاریخی تمہید کی ہے، جس میں دستاویزی شہادتیں بکثرت موجود ہیں۔ یہ اس موضوع میں حوالے کی ایک مستند کتاب ہے، باقی جلدیں قوانین، ضمنی قوانین، قواعد و ضوابط اور مجلس شوراے ملّی کے ان فیصلوں وغیرہ پر مشتمل ہیں جن کا تعلق بلدیات کے امورِ نظم و نسق سے ہے۔

(۲) ترکیه معارف تاریخی، ۵ جلدیں، استانبول ۱۹۳۹–۱۹۴۳ء (ایک موعودہ چھٹی جلد شائع نہیں ہوئی)۔ ابتدا میں اس سے مقصود استانبول کے مدارس اور علمی درسگاہوں کی تاریخ تھی، لیکن آگے چل کر اس نے ترکی کی تاریخ تعلیم کی صورت اختیار کر لی۔ یہ اس موضوع میں اوّلین تصنیف ہے اور معلومات کا خزینہ اور باوجود اپنے بعض فنّی نقائص کے یہی اس موضع میں ہمارا تنہا جامع ماخذ ہے۔ اس میں مصنّف نے ترکی کے ہر قسم کے مدارس اور ان کی نشوونما سے سیر حاصل بحث کی ہے۔ مدرسوں، قصر سلطانی کے مکتب، فوجی مکاتب، قدیم اور جدید طرز کے صنعتی یا پیشہ ورانہ مکاتب، نیم تعلیمی اداروں اور اُن کے متعلّقات، مغربی اصولوں پر قائم شدہ ہر درجے کے مدرسوں، نجی، غیر ملکی اور اقلیّتی مکاتب، دانش گاہوں اور اعلیٰ تعلیم کے دیگر اداروں سب ہی کا بالتفصیل ذکر کیا ہے۔ متعدّد قسم کے مدرسوں میں مروّجہ نصابوں کے تفصیلی تجزیے اور مقابلے پر بالخصوص توجہ کی گئی ہے۔ ترکی معاشرے میں تبدیلی سے جو متنازعہ فیہ تعلیمی مسائل پیدا ہوتے رہے ان کا بالاستیعاب مطالعہ کیا گیا ہے اور کتاب میں بکثرت ایسی حکایات اور ذاتی یادداشتیں ہیں جن کی بدولت وہ نہایت ہی دلچسپ بن گئی ہے۔

(۳) استانبول شهری رهبری، استانبول ۱۹۳۴ء، یہ اس کی طویل تحقیق و تفتیش کا نتیجہ ہے، جو ۱۹۲۷ء میں جدید طریقوں پر شہر استانبول کی پہلی مردم شماری (ترکی کی اوّلین عام مردم شماری کے ضمن میں) سے پہلے کی گئی تھی۔ یہ استانبول کا بہترین تخطیطی (Topographical) مطالعہ ہے۔ اس میں بازاروں کے ناموں کے علاوہ اڑتیس نقشے بھی موجود ہیں۔

(۴) ترکیه دِه شهر جیلغگ تاریخی انکشافی، استانبول ۱۹۳۶ء، جس میں اُن مسائل میں سے بیش تر کا جائزہ لیا گیا ہے جن سے مجلّۂ امور بلدیه میں بحث کی گئی تھی۔

مآخذ: (۱) سُہَیل اُنوِر (A. Süheyl Ünver): عثمان ارگن چالیشمه حیاتی واثرلری، در *Belleten*، ۲۶/۱۰۱ (۱۹۶۲ء): ۱۶۳–۱۷۹، جس میں اس کی غیر مطبوعہ تصانیف اور ۱۹۲۴ء سے ۱۹۳۶ء تک استانبول شهر اِمانتی (بلدیه) مجموعه سی میں شائع شدہ اس کے مقالات کی فہرست بھی شامل ہے؛ (۲) اورخان دروسوی: عثمان ارگن ببلیو گرافیاسی، در طبّ و علملر تاریخمزده پورتره لر، ۱، عثمان اِرگن، (جامعۂ استانبول کی تاریخِ طبّ کے انسٹیٹیوٹ کی نشریات کا شمارہ ۵۲)، استانبول ۱۹۵۸ء؛ (۳) بدیع ـ ن ـ شہسوار اوغلو: عثمان اِرگنگ بیو گرافیاسی، اسی نشریے میں۔

(فاخر ایز)

----

* **اِرگنہ کُون:** ایک میدان کا نام، جو پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے اور جس کا ذکر مغلوں کی اصل سے متعلّق داستان میں آیا ہے۔

اس داستان سے متعلّق پائی شِیہ (Pei-shih) نامی چینی وقائع نامے (chronicle) کی ایک حکایت میں تیو ـ چویہ (T'u-chüeh) کی اصل و نسل کی یوں تشریح کی گئی ہے: یہ لوگ مغربی سمندر (Hsi-Hai) کے کنارے آباد تھے۔ اطراف و جوانب کے لوگوں نے انھیں قتل کر ڈالا۔ صرف ایک چھوٹا لڑکا بچ گیا، اگرچہ وہ بھی زخمی ہو چکا تھا۔ ایک بھیڑنی نے اس کی حفاظت کی، اسے دودھ پلایا اور اس سے حاملہ بھی ہو گئی۔ وہ اسے ایک غار کے بیچ میں سے ایک ایسے میدان میں لے آئی جو چاروں طرف پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا۔ یہاں پہنچ کر اس نے دس لڑکے جنے اور انھیں سے ان دس قبیلوں کی نسل چلی۔ ان میں سے اَ ـ شِیہ ـ نا (A-shih-Na) کا جدّ امجد، جو سب سے زیادہ عقلمند تھا، تیوچیُوہ (T'u-Chüeh) کا سردار بن گیا۔ چند نسلوں کے بعد آ ـ ہسن ـ شیہ (A-hsien-shih) کے زمانے میں تیوچیُوہ (T'u-chüeh) نے پہاڑوں کے اندرونی حصّے کو خیرباد کہی اور جُوئن ـ جُوئن (Juan-juan) کی اطاعت اختیار کر لی۔

رشید الدین اور اس کے بعد ابوالغازی بہادر خان نے بھی یہی قصّہ بیان کیا ہے، گو دونوں کی روایت میں قدرے فرق ہے۔ یہ دونوں اسے مغلوں سے منسوب کرتے ہیں۔ [ان کے بیان کے مطابق] مغلوں کو تاتاریوں نے مغلوب کر کے نیست و نابود کر دیا۔ اس قتل عام سے صرف دو شہزادے اور ان کی بیویاں بچ سکیں۔ انھوں نے ایک تنگ راستے سے گزر کر ایک ایسے میدان میں پناہ لی جس کے ارد گرد پہاڑ ہی پہاڑ تھے اور جس کا نام ''اِرگنہ کون'' تھا۔ یہاں ان کی نسل بڑھنے لگی؛ لہٰذا چار سو سال کے بعد جب ''اِرگنہ کون'' ان کی آبادی کے لیے ناکافی ہو گیا تو انھوں نے اس سے باہر نکل جانے کی تدبیر تلاش کی اور وہ یوں کہ ایک لُہار

کے مشورے سے انھوں نے اتنی بڑی آگ جلائی کہ پہاڑ کے پہلو کا ایک حصّہ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہوگیا۔

یہی وجہ ہے کہ اس دن کو روزِ جشن کی حیثیت حاصل ہوگئی، چنانچہ مغل بادشاہ اُس کی یاد ہر سال مناتے رہے۔

مآخذ: (۱) *Pie-shih*، باب ۹۹؛ (۲) ابوالغازی بہادر خان: شجرۂ ترک، طبع رضا نُور، استانبول ۱۹۲۵ء، ص ۳۴ ـ ۳۸؛ (۳) فواد کوپرولو: ترک ادبیاتی تاریخی، استانبول ۱۹۲۶ء، ص ۶۵ ـ ۶۷۔

(P. M. ORATAV)

⊗ **اِرگنی:** (اَرغِنی، اَرگَنی، یورپ میں زمانۂ حال تک اَرغَنہ) دیار بکر سے خَرپُوت جانے والی سڑک پر ایک قضا کا مرکز، جو دیار بکر کی ولایت سے وابستہ ہے اور کچھ مدّت تک عثمانیہ کے نام سے بھی مشہور تھا۔ اس سے اٹھارہ کیلومیٹر شمال مغرب کی جانب دریائے دجلہ پر ایک معدنی قصبہ ہے، جس کا نام ارگنی کے ساتھ جوڑ کر ارگنی مَعدِن ہوگیا ہے اور جو اب ولایت ایلازگ (العزیز) سے وابستہ ایک قضا کا مرکز ہے۔ ان دونوں قصبوں کی جاے وقوع علٰیحدہ علٰیحدہ ہونے کے باوجود بعض اسناد میں انھیں ایک دوسرے سے ملتبس کر دیا گیا ہے۔

اصلی ارگنی کا نام عثمانیہ اس لیے ترک کر دیا گیا کہ آطَئہ کے مشرق میں جبل برکت پر واقع ایک اَور جگہ کا بھی یہی نام ہے اور اس سے دونوں میں التباس پیدا ہوتا تھا۔ ارگنی دریاے دجلہ کے دائیں کنارے پر سے دس کیلومیٹر کی مسافت پر ایک ۱۵۲۶ میٹر بلند چونے کے پہاڑ میں سیدھی اور بلند ڈھلان کے نیچے واقع ہے، جس کے نیچے ایک پہاڑی ندی کی گہری گزرگاہ (ہُشُد درہ سی) ہے۔ ذرا اَور نیچے ارگنی کے تالاب اور باغیچے پھیلے ہوے ہیں اور قصبے کے اوپر جو ڈھلان ہے اس پر بھی ایک قدیم بستی آباد ہے۔ اس کے قریب ہی ایک ٹیلا ہے، جو پیغمبر ذوالکِفل کا مدفن سمجھا جاتا ہے اور انھیں کے نام سے موسوم ہے۔ دیار بکر۔ ملطیہ ریلوے لائن پر ارگنی کا سٹیشن نئے ارگنی سے ۶۰۵ کیلومیٹر جنوب کی طرف ایک وادی میں ہے۔ ارمنی کتابوں میں ارگنی نام کے جس پرانے شہر کا ذکر ہے، نیز وہ شہر جس کا ذکر ارکانیہ (Arkania) کے نام سے مسماری کتبوں میں بھی آیا ہے، ممکن ہے کہ اس کی جاے وقوع بھی وہی ہو جو موجودہ ارگنی کی ہے۔ اس کا بھی امکان ہے کہ پیوٹِنگر (Peutinger) کی فہرستوں میں آرسینیہ (Arsinia) نام کے جن شہروں کا ذکر ہے ان میں سے کوئی ایک اسی جگہ واقع ہو۔ اسلامی دَور میں ارگنی کی قسمت دیار بکر کی قسمت سے وابستہ رہی (تاریخی معلومات کے لیے دیکھیے مادّۂ دیارِ بکر)۔ سلطان سلیم اوّل کی چالدِران (Čaldiran) کے مقام پر (شاہ اسمٰعیل صفوی کے مقابلے میں) فتح (۱۵۱۴ء) کے بعد ادریس بِتْلِیسِی کے قول کے مطابق ارگنی دیار بکر کے اُس علاقے میں جو بیگلربیگی محمد پاشا کے تصرّف میں تھا دیار بکر سے متعلّق ایک سنجق بن گیا۔ کیونے (Cuinet) کہتا ہے کہ انیسویں صدی کے بعد ارگنی کے قصبے کی آبادی چھے ہزار سے زائد تھی۔ اس زمانے میں سنجق ارگنی کا صدر مقام مَعدِن نامی قصبے میں منتقل ہوگیا، جس نے تانبے کی کانوں سے کام لینے کی بنا پر اہمیّت حاصل کر لی تھی۔ آخر کار جمہوریہ کے قیام کے بعد اداری تشکیلات میں تبدیلیاں کی گئیں اور مَعدِن کی قضا کو [معمورہ] العزیز کی ولایت میں شامل کر لیا گیا۔ ارگنی (عثمانیہ) کی قضا کی آبادی، جو ۱۵۹۵ مربع کیلومیٹر اراضی اور ۶۸ گاؤں پر مشتمل ہے، ۱۹۴۵ء کی مردم شماری کے موقّت نتائج کی رُو سے چار ہزار تین سو چار تھی۔

جہاں تک اس اِرگنی مَعدن کا تعلّق ہے جو دجلہ (ارگنی صو) کے دائیں کنارے کے اوپر کی ڈھلان پر اور محراب نامی پہاڑی کے دامن میں واقع ہے (جسے آج کل زیادہ تر محض معدن کہتے ہیں) اس کی خوش حالی کا دارومدار اس پر رہا ہے کہ اس کے قرب و جوار میں جو تانبے کے ذخیرے ہیں ان سے کام لیا جائے یا نہ لیا جائے۔ اگرچہ اس نواح میں ان ذخیروں کی موجودگی کا علم بہت قدیم زمانے سے چلا آتا ہے۔ تاہم قطعی طور پر یہ معلوم نہیں کہ ارگنی معدن میں ان سے پہلی دفعہ کب کام لیا گیا۔ وہ کان جس کی بابت معلوم ہے کہ بارھویں صدی کے شروع سالوں میں اس سے کام لیا گیا تھا کچھ عرصے بعد ترک کر دی گئی اور پھر از سرِ نو استعمال ہونے لگی۔ یہ دیکھتے ہوے کہ اِوْلیاء چلبی نے نہ تو اپنے سیاحت نامے میں اور نہ جہان نما میں اس کان کی موجودگی کا ذکر کیا ہے۔ یہ گمان کیا جا سکتا ہے کہ سترھویں صدی کے اواخر میں اس سے تانبا نکالنے کا کام منقطع ہوگیا تھا۔ سیّاح اولیویئر (Olivier) نے لکھا ہے کہ انیسویں صدی کے اوائل میں ہَپُور نامی کان کی جاے وقوع سے جو تانبا برآمد ہوتا تھا اس کا ایک حصّہ بغداد بھیجا جاتا تھا۔ بقول بُرانٹ (Brant) ۱۸۳۷ء میں یہاں بالخصوص ان لوگوں کی تعداد جو کانوں میں کام کرتے تھے تین ہزار پانچ سو تھی۔ کیونے (Cuinet) کی فراہم کردہ معلومات کی رُو سے کان چلانے کا کام حکومت کے ہاتھ میں تھا۔ جو خام دھات دیہات سے لائی جاتی تھی، اسے وہیں آگ سے صاف کیا جاتا تھا اور سیاہ تانبے کی شکل میں لاکر اونٹوں یا خچروں کی پشت پر بار کر کے توقاد پہنچا دیا جاتا تھا، جہاں اسے سرخ تانبے میں تبدیل کیا جاتا یا اسکندرون کے راستے باہر بھیج دیا جاتا تھا۔ بیسویں صدی کے شروع میں دنیا کی منڈی میں تانبے کے نرخ گر گئے؛ کان کے مقام کو بندرگاہوں سے ملانے والی ریلوے لائنیں موجود نہ تھیں اور گردونواح کے جنگلوں میں مدّت تک تباہی و بربادی کا دَور دورہ رہا۔ انھیں وجوہ سے رفتہ رفتہ کان میں سے دَھات کا اخراج کم ہوتا گیا، یہاں تک کہ یہ کاروبار بالکل بند ہوگیا۔ یہ کاروبار دوبارہ محض جمہوریہ کے دور میں ۱۹۳۵ء سے شروع ہوسکا، جبکہ دیار بکر کی ریلوے لائن مکمّل ہوگئی اور یہاں خام تانبا آنے لگا اور اسے صاف کرنے (۱۹۴۱ء میں ۸۱۰۳ ٹن) کا کام آسانی سے ممکن ہوگیا۔ علاوہ ازیں ارگنی کی تانبے کی کان کے قریب ہی (شمال مشرق کی جانب گولمان Guleman میں) بہت بیش بہا کرومیم (Chromium) کے ذخیرے بھی پائے گئے ہیں، جن سے کام

لینا شروع کر دیا گیا ہے۔ ۱۹۴۵ء میں قضاے معدن کی آبادی، جو چوّن دیہات پر مشتمل ہے، اکیس ہزار ایک سو ستّر تھی اور خود قصبے کی چار ہزار دو سو بانوے۔ [باشندوں میں سے کچھ اِرمنی وغیرہ عیسائی ہیں، باقی زیادہ تر مسلمان ہیں، دیگر ترک یا کُرد نسل سے ہیں۔ زیادہ تر تُرکی زبان رائج ہے، لیکن کُردی بھی بولی جاتی ہے۔ بعض کرد قبائل مثلاً قرہ کیجی اور شرابی خانہ بدوش ہیں].

مآخذ: (۱) ایزورتھ (W. Ainsworth): *Researches in Assyria, Babylonia and Chaldea*، لنڈن ۱۸۳۸ء، ص ۲۷۰ ببعد؛ کانوں کے بارے میں (۲) دیار بکر ولایتی سال نامہ سی (۱۳۱۹ھ)، ص ۱۹؛ (۳) اِوْلِیاء چلبی: جهان نما، ص ۴۳۹؛ (۴) وہی مصنف: سیاحت نامه، استانبول ۱۳۱۴ھ، ۴: ۲۲؛ (۵) رِٹّر (K. Ritter): *Erdkunde*، ۱۰: ۷۰۱، ۸۰۱، ۹۱۳ و ۱۱: ۱۴ ببعد؛ (۶) E. Reclus: *Nouvelle Georgraphie Universelle*، ۹: ۴۱۸؛ (۷) اولیویئر (Olivier): *Voyage en Perse fait dans leś années 1807, 1808 et1809*؛ (۸) مولٹکے (H. V. Moltke): *Briefe über Zustände und Begebenheiten in der Türkei*، بمدد اشاریہ؛ (۹) بُرانٹ (J. Brant)، در *Journ. of the Roy. Geog. Soc.*، لنڈن ۱۸۳۶ء؛ (۱۰) C. Sandreczki: *Reise nach Musul und durch Kurdistan und Urmia*، شٹٹ گارٹ ۱۸۵۷ء، ۱: ۱۸۱ ببعد؛ (۱۱) H. F. B. Lyne: *Armenia: Travels and Studies*، لنڈن ۱۹۰۱ء، ۲: ۳۸۸، ۳۹۶؛ (۱۲) G. L. Bell: *Amurath to Amurath*، لنڈن ۱۹۱۱ء، ص ۳۲۸ ببعد؛ (۱۳) Vital Cuinet: *La Turquie d'Asie*، پیرس ۱۸۹۱ء، ۲: ۴۷۵ ببعد؛ (۱۴) V. de St. Martin: *Nouv. Dict. de Géogr. Universelle*، تکملہ، ج ۱؛ (۱۵) E. Banse: *Die Türkei*، برانزوگ ۱۹۱۵ء، ص ۲۲۶؛ (۱۶) Hübschmann: *Indogermanische Forschungen*، ۱۶: ۱۹۳ ببعد؛ (۱۷) Streck، در *ZA*، ۱۳: ۹۷؛ (۱۸) W. W. Smyth: *Geological Features of the Country round the mines of the Taurus*، در *Quart. Journ.*، ۱۸۴۴ء، ص ۳۳۰-۳۴۰؛ (۱۹) E. Coulant: *Note Sur les mines, de cuivre d' Arghana...*، در *Annales des Mines*، سلسلہ ۱۱، ج ۲، ۱۹۱۲ء، ص ۲۸۱ - ۲۹۳؛ (۲۰) R. Pilz: *Beitrag zur Kenntnis der Kupfererz lagerstätten in der Gegend von Arghana Maden*، در *Zeitscher. Für prakt. Geologie*، ۱۱/۱۲، ۱۹۱۷ء؛ (۲۱) F. Behrend: *Die Kupfererzlag- erstätte Argana Maden in Kurdistan*، (وہی مجلہ، شمارہ ۳۳، ۱۹۲۵ء: ص ۱ - ۱۲)؛ (۲۲) E. Chaput: *Voyages d' études géologiques et géomorphogéniques en Turquie*، پیرس ۱۹۳۶ء، ص ۱۴۲ ببعد؛ (۲۳) V. Kovenko: گلیمان - ارگنی معدنی مینا لوجینک بولجه سی (معدن تدقیق و آرامه انستیٹوتومجموعه، ۱۹۴۴ء، شمارہ ۱-۳۱، ص ۲۹ ببعد)؛ (۲۴) سامی بک: قاموس الاعلام [بذیل مادّۂ ارغنی].

(بسیم دارکوت BESIM DARKOT) [ماخوذ از [آ]، ت]

اَرُگیل :Argel الجزائر کا ہسپانوی نام، رکّ بہ الجزائر. *

----

* **اُرُم**: آذر بیجان کا ایک ضلع۔ البلاذُری (ص ۳۲۸) کا بیان ہے کہ جب [حضرت] سعید بن العاص[رض] کو آذر بیجان فتح کرنے کے لیے بھیجا گیا تو انھوں نے مُوقان اور گیلان کے لوگوں پر حملہ کیا۔ کچھ آذر بیجانی اور ارمنی ناحیۂ اُرُم اور مقام بلوانکرح (کذا، بَلْوانکَرَج) میں جمع ہو گئے تھے، انھیں سعید[رض] کی فوج کے ایک افسر نے شکست دی اور باغیوں کے سرگروہ کو قلعۂ باجَرْوان کی دیوار پر پھانسی دی گئی (نُزْهَةُ القلوب، طبع وقفیۂ گب، ص ۱۸۱، کے مطابق باجروان اَرْدَبیل کے شمال میں بیس فرسخ کے فاصلے پر تھا).

ابن خُرَّداذبہ (ص ۱۱۹) بیان کرتا ہے کہ اُرُم کا قلعہ اَلبذّ اور بَلْوَانکرج کے درمیان تھا (اَلْبَذّ: بابک کے شہروں میں سے ایک، جو دریاے الرّ اس (Araxes) کے ایک معاون کے کنارے واقع تھا؛ یہ معاون رود اردبیل سے اُوپر کی طرف الرّاس میں گرتا ہے).

ابن الفقیہ (ص ۲۱۶) اُرُم کے متعدّد اضلاع (رساتیق) کا ذکر کرتا ہے۔ یاقُوت (۱: ۲۱۶) نے محض اُرُم کے ناحیے (صُقْع) کا ذکر کیا ہے اور اس کے متعلّق جو کچھ کہا ہے وہ البلاذری ہی کا خلاصہ ہے.

البلاذُری اور ابن خُرَّداذبہ نے جو نام گنائے ہیں اُن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ آذر بیجان کے شمال مشرقی علاقے کا ایک ضلع ہو گا یعنی غالبًا آج کل کے قرہ جہ طاغ میں، جس کا دارالحکومت اَہَر ہے اور جس کے شمالی اضلاع میں ارمنی آباد ہیں [دوسری طرف جز بَلْوان کا تعلّق دریاے بَلْہا رُوْ (بولگارو) کے نام سے سمجھا جا سکتا ہے، جو مُوقان [رکّ بآن] میں ہے].

(منورسکی V. MINORSKY)

----

* **اِرَم**: ایک فرد یا قبیلے کا نام، جس کا اسلامی نسب ناموں میں وہی مقام ہے جو انجیلی نسب ناموں میں اَرَم (Aram) کا، جیسا کہ اسلامی سلسلے: عُوص بن اِرَم بن سام بن نُوح، کے انجیلی سلسلے: عُوص بن اَرَم بن شِیم بن نُوح، کے مقابلے سے واضح ہو جائے گا۔ [اِرَم کے لفظی معنی ہیں پہاڑی، نشانِ راہ۔] بہت سے اَور شجروں کی طرح یہ اسلامی شجرہ بھی غالبًا یہودیوں کے اثر کے تحت تاریخ میں شامل ہو گیا اور اسی لیے ہمیں اس سے عربستان میں آرامیوں [کی آبادی] کے پھیلنے کے متعلق کوئی نئی معلومات حاصل نہیں ہوتیں۔ ارم اور اِرم ذات العماد، جس پر نیچے بحث کی گئی ہے اور جس کا اعراب معیّن ہو چکا ہے، ایک ہی تصوّر ہوتے

ہیں۔شاید یہی وجہ ہے کہ مسلمان اَرَمْ کے بجاے اِرَم کہتے ہیں.

روایت نے آرامیوں کے ساتھ [اِرم کی] نسبت کو اَور بھی بڑھا دیا ہے، چنانچہ قومِ عاد [رَتّ بّآن] کو اِرِم کہا جاتا تھا اور جب قومِ عاد تباہ ہوگئی تو اِرِم کا نام ثمود کو دے دیا گیا، جن کی اولاد کو سَوَاد کے نبطی خیال کیا جاتا تھا۔ مسلم علما کو یہ بھی معلوم تھا کہ قدیم زمانے میں دمشق کو اِرَم یعنی اَرَم کہا جاتا تھا.

مآخذ: دیکھیے اگلا مقالہ.

(ونسنک A.J.WENSINCK)

----

* **اِرَم ذات العماد:** قرآن [مجید] میں صرف ۸۹ [الفجر]:۶-۸ میں آتا ہے: اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ○ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ○ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ○ (کیا تو نے نہیں دیکھا کہ تیرے رب نے عاد اِرم ذات العماد کے ساتھ کیا کیا جن کی مانند شہروں میں پیدا نہیں کیا گیا)۔ ان آیات میں عاد اور ارم کے باہمی تعلّق کی تشریح کئی طریقے سے کی جاسکتی ہے، جیسا کہ کتبِ تفسیر میں بالتفصیل بیان کیا گیا ہے۔ اگر اِرَم کو عاد کے مقابلے میں لیا جائے تو بات سمجھ میں آجاتی ہے کہ اِرَم کو بھی قبیلے کا نام سمجھا گیا ہے۔ اس صورت میں عماد سے مراد خیمے کی چوب لی جاسکتی ہے۔ دوسروں کے نزدیک عماد سے مراد ارم کا دیو ہیکل قد و قامت ہے، جس پر اس طریق سے بالخصوص زور دیا گیا ہے۔ اگر ارم اور ذات العماد مضاف اور مضاف الیہ ہیں تو اغلب یہ ہے کہ ارم ذات العماد کوئی جغرافیائی اصطلاح ہو، یعنی ''ستونوں والا ارم''۔ مسلمانوں کی عام طور پر یہی راے ہے۔ پھر بھی مشرق اور مغرب دونوں جگہ اس بارے میں بہت اختلاف ہے کہ اصل اشارہ کس طرف ہے۔ یاقوت کے بیان کے مطابق عام راے یہ ہے کہ ذات العماد کو دمشق [رَتّ بّآن] کی صفت سمجھا جائے؛ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ جَیرُون بن سَعْد بن عاد (دیکھیے دمشق) یہاں آکر آباد ہوگیا تھا اور اس نے ایک شہر تعمیر کیا، جو سنگِ مرمر کے ستونوں سے آراستہ تھا۔ لوتھ (Loth) نے یہ روایت اپنی اس راے کی تائید میں استعمال کی ہے کہ ارم کے ساتھ محض آرامی روایات کا تعلّق ہے.

تاہم مسلمانوں نے ارم کا تعلّق اکثر جنوبی عربستان [یعنی یمن و حضر موت، ابن قتیبہ: المعارف، ص ۱۰] سے بتایا ہے جہاں کا عاد بھی تھا۔ عاد کے دو بیٹے تھے: شدّاد اور شَدِید؛ شَدِید کی موت کے بعد شدّاد نے روے زمین کے بادشاہوں کو مسخّر کیا۔ جب اس نے جنّت کا ذکر سنا تو اس نے عدن کے گیاہی میدانوں میں جنّت کے نمونے کا ایک شہر تعمیر کرایا۔ اس کے پتھر سونے اور چاندی کے تھے اور اس کی دیواروں میں جواہرات وغیرہ جڑے تھے۔ جب شدّاد نے ہُود [رَتّ بّآن] کی تنبیہ کی پروانہ کرتے ہوے اس شہر کو دیکھنا چاہا تو مع اپنے خَدَم وحَشَم کے ارم سے ایک دن [اور رات] کی مسافت پر ایک زبردست طوفان سے ہلاک ہوگیا اور تمام کا تمام شہر ریت میں دب گیا.

ایک روایت میں، جو المسعودی (۲:۴۲۱) نے نقل کی ہے، اس قصّے کا خاتمہ ایسے افسوس ناک طریقے پر نہیں ہوتا۔ [اس کی رُو سے] جب شدّاد ارم بنا چکا تو اس نے اسکندریہ کی جاے وقوع پر اس کا مثنّٰی تعمیر کرنا چاہا؛ چنانچہ جب سکندرِ اعظم اس مقام پر اسکندریہ کی بنیاد رکھنے کے لیے آیا تو اس نے یہاں ایک بڑی عمارت کے آثار اور بہت سے سنگِ مرمر کے ستون دیکھے۔ ان میں سے ایک ستون پر شدّاد بن عاد بن شدّاد بن عاد کا کتبہ تھا، جس میں اس نے بیان کیا تھا کہ ''میں نے اس شہر کو ارم ذات العماد کے نمونے پر تعمیر کرایا تھا، لیکن اللہ نے میری زندگی کا خاتمہ کر دیا۔ کسی کو بھی حد سے بڑے کام کا بیڑا نہیں اٹھانا چاہیے''۔ یہ روایت آسانی سے اسکندر کے اس افسانے سے تعلّق رکھتی نظر آتی ہے جس میں بیان کیا گیا ہے (جعلی Callisthenes، طبع C. Müller، ۱: ۳۳) کہ اسکندریہ کی تعمیر کے وقت ایک مندر ملا، جس میں مخروطی مینار تھے اور اس پر سِیسُن خیس (Sesonchis) بادشاہ کا کتبہ تھا، جس نے دنیا بھر پر حکومت کی۔ المسعودی کے [بیان کردہ] کتبے میں جس تنبیہ کا ذکر کیا گیا ہے وہ اسکندری افسانے کے عام رنگ کے عین مطابق ہے؛ لہٰذا ہمیں یہاں کسی ایسی روایت کی امید نہ رکھنا چاہیے جو [حقیقۃً] ارم کے محلّ وقوع سے متعلّق ہو۔ تاہم یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ الطبری نے بھی اپنی تفسیر قرآن میں اسی خیال کا ذکر کیا ہے کہ اِرم اور اسکندریہ ایک ہی مقام کے دو نام ہیں.

مزید براں بیان کیا جاتا ہے کہ عبداللہ بن قِلابہ نامی ایک شخص دو گم شدہ اونٹوں کی تلاش میں اتفاقاً اس مدفون شہر تک آپہنچا اور اس کے کھنڈروں میں سے مشک، کافور اور موتی لے کر امیر معاویہؓ کے پاس گیا، لیکن جب ان تمام چیزوں کو ہوا لگی تو یہ خاک ہوگئیں۔ اس پر امیر معاویہؓ نے کَعْب الاَحْبار [رَتّ بّآن] کو اپنے پاس بلایا اور اس سے اس شہر کی نسبت دریافت کیا۔ کَعْب نے فوراً جواب دیا: ''یہ شہر ضرور ارم ذات العماد ہوگا، جسے تمھاری خلافت میں ایک ایسے شخص کا دریافت کرنا مقدّر تھا جس کا حلیہ یہ ہے'' — اور بیان کردہ حلیہ ہو بہو عبداللہ کا سا تھا۔ المسعودی کے بیان کا تمسخر آمیز لہجہ، جسے وہ چھپا نہیں سکا، قابلِ ذکر ہے (مروج، ۴: ۸۸)۔ [دیکھیے نیز ابن خلدون: مقدّمۃ، ۱: ۲۲۷ - ۲۲۸، جو اس قصّے کو فرضی تصوّر کرتا ہے].

مسلمان علما کے نزدیک یہ ارم ذات العماد عدن کے قریب تھا، یا صَنْعا اور حَضْرَموت کے درمیان یا عُمّان اور حَضْرَموت کے درمیان۔ واضح رہے کہ ارم کے نام کی صورت جنوبی عربستان کی ہے؛ چنانچہ الہمدانی جنوبی عرب میں ارم نام کی ایک پہاڑی اور ایک کنویں کا ذکر کرتا ہے۔ یہ واقعہ لوتھ (Loth) کی راے کی تردید کرتا ہے، جس نے صرف آرامی ماخذ ہی پر غور کیا ہے.

اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ قبیلۂ اِرَم = اَرَم اور ارم ذات العماد کا وہ باہمی تعلّق جسے مسلمانوں کی بعض روایات میں فرض کر لیا گیا ہے قابلِ قبول نہیں ہے۔ عاد بن اِرَم کے خاندان کے مقبرے کی دریافت کا قصّہ D. H. Müller کی

Südarabische Studien (*Sitz. ber. Akad. Wien,* philos. histor. Klasse)، ۸۶: ۴ ۱۳ بعد) میں موجود ہے۔

[عاد کو اگر عوص بن ارم بن سام کا بیٹا قرار دیا جائے تو اس کا زمانہ ۳۰۰۰ ق م سے پہلے قرار دینا چاہیے۔ قرآن مجید نے جہاں قومِ عاد کا ذکر کیا ہے اسے خلفاے قومِ نوحؑ کہا ہے اور نقلِ قصص میں قرآن مجید ہی نے عاد کا ذکر ہمیشہ حضرت موسیٰؑ سے پہلے کیا ہے۔ یہ قوم، جیسا کہ ابن خلدون نے لکھا ہے، عراق پر بھی حکمران ہو گئی تھی].

مآخذ: (۱) تفاسیر برسورۃ الفجر، آیت ۶؛ (۲) المسعودی (طبع پیرس)، ۲: ۴۱ و ۳: ۲۷۱ و ۴: ۸۸؛ (۳) الطبری: *Annales*، ۱: ۲۱۴، ۲۲۰، ۲۳۱، ۷۴۸؛ (۴) قزوینی: آثار البلاد (طبع وسٹنفلٹ)، ص ۹ بعد؛ (۵) یاقوت: مُعْجَم، بذیل مادّہ؛ (۶) دیار بکری: الخمیس (قاہرہ ۱۲۸۳ھ)، ۱: ۷۶؛ (۷) الثعلبی: قصص الانبیاء (قاہرہ ۱۲۹۰ھ)، ص ۱۲۵ - ۱۳۰؛ (۸) الہمدانی (طبع Müller)، اشاریہ، بذیل مادّہ؛ (۹) D. H. Müller: *Die Burgen u. Schlösser*، ص ۴۱۸؛ (۱۰) Caussin de Perceval: *Histoire*، ۱: ۱۴؛ (۱۱) شپرنگر (Sprenger): *Leben und Lehre Muhammeds*، ۱: ۵۰۵ - ۵۱۸؛ (۱۲) Loth، در *ZDMG*، ۳۵: ۶۲۵؛ [(۱۳) ابن خلدون: مقدّمۃ، طبع عبدالواحد وافی، قاہرہ ۱۹۵۷ء؛ (۱۴) سلیمان ندوی: ارض القرآن، طبع اوّل، ۱: ۱۲۹ بعد].

(A. J. Wensinck وِنْسِنک)

---

* **اَزْمَن:** رَكَ بہ ارمینیہ.

---

* **اِزْمِنِک:** [قاموس الاعلام: اِرْمناک]، جنوبی اناطولیہ کے طاش ایلی علاقے میں گوک صُو کے توابع میں سے ایک قصبہ، جو ایک وادی کے کنارے سطح سمندر سے بارہ سو میٹر کی بلندی پر واقع ہے اور (اسی نام کی) ایک قضا کا مرکز ہے، جو ولایتِ قونیہ سے وابستہ ہے۔ یہاں قدیم زمانے میں جرمانی کوپولس (Germanikopolis) کا شہر آباد تھا، جو اِساوْرِیہ (Isavria) کے خطّے میں تھا۔ ارمنی جغرافیہ نویس اِنْجی جیان (Indjidjian) نے، جس نے ارمنک کے متعلّق مفصّل معلومات دی ہیں، اس لفظ کو غلط سمجھا اور اس نے محض اس کے نام کو دیکھ کر فرض کر لیا کہ یہ شہر ارمنوں نے بنایا تھا۔ رِٹّر (Ritter) نے جو یہ بتایا ہے کہ یہ قلعہ خاندان روبن (Ruben) کی حکومت میں تھا وہ بھی غلط ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ جرمانک نام ہی نے آخر کار ارمنک کی شکل اختیار کر لی۔ شہر کی قدیم تاریخ کے بارے میں مؤرّخین نے کچھ نہیں لکھا۔ شہر کی مشرقی سمت میں ایک قدیم قبرستان موجود ہے۔ مزاروں کے قبّے تقریباً سات قدم (فٹ) اونچے ہیں۔ ان کے اندر کے پہلو منہدم ہو چکے ہیں اور صرف بیس قبروں پر پتھر کے سنگِ مزار نظر آتے ہیں۔ مزار ماہی پشت شکل کے اور زیب و زینت سے معرّا ہیں۔ قبرستان میں سے دو یونانی کتبے بھی برآمد ہوے ہیں، لیکن انھیں ابھی پڑھا جا رہا ہے۔ قبرستان کے پہلو میں ایمفی تھیٹر (Amphi Theatre) کی طرح کی سیڑھیاں بنی ہوئی ہیں۔ پہاڑیوں کے بیچ میں ایک معبد کے آثار بھی نظر آتے ہیں اور اس کے نزدیک ہی ایک مجسّمے کا کچھ بقیہ بھی موجود ہے (دیکھیے Le. P. Léonce M. Alishan: *Sissouan*، وینس ۱۸۸۵ء، ص ۲۹۱، ارمنی میں)۔ بارھویں صدی کے آخر میں اس علاقے کا حاکم ہَلْگَمْ (Halgam) نامی ایک امیر تھا اور یہ بیک وقت لاماس (lamas) اور آنامور (Aanamur) پر بھی متصرّف تھا۔ ممکن ہے کہ ارمنک کا قلعہ اسی ہَلْگَمْ یا اس زمانے کے امرا (Barons) میں سے کسی نے تعمیر کیا ہو۔ یہ قلعہ، جسے بہت مضبوط بنایا گیا تھا، بالآخر زلزلے سے تباہ ہو گیا اور یہاں سے جو بڑی شاہراہ کیلیکیا کو جاتی تھی وہ بھی خراب و خستہ ہو کر منقطع ہو گئی۔ قلعے کے نیچے کی طرف پتھر کے حجرے اور غار نظر آتے ہیں۔ قرونِ وُسطیٰ میں ارمنک کا قلعہ کیلیکیا کے ارمنی تکفوروں اور قونیہ کے سلجوقیوں کے درمیان باہمی رسل و رسائل کا بڑا مرکز رہا۔ مغل تسلّط کے آغاز میں ترکمانوں کے بعض قبائل نے، جو بیشتر قرہ مان قبیلے سے تھے، ارمنک کی حدود میں پناہ لی۔ ۱۲۲۸ء میں علاء الدین کیقباد اوّل نے ارمنک پر قبضہ کر کے اپنے سپاہ سالاروں میں سے ایک قمر الدین للہ کو یہاں کا حاکم (سپہ دار) مقرّر کیا۔ تقریباً تیس برس بعد ان قرہ مانیوں نے جو ارمنک کے قُرب و جوار میں آباد ہو گئے تھے قرہ مان بے کی قیادت میں قلعے پر قبضہ کر لیا۔ قرونِ وسطیٰ میں جن سیّاحوں نے قلعے کو دیکھا وہ اسے امرا کا مرکز بتاتے ہیں؛ چنانچہ شہاب الدین العمری، جس نے ارمنک کی سیاحت کی تھی، بتاتا ہے کہ یہاں کے بے امیر کا لقب رکھتے تھے۔ ان کے تصرّف میں چودہ شہر اور ڈیڑھ سو قلعے تھے اور ان کے پاس پچیس ہزار سوار اور اسی قدر پیدل سپاہی تھے (دیکھیے مَسالِک الاَبْصار فِی مَمالِکِ الاَمْصار، پیرس ۱۸۳۸ء، ۱۳/۵: ۳۴۱ - ۳۷۳)۔ القَلْقَشَنْدی قلعے کی تصویر کھینچتے ہوے یہاں کی مسجد، بازاروں، حمّاموں اور باغوں کا حال بالتّفصیل لکھتا ہے (دیکھیے صُبْحُ الأَعْشٰی، مصر ۱۹۱۴ء، ۵: ۳۴۷)۔ مؤرّخ العینی، جس نے پندرھویں صدی میں مملوک سلطان الملک المؤیّد کے حکم سے اس خطّے کی سیاحت کی تھی، کہتا ہے کہ شہر کے اطراف میں تقریباً سو گاؤں تھے اور قرہ مان امرا کے مزار تھے۔ ارمنک پندرھویں صدی کے آخر میں عثمانلی ترکوں کے تصرّف میں آ گیا اور اسے اِچ ایلی کی سَنجق میں شامل کر دیا گیا، لیکن یہ اس وقت تک اپنی قدیم اہمیّت کھو چکا تھا۔ سولھویں صدی کے دفاترِ اراضی (Land records) کی رُو سے ارمنک کی قضا میں مسجد لو، زاویہ، دِیگِرْمنلک، اور باغ آراسی، نامی محلّوں کے علاوہ گزگرہ، اِسکیچہ، چمالُکر، لاماسی، چاوشْلَر، اوگورلو، پاشا قشلہ سی اور بال کُسُوْن نامی قریے شامل تھے۔ جہان نُما اور اِوْلیاء چلبی کے سیاحت نامہ میں ارمنک کے قلعے کا، جو ایک بے برگ و گیاہ پہاڑی پر واقع تھا اور ان غاروں کا ذکر ہے جو گرد و پیش کی پہاڑیوں میں پائے جاتے تھے۔ [ان غاروں میں سے ایک، جس میں ایک چشمہ تھا، خاص طور پر مشہور تھا۔] بقول اِوْلیاء چلبی قلعے کے دامن میں باغ اور باغیچوں سے معمور قصبہ بارہ محلّوں میں منقسم تھا۔

اس میں اینٹ اور پتھر کے آٹھ سو گھر تھے اور تقریباً بارہ مسجدیں تھیں، جن میں اہم ترین قرہ مان اوغلو محمود کی تعمیر کردہ اولو جامع تھی (کتبے کی تاریخ ۱۰۷۱ھ)۔ اس کے علاوہ تین سرائیں، دو حمّام اور چھے مکتب بھی تھے۔ اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں ارمنک زیادہ تر کس مپرسی کی حالت میں پڑا رہا۔ اس زمانے میں جن سیّاحوں نے اسے دیکھا ان کا بیان ہے کہ وہ بہت ہی غربت و افلاس کے حال میں تھا؛ مثلاً جرمن سیّاح شورن بُورن (Schönborn)، جو ۱۸۵۱ء میں یہاں سے گزرا تھا، لکھتا ہے کہ شہر کے بازار بہت تنگ تھے؛ وہاں ایک مسجد اور چند دکانوں کے سوا اَور کچھ نہ تھا اور باشندوں کی تعداد کل دو ہزار سات سو تھی۔ انگریز سیّاح ڈیوِس (Davis)، جس نے اس کی سیاحت ۱۸۷۵ء میں کی، لکھتا ہے کہ یہاں صرف ایک ہزار دو سو گھر تھے؛ لیکن قضا کی آبادی کا تخمینہ وہ تین چار ہزار کرتا ہے۔ یہ تعداد گھروں کی اس تعداد سے مناسبت نہیں رکھتی جو اس نے بتائی ہے۔ انیسویں صدی کے آخر میں کیونے (Cuinet) کے بیان کی رُو سے آبادی ۶۴۳۰ تھی۔ ارمنک کا قصبہ پہلے آدنہ (آدانہ؛ قاموس الاعلام: آطنہ) کی ولایت میں ایچ ایلی کی سنجق سے وابستہ تھا، لیکن جمہوریہ ترکی کے قیام کے بعد قونیہ کی ولایت میں شامل کر دیا گیا۔ اس قضا کی آبادی، جس میں اڑتالیس گاؤں ہیں اور جس کا رقبہ ۲۲۴۵ مربع کیلومیٹر ہے، ۱۹۴۵ء کی مردم شماری میں پینتیس ہزار سے کچھ زیادہ تھی اور اس زمانے میں ارمنک کے قصبے کی آبادی ۲۶۰۷ تھی۔

مآخذ: Pauly-Wissowa: *Realencyel*، ۱۲۵۸:۷؛ (۲) *Rec. des Hist. les croisades*، ج ۱: Doc. Arm. (پیرس ۱۸۶۹ء)، آخری مقالہ، عدد ۲۴)؛ (۳) کاتب چلبی: جہان نما (استانبول ۱۱۴۵ھ) ص ۶۱۱ بعد؛ (۴) اِوْلیا چلبی: سیاحت نامہ (استانبول ۱۹۳۵ء)، ۹: ۳۰۴ بعد؛ (۵) ریمزے (W. M. Ramsay): *The Historical Geography of Asia Minor* (لنڈن ۱۸۹۰ء)، ص ۳۶۳ بعد؛ (۶) رِٹّر (Ritter): *Erdkunde*، ۱۹: ۳۰؛ (۷) آدنہ ولایتی سالنامہ لری؛ (۸) انجی جیان (Indjidjian): *Géogr. de l'Arm. moderne*، ص ۳۷۰ بعد؛ (۹) کیونے (V. Cuniet): *Turquie d'Asie* (پیرس ۱۸۹۱ء)، ۲: ۷۷؛ (۱۰) شہاب الدین العُمَری: التعریف (مطبوعۂ مصر ۱۹۱۲ء)، ص ۴۲؛ ارمنک کے قرہ مان اوغلو کتبوں کے لیے دیکھیے: (۱۱) اِدْہم (H. Ethem)، در *TOEM*، ج ۱، ۲، ۳؛ ارمنک کے قلعے کے دفاترِ اراضی کے مطابق محلّوں اور قضاؤں کے لیے دیکھیے (۱۲) باش وکالت آرشیوی کے دفاتر مالیہ، شمارہ ۳۱، ۶۳، ۸۳، ۱۸۲، ۲۷۲، ۶۳۶؛ اوقاف کے بارے میں دیکھیے (۱۳) دفتر اوقاف، شمارہ ۱؛ [(۱۴) لیسٹرینج (Le Strange): *Eastern Caliphate*، ص ۱۴۸؛ (۱۵) Tamaschek: *Sitz. Ber der Wiener Akad*؛ (۱۶) سامی بک: قاموس الاعلام، بذیل مادّہ].

(ایم - سی - شہاب الدین تکین داغ [در آ، ت])

اُرْمِیا[ع]: عربی زبان میں آپ کے نام کا تلفظ اِرْمِیا اور اَوْرْمِیا بھی ہے، ✱ دیکھیے تاج العروس، ۱: ۱۵۷؛ نیز بعض اوقات آخر میں مدّ کا بھی اضافہ کر دیا جاتا ہے (ارمیاء)۔

وَہْب بن مُنَبِّہ نے ان کے حالات بیان کیے ہیں۔ اس بیان کی موٹی موٹی باتیں وہی ہیں جو عہد نامہ عتیق میں [سیّدنا] اِرْمیا (Jeremiah) کی بابت وارد ہوئی ہیں۔ یعنی آپ کا منصبِ نبوّت پر فائز ہونا، یہوذا (Judah) کے بادشاہ کی طرف مبعوث ہونا، آپ کا لوگوں کی طرف مبعوث ہونا اور آپ کا تأمّل اور پھر ایک غیر ملکی جبّار کی آمد کی اطّلاع، جو یہوذا پر حکومت کرنے والا تھا۔ اس پر [حضرت] ارمیا اپنے کپڑے چاک کر دیتے ہیں، اس دن پر لعنت بھیجتے ہیں جس دن آپ پیدا ہوے اور موت کو اس بات پر ترجیح دیتے ہیں کہ اپنی زندگی میں یہ سب کچھ دیکھیں۔ اس پر اللہ تعالٰی نے ان سے وعدہ کیا کہ جب تک وہ خود درخواست نہیں کریں گے اس وقت تک یروشلم تباہ نہیں کیا جائے گا۔

اس کے بعد بُخْت نصر شہر پر حملہ کرتا ہے، کیونکہ وہاں کے باشندوں کی معصیت کاری روز افزوں تھی۔ اس وقت اللہ تعالٰی نے اپنا ایک فرشتہ ایک معمولی اسرائیلی کی صورت میں [حضرت] ارمیا کے پاس بھیجا کہ یروشلم کے سقوط کی بابت آپ اپنا خیال ظاہر کریں۔ آپ نے اس فرشتے کو دوبارہ یہ دیکھنے کے لیے بھیجا کہ شہر کے لوگوں کا رویّہ کیسا ہے۔ فرشتہ بہت بُری خبریں لے کر لوٹا اور [حضرت] ارمیا کو بتائیں۔ آپ اس وقت دیوار [بیت المقدس] پر بیٹھے تھے؛ چنانچہ انھوں نے دعا کی: ''خدایا! یہ لوگ اگر راستی و صواب پر ہیں تو انھیں باقی رکھ اور اگر بری راہ پر چل رہے ہیں تو انھیں تباہ کر دے''۔ یہ الفاظ آپ کی زبان پر ابھی تمام بھی نہ ہوے تھے کہ اللہ تعالٰی نے آسمان سے گرج کے ساتھ بجلی (صاعقہ) گرائی، جس نے قربان گاہ اور اس کے ساتھ شہر کا ایک حصّہ تباہ کر دیا۔

[حضرت] ارمیا پر یاس کی کیفیّت طاری ہوئی اور انھوں نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے؛ اس پر وحی آئی: ''خود تمھیں نے تو فتوٰی دیا تھا''۔ اس وقت اُنھیں معلوم ہوا کہ شخصِ معلوم فرشتہ تھا، جو انسانی بھیس میں آیا؛ چنانچہ وہ صحرا کی طرف بھاگ گئے (الطبری، ۱: ۶۵۸ بعد)۔

[حضرت] ارمیا کے اسلامی قصّے کا دوسرا واقعہ ان کی اور بُخْت نصر کی ملاقات سے متعلق ہے۔ بادشاہ نے آپ کو یروشلم کے قید خانے میں دیکھا، جہاں ان کو اس لیے ڈال دیا گیا تھا کہ انھوں نے بدبختی کی پیش گوئیاں کی تھیں۔ بخت نصر نے آپ کو فوراً رہا کر دیا اور ان کے ساتھ تعظیم و تکریم سے پیش آیا؛ چنانچہ وہ یروشلم کی تباہ شدہ بقیہ آبادی ہی کے ساتھ رہنے لگے۔ جب اُن لوگوں نے ان سے استدعا کی کہ وہ اللہ سے ان کی توبہ و استغفار قبول کر لینے کی دعا کریں تو اللہ نے فرمایا: ''وہ ان لوگوں سے کہیں کہ بدستور یہیں ٹھیرے رہیں''۔ لیکن ان لوگوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور [حضرت] ارمیا کو (زبردستی) اپنے ساتھ لے کر مصر چلے گئے (الطبری، ۱: ۶۶۴، بعد)۔

الیعقوبی کا کہنا ہے کہ بخت نصر کے شہر میں داخل ہونے سے پہلے [حضرت] ارمیا نے کشتی (نوح[ع]) ایک غار میں چھپا دی تھی۔

تیسرا قصّہ اس طرح ہے کہ جب یروشلم تباہ ہو گیا اور فوج وہاں سے ہٹ گئی تو [حضرت] ارمیا اپنے گدھے پر سوار ہو کر واپس تشریف لائے۔ ان کے ایک ہاتھ میں عرقِ انگور کا پیالہ تھا اور دوسرے میں انجیروں کی ایک ٹوکری۔ جب آپ ایلیا (Aelia) کے کھنڈروں پر پہنچے تو انھوں نے تذبذب کیا اور فرمایا: ''خدا کس طرح اسے دوبارہ زندگی بخشے گا؟'' اس پر اللہ [تعالیٰ] نے ان کی اور ان کے گدھے کی جان لے لی۔ سو برس گزر جانے کے بعد اللہ نے ان کو بیدار کیا اور فرمایا: ''تم کتنی دیر سوتے رہے؟'' اُنھوں نے جواباً عرض کیا: ''ایک دن''۔ تب اللہ تعالیٰ نے ان کو تمام احوال سے مطلع فرمایا اور ان کی آنکھوں کے سامنے ان کے گدھے کو زندگی بخشی۔ اس عرصے میں اُس عرقِ انگور اور ان انجیروں کی تازگی باقی رہی۔ پھر اللہ نے ان کو طویل عمر عطا کی؛ اُن کی زیارت بیابانوں اور دیگر مواضع میں لوگوں کو ہوتی رہتی ہے (طبری، ۱:۶۶۶)۔

پہلے دونوں قِصّوں کی بابت تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ تورات کے بیانات پر مبنی ہیں، لیکن تیسرے قصّے کی بنیاد غالباً ایک غلط فہمی پر ہے جو ۲ [البقرۃ]:۲۵۹ سے متعلّق ہے:

[اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ] ''اس شخص کی مثال (پر غور کرو) جو ایک شہر پر گزرا، جو گرا پڑا تھا اپنی چھتوں پر، تب اُس نے کہا کہ اس کی ویرانی کے بعد اللہ اسے کیسے بحال کرے گا۔ تب اللہ نے اُسے سو برس موت کی حالت میں رکھا۔ پھر اُسے جگایا اور پُوچھا تو کتنی دیر یہاں رہا۔ اس نے کہا ایک دن یا ایک دن سے کچھ کم۔ (اللہ نے) فرمایا نہیں، بلکہ تو رہا سو برس؛ اپنا کھانا اور اپنا پینا دیکھو کہ وہ خراب نہیں ہوا اور اپنے گدھے کو دیکھو؛ ہم تمھیں لوگوں کے لیے ایک نشانی بنائیں گے اور ہڈیاں دیکھو، ہم انھیں کس طرح جوڑ دیتے ہیں اور پھر ان پر کیسے گوشت چڑھاتے ہیں''۔

مفسّرینِ قرآن نے اس شک کرنے والے شخص کی تعیین میں تورات کے متعدّد افراد کا نام لیا ہے۔ ان میں [حضرت] ارمیا بھی ہیں۔ [بعض مفسّرین نے لکھا ہے کہ اس آیت میں حضرت حزقیل نبی کے ایک مکاشفے کا ذکر ہے، جو بائبل میں حزقیل، باب ۳۶، کے آخر میں بیان ہوا ہے؛] لیکن ہم جانتے ہیں کہ مشرق کی اس روایت کا تعلّق عبدِ ملک (Ebed Melek) سے ہے، جن کا ذکر ارمیا کے قصّے میں آتا ہے (ارمیا، ۳۹:۱۶ ببعد) (قب *The Paraleipomena of Jermiah the Prophet*، طبع Rendel Harris)۔ اُرمیا کو عبدِ ملک کے ساتھ ملتبس کر دینے سے ایک اَور التباس بھی پیدا ہو گیا ہے۔ اسرائیلی روایت کے مطابق عبد ملک ان لوگوں میں سے ہیں جو زندۂ جاوید ہیں، [بعض] روایات میں ایسے ہی زندۂ جاوید انسانوں میں [حضرت] خضر بھی ہیں۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ وَہْبُ بن مُنَبِّہ نے الخضر (''سبز'') کو [حضرت] ارمیا ہی کا ایک لقب بتا دیا ہے۔ اسی سے یہ امر بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ان کی بابت اس بات پر کیوں زور دیا جاتا ہے کہ وہ بیابان کو چلے گئے، جہاں وہ شہروں کی طرح کبھی کبھی لوگوں کو مل جاتے ہیں؛ اس لیے کہ یہی بات دوسری جگہ الخضر سے متعلّق بیان ہوئی ہے، بخلاف [حضرت] الیاس [رک بآں] کے کہ [عوام میں] انھیں سمندر کا پیرِ پُشتی بان سمجھا جاتا ہے۔

مآخذ: (۱) تفاسیرِ قرآن [مجید]، بذیلِ ۲ [البقرۃ]:۲۵۹؛ (۲) مجیدالدین الحنبلی: الانس الجلیل (قاہرہ ۱۲۸۳ھ)، ۱:۱۳۸ ببعد؛ (۳) مُطَہّر بن طاہر المقدِسی: کتاب البدأ و التاریخ، طبع Huart، ۳:۱۱۴؛ (۴) الثعلبی: قصص الانبیاء، قاہرہ ۱۲۹۰ھ، ص ۲۹۲ ببعد؛ (۵) الیعقوبی، ۱:۷۰؛ (۶) I. Friedländer: *Die Chadhirlegende und der Alexanderroman*، ص ۲۶۹ ببعد۔

(A. J. Wensinck ونسنک)

اَرمینیہ: (Armenia) ایشیائے قریب کا ایک ملک۔ *

(۱) (جغرافیائی خاکہ)

ارمینیہ ایشیائے قریب کا مرکزی اور بلند ترین حِصّہ ہے، جو دو پہاڑی سلسلوں کے درمیان گھرا ہوا ہے، یعنی شمال کی سمت Pontic کا سلسلہ اور جنوب کی طرف Taurus کا۔ یہ مندرجہ ذیل ممالک کے درمیان واقع ہے: ایشیائے کوچک دریائے فرات کے مغرب کی طرف، آذربیجان اور بحیرۂ خزر (Caspian Sea) کے جنوب مغرب میں واقع خطّہ (کُر (kura, Kurr) اور ارس (Araxes) کی جائے اتّصال کا ہم سطح) مشرق میں، پونٹک (Pontic) کے علاقے شمال مغرب میں، قفقاز (جسے Rion اور Kurr کا خطہ اس سے جدا کرتا ہے) شمال میں، اور عراق کا میدان (بالائی دجلہ کا علاقہ) جنوب میں۔ جھیل وان (Van) کے جنوب میں گورجیک (Gordjaïk = قدیم Gordyene، موجودہ بہتان Bohtan) اور ہکّاری کردوں کی سرزمین (جُلَمرک اور آمدیہ کا علاقہ) جغرافی اعتبار سے ارمینیہ کا ایک جز ہیں، اگرچہ وہ ہمیشہ اہلِ ارمینیہ کے زیرِ حکومت نہیں رہے۔ اس طرح ارمینیہ میں تقریباً وہ تمام علاقہ شامل ہے، جو طول بلد ۲۷° و ۴۹° مشرق اور عرض بلد ۳۷° ۵۰ و ۴۱° ۵۰ شمال کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ اس کے رقبے کا اندازہ تقریباً تین لاکھ مربع کیلومیٹر کیا جا سکتا ہے۔

اس سرزمین کا ارضی نظام ایسے پہاڑوں پر مشتمل ہے جن کا مرکزی حصّہ قدیم ترین عہدِ ماضی کا ہے اور جو تلچھٹی (دردی Sedimentary) طبقات کی سہ گونہ (tertiary) ترکیب کی چٹانوں سے ڈھکے ہوئے ہیں، لیکن وسیع و عریض

برکانی (آتش فشانی Volcanic) تودوں اور نسبۃً زمانۂ حال میں سیّال آتش فشاں مادّے کے بہتے رہنے سے ان کی ساخت میں تبدیلی واقع ہوگئی ہے۔ اونچے میدان پہاڑی سلسلوں کے درمیان پھیلے ہوئے ہیں اور آٹھ سو سے لے کر دو ہزار میٹر کی متفاوت بلندی رکھتے ہیں (ارض روم: ۱۸۸۰ میٹر؛ قارص: ۱۸۰۰ میٹر؛ موش، جو مرادصُو پر واقع ہے: ۱۴۰۰ میٹر؛ ارزنجان: ۱۳۰۰ میٹر؛ اریوان: ۸۹۰ میٹر)۔ پہاڑوں کی آتش فشانیوں نے برکانی مخروطی پہاڑیوں کا ایک مکمّل سلسلہ پیدا کر دیا ہے، جس میں ملک کی بلند ترین چوٹیاں شامل ہیں۔ کوہِ جُودی (Arrarat)، (پانچ ہزار دو سو پانچ میٹر)، دریاے الرّس (Araxes) کے جنوب میں؛ سِیپان طاغ (چار ہزار ایک سو چھہتر میٹر)، جس سے البلاذُری اپنے وقت میں واقف تھا (طبع دخویہ de Geoje، ص ۹۸؛ قب *Zeitschr. für arm. Philol.*، ۲: ۶۷-۱۶۲؛ لیسٹرینج (Le Strange)، ص ۱۸۳)؛ بِنگول طاغ (تین ہزار چھے سو اسّی میٹر) ارض روم کے جنوب میں؛ خوری طاغ (تین ہزار پانچ سو پچاس میٹر)، آلہ طاغ (تین ہزار پانچ سو بیس میٹر) اور الغوز (چار ہزار ایک سو اسّی میٹر)، جو شمال کی جانب تقریبًا بالکل علٰیحدہ ایک پہاڑی مجموعے کی تشکیل کرتا ہے۔

ارمینیہ بڑے بڑے دریاؤں کا گہوارہ ہے: دریاے فرات، دجلہ، الرّس اور کُر۔ دریاے فرات دو شاخوں کے سنگم سے بنتا ہے: شمالی شاخ یا قرہ صُو (عربی: فرات) اور جنوبی شاخ یا مرادصُو (عربی: اَرْسَنَّس)، جو ارمنی سطح مرتفع پر سے آتے ہیں۔ دریاے دجلہ جنوب کے اس سرحدی سلسلۂ کوہ میں جنم لیتا ہے جو ارمنی تاوروس (Taurus) کہلاتا ہے، بحالیکہ دجلہ و فرات کا نظام خلیج فارس کی جانب جُھکی ہوئی زمینوں کو سیراب کرتا ہے۔ دریاے اَرَس (Araxes) (عربی: الرّس [رکّ بآن]، جو بنگول طاغ سے آتا ہے، ان سرزمینوں کو سیراب کرتا ہے جو بحر خزر کی طرف ڈھلان رکھتی ہیں اور اس میں گرنے سے پہلے دریاے کُرّ سے مل جاتا ہے، جو اپنی متوازی شاخ، یعنی بحر خزر کے معاون دریاے ریون (Rion)، کے ساتھ مل کر قفقاز کو ارمینیہ سے یکسر جدا کرتا ہے۔ دریاے فرات اور دریاے الرّس ارمنی سطح مرتفع کو اندر دور تک کاٹتے چلے گئے ہیں اور یہ رخنے پانی کے نکاس میں سہولت پیدا کر دیتے ہیں، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ارمینیہ میں جھیلیں کم تعداد میں ہیں، یعنی جھیل وان (۱۵۹۰ میٹر بلند)، جو عربی میں خلاط جھیل کہلاتی ہے، اور اَرْجیِش [رکّ بآن] اور گوکچای [رکّ بآن] یا Sevenga (دو ہزار میٹر)، جس کا ذکر المستوفی نے ۱۳۴۰ء ہی میں کر دیا ہے اور چند نسبۃً چھوٹی جھیلیں۔

ارمینیہ کے کوہی اور آبی نظام اس طرح کے ہیں کہ یہ سرزمین متعدّد وادیوں میں تقسیم ہوگئی ہے، جو ایک دوسری سے بلند پہاڑوں کے باعث جدا جدا ہوگئی ہیں۔ یہ حقیقت اس جاگیردارانہ تفرّقے کی تخلیق میں ممدّ رہی ہے جس میں اہلِ ارمینیہ ہمیشہ مبتلا رہے۔

ارمینیہ کی آب و ہوا بہت تکلیف دہ اور غیر معتدل ہے۔ سطح مرتفع پر موسمِ سرما باقاعدہ آٹھ ماہ تک رہتا ہے۔ مختصر اور سخت گرم موسم گرما شاذ و نادر ہی دو ماہ سے زائد کا ہوتا ہے۔ یہ موسم بہت خشک ہوتا ہے اور اس میں فصلوں کی تیاری کے لیے مصنوعی آب پاشی کی ضرورت ہوتی ہے، تاہم دریاے ارّس کے کنارے کے میدانوں کے خطّے کی آب و ہوا نسبۃً زیادہ معتدل ہے۔ جنوب کے پہاڑوں میں برفانی خط تینتیس ہزار میٹر پر واقع ہے، لیکن مشرقی ارمینیہ میں وہ چالیس ہزار میٹر تک بلند ہو جاتا ہے۔

(۲) تاریخ

(الف) ارمینیہ اسلام سے قبل:

خیال کیا جاتا ہے کہ سترھویں صدی قبل مسیح کے لگ بھگ ارمینیہ میں ایک ایشیائی قوم کے لوگ حُرّی (Hurrites) آباد تھے، جو نہ تو سامی نسل کے تھے اور نہ انڈو-یورپی۔ ان لوگوں کی تنظیم دوسرے ہزار سال کے نصف اوّل میں ایک فاتح انڈو-یورپی طبقۂ امرا نے کی۔ بعد ازاں وہ حِطّی سلطنت کے محکوم ہوگئے اور اس کے بعد آشوریوں کے۔ نویں صدی قبل مسیح میں ایک قوم موسوم بہ اُرارطہ (Urartians) نے، جنھیں خَلْدی بھی کہا جاتا ہے اور جو حُرّیوں سے قریب کا رشتہ رکھتے تھے، وہاں اررطو (بائبل کا ارارا‌ط Ararat) کی طاقت و رسلطنت قائم کی، جس کا مرکز جھیل وان تھا۔ اس سلطنت نے، جسے آشوریوں کے خلاف جنگ کرنا پڑی، اپنا مکمّل عروج آٹھویں صدی [ق-م] میں حاصل کیا، لیکن ساتویں صدی کے وسط کے قریب اسے سِمّیری (Cimmerian) اور سِتھی (Schthian) حملے کی اس لہر نے تباہ کر دیا جو ایشیاے قریب پر سے گزری تھی۔ ان انقلابات کے دوران میں اور ان کے بعد تھراسو-فریجی (Thraco-phrygian) خاندان کے کچھ انڈو-یورپی لوگ، جو غالبًا ان فریجی (Phrygian) لوگوں کی ایک شاخ تھے، جن کی سلطنت کو حال ہی میں سِمیریوں (Cimmerians) نے تباہ کر دیا تھا، مغرب کی جانب سے آئے اور انھوں نے اررطو کو فتح کر لیا۔ ان نو وارد باشندوں کو ہخامنشی اہلِ ایران ارمنی کہتے تھے (اور یونانی Αρμένιοι)۔ یہ ایک ایسا نام ہے جس کا مفہوم اور ماخذ ابھی تک وضاحت طلب ہیں۔ بہر کیف یہ علاقہ مرورِ زمانہ سے ارمینیہ کے نام سے معروف ہوگیا، تاہم خود ارمنی اپنے آپ کو (اس بطل کے نام پر جس نے اس سرزمین کی تسخیر میں ارمنی قوم کی قیادت کی) ہیک (Haik) [ہیکع؟] کہتے ہیں اور اپنے ملک کا ذکر ہیستان (Hayastan) کے نام سے کرتے ہیں۔

تکران (Tigranes) ثانی (تکران اعظم) کے وقت کے سوا اُرمنوں نے کبھی ایشیاے قریب میں غلبہ حاصل نہیں کیا۔ اس کے اسباب میں ایک تو وہ جاگیردارانہ نظام ہے جس کی ممدّ ملک کی جغرافی ہیئت تھی، جو بجاے خود اندرونی مناقشات کا باعث تھی اور اس کے علاوہ طاقت ور سلطنتوں کا قُرب۔ ارمینیہ میں آکر آباد ہونے کے وقت سے لے کر ارمنی میدوں (Medes) کے باج گزار رہے تھے اور بعد ازاں ہخامنشی ایرانیوں کے، جنھوں نے اس ملک کو اپنے نائبوں

(satraps) کی تحویل میں دے رکھا تھا۔ مؤخّر الذکر سکندرِ اعظم کی وفات سے پیدا ہونے والے فتنہ وفساد سے فائدہ اٹھاتے ہوے حقیقت میں بادشاہ بن بیٹھے، جنھوں نے بعد میں سلوقیوں (Selucids) کی سیادت تسلیم کر لی۔ جب مغنیز یا (Maganesia) کے مقام پر رومیوں نے انطیوکس (Antiochus) ثالث کو شکست دی (۱۸۹ق-م) تو وہ دونوں امرا (''Strategi'') جو نائبین کی حیثیت سے ارمینیہ پر حکمران تھے مطلق العنان ہو گئے۔ انھوں نے بادشاہ کا لقب اختیار کر لیا اور دو سلطنتوں کی تشکیل کی؛ ایک ارمینیۃ الکبرٰی، بنام ارتکسیاس (Artaxias)، خاص ارمینیہ میں اور دوسری ارمینیۃ الصغرٰی (سوفان-ارزنان Sophene-Arzanene)، موسوم بہ زریدرس (Zariadris)۔ بعد میں ارمینیۃ الکبرٰی کی قیادت ارسقیوں (Arsacids) کے ہاتھ میں آ گئی۔ پہلی صدی قبل مسیح میں ارتکسیاس کے ایک خلف تکران یا تجرانوس (Tigranes) اعظم نے اشکانی (Parthian) جُوا اُتار پھینکا، سوفان کے بادشاہ کو معزول کر دیا اور پورے ارمینیہ کو اپنے زیرِ نگیں متّحد کر لیا۔ ارمنی اتّحاد قائم کرنے کے بعد اس نے اشکانیوں اور سلوقیوں کے علی الرّغم ایک وسیع ارمنی سلطنت قائم کر لی اور سیاست میں اہم حصّہ لیتا رہا۔ تاہم اس کے بعد ارمینیہ کا ملک بیش از پیش اَرسقی اشکانیوں کی مملکت اور رومن سلطنت کے مابین ایک غیر جانبدار (buffer) ریاست کی حیثیت اختیار کرتا گیا، جس میں ہر ایک اپنی پسند کا بادشاہ اس پر مسلّط کرنا چاہتی تھی، اس لیے کہ اندرونی فتنہ وفساد نے بیرونی مداخلت اور غاصبانہ تصرّفات کے لیے ایک مستقل بہانہ مہیّا کر دیا تھا۔ عام طور پر ۱۱ء سے لے کر ۲۲۴ء میں ارسقیوں کے سقوط تک کے زیادہ تر عرصے میں جو افراد ارمینیہ میں برسرِ حکومت رہے وہ اَرسقی خاندان کے شہزادے تھے، جو کسی وقت تو اپنے اقارب کی روم کے خلاف ان کی جنگوں میں امداد کرتے تھے اور کبھی رومی حمایت قبول کر لیتے تھے۔ جب اَرسقی اشکانیوں کی جگہ ساسانیوں نے لے لی تو ارمینیہ کا ملک، جو بدستور سابق ارسقی بادشاہوں کے زیرِ فرمان تھا اور جس نے تیسری صدی کے خاتمے پر عیسائی مذہب قبول کر لیا تھا، دوبارہ دونوں سلطنتوں کے درمیان ایک نیا سببِ نزاع بن گیا اور انھوں نے آخر کار اس کمزور باج گزار مملکت کو آپس میں بانٹ لینے کا سمجھوتا کر لیا۔ ایک تقسیم کے بموجب، جو ۳۹۰ء کے قریب وقوع میں آئی، ایران کو مشرقی حِصّہ مل گیا، یعنی ارمینیہ کا $\frac{4}{5}$ حصّہ، جس پر خسرو ثالث حکمران ہوا اور جس کا دارالسلطنت دُوِین (Dwin) (عربی: دَبیل) تھا، بحالیکہ مغربی حصّہ روم کے ہاتھ میں رہا، جہاں اَرشک (Arshak) ثالث ارزِنجان میں برسرِ حکومت تھا۔ اَرشک کی وفات کے بعد رومیوں (بوزنطیوں) نے اس سرزمین کا نظم ونسق ایک امیر کومیس کونٹ (Comes'count) کے سپرد کر دیا۔ ایرانی حِصّۂ ملک موسوم بہ پرسَرمِینِیا (Persarmenia [یا ارمینیۃ الفارسیہ]) نے اپنے قومی حکمرانوں کو ۴۲۸-۴۲۹ء تک برقرار رکھا اور بعد ازاں اس کا انتظام ایک ایرانی مرزبان (والی) کے سپرد رہا، جو دُوِین میں رہتا تھا۔ ارمنی مؤرّخ سبیوس (Sebeos) کے قول کے مطابق، جو پانچویں اور ساتویں صدی کے وسط تک کے دَور کے لیے اہم ترین ماخذ ہے، ایرانی حکومت ارمینیہ میں اپنے قدم مستحکم طور پر جمانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوئی، اس وجہ سے اور بھی کہ ساسانی بادشاہ ارمنی عیسائیت کو ظلم وتشدّد کا شکار بناتے رہے۔ ارمنی امرا (nakherar) آتش پرستوں کا نفرت انگیز جُوا اُتار پھینکنے کے لیے ہر موقع سے فائدہ اٹھاتے تھے اور ایرانی مرزبانوں سے اپنے جھگڑوں میں بسا اوقات بوزنطی ارمینیہ میں رہنے والے اپنے ہم مذہبوں سے امداد کے طلب گار ہوتے تھے۔ یہ ایک ایسا طرزِ عمل تھا جو سرحدی جھڑپوں اور بعض دفعہ حقیقی جنگوں کا باعث بن جاتا تھا، تاہم ارمینیہ اور بوزنطیہ کے درمیان ایک وسیع خلیج ۴۵۱ء میں خلقدونیہ (Chalcedon) کی مجلس نے پیدا کر دی، جس کے فیصلوں کو ارمنوں نے ۵۰۶ء میں دوین کی مجلس میں مسترد کر دیا۔ اس تفرقے نے، جو باوجود یونانیوں کی دوبارہ اتحاد پیدا کرنے کی کوششوں کے قطعی ثابت ہوا، ارمینیۃ الفارسیہ کے ارمنوں اور مداین (Ctesiphon) کے دربار کے مابین، جو اب عیسائیت کی جانب زیادہ رواداری برتنے لگا تھا، سیاسی تعلّقات میں سہولت پیدا کر دی۔

شہنشاہ مارِس (Maurice؛ ۵۶۲-۶۰۲ء) کے عہدِ حکومت (۵۸۲-۶۰۲ء) میں بوزنطیوں نے ایرانی سلطنت کے جھگڑوں سے فائدہ اٹھاتے ہوے پرسَرمِینیا کا ایک حِصّہ دوبارہ فتح کر لیا۔ اب ارمینیہ کا ملک امن وامان کے ایک عہد سے متمتّع ہوا، لیکن خسرو ثانی پرویز (۵۹۰-۶۲۸ء) نے ۶۰۴ء میں بوزنطیوں کے خلاف دوبارہ جنگ کا آغاز کیا، جو ۶۲۹ء تک جاری رہی اور جو Atropatene میں ہراقلیس (Heraclius) (۶۱۰-۶۴۱ء) کی مشہور ومعروف مہمّات کی بنا پر ممتاز ہے۔

ساسانی عہد کے پورے زمانے میں ان دو بڑی طاقتوں کی مداخلت نے، بڑے بڑے خاندانوں کے درمیان اندرونی مناقشات نے، جو برتری حاصل کرنے میں ایک دوسرے کے مدِّ مقابل تھے اور شمال مشرقی سرحد پر خزر کی یورشوں نے ملک میں مکمّل لاقانونیت قائم رکھی۔ ارمینیہ کی سرزمین نے، جو تاخت وتاراج کا شکار تھی اور خانہ جنگیوں کی بدولت پاش پاش، مسلم حملے کے وقت اپنے آپ کو ایک ایسی کمزور حالت میں پایا کہ وہ عرب یورش کے خلاف شدید مزاحمت پیش کرنے کے قابل نہ تھی۔ اس لاقانونیت سے فائدہ اٹھا کر اب جھیل وان کے علاقے میں رُشتونی (Rshtuni) خاندان کی قوت بڑھنا شروع ہو گئی، جس کا مرکز جھیل وان میں واقع جزیرہ اَغْتَمَر تھا اور جس کے سردار تھیوڈور (Theodore) نے عرب حملوں کے وقت کارہائے عظیم سرانجام دیے۔

(ب) ارمینیہ عرب اقتدار کے ماتحت:

عربوں کی فتح ارمینیہ کی تاریخ کی تفاصیل میں ہمیشہ سے ابہام والتباس کا سامنا رہا ہے، کیونکہ عرب، ارمنی اور یونانی مآخذ میں جو معلومات پائی جاتی ہیں وہ بسا اوقات متناقض ہوتی ہیں۔ اسقف سبیوس (Sebeos) کا ارمنی بیان، جو ہمارے

سامنے ایک عینی شہادت پیش کرتا ہے، بلا شبہہ اس دَور کے لیے اہم ترین ماخذ ہے۔ اس بیان کے ساتھ ایک بیش قیمت تکملے کے طور پر پادری لاونتیوس (Leon-tius) کی تحریر کی شمولیت ضروری ہے، جو فی الواقع ۶۲۲ء اور ۶۷۰ء کے درمیانی سالوں کے لیے ایک تنہا قابلِ اعتنا شہادت کی حیثیت رکھتی ہے۔ عرب مصنّفین میں اوّل درجہ البلاذُری کا ہے جس نے ایک انوکھی حد تک ارمینیہ کے باشندوں سے حاصل کردہ بیانات سے کام لیا ہے۔

ملک شام کی فتح اور عربوں کے ہاتھوں ایرانیوں کی شکست کے بعد عرب ارمینیہ پر بار بار حملہ آور ہونے لگے اور اس سرزمین پر تسلّط جمانے کی غرض سے بوزنطیوں سے برسرِ پیکار رہنے لگے۔ عراق عرب کے فاتح [حضرت] عِیاض رضی اللہ عنہ بن غانم نے ۱۹ھ کے اختتام/ ۶۳۹ء اور ۲۰ھ کے شروع/ ۶۴۰ء میں جنوب مغربی ارمینیہ میں پہلی مہمّ کا بیڑا اٹھایا، جہاں وہ بِتْلِیس تک جا پہنچا۔ البلاذُری (ص ۱۷۶)، الطّبری (۱: ۲۵۰۶) اور یاقوت (۱: ۲۰۶) اس مہمّ کی تاریخ کے بارے میں متفق ہیں، لیکن اس کی تفصیلات کے متعلّق اختلاف رکھتے ہیں۔ الطّبری (۱: ۲۶۶۶) اور ابن الاثیر (۳: ۲۰-۲۱) کے بیانات کے مطابق ۲۱ھ/ ۶۴۲ء میں ایک دوسرا عرب حملہ واقع ہوا۔ مسلمانوں نے چار حبشیوں کی صورت میں، جن میں دو حَبِیْب بن مَسْلَمہ اور سَلمان بن ربیعہ کی قیادت میں تھے، شمال مشرقی ارمینیہ کے سرحدی علاقوں میں پیش قدمی کی، لیکن وہ ہر طرف سے اس طرح پیچھے دھکیل دیے گئے کہ انھیں جلد ہی ملک سے نکل جانا پڑا۔ اسی طرح اُس مختصر تاخت (رَدِّیَہ) کا اثر بھی اس سے بڑھ کر دیرپا ثابت نہ ہوا جو ۲۴ھ/ ۶۴۵ء میں سلمان بن ربیعہ نے آذربیجان سے ارمینیہ کے سرحدی علاقے میں کی۔ (اس تاخت کے بارے میں دیکھیے: الیعقوبی، ص ۱۸۰؛ البلاذُری ص ۱۹۸؛ الطّبری، ۱: ۲۸۰۶).

عرب مؤرّخین اور جغرافیہ نویسوں کی شہادت کے مطابق (دیکھیے خاص طور پر الیعقوبی، ص ۱۹۴؛ البلاذُری، ص ۱۹۷-۱۹۸؛ الطّبری، ۱: ۲۶۷۴-۲۶۷۵؛ ابن الاثیر، ۳: ۶۵-۶۶) ارمینیہ پر سب سے بڑا حملہ، یعنی وہ حملہ جس نے پہلی مرتبہ اس ملک کو مؤثّر طریقے سے عرب اقتدار کے زیرِ نگیں کر دیا، ۲۴ھ/ ۶۴۵-۶۴۶ء کے اختتام کے قریب [حضرت] عثمان رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں ہوا؛ شام کے والی [امیر] معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُسی سپہ سالار حبیب بن مسلمہ کو، جو شام اور عراق عرب کی جنگوں میں ناموری حاصل کر چکا تھا، ارمینیہ کی فتح کا کام تفویض کیا۔ یہ سپہ سالار پہلے قالیقلا (تھیوڈوسیوپولس (Theodosiopolis)؛ ارمنی: کَرِین؛ موجودہ اِرزروم) کی جانب بڑھا، جو بوزنطی ارمینیہ کا دارالسلطنت تھا اور اس شہر کو ایک مختصر محاصرے کے بعد فتح کر لیا۔ اس نے ایک بڑی بوزنطی فوج کو، جو خزر اور اللان (Alan) کے معاون عساکر سے کمک حاصل کر کے اسے دریاے فرات پر روکنے کے لیے آگے بڑھی تھی، سخت شکست دی۔ اس کے بعد اس نے جنوب مشرق میں جھیل وان کا رخ کیا اور اِخلاط اور مُکْس (Moks) کے مقامی سرداروں کی اطاعت کی پیشکش قبول کی۔ جھیل وان کے شمال مشرقی کنارے پر واقع اَرْجِیْش نے بھی عرب فوجوں کے آگے ہتھیار ڈال دیے۔ پھر حبیب پرسرمینیا کے مرکز دَوِیْن کا محاصرہ کرنے کے لیے روانہ ہوا، جس نے اسی طرح چند روز کے بعد اطاعت قبول کر لی۔ اس نے تِفْلِس کے شہر سے عرب سیادت کو تسلیم کرنے اور جزیہ دینے کے عوض صلح وضمانت کا ایک معاہدہ طے کر لیا؛ اسی اثنا میں سلمان بن ربیعہ نے اپنی عراقی افواج کی ہمراہی میں اَرّان (البانیا) کو تسخیر کیا اور اس کے دارالسلطنت بَرْذَعہ کو فتح کر لیا۔

ارمنی روایت تاریخوں کے معاملے میں نیز متفرّق تفصیلات میں عرب روایت سے اختلاف رکھتی ہے۔ صرف ایک بات، یعنی عرب حملے کے رخ کے بیان میں سِبیوس (Sebeos) اور البلاذُری میں مکمّل اتّفاق ہے؛ جیسا کہ ان مصنّفین کے بیان کردہ راستوں کا مقابلہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔

ارمنی مؤرّخین کے بیان کے مطابق ایک فوج ۶۴۲ء میں ارمینیہ میں داخل ہوئی؛ جودی (اراراط Ararat) کے علاقے تک جا پہنچی، دارالسلطنت دَوِین کو فتح کیا اور پھر اسی راستے سے پینتیس ہزار قیدی ساتھ لے کر ملک سے باہر نکل گئی۔ آئندہ سال میں مسلمان از سرِ نو ارمینیہ میں داخل ہوئے، انھوں نے جودی کے علاقے کو تاخت و تاراج کیا اور گرجستان (Georgia) میں بھی پہنچ گئے، تاہم امیر تھیوڈورس رشتونی (Theodoros Ṛshtuni) کے ہاتھوں ایک سخت شکست کھا کر وہ واپس چلے جانے پر مجبور ہو گئے۔ اس کے بعد جلد ہی بوزنطی شہنشاہ نے تھیوڈورس کو ارمنی افواج کا سپہ سالار تسلیم کر لیا۔ اب ارمینیہ کے ملک نے، جو کئی سال سے بچا ہوا تھا، بوزنطی سیادت کو پھر سے تسلیم کر لیا۔ جب تین سال کی عارضی صلح، جو عربوں اور ہیراقلیس (Heraclius) (م ۶۴۱ء) کے جانشین کونْسْٹانس (Constans) ثانی کے درمیان طے ہوئی تھی، ۶۵۳ء میں ختم ہوئی تو ارمینیہ میں دوبارہ جنگ چھڑ جانے کی توقّع ناگزیر ہو گئی۔ عربوں کے حملے کو روکنے کے لیے، جس کا خطرہ درپیش تھا، تھیوڈورس نے برضاے خود ملک ان کے حوالے کر دیا اور [امیر] معاویہ رضی اللہ عنہ سے ایک معاہدہ طے کر لیا، جو ارمنوں کے بہت مفید مطلب تھا اور جس کی رُو سے ان پر محض مسلم سیادت کا تسلیم کرنا عائد ہوتا تھا، تاہم اسی سال شہنشاہِ رُوم ایک لاکھ فوج کے ہمراہ ارمینیہ میں آوارد ہوا، جہاں زیادہ تر مقامی سردار اس کی صف میں شامل ہو گئے۔ اس نے زیادہ زحمت کے بغیر ارمینیہ کے پورے ملک اور گرجستان کو دوبارہ اپنے زیرِ نگیں کر لیا، لیکن دَوِین میں موسمِ سرما بسر کرنے کے بعد کونسٹانس ابھی بمشکل ملک سے رخصت ہوا تھا (۶۵۴ء) کہ پھر ایک عرب فوج ملک میں گھس آئی اور اس نے جھیل وان کے شمالی ساحل پر واقع اضلاع پر قبضہ کر لیا۔ ان عرب عساکر کی مدد سے تھیوڈورس نے یونانیوں کو دوبارہ ملک سے باہر نکال دیا اور اس کے بعد [امیر] معاویہ رضی اللہ عنہ نے اسے ارمینیہ، گرجستان اور اران (البانیا Albania) کا سردار تسلیم کر لیا۔ موریانوس (Maurianus) کے زیرِ قیادت ایک فوج کے ذریعے ملک کے کھوئے ہوئے

صوبوں کو دوبارہ فتح کرنے کی یونانی کوششیں بالکل ناکام ثابت ہوئیں۔ ۶۵۵ء میں عربوں نے اپنی حکومت کو تمام ارمینیہ پر وسعت دے دی اور ارمینیۃ البوزنطہ کے دارالسلطنت کرین (قالیقلا) کو بھی اپنے دروازے ان کے لیے کھولنا پڑے۔ تاہم دو سال کے بعد مسلمانوں کو اس مجبوری کا احساس ہوا کہ وقتی طور پر انھیں ایک ایسے مقبوضے کو چھوڑ دینا پڑے گا جس پر بھروسا نہیں کیا جا سکتا تھا۔ جب ۳۶ھ/ ۶۵۷ء میں [امیر] معاویہؓ اور [حضرت] علیؓ کے درمیان پہلی خانہ جنگی کا آغاز ہوا تو اوّل الذّکر کو اپنی اس فوج کی ضرورت پیش آئی جو ارمینیہ میں متمکّن تھی؛ چنانچہ مسلمان فوجوں سے خالی ہونے پر یہ ملک فوراً اپنے پرانے آقا بوزنطی سلطنت کا دوبارہ تابع ہو گیا۔

سبیوس کے بیان سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ سب واقعات، جنھیں عرب مآخذ نے حبیب کی ۲۴-۲۵ھ/ ۶۴۴-۶۴۶ء کی بڑی مہمّ سے منسلک کر دیا ہے، سہ سالہ عارضی صلح کے بعد ظہور میں آئے؛ تیوفان (Theophanes) کی *chronography* میں جو معلومات ہیں وہ بھی اسی تاریخ پر مبنی ہیں۔ عرب مؤرّخین کے ہاں اس واقعے کا مطلق کوئی ذکر نہیں کہ ارمینیہ اس پہلے حملے کے بعد جو [حضرت] عمرؓ کے عہد میں ہوا تھا دوبارہ بوزنطی حکومت کے زیرِ نگیں ہو گیا تھا، نہ ان واقعات ہی کو بیان کیا گیا ہے جو [امیر] معاویہؓ کی تخت نشینی سے پہلے کے زمانے میں اس ملک میں رونما ہوے تھے۔ اگر عربوں کے پہلے حملے سے لے کر ملک برابر اُن کے پورے اقتدار میں رہا ہوتا تو یہ واقعہ کہ تھیوڈورس رشتونی (Theodoros Rshtuni) نے اپنی مرضی سے [امیر] معاویہؓ کی اطاعت قبول کر لی تھی، جس کی شہادت نہ صرف سبیوس بلکہ تیوفان نے بھی دی تھی، ناقابلِ فہم ہو جائے گا۔ غازریان (Ghazarian) کے قول کے مطابق جس نے *Zeitschr. für arm. philol.*، ۲: ۱۷۳-۱۷۴، میں عرب اور ارمنی مآخذ کے مابین باریک اختلافات کا تجزیہ کیا ہے، عربی روایات کے مقابلے میں سبیوس کا ہم عصر بیان زیادہ قابلِ اعتماد ہے۔ یہ غازریان ہی ہے جس پر مُلّر (Müller) انحصار کرتا ہے (*Der Islam im Morgen-und Abendland*، ۱: ۲۵۹-۲۶۱)۔ اس سے ایک مختلف رائے شبد شیان (Thopdschian) کی ہے (*Zeitschr. für arm. Philol*، ۲: ۷۰-۷۱)، جس کے بیان کی رُو سے عربوں کے پہلے بڑے حملے کے بارے میں ارمنی اور عرب مؤرّخین میں تاریخوں اور واقعات کی مطابقت قائم کی جا سکتی ہے۔ لوراں (J. Laurent) (*L'Arménia entre Byzance et l'Islam*، ص ۹۰) کے نزدیک ۳۷-۴۰ھ اور ۶۵۱ء کے درمیان چھے عرب حملے ہوے۔ مندیاں (H. Manadean)، *Bréves Études*، اریوان ۱۹۳۲ء؛ مترجمۂ بربریان (H. Berberian)، در *Byz-antion*، ج ۱۸، ۱۹۴۶-۱۹۴۸ء)، نے روایتی مواد کو غائر نظر سے جانچا ہے اور وہ اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ ۶۵۰ء تک صرف تین عرب حملے ہوے تھے: (۱) ۶۴۰ء میں پہلا حملہ، تَرون (Taron) کے علاقے میں سے ہو کر، اور ۶ اکتوبر ۶۴۰ء کو دوین کی فتح؛ (۲) ۶۴۲ء میں دوسرا حملہ آذربیجان کے راستے پر سَرْمِینیا (Persarmenia) کے اندر؛ (۳) ۶۵۰ء میں ایک تیسرا حملہ جو آذربیجان سے کیا گیا تھا اور جس کا نمایاں پہلو جھیل وان کے شمال مشرق میں ضلع Kogovit میں واقع اَرْتَسْپ [؟] (Artsap) کی فتح تھی، بتاریخ ۸ اگست ۶۵۰ء۔

عربوں نے تھیوڈورس رشتونی (Theodoros Rshtuni) کی جگہ، جسے وہ ۶۵۵ء میں قید کر کے دمشق لے گئے تھے، جہاں ۶۵۶ء میں اس کا انتقال ہو گیا، ہمزاسب مامیکونی (Hamazasp Mamikonian) کو متمکّن کر دیا تھا، جو ایک مدّمقابل خاندان کا فرد تھا اور جس کی جاگیریں تَرون سے دَوین تک پھیلی ہوئی تھیں، لیکن مامیکونی نے بوزنطی سلطنت کی رفاقت اختیار کر لی اور ۶۵۷-۶۵۸ء میں اسے قُسْطُنْس (Constans) ثانی نے ملک کی سرداری کے لیے نامزد کر دیا۔ بوزنطی سیادت زیادہ عرصے تک قائم نہیں رہی۔ [امیر] معاویہؓ نے برسرِ اقتدار آنے کے بعد (۴۱ھ/ ۶۶۱ء) ارمینیہ کے لوگوں کو از سرِ نو عرب سیادت قبول کرنے اور خراج ادا کرنے کی دعوت دیتے ہوے ایک خط لکھا اور ارمنی امرا اس مطالبے کی مخالفت کرنے کی جرات نہ کر سکے۔ ارمنی مآخذ کے مطابق معزّز ترین خاندانوں کے افراد (مامکیون، بجارطہ Bagratuni) یا بجراتی (Bagratids) نے عبدالملک کے زمانے تک شروع کے امویوں کے ماتحت حکومت سنبھالے رکھی۔ اس کے برعکس عرب مؤرّخین ارمینیہ کے متعلّق اس طرح بیان دیتے ہیں جیسے حبیب کی فتح سے لے کر یہ ملک برابر مسلم حکام کی حکومت میں رہا [حضرت] عثمانؓ سے لے کر عبّاسی خلیفہ المستنصر تک کے زمانے کے لیے دیکھیے الیعقوبی، البلاذُری، الطّبری اور عاملین کی فہرست کے لیے غازران (Ghazarian): کتاب مذکور، ص ۱۷۷-۱۸۲؛ لوراں (Laurent): کتاب مذکور، ص ۳۳۶-۳۴۷؛ وَسمیر (R.Vasmer): *Chronology of the governors of Armenia under the first Abbasids*، در *Memoirs of the College of Orientalists*، لینن گراڈ ۱۹۲۵ء، ۱: ۳۸۱ ببعد (روسی زبان میں)۔

ارمینیہ میں عرب اقتدار کی پہلی صدی تباہی خیز جنگوں کے باوجود ملک کے لیے قومی اور ادبی شگفتگی کا ایک دَور تھی، لیکن بایں ہمہ مسلم حکومت امویوں کے زمانے میں اس سرزمین میں اپنے قدم مضبوطی سے نہ جما سکی اور اس سے بھی کم عبّاسیوں کے عہد میں؛ لہٰذا فساد اور بغاوتیں اکثر ہوتی رہتی تھیں۔ عرب حکومت کے خلاف سب سے بڑی اور سب سے زیادہ خطرناک بغاوت المتوکّل کے عہدِ حکومت میں ہوئی۔ اس خلیفہ نے اپنے بہترین آزمودہ کار سپہ سالار ترک بُغا الاکبر کو ایک زبردست فوج کے ہمراہ روانہ کیا، جو ۲۳۷-۲۳۸ھ/ ۸۵۱-۸۵۲ء میں خون ریز اور انتہائی شدید معرکوں کے بعد بغاوت پر قابو پانے میں کامیاب ہوا۔ اس پر سب امرا کو قید کر کے ملک کے باہر بھیج دیا گیا۔ المتوکّل نے اپنی سرگرمی کو صرف اس وقت ترک کیا جب اسے بوزنطیوں سے جنگ کرنے اور ایک نئی

بغاوت کو روکنے کے لیے، جسے مؤخّر الذکر نے برانگیختہ کیا تھا، اپنے عساکر کی ضرورت پیش آئی، لہٰذا اس نے قیدی سرداروں (نخَرار Nakharar) کو رہا کر دیا اور ارمینیہ کے بڑے امیر کے طور پر بجراتی خاندان کے اَشوط (Ashot) کو تسلیم کر لیا (۲۴۷ھ/ ۸۶۱-۸۶۲ء)، جو عرب مقاصد کے حصول کے لیے پہلے بھی اہمّ خدمات سرانجام دے چکا تھا، امیر الامرا کی حیثیت سے پچیس سال میں اشوط نے اپنی تمام رعایا اور مقامی سرداروں کو اس قدر اپنا گرویدہ بنا لیا کہ مؤخّر الذکر کی درخواست پر ۳۷۳ھ/ ۸۸۶-۸۸۷ء میں خلیفہ المعتمد نے اسے بادشاہ کا لقب عطا کر دیا۔ اس نے یہی اعزازی لقب رومی شہنشاہ سے بھی حاصل کر لیا، جس نے اس کے ساتھ ہی اس سے ایک معاہدۂ اتّحاد طے کر لیا۔ خلیفہ سے اشوط کے تعلقات کبھی مکدّر نہیں ہوے، وہ اپنا خراج باقاعدہ ادا کرتا رہا، لیکن اپنے مقبوضات کا انتظام اور ان پر حکمرانی خود اپنے طریقے پر کرتا تھا۔ اسی طرح مقامی امرانے بھی اس کے عہد میں تقریبًا خود مختار حیثیت اختیار کر لی تھی۔

اشوط (۸۶۲-۸۹۰ء) کی وفات کے بعد اس کا بڑا بیٹا سَمبَاط حکمران ہوا، جو واقعی ایک شجاعانہ کردار کا شخص تھا، لیکن جو کسی طرح بھی اس قابل نہ تھا کہ اپنے بیرونی دشمنوں، یعنی دیار بکر کے شیبانیوں اور آذربیجان کے ساجیوں کا مقابلہ کر سکے۔ وہ شیبانیوں کے خلاف اپنی جدّ و جہد میں ناکام رہا، تاہم کچھ عرصے کے بعد ۲۸۶ھ/ ۸۹۹ء میں خلیفہ المعتضد کی مداخلت سے شیبانی اقتدار کا خاتمہ ہو گیا اور ارمنی صوبوں کو ان حملہ آوروں سے نجات مل گئی، لیکن ساجی افشین مغرب اور شمال کی جانب اپنی پیش قدمی سے ارمینیہ کو مسلسل خطرے میں مبتلا کر رہا تھا۔ افشین (م ۲۸۸ھ/ ۹۰۱ء) کے ہوشیار بھائی اور جانشین یوسف کے زمانے میں سمباط کے لیے صورتِ حال اَور بھی دشوار ہو گئی۔ یوسف اس چیز کو سمجھ گیا کہ اَور سب باتوں سے بڑھ کر اسے اَرْدْزُرُونی خاندان کو اپنی جانب مائل کرنا چاہیے، جو اشوط اوّل کے وقت سے بجراتیوں کے بعد امرا کا سب سے زیادہ با اقتدار گھرانہ بن گیا تھا، یہاں تک کہ ۹۰۹ء کے قریب اس نے اس خاندان کے سربراہ جاجیق (Gagik) کو، جو بسفرجان (Vaspurakan) کا امیر تھا، شاہی تاج عطا کر دیا؛ یہی وہ اعزاز تھا جس کی تجدید خلیفہ المقتدر نے ۳۰۴ھ/ ۹۱۶ اور ۳۰۶ھ/ ۹۱۹ء میں کی۔

۹۱۰ء سے لے کر یوسف نے اپنی مہمّوں کے دوران میں ارمینیہ کو تاخت و تاراج کیا اور بالآخر کابویت (Kapoit) کے قلعے میں سمباط کو محصور کر لیا، جس کا ساتھ سب امرا نے چھوڑ دیا تھا۔ ۹۱۳ء میں (Adontz کے قول کے مطابق ۹۱۱ء میں) ارمینیہ کے بادشاہ نے اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دیا، جس نے اسے ایک سال تک قید میں ڈالے رکھنے کے بعد سخت اذیتیں پہنچا کر مروا دیا (۹۱۴ء؛ بقول Adontz ۹۱۲ء)۔ سمباط کے سقوط کے بعد ارمینیہ میں لاقانونیّت کا دَور شروع ہو گیا، اس کا باہمّت بیٹا ''آہنی بادشاہ'' اشوط ثانی (۹۱۵-۹۲۹ء) بوزنطی فوج کی مدد سے دوبارہ تخت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ یوسف نے شروع میں اس کے ایک عزیز کو اس کے مقابلے میں کھڑا کر کے اس کی مخالفت کی، لیکن یہ دیکھتے ہوے کہ اشوط اپنے دشمنوں پر سبقت لیے جا رہا تھا یوسف نے اسے تسلیم کر لیا اور اس کے لیے ایک شاہی تاج بھیج دیا (۹۱۷ء کے قریب)۔ ۹۱۹ء میں خلیفہ کی افواج کے ہاتھوں یوسف کی گرفتاری کے بعد، جس نے بغاوت برپا کی تھی، اس کے جانشین سُبُک (Sbuk) نے اشوط ثانی سے اتّحاد کر لیا تاکہ خلیفہ کی فوجوں کو ملک سے نکال دیا جائے اور اسے شہنشاہ کے لقب سے سرفراز کیا۔ اس لقب کی رُو سے بسفرجان (Vaspurakan)، آئی بیریا اور گرجستان کی ریاستوں اور دوسرے علاقوں پر اشوط کی سیادت تسلیم کر لی گئی۔ اشوط ثانی نے بجراتی اقتدار کو اس کے نصف النّہار تک پہنچا دیا اور وسطی اور شمالی ارمینیہ کے بیشتر حصّے پر اس کی حکومت رہی، جہاں سمباط پہلے ہی اس خاندان کے علاقے میں معتدبہ اضافہ کر چکا تھا۔ ارمنی امرا کے باہمی ملاپ اور اس کے رقیبوں، خصوصًا اردزرونیوں کی جانب سے اس کی سیادت کو برائے نام تسلیم کیے جانے کے بعد اس کے عہد کا خاتمہ بحالتِ امن و عافیت ہوا؛ تاہم دوین کا شہر یوسف کے نائب کے ہاتھ میں رہا۔

جنوبی ارمینیہ میں اردزرونی (دیکھیے اوپر) ایک نسبتًہ چھوٹے علاقے پر (بسفرجان، جس کا دارالسلطنت وان تھا) حکمران تھے۔ ان دو بڑی سلطنتوں کے علاوہ اب تک بعض چھوٹی ریاستوں کا ایک سلسلہ بھی موجود تھا، جن میں سے زیادہ تر محض برائے نام بجراتیوں کی سیادت کو تسلیم کرتی تھیں۔ علاوہ ازیں جنوب کی طرف Apahunik اور جھیل وان کے علاقے میں متعدّد عرب امرا کی ریاستیں تھیں جو خود مختار تھیں، لیکن خلافت سے علیحدہ؛ لہٰذا ارمینیہ کی تاریخ اپنی وسعت کے اعتبار سے بجراتیوں کی تاریخ کی مرادف نہیں ہے۔

اشوط ثانی کے پورے عہد اور اس کے جانشین اباز (Abas، ۹۲۰-۹۵۳ء) کے عہد کے بہت سے حصّے میں بوزنطی سلطنت اور عربوں کے درمیان جنگ بلا توقف جاری رہی اور بعض اوقات یہ جنگ ارمینیہ کی حدود کے اندر ہوتی رہی۔ شمالی ارمینیہ نیز جنوبی ارمینیہ میں یونانی جھیل وان کی ارمنی عرب ریاستوں کے خلاف کارروائی کرتے رہے، جو بوزنطی مآخذ کے مطابق شہنشاہ رومانوس لیکاپنوس (Romanus Lecapenus، ۹۱۹-۹۴۴ء) کی اطاعت قبول کرنے پر مجبور ہو گئیں۔ آذربیجان کے آخری ساجی امرا کا اثر و رسوخ ارمینیہ میں بمشکل ہی باقی رہ گیا تھا۔ حمدانی حکمران، جو ارمینیہ کی سرحد پر واقع دیار بکر کے مالک تھے اور بوزنطیوں سے برابر برسرِ پیکار رہتے تھے، کچھ عرصے کے لیے تمام ارمینیہ سے اپنی سیادت منوانے میں کامیاب ہو گئے (بقول مؤرّخ ابن ظافر و ابن الاَزْرَق) اور انھوں نے جھیل وان کے علاقے میں عرب - ارمنی ریاستوں پر نسبتًہ زیادہ مؤثّر اقتدار قائم کر لیا۔ ان ریاستوں نے بعد میں دیار بکر کے مروانی خاندان [رکّ بآن] کے بانی باذ اور اس کے جانشینوں کی سیادت قبول کر لی۔

حمدانیوں کے بعد یہ آذربیجان کے بنو مسافر [رکّ بآن] تھے جنھوں نے ارمینیہ کے امرا سے اپنی سیادت تسلیم کرائی، ان پر خراج عائد کیا (دیکھیے ابن حَوْقل، طبع ثانی، ۳۵۴ھ/ ۹۵۵-۹۵۶ء [کذا، ۹۶۵-۹۶۶ء] کے ضمن میں)

اور دوین کے مالک بن گئے۔

اشوط ثالث (۹۵۲-۹۷۷ء) نے بجراتی سلطنت کے صدر مقام کو آنی [رک بآن] کے چھوٹے سے قلعے میں منتقل کر دیا، جسے اس نے اور اس کے جانشین سمباط ثانی نے شان دار عمارتیں تعمیر کر کے مشرق کے ایک درخشندہ گوہر کی شکل دے دی۔ اسی کے عہدِ حکومت کا یہ واقعہ ہے کہ بجراتی خاندان کے ایک شہزادے کے لیے قارص کے علاقے کی حیثیت بڑھا کر اسے ایک سلطنت کا درجہ دے دیا گیا، علاوہ ازیں یہ کہ ۹۶۸ء میں بوزنطی سلطنت نے تَرون (Taron) کے علاقے کو، جو ایک بجراتی امیر کی جاگیر تھا، اپنی حدود میں شامل کر لیا۔

سمباط ثانی (۹۷۷-۹۸۹ء) اور اس کے بھائی جاجیق (۹۹۰-۱۰۲۰ء) نے مستعدی اور کامیابی سے حکومت کی، لیکن ایک مضحکہ خیز خاندانی حکمتِ عملی کی وجہ سے وہ ہمسایہ عیسائی ریاستوں سے تقریباً مسلسل جنگ وجدال میں الجھ گئے۔ ہمسایہ مسلمان امیروں سے بھی ان کی لڑائی رہتی تھی، جنھوں نے موقع پا کر دوین پر قبضہ کر لیا، ارمنوں پر خراج عائد کیا اور خود اہلِ ارمینیہ انھیں اپنے جھگڑوں میں مداخلت کی دعوت دیتے رہے؛ چنانچہ قارص کے بجراتی امیر نے سمباط کے خلاف ایک مسافری امیر کو مدد کے لیے بلایا۔ ۹۸۷-۹۸۸ء میں سمباط کو آذربیجان کے رَوّادی امیر کی سیادت تسلیم کرنا پڑی، جو مسافری حکمرانوں کا جانشین تھا اور اسے وہی خراج ادا کرنا پڑا جو گزشتہ سالوں میں اُس پر عائد رہا تھا۔

جنوبی ارمینیہ کی دوسری ریاستوں کے بارے میں مُملان روّادی سے تنازع میں جاجیق نے تیخ (Taik‘) کے داود (Davit‘) سے اتحاد کر لیا جو آئبیریا (Iberia) (گرجستان) کے ایک بڑے حصّے کا مالک تھا اور جس نے ۹۹۳ء کے قریب دیار بکر کے مروانی امیر سے مَلاذ گرد چھین لیا تھا، مُملان کو دو مرتبہ شکست ہوئی — دوسری باری قطعی طور پر ۹۹۸ء میں ارجیش کے قریب زمبو (Tsumb) کے مقام پر — اور وہ اس جگہ پناہ گزین ہونے پر مجبور ہو گیا۔

تاہم شہنشاہ بازِل (Basil) ثانی (۹۷۶-۱۰۲۶ء) کا مقصد تمام ارمنی ریاستوں پر قبضہ جمانا تھا۔ وہ تیخ کے امیر داود سے ۹۹۰ء میں یہ وعدہ لینے میں کامیاب ہو گیا کہ وہ اپنے علاقے اپنی وفات پر اس کے حوالے کر جائے گا؛ چنانچہ شہنشاہ نے داود (Davit‘) کی وفات کے بعد، ۱۰۰۱ء میں Taik‘ اور اس کے علاوہ مَلاذ گرد کو بھی اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔ جاجیق اوّل کے انتقال کے بعد بجراتی سلطنت میں انتشار پیدا ہو گیا، جس کی وجہ سے ایک تو اس کے بیٹوں یوحنّا سمباط (Johannes-Sambat) اور اس کے چھوٹے بھائی اشوط چہارم کے مابین تخت کے لیے رسّہ کشی تھی، دوسرے اس معاملے میں گرجستان اور بسفرجان کے بادشاہوں کی مداخلت اور اس کے علاوہ شروع کے سلجوقی حملے۔ باسِل ثانی نے ان واقعات سے فائدہ اٹھایا اور کچھ تو الحاق کے ذریعے اور کچھ شہزادوں کے درمیان صلح کرانے کے بہانے سے وہ ارمینیہ میں اپنے اقتدار کو وسیع تر بنانے میں کامیاب ہو گیا۔ آخری اردزرونی حکمران سنکریم (Senek‘erim) نے ۱۰۲۱ء میں ترکی حملے کے اندیشے سے بسفرجان کو بوزنطی سلطنت کے حوالے کر دیا اور اس کے عوض اسے سیواس (Sebasteia) کا علاقہ دے دیا گیا، جس میں کپادوکیا (Cappadocia) میں واقع دوسرے علاقوں (قیصریہ Caesarea اور Tzamandos) کا اضافہ کر دیا گیا۔ جھیل وان کی مسلم ریاستیں (اَخلاط، اَرجیش، بزکُری) ۱۰۲۳ء اور ۱۰۳۴ء کے درمیان ملحق کر لی گئیں۔ آنی کے بادشاہ یوحنّا نے خائف ہو کر اور اپنے علاقوں کو بوزنطی سلطنت سے محصور پا کر آنی پر اپنی وفات تک عارضی قبضہ رکھتے ہوئے شہنشاہ کو اپنا جانشین بنانے کا اعلان کر دیا۔ اشوط چہارم کی وفات (۱۰۴۰ء) پر، جس کے بعد جلد ہی یوحنّا بھی فوت ہو گیا (۱۰۴۱ء)، جو بجراتی سلطنت کے مقبوضات میں اس کا شریک تھا، شہنشاہ میخائل (Michael) چہارم نے آخر کار ارمینیہ کو پورے طور پر اپنی سلطنت میں شامل کر لینے کا ارادہ کیا؛ لیکن اس کی فوج کو شکست ہوئی اور ارمنی امرا نے اشوط چہارم کے بیٹے جاجیق ثانی کی بادشاہت کا، جو اس وقت صرف سترہ سال کا تھا، اعلان کر دیا (۱۰۴۲ء)، تاہم قسطنطین التاسع (Constantine Monomachos) نے تخت نشین ہوتے ہی آنی کو ملحق کرنے کا فیصلہ کر لیا اور جاجیق کو کمزور کرنے کی غرض سے اس نے گنجہ کے شدّادی (دیکھیے بنو شدّاد) خاندان کے امیر دَوِین ابوالاسوار کو اس کے خلاف کھڑا کرنے میں کوئی تامّل نہیں کیا۔ دو طرفہ آگ میں گھر کر جاجیق کشاں کشاں قسطنطینیہ جانے پر راضی ہو گیا اور اسے مجبوراً آنی کو حوالے کرنا پڑا (۱۰۴۵ء)۔ معاوضے کے طور پر اسے کپادوکیا میں Charsianon اور Lykandos کے اضلاع (Themes) میں زمینیں دے دی گئیں۔ اس کے بعد ارمینیہ کا بیشتر حصّہ براہِ راست بوزنطی سلطنت کے نظم ونسق میں آ گیا اور اس سلطنت کے اختیارات کو مرکز میں محدود کرنے کی حکمت عملی سے جو بے اطمینانی پیدا ہوئی اور خَلقدونی (Chalcedonian) اہلِ کلیسا کو جو مراعات عطا کی گئیں وہ ایک حد تک سلجوقیوں کی ارمینیہ میں کامیابی کا سبب بن گئیں۔

قارص کی بجراتی سلطنت کو سلجوقی یورش کے بعد کہیں ۱۰۶۴ء میں جا کر بوزنطی حکومت نے اپنے ساتھ ملحق کیا۔ اس کے آخری بادشاہ جاجیق اَباز (Gajig-Abas) نے اسے شہنشاہ قسطنطین (Constantine Ducas) کے حوالے کر دیا، جس نے معاوضے میں اسے کپادوکیا میں جاگیریں عطا کر دیں۔

اس طرح اپنے بادشاہوں کی تقلید کرتے ہوئے ارمنی قوم کا ایک اہم حصّہ بوزنطی سلطنت کے علاقوں میں آباد ہو گیا، لیکن اس سے پہلے بھی عرصۂ دراز سے ارمنی ارمینیہ سے باہر پائے جاتے تھے۔ یہ بات بخوبی معلوم ہے کہ انھوں نے بوزنطی سلطنت کے لیے سپاہی مہیّا کیے، نیز متعدّد سپہ سالار اور یہاں تک کہ شہنشاہ بھی۔ یہ ارمنی ہی تھے جنھوں نے مشہور ومعروف میلیاس (Melias) (ارمنی: Mleh) کی سرکردگی میں Larissa، Tzamandos، Lykandos، اور Symposion کے علاقوں کو آباد کیا۔ اس وقت جبکہ دسویں صدی کے شروع میں بوزنطی حکومت نے کپادوکیا کے ان علاقوں کو دوبارہ معمور کرنے کا فیصلہ کیا جو

عرب حملوں سے ویران ہو گئے تھے اور جنھوں نے ان علاقوں کی حفاظت کا ذمّہ لیا اور بوزنطی جنگوں میں نام پیدا کیا۔ مسلم علاقوں میں بھی ارمنی موجود تھے، جو خلفا کی ملازمت کر رہے تھے، لیکن انھوں نے اسلام قبول کر لیا تھا، جیسے کہ مشہور امیر علی الارمنی نے، جو ارمینیہ اور آذربیجان کے والی نامزد ہونے کے تھوڑے ہی عرصے کے بعد ۸۶۳ء میں فوت ہو گیا۔ مصر میں بھی طولونیوں کی فوج میں ارمنی قوم کے لوگ پائے جاتے تھے؛ تاہم بوزنطی علاقے میں آ کر ارمنوں کا آباد ہونا سب سے بڑھ کر اہمیّت رکھتا ہے اور اس کی وجہ سے دسویں صدی کے نصف ثانی میں کیلیکیا (Cilicia) اور شمالی شام کے ان علاقوں کو از سرِ نو آباد کرنے میں مدد ملی جنھیں بوزنطی سلطنت نے دوبارہ فتح کیا تھا اور جنھیں مسلمان باشندے چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ جغرافیہ نویس المقدسی (*BGA*، ۳: ۱۸۹) بیان کرتا ہے کہ اس وقت میں امانوس (Amanus) ارمنوں سے آباد تھا۔ اسوغِک (Asoghik) ہمیں یہ بتاتا ہے کہ خاچِق [؟] Khačik اوّل (۹۷۲-۹۹۲ء) کی جَرِیّت (pontificate) میں انطاکیہ اور طرسُوس میں ارمنی اسقف موجود تھے۔ گیارھویں صدی کے دوران میں ان علاقوں (کپادوکیا، Commagene، شمالی شام اور یہاں تک کہ عراق عرب، مثلاً الرُّھا (Edessa)) میں، ارمنوں کی سرگرمی معتد بہ تھی۔ متعدّد ارمنی حکام شہروں میں بوزنطی سلطنت کے نائبین کے طور پر کام کرتے تھے اور شروع کے سلجوقی حملوں سے جو ہلچل پیدا ہوئی اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انھوں نے ارمنی ریاستوں کی بنیاد ڈال دی (دیکھیے مادّۂ ارمن)۔ اسی زمانے میں مصر کے فاطمی خلفا کے ہاں بھی ارمنی پائے جاتے تھے۔ ارمنی بدر الجمالی [رک بآن] کی پیروی میں، جو ایک غلام کی حیثیت سے ترقی کر کے شام میں مصری افواج کا سپہ سالار ہو گیا تھا اور پھر اس سے بڑھ کر قاہرہ میں وزارت کے عہدے پر فائز ہو گیا تھا (۱۰۷۳-۱۰۹۳ء)، مصر میں جن ارمنوں کا ورود ہوا ان میں اوّل تو وہ لوگ تھے جنھیں اس نے پہلے ہی اپنے گرد و پیش اکٹھا کر لیا تھا اور دوسرے وہ لوگ جنھیں اس نے وہاں بلایا اور جنھوں نے نہ صرف فوج میں بلکہ ملک کے اداروں میں بھی ملازمت اختیار کر لی۔ ان ارمنوں نے فاطمی خلفا کو متعدّد وزیر مہیّا کیے، جن میں ایک بہرام [رک بآن] اپنے عیسائی مذہب پر قائم رہا۔ اس طرح مصر میں ایک اہمّ ارمنی آبادی کے داخلے سے وہاں بہت سی ارمنی خانقاہیں اور عبادت گاہیں وجود میں آ گئیں، نیز ایک ارمنی کیتھولک کلیسا (Catholicosate) بھی۔ بعض فاطمی خلفا بھی ارمنوں پر نظرِ عنایت رکھتے تھے، اس موضوع پر دیکھیے M. Canard: *Un vizir chrétien á l' époque fatimite*، در *AIEO*، الجزائر ۱۹۵۴ء، ج ۱۲ اور *Notes sur les Arméniens en Égypte à l' époque fatimite*، وہی رسالہ، ج ۱۳ (۱۹۵۵ء)؛ قب J. Laurent: *Byzance et les Turcs Seldjoucides dans l' Asie Occidentale jusqu'en 1081*، در *Annales de l' Est*، سال ۲۸، جزو ۲، پیرس ۱۹۱۴ء (۱۹۱۹ء).

(M. CANARD)

۲ (ب) - اہلِ ارمینیہ ترکوں اور مغلوں کے زیرِ حکومت:

جب یہ آخری واقعات رونما ہو رہے تھے تو ترکمان، جن کی قیادت کچھ زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا کہ سلجوقی خاندان کے ہاتھ میں آ گئی تھی، مسلم ایران کو ارمنی - بوزنطی سرحدوں تک فتح کر رہے تھے، اگرچہ یہ حملہ شروع میں ارمنی علاقوں کے بوزنطی سلطنت کے ہاتھ سے نکل جانے کا سبب نہیں تھا، جیسا کہ بعض دفعہ وثوق سے کہا جاتا ہے (*JA*، ۱۹۵۴ء، ص ۲۷۵-۲۷۹ و ۱۹۵۶ء، ص ۱۲۹-۱۳۴)، تاہم پانچویں / گیارھویں صدی میں وہ ارمنوں کے لیے ایک ہَولناک خطرے کا پیش خیمہ تھا۔ ترکمان تاخت و تاراج کے ایک دَور کے بعد ملاذگرد کی جنگ (دیکھیے ملاذگرد) بوزنطی اقتدار کے خاتمے کی علامت تھی اور ارمینیہ، کپادوکیا اور ایشیائے کوچک کے بیشتر حصّے میں ہر جگہ ترکمان آباد ہو گئے۔ آذربیجان کی حدود پر واقع ارمنی علاقے سلجوقی سلطنت میں شامل کر لیے گئے، بحالیکہ مغربی اور وسطی علاقوں نے مختلف ریاستوں کی شکل اختیار کر لی: اَخْلاط [رک بآن] کی ریاست، جس کی بنا ایک باج گزار سلجوقی امیر سُکمان [سقمان] القطبی نے ڈالی، جس نے شاہ ارمن کا بلند پایہ لقب اختیار کر لیا؛ آنی (Ani) [رک بآن] کی ریاست، جو سلجوقی حکمرانوں نے ارّان کے سابق حکمران خاندان کی ایک شاخ موسوم بہ شدّادین کو عنایت کر دی (منورسکی V. Minorsky: *Studies in Caucasian History*، ۱۹۵۳ء، ص ۷۹-۱۰۶) اور آخر میں ارز روم میں سلتوقیوں (Saltukids) اور اِرزِنجان میں منگوجاقیوں (Mangudjakid) کی خود مختار ترکمان ریاستیں۔ اسی اثنا میں کپادوکیا کے دانشمند خاندان اور اناطولیہ اور تاوروس (Taurus) کے سلجوقی حکمران مَلَطْیہ پر قبضے کے لیے آپس میں جھگڑتے رہے اور دیار بکر کو بالآخر اَرْتُقی خاندان نے اپنے علاقے میں ضم کر لیا۔ یہ صورتحال ساتویں / تیرھویں صدی کے شروع میں تبدیل ہو گئی، جبکہ دیار بکر کے بیشتر حصّے اور اخلاط کی ریاست کو مصر و شام کے ایوّبیوں نے اپنی سلطنت میں شامل کر لیا، بعد میں ارمینیہ اور ایشیائے کوچک پر خوارزمیوں کی عارضی یورش کے بعد ارزنجان اور ارز روم کی ریاستیں مع اخلاط کی ریاست کے ایشیائے کوچک کی متّحد اور بااقتدار سلجوقی سلطنت میں شامل کر لی گئیں جس طرح کہ دانشمندی علاقے پہلے ہی شامل کر لیے گئے تھے؛ تاہم ارّان اور آنی کے علاقوں میں اہل ارمینیہ اگر خود مختار نہیں ہوئے تو کم از کم ایک عیسائی (لیکن ایک مختلف کلیسا سے تعلق رکھنے والی) سلطنت کی حکومت میں آ گئے، جس کی وجہ سے آذربیجان اور شدّادی خاندان کے صرف پرگرجستان کی حدود کی توسیع تھی۔

اگرچہ بعض ارمنوں نے [سلجوقی] حملہ آوروں سے سمجھوتے کر لیے تھے اور بہرصورت بیشتر نے ان سے شرائط طے کر لینے کی کوشش کی تھی، تاہم شروع کے مرحلوں میں جو تباہی برپا ہوئی اُس کی وجہ سے اُس نقلِ وطن میں مزید ترقی اور اضافہ ہو گیا جس کی محرّک بوزنطی حکمتِ عملی تھی اور جس نے اب تاوروس (Taurus) کے پہاڑوں اور کیلیکیا کے میدان کا رخ اختیار کر لیا۔ ملاذگرد کی جنگ

کے بعد کچھ عرصے کے لیے کیلیکیائی تاوروس سے لے کر ملطیہ تک تمام علاقے بشمولیّت الرُّھا وانطاکیہ ایک سابق ارمنی۔بوزنطی سپہ سالار فلیرِٹس (Philaretes) کی سرگردگی میں دوبارہ متحد ہو گئے، جس کے اخلاف صلیبی مجاہدین کی آمد کے وقت تک تاوروس میں بمقام الرُّھا وملطیہ ترکی سیادت کے تحت اپنی جگہ پر بدستور قائم تھے۔اس وقت شامی۔عراقی سرحدوں کی ارمنی آبادیاں انطاکیہ اور الرُّھا کی آزاد حکومتوں میں شامل کر لی گئیں، لیکن کیلیکیا میں ایک قومی حکمران خاندان، روپانی (Rupenians) نے بتدریج خودمختاری حاصل کر لی۔اس کے عروج نے، جو ۱۱۹۰ء میں لیو (Leo) اعظم کے شاہی لقب کے تسلیم کیے جانے سے مؤکّد ہو گیا، اتنے ارمنوں کو اپنی جانب کھینچ لیا کہ یہ علاقہ بجا طور پر ارمینیۃ الصغرٰی کہلا سکتا تھا۔ یہاں ہمارے لیے بالترّتیب اس خاندان کی تاریخ بیان کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ محض اس واقعے کی جانب توجہ دلانا ہے کہ اپنے ہمسایوں اور مخالف طبقوں کے خلاف جدوجہد نے شہزادہ مُلیح (Mleh) کو وقتی طور پر (۱۱۷۰ - ۱۱۷۴ء) اس پر آمادہ کر دیا کہ وہ اسلام قبول کر لے تاکہ اس طرح وہ نور الدّین [رک بآن] کی حمایت حاصل کر سکے، نیز یہ کہ ساتویں/تیرھویں صدی میں ایک نسبۃً طویل عرصے کے لیے جدید ہیتھومی (Hethumian) خاندان کے عہد میں اس سلطنت کو ایشیائے کوچک کے سلجوقیوں کے خلاف سخت جنگیں کرنا پڑیں اور بعض وقتوں میں ان کی ایک مبہم سی اطاعت بھی اختیار کرنا پڑی (قب: مقالہ از P. Bedoukian، جو Amer. Numismatic Society کے لیے زیرِ اشاعت ہے)۔

بایں ہمہ جب ایک مرتبہ شروع کی تباہی کا دَور ختم ہو گیا اور پائدار ریاستوں کی تنظیم ہو گئی تو مسلم اقتدار کے ماتحت ارمنوں کی حالت اس سے چنداں بدتر نہ تھی جیسی کہ وہ اس سے پہلے کی مسلم حکومتوں کے ماتحت رہی تھی۔ اگر ملک شاہ سے بالکل قطع نظر کر لی جائے، جس کی تعریف وتوصیف کرنے میں ارمنی مؤرّخین رطب اللّسان ہیں، تو بھی یہ کہنا دشوار ہے کہ اس زمانے میں ایشیائے کوچک کی ریاستوں کو کسی طرح کی بڑی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا، جہاں ایک کلیسائی تنظیم، خانقاہیں اور کچھ ثقافتی سرگرمی باقی رہ گئی تھی (قب مثلاً S. Der Nersessian: *Armenia and the Byzantine Empire*، ہارورڈ (Harvard) ۱۹۴۷ء، ص ۱۳۳) اور بڑے ارمنی شہر جیسے کہ ارزنجان اور ارزروم برقرار تھے۔ ڈرامائی نوعیّت کے جو بھی واقعات ظہور میں آئے وہ خاص اسباب کا نتیجہ تھے۔ ان میں سب سے پہلے ۱۱۸۰ء کے قریب جبل سسّون کے ارمنوں کا قتل عام تھا، جو اس علاقے کے تقریباً خودمختار ترکمانوں اور کردوں کے درمیان فتنہ وفساد کا نتیجہ تھا اور بالخصوص الرُّھا کی عیسائی آبادی کے ایک حصّے کا اس موقع پر قتلِ عام جب یہ شہر زنگی نے ۱۱۴۴ء میں اور نور الدّین نے ۱۱۴۶ء میں فرنگیوں (Franks) سے دوبارہ فتح کیا۔

بنیادی طور پر صحیح بات یہ ہے کہ ارمنوں نے مختلف اوقات میں اپنے مسلم آقاؤں کے ہاتھوں جو تکلیف اٹھائی اس کے اسباب مذہبی نہیں بلکہ سیاسی تھے۔ باوجود کسی قدر اختلاف کے مغرب کے ارمنی بالعموم فرنگیوں کے ''شرکائے جرم'' کے طور پر کام کرتے تھے۔ علاوہ ازیں ارمنی کلیسا میں جو مناقشات اکثر پیدا ہوتے رہتے تھے ان کا سبب بھی سیاسی تھا، خصوصًا ارمینیۃ الکبرٰی کی مسلم ریاستوں کے ارمنوں — جنھیں سب سے پہلے اس چیز کا خیال رہتا تھا کہ وہ اپنے آقاؤں کو ناراض ہونے کا موقع نہ دیں — اور کیلیکیا کے ارمنوں کے درمیان مناقشہ، جن کا میلان زیادہ تر لاطینی ممالک کی جانب تھا۔ اسی طرح مغل حملے کے معاملے میں بھی ارمنوں کی اپنی روش ہی نے ان کی جانب اسلامی طاقتوں کے ردِّعمل کی تعیین کی۔

مغل سلطنت کے قیام سے مشرق قریب کی مختلف مذہبی جماعتوں کے کوائف زندگی میں گہرے تغیّرات کا آغاز ہو گیا۔ جو اسلامی ریاستیں مغلوں نے فتح کیں ان میں انھوں نے بالعموم مذہبی اقلیتوں بالخصوص عیسائیوں کی تائید پر انحصار کیا۔ اپنے مشرقی ہم مذہب لوگوں کی مرسلہ اطلاعات سے اچھا اثر لیتے ہوئے ہیتھُم (Hethum) اوّل نے شام اور ایشیائے کوچک کے مسلمانوں کے خلاف بحیرۂ روم کے ساحلوں پر مغلوں کے پیش رَو کے طور پر کارروائی کی، لیکن ارمنوں کے اس فعل نے بجائے خود مسلمانوں کے غیظ وغضب کو برانگیختہ کر دیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب مملوکوں نے مغلوں کے خلاف جنگ کا آغاز کیا تو سلطنت کیلیکیا کی سرکوبی ان کے بڑے مقاصد میں شامل تھی۔ آٹھویں/چودھویں صدی میں مغل سلطنت کے انقراض سے ارمنی بے یارومددگار رہ گئے اور کیلیکیا کی سلطنت کا صدر مقام سِس (Sis) ۱۳۷۵ء میں مفتوح ہو گیا۔ نویں/پندرھویں صدی میں کیتھولیکوس (Katholikos) کے صدر مقام کو پیچھے ہٹا کر دریائے الرسّ کے قریب Etchmiadzin میں منتقل کر دیا گیا۔

تاہم ارمینیۃ الکبرٰی میں صورتِ حال دیر تک موافق نہ رہی۔ ۱۳۰۰ء کے قریب مغل مسلمان ہو گئے اور اگرچہ ان کی رواداری اس سے متأثّر نہیں ہوئی تو بھی کسی خاص حفاظت کا سوال باقی نہ رہا۔ علاوہ ازیں مغل حکومت نے ارمینیہ میں خانہ بدوش عنصر کی مقدار بڑھا دی تھی، بالخصوص ترکمان عنصر کی، جس سے کاشت کاروں کو، جو زیادہ تر ارمنی تھے، بہت نقصان پہنچا۔ بعد میں ارمینیۃ الکبرٰی کو اپنے ہمسایہ ملکوں کے ساتھ تیمور کا شدید حملہ برداشت کرنا پڑا اور نویں/پندرھویں صدی میں آق قویونلو [رک بآن] کے ترکمان خاندان کی سرکردگی میں ایک پائدار اور بخوبی منظّم ریاست کا قیام ارمنی قوم کے سابق اقتدار کو بحال کرنے کے لیے کافی ثابت نہ ہوا۔ اب بہت سے ارمنوں نے دوبارہ نقلِ وطن شروع کیا۔ اس مرتبہ زیادہ تر بحرِ اسود کے شمال میں واقع علاقوں کی طرف۔ عثمانی ترکوں اور صفویوں کے مابین جنگیں اب بھی ارمنی سرزمین پر لڑی جاتی تھیں اور بعد میں آذربیجان کے ارمنوں کے ایک گروہ کو فوجی تحفّظ کے ایک اقدام کے طور پر اصفہان اور دوسرے مقامات میں جلاوطن کر دیا گیا۔ نیم خودمختار ریاستیں آذربیجان کے شمال

کی طرف قرہ باغ کے پہاڑوں میں متبدّل حالات وکوائف کے ساتھ باقی رہیں لیکن اٹھارھویں صدی میں ان کا بھی خاتمہ ہوگیا.

مآخذ: (علاوہ عمومی تصانیف کے:) گیارھویں صدی سے لے کر پندرھویں صدی تک کی مشرقِ قریب کی تاریخ سے متعلّق سب زبانوں میں جو عام مآخذ ہیں ان کا یہاں ذکر نہیں کیا جائے گا۔ ان کا مطالعہ صلیبی جنگوں کے ضمن میں *Syrie du Nord* میں، جس کا ذکر نیچے کیا گیا ہے، مل جائے گا، (ص ۱-۱۰۰)۔ یہاں بارھویں اور تیرھویں صدی کے ارمنی مؤرّخین کی جانب خاص طور پر توجّہ مبذول کرائی جائے گی، خصوصًا الرُّھا کے متی (Matthew) اور گمنام "شاہی مؤرّخ" کی جانب، جن سے مذکور زیر Alishan نے اپنی تصانیف میں استفادہ کیا ہے (متن کی ایک طبع سکنّر (Skinner) نے تیار کی ہے) اور مغل فتح کے زمانے کی ارمینیۃ الکبرٰی کے مؤرّخین کی جانب بھی۔ مؤخّر الذکر میں سے *History of the Nations of the Archers*، جسے عرصے تک راہب ملاکی (Malachi) کی جانب منسوب کیا جاتا رہا تھا، اس کے مرتّبین ومترجمین R. P. Blake اور R. N. Frye (در *Harvard Journal of Asiatic Studies*، ج ۱۲، ۱۹۴۹ء) نے اس کے حقیقی مصنّف Akanc کے Gregory کے نام سے دوبارہ منسوب کیا ہے۔ قرونِ وسطٰی کی آخری دو صدیوں کے لیے صرف ایک قابلِ ذکر ارمنی تذکرہ موجود ہے، یعنی Medzoph کے ٹامس (Thomas) کا، جس کا ایک حِصّہ F. Nève کی کتاب *Exposé des guerres de Tamerlan* etc. (برسلز ۱۸۶۰ء) میں فرانسیسی زبان میں دستیاب ہوگیا ہے۔ (صفوی عہد کے لیے دیکھیے تبریز کے اَرَکِل (Arakel) کی تصنیف، مترجمہ M. F. Brosset، بعنوان *Collection d'Auteurs arméniens*، ج ۱).

(ب) جدید تصانیف: J. Laurent (۱) *Byzance et les Turcs*؛ Cl. Cahen (۲) *La première pénétration turque en Anatolie, Byzantion, Seldjoucides*، ۱۹۴۰ء؛ (۳) وہی مصنّف: *La Syrie du Nord à l'époque des Croisades*، ۱۹۴۸ء؛ (۴) صلیبی جنگوں کی تواریخ از de Grousset و Runciman اور فِلاڈیلفیا کی *History of the Crusades*، جس کی تصنیف میں متعدّد مصنّفین شریک تھے؛ (۵) L. Alishan: *Sissouan*، فرانسیسی ترجمہ، وینس ۱۸۹۹ء؛ (۶) *Recueil des Historiens des Croisades* در *Historiens arméniens*، ج ۱، مقدمہ، از Dula-urier؛ زمانۂ حال کے دیگر مخصوص مطالعات میں (۷) O. Turan: *Les Seldj-oucides et leurs sujets nonmusulmans* در *Studia Islamica*، ج ۱، ۱۹۵۳ء.

(CL. CAHEN)

۲- (ج) عثمانی ترکی اَرمینیہ

عثمانی ترکوں نے مغربی اَرمینیہ کو چودھویں صدی کے آخری دس سالوں میں بایزید اوّل کے عہد میں فتح کیا اور مشرقی اَرمینیہ کو اس کے بعد کی دو صدیوں میں، محمد ثانی اور سلیم اوّل کے عہد میں۔ بالآخر وہ پورے اَرمینیہ، کلاں (Grosso) وخرد (modo) کے، جو ایک دوسرے سے زیادہ تر دریائے فرات کی بالائی شاخوں کے ذریعے الگ ہیں، مالک بن گئے، سوائے ایرانی وترکی ریوان (Revan) میں واقع اریوان (Erivan یا زیادہ صحیح طور پر Erevan) کی ریاست کے، جو ایک ایسا خطّہ ہے جس میں Ečmiadzin (ترکی میں اوچ کلیسا) کا بطریقی مستقر اور اَرمینیہ کے بادشاہوں کے قدیم دارالسلطنتوں کے آثار باقی ہیں۔ یہ خطّہ جو ماورائے قفقاز میں وسطی الرّس (Araxes) پر واقع ہے اور جس کے بارے میں ایک طویل عرصے تک ترکوں اور ایرانیوں میں تنازع رہا، ترکمان چای کے صلح نامے (یکم فروری ۱۸۲۸ء) کی رُو سے روسیوں کے سپرد کر دیا گیا، جنھوں نے اس وقت سے اس علاقے میں ارمینیہ کی سوویٹ فیڈرل ری پبلک بنا دی ہے۔ اس خطے کے جنوب میں کوہ ارارات (ترکی میں اَغری طاغ؛ ارمن میں مصیص (Masis) واقع ہے، جس پر مغربی سیّاح جماعتیں وقتًا فوقتًا کشتیِ نوحؑ کے باقیات تلاش کرتی رہی ہیں اور انھیں پالینے کا دعوٰی کرتی ہیں۔ یہ وہ نقطہ ہے جہاں ترکی، ایرانی اور روسی سرحدیں باہم ملتی ہیں.

اس کے برعکس قارص کا صوبہ، جو ۱۸۷۸ء میں روسیوں کے حوالے کر دیا گیا تھا، ترکی نے ۱۹۱۸ء میں دوبارہ حاصل کرلیا.

ترکی حکومت کی لغت میں — خاص طور سے اصلاحات کے اس لائحہ عمل کے سلسلے میں جس کا وعدہ یورپی طاقتوں سے کیا گیا تھا — اصطلاح "ولایتِ ستّہ" یا "چھے صوبے" (یعنی ارمنوں سے آباد) اختیار کی گئی، جو یہ ہیں: وان، بتلیس (متبادل بہ مُوش)، ارزروم، خرپوت، سیواس اور دیاربکر۔ اس نام میں مرعش (Mar'ash) کی سنجق کو نظر انداز کر دیا گیا، جو حلب کی سابقہ ولایت کا ایک حِصّہ تھی اور اسی طرح آدنہ (کیلیکیا (Cilicia) یا اَرمینیۃ الصغرٰی، اس اصطلاح کے محدود مفہوم میں) کی سابق ولایت کو بھی.

ترکی اقتدار کا نتیجہ یہ نہیں ہوا کہ ارمنی ترکوں میں گھل مل جاتے، کیونکہ مذہب کے فرق کی وجہ سے ان کی علٰیحدہ حیثیت محفوظ رہی؛ اگرچہ بہت سے ارمنوں، خصوصًا مردوں اور رومن کیتھولک لوگوں نے ترکی کو اپنی دوسری بلکہ پہلی زبان کے طور پر اختیار کرلیا.

قسطنطینیہ کی فتح کے بعد ارمنی قوم کی زندگی میں ایک اہم تغیّر واقع ہوا۔ ۱۴۵۳ء تک اس ملک کی قیادت تین بطریق یا Katholikos (Katho-ghikos) کرتے تھے، یعنی ۱- Ečmiadzin کا بطریق، جو ۱۴۴۱ء سے اس خانقاہ میں بحال کر دیا گیا تھا؛ ۲- کیلیکیا میں واقع سِس (Sis موجودہ Kozan) کا بطریق، جو اس شہر میں ۱۲۹۲ء سے مقیم رہا تھا اور اوّل الذکر کو تسلیم نہیں کرتا تھا؛ ۳- اَغتمَر (جھیل وان میں ایک چھوٹے سے جزیرے) کا بطریق؛ ۱۱۱۳ء سے یروشلم کے ارمنی اسقف کو بھی بطریق کے القاب اور نشانات حاصل ہیں.

بوزنطہ کی فتح کے بعد سلطان محمد ثانی نے اپنے سیاسی نظریات کی مطابقت

میں بروسہ کے ارمنی اسقف جواشم (Joachim) کو استانبول طلب کیا اور اس کا تقرّر بطریق کے طور پر ان سب مراعات کے ساتھ کر دیا جو یونانی اور تھوڈوکس (Orthodox) کلیسا کے بطریق کو حاصل تھیں۔ اس طرح ارمنی قوم (ترکی: مِلّت) کی تشکیل ہوئی۔ ایک مجلس اہلِ کلیسا کی اور ایک عوام کی اس بطریق کی مددگار تھی، جس کا انتخاب معمولی اسقفوں سے بالاتر "Prelates" میں سے کیا جاتا تھا اور جو مَرْخَسہ کہلاتا تھا، جس کا صحیح مفہوم ہے ''ولی پجاری'' (سریانی مارقسہ سے، ترکی - عربی لفظ، مُرَخَّصَہ سے اشتقاق کو ردّ کر دینا چاہیے)۔ قسطنطینیہ کے بطریق کی جاے سکونت قُمْ قپُو محلّہ ہے۔

اس وقت سے ارمنوں کی حالت بہتر ہوگئی اور آگے چل کر وہ ترکی میں ایک اہمّ حیثیت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے، خصوصاً بینکرز (bankers) (صرّاف، صحیح مفہوم میں money changers) کے طور پر۔ Ubicini (*Letters sur la Turquie*، ۱۸۵۴ء، ۲: ۳۱۱-۳۱۴) نے ان کی اُس حقیقۃً مستحکم حیثیت کے بارے میں بعض دلچسپ تفصیلات دی ہیں، جو انھیں ترکی صوبائی حکّام اور بالعموم ترکی حکومت سے معاملات طے کرنے میں حاصل ہوگئی تھی۔ وہ تاجر بھی تھے (زیادہ تر کپڑے کے تاجر) اور مستعد کارواں سالار، جو استانبول، مالدیویا، پولینڈ (Lemberg اور Lwów)، نورنبرگ، بروجس اور اینٹورپ کے درمیان روابط قائم رکھتے تھے۔ صنّاعوں کی حیثیت سے یہ لوگ معمار، رنگ ساز، ریشمی کپڑے تیار کرنے والے اور طباعت کا کام کرنے والے تھے (استانبول میں ارمنی مطبع ۱۶۷۹ء میں قائم ہوا)۔ یہودیوں کی طرح وہ نوجوان ترکوں کے انقلاب تک فوجی خدمت سے مستثنیٰ تھے۔

ترکی ارمینیہ کی تاریخ میں اہمّ ترین واقعات حسبِ ذیل ہیں:

(۱) مذہبی تفرقہ: اس کا نتیجہ ایک Uniate کیتھولک فرقے کی تشکیل اور [عقائد کی بنا پر] اندرونی ظلم و تعدّی کی شکل میں ظاہر ہوا (پروٹسٹنٹ تبلیغ کو اس میں نسبۃً کم دخل تھا)؛

(۲) انقلابی سرگرمی؛

(۳) جبر و تشدّد اور قتلِ عام؛

بارھویں صدی سے ارمینیہ میں رومن کیتھولک تبلیغ وقتاً فوقتاً کامیاب ثابت ہوتی رہی تھی۔ اس کی تجدید فلورنس کی عالم گیر کلیسائی مجلس (۱۴۳۸-۱۴۴۵ء) نے اور ۱۵۸۷ء میں مشہور و معروف پوپ سکسٹس کوئینٹس (Sixtus Quintus) نے شام کے ارمنوں میں کی، لیکن اس کا سب سے زیادہ باقوّت محرّک Mechitar (متولّد بہ سیواس ۱۶۷۵ء متوفّٰی بہ وینِس ۱۷۴۹ء) کی شکل میں رونما ہوا۔ یسوعیین کے اثر سے کیتھولک مذہب قبول کر کے وہ ایک نمایاں مذہبی جماعت قائم کرنے میں کامیاب ہوگیا، جو اس کے نام سے موسوم تھی۔ وینس کی جمہوریہ نے ۱۷۱۷ء میں Mechitar کی جماعت کے لوگوں کو لیڈو (Lido) کے قریب واقع سینٹ لازار (St. Lazare) کا چھوٹا سا جزیرہ دے دیا، جہاں ایک قدیم جذامی دارالشفاء میں ان کی خانقاہ قائم ہوگئی۔ Mechitar کی وفات کے بعد اختلاف پیدا ہوگیا اور کچھ پادری ٹریسٹ (Trieste) چلے گئے اور بعدازاں وی انا (۱۸۱۰ء)۔ پیڈوا (Padua) میں بھی اس جماعت کی ایک معاون شاخ تھی، جو پیرس میں منتقل ہو کر وہاں بیس سال تک موجود رہی۔ Mechitar کی جماعت کے پاس بیش قیمت کتب خانے (بہت سے مشرقی مخطوطات) اور مطابع تھے۔ ان مطابع سے وہ تاریخ اور فلسفۂ لغات سے متعلق کتابیں شائع کرتے تھے، جن میں ترکی اور ارمنی دونوں زبانوں کے مطالعات کو جگہ دی جاتی تھی۔

Mechitar کے دَورِ زندگی ہی میں کیتھولک جماعت کی انتہائی متعصّب تبلیغ نے، جو ارمنی قوم کے سب سے زیادہ دولت مند اور سب سے بڑھ کر روشن خیال طبقے میں کامیابی حاصل کر رہی تھی، گریگری (Gregorian) عقیدے کے بطریقوں میں ایک زوردار رَدِّعمل پیدا کر دیا تھا۔ مؤخّر الذّکر کو ترکی حکومت کی تائید حاصل تھی، جو ان ''فرنگی سازشوں'' کو ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھتی تھی۔

ارمنی کیتھولک فرقے کے لوگوں میں شہادت کے دل دادہ افراد موجود تھے، جنھوں نے اپنا عقیدہ ترک کرنے میں ہر حالت میں انکار کیا، جیسا کہ ڈر گومیداس (Der Gomidas) یا Don Cosme اور اس کے دو پیرووں نے کیا (۱۷۰۷ء)۔ وہ Carbognano کے Cosme Comidas کا دادا تھا، جو ہسپانوی سفارت میں ترجمان اور اطالوی زبان میں ترکی نحو کی ایک کتاب کا مصنّف تھا (روم ۱۷۹۴ء)۔ ۱۷۹۰ء میں کیتھولک مذہب والوں نے مزید مظالم برداشت کیے، یہاں تک کہ ۱۸۱۵ء اور ۱۸۲۸ء میں بانیِ اصلاحات سلطان محمود ثانی کی حکومت کے دوران میں بھی۔

اس کے برعکس انھوں نے فرانسیسی سفرا اور یسوعیین کو اپنا مددگار پایا۔ غیر دور اندیش M. de Ferriol نے بابِ عالی سے بطریق Avedis کے اخراج کی منظوری حاصل کر لی، جو کیتھولک فرقے کے لوگوں سے عناد رکھتا تھا، جس کے بعد مؤخّر الذّکر کو اغوا کر لیا گیا اور باستیل (Bastille) میں قید کر دیا گیا۔ اس نے ۱۷۱۱ء میں پیرس میں François Pétis de la Croix کے مکان میں وفات پائی؛ اسی زمانے میں یسوعیین نے ارمنی مطبع کو بند کرا دیا۔

۱۸۳۰ء میں جنرل Guilleminot نے، جو فرانسیسی سفیر بھی تھا، کیتھولک فرقے کے لوگوں کے لیے ایک علٰیحدہ کلیسائی نظام کی منظوری حاصل کر لی اور ۱۸۶۶ء میں Mgr. Hassun نے، جو پہلے ہی قسطنطینیہ کا بطریق (Vicar) تھا، تمام ترکی سلطنت کے لیے کیلیکیا (Cilicia) کے کیتھولک - ارمن بطریق کا لقب اختیار کیا۔

ارمنی بغاوتوں کو کس سبب سے منسوب کیا جائے؟ ان کا سبب یقیناً مادّی منفعت کا خیال نہیں ہوسکتا۔ غیر جانب دار Ubicnï (کتابِ مذکور، ۲: ۳۴۷) نے لکھا ہے: ''ان سب قوموں میں جو بابِ عالی کی حکومت میں ہیں ارمنی ایک ایسی قوم ہیں جن کے بیشتر مفاد ترکوں سے مشترک ہیں اور جو ان مفادات کو برقرار

رکھنے میں سب سے زیادہ براہِ راست دلچسپی رکھتے ہیں‘‘؛ (نیز دیکھیے Victor Bérard: *La Politique du Sultan* (عبدالحمید ثانی)، ۱۸۷۷ء، ص ۱۴۹)۔ سرکاری تحریروں میں اور یونانیوں اور مقدونیوں سے مقابلے کی صورت میں ارمنوں کو ملّتِ صادقہ (وفادار قوم) کی اصطلاح سے موسوم کیا جاتا تھا۔

ارمنی بے چینی کے اسباب حسبِ ذیل تھے:-

۱- کُرد اور چرکسی آبادکاروں کا پریشان کن اور تکلیف دہ برتاؤ اور لوٹ مار کی وہ حرکتیں جو اُن سے سرزد ہوتی رہتی تھیں؛ ۲- ترکی حُکّام کی لاپروائی، ناجائز مطالبات اور تحصیل بالجبر؛ ۳- روسی ترغیب وتحریص، خاص طور پر ۱۹۱۲ء سے لے کر؛ ۴- حصولِ آزادی کا بڑھا ہوا شوق ایک ایسی قوم میں جو بالعموم جرّی اور باہمّت ہے، جو اس پر نازاں ہے کہ وہ دنیا کی قدیم ترین معلومہ اقوام میں سے ہے اور جو اب بھی حسرت و اشتیاق سے ان مختصر ادوار کو یاد کرتی رہتی ہے جن کے دوران میں وہ اپنی آزادی برقرار رکھنے میں کامیاب رہی تھی۔ بعض اضلاع تو فی الواقع اپنی آزادی قائم رکھنے میں کامیاب بھی رہے، مثلاً زیتون (اب سلیمانلی، مرعش کی موجودہ ولایت میں) کے ناقابلِ تسخیر پہاڑی، ہاچن (Haçin) (اب سائم بیلی (Saimbeyli) سیحان کی موجودہ ولایت میں) اور ساسون (Sasun) کا بل جُوز (Kabilcoz)، سعرد (Siirt) کی موجودہ ولایت میں)؛ ۵- انقلابی جماعتوں کی سرگرمیاں، جو بعض دفعہ خاص طور پر بے باکانہ ہوتی تھیں، جیسے کہ روزِ روشن میں چوبیس ارمنوں کے مسلّح حملے اور غلاطہ (Galata) میں ترکی بنک کے محاصرے (۲۶/اگست ۱۸۹۶ء) کا واقعہ، انتہا پسند یا دہشت پسند انقلابی تشنکستیون (Tashnaksutyun) کہلاتے تھے۔ ایک نسبتاً اعتدال پسند جماعت ہِنچاک (Hinčak) بھی موجود تھی، جسے ۱۸۶۷ء میں پیرس میں قفقاز سے آئے ہوئے ایک ارمنی اویدس نذربک (Avedis Nazarbek) نامی نے بنایا تھا۔

یہ سب اسباب ظلم وستم کی ایک شدید مہم کا باعث یا بہانہ بن گئے، جس نے بڑے پیمانے پر لوگوں کی جلاوطنی اور قتلِ عام کی شکل اختیار کر لی۔ حکّام کی چشم پوشی یا ان کے ایما سے مذہبی تعصّب اور قومی تنفّر کا ایک طویل اور متعدّی ہیجان ایسے لوگوں میں پیدا ہو گیا جو طبعًا نہ صرف نرم دل واقع ہوے تھے، بلکہ کمزوروں کی مدد وحمایت کرنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ ترکی میں اَرمنوں کی مظلومیت ارزروم کے معاملے (۲۵ فروری ۱۸۹۰ء) سے شروع ہوئی۔ یہ متعدّد بحرانوں سے گزری، بالخصوص ۱۸۹۰-۱۸۹۶ء اور ۱۹۰۹ء (آدنہ) میں، اور ۱۹۱۵ء میں پہلی عالم گیر جنگ کے دوران میں اَرمنوں پر اس باقاعدہ جور وتشدد کی شکل میں جس کی تنظیم نوجوان ترکوں کی حکومت نے کی تھی، وہ اپنی انتہا کو پہنچ گئی۔

۱۹۲۰ء کی اَرمنی-ترکی جنگ: ۱۹۱۹ء میں انقلابی تحریک سے متأثّر روسی محاذ کے ٹوٹنے کے بعد، جو ترکی میں طرابزون اور اَرزِنجان کی مغربی سمت سے گزرتا تھا، ماورائے قفقاز کی حکومت کی مرتّب کردہ فوج ہی کو زیادہ تر ترکی جوابی حملے کی روک تھام کرنا پڑی۔ اس فوج کو ہزیمت ہوئی اور اسے ترکی علاقے سے باہر دھکیل دیا گیا (ترکی نے اَرمنی جمہوریت سے باطوم کا معاہدہ ۴ جون ۱۹۱۸ء کو طے کیا۔) ۱۹۲۰ء میں مصطفٰی کمال پاشا نے ایک بلا اعلان جنگ کی حالت کو ختم کرنے کے لیے جنرل کاظم قرہ بکر کو، جس کے ہاتھ میں پندرھویں فوج کی کمان تھی، شمال مشرقی محاذ کی کمان سونپ دی۔ تاشْناک (Tashnak) جماعت کی وفادار ’’متحدہ اَرمنی جمہوریت‘‘ کی فوجیں دوبارہ شکست کھا گئیں اور ۲ دسمبر ۱۹۲۰ء کے الگزنڈروپولیس (Alexandropolis): (ترکی میں گمرو Gümrü، موجودہ Leninakan) کے معاہدے نے ان فتوحات کی توثیق کر دی جو ترکوں نے حاصل کی تھیں، جن میں سب سے زیادہ اہم شہر قارص کی بازیابی تھی۔

مآخذ: جہاں تک معلوم ہے ترکی اَرمینیہ سے خاص طور پر متعلّق کوئی بھی تصنیف کسی مغربی زبان میں موجود نہیں (اَرمنی زبان کی تصانیف تک مقالہ نگار کی رسائی نہیں ہے)۔ جو بھی معلومات موجود ہیں اور جن میں ایک سخت فرقہ دارانہ تعصّب کی جھلک نمایاں ہے، وہ ترکی سے متعلق عام تصانیف میں اِدھر اُدھر سے ملتی ہیں۔ ان کتابوں کا ذکر کر دینا چاہیے: (۱) Amédée Jaubert: *Voyage en Arm. et en Perse*، ۱۸۲۱ء؛ (۲) Comte de Cholet: *Arm, Kurdistan et Mésopotamie*، ۱۸۹۲ء؛ (۳) André Mandelstamm: *La Soci-etiè des Nations et les Puissances devant le probléme armén.*، ۱۹۲۵ء؛ (۴) آغاسی (Aghasi): *Zeïtoun depuis les orig. jusqu'à l' insurrection de 1895*، ترجمہ از Archag Tchobanian، دیباچہ از Victor Bérard، ۱۸۹۷ء؛ (۵) [L. Nalbandian]: *The Arme-nian Revolutionary Movement*، ۱۹۶۳ء]۔ قتل ہاے عام سے متعلق بکثرت تصانیف ہیں، جن میں سے محض حسبِ ذیل کا ذکر کیا جائے گا؛ (۶) *Le tra-itement des Armén. dans l'Emp. Ott.* (۱۹۱۵-۱۹۱۶ء)؛ اقتباسات از ’’کتاب ازرق‘‘ (Blue Book) [مع دیباچہ از Viscount Bryce، ۱۹۱۶ء؛ (۷) René Pinon: *La suppression des Armén*، ۱۹۱۶ء؛ (۸) *Les massacres d' Arménie: témoignages des victimes*، دیباچہ از G. Clemenceau، ۱۸۹۶ء؛ (۹) خاطراتِ صدرِ اسبق کامل پاشا، ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء، طبع ثانی، ص ۱۸۴ ببعد؛ (۱۰) سعید پاشانک کامل پاشا خاطراتنه جوابلری، استانبول ۱۳۲۷ھ/۱۹۰۹ء، ص ۸۷ ببعد.

(J. DENY)

۳- تقسیم، نظم ونسق، آبادی، تجارت، قدرتی پیداوار اور صنعت وحرفت

(الف) تقسیم:

چونکہ اَرمینیہ کی وسعت اس کی علاقائی حدود کے اعتبار سے صدیوں کے دوران میں بہت تبدیل ہوتی رہی ہے اس لیے وہ ممالک جن میں اس نام کے ذیل میں آنے والے علاقے منقسم تھے ہمیشہ یکساں نہیں رہے۔ قدیم وقتوں میں اہلِ اَرمینیہ (دیکھیے *Geogr. of the Pseudo-Moses Xorenaçi*،

ص ۲۰۶) نے اس سرزمین کو دو غیر مساوی حصّوں میں جدا کر دیا تھا: Mez Haik (اَرمینیۂ الکبرٰی) اور Pokr-Haik (اَرمینیۂ الصُّغرٰی)۔ اَرمینیۃ الکبرٰی، یعنی اَرمینیۂ خاص، مغرب میں دریاے فرات سے لے کر مشرق میں دریاے کُر (Kur) کے نواح تک پھیلا ہوا تھا اور پندرہ صوبوں میں تقسیم تھا۔ اَرمینیۃ الصغرٰی دریاے فرات سے لے کر دریاے ہالس (Halys) کے چشموں تک چلا جاتا تھا۔ اہلِ عرب بھی اس دوگانہ تقسیم سے واقف تھے (دیکھیے مثلاً یاقوت، ۱: ۲۲۰، ۱۳)۔ اس کے باوجود انھوں نے اَرمنوں، روسیوں اور بوزنطیوں سے تفریق برتتے ہوے اَرمینیہ کے نام کو دریاے کُر اور بحرِ خزر (Caspian Sea) کے درمیان واقع تمام علاقے پر وُسعت دے دی، یعنی وہ جُرزان (Georgia, Iberia)، ارّان (البانیا) اور دربند (باب الابواب) کے درّے تک قفقاز کے پہاڑی علاقوں پر بھی اس کا اطلاق کرنے لگے، جس کی وجہ یہ ہے کہ اس ملک (قفقاز) کی تاریخ سے۔ بالخصوص مسلمانوں کے خلاف کشمکش کے معاملے میں۔ یہ منکشف ہوتا ہے کہ وہ اَرمینیہ کی تاریخ سے قریبی طور پر منسلک ہے، اَرمینیۃ الکبرٰی سے عربوں کی مراد (دیکھیے یاقوت: کتاب مذکور) خاص طور پر ان اضلاع سے تھی جن کا مرکز خِلَاط (اَخْلاط [رَکّ بَآن] ہے، بحالیکہ اَرمینیۃ الصّغرٰی کے نام کا اطلاق وہ تِفلیس (یعنی گرجستان یا جارجیا) کے علاقے پر کرتے تھے۔ ابن حَوقل (طبع ڈخویہ (de Goeje)، ص ۲۹۵) اَرمینیہ خاص (البانیا اور آئی بیریا کو مستثنٰی کرتے ہوے) کی ایک اَور تقسیم سے بھی واقف تھا، یعنی اندرونی (اَرمینیۃ الدّاخلہ) اور بیرونی (اَرمینیۃ الخارجہ)۔ اوّل الذکر میں دَبِیل (Dabil)، دُوِین (Dwīn)، نَشَوا (نَخْجُوان Nakhčawān)، قالیقلا، جو بعد میں اَرْزَن الرُّوم (Karin) کہلایا، کے اضلاع شامل تھے اور مؤخّر الذکر میں تحصیل وان کا علاقہ (برکری، (Berkri)، اَخْلاط، اَرْجیش، وَسْطان وغیرہ)۔

اس تقسیم کے علاوہ قدیم وقت سے ایک اَور تقسیم بھی موجود تھی، جسے بوزنطیوں نے اختیار کر لیا تھا (جستنین (Justinian) کی تقسیم ۵۳۶ء میں)، اور جو Maurice کی داخل کردہ تبدیلیوں کے ساتھ عرب حملے تک قائم رہی۔ اس نظام (اَرمینیہ اوّل، دوم، سوم، چہارم) کو بھی عربوں نے قبول کر لیا، لیکن ان چار مجموعوں میں مختلف اضلاع کو شامل کرنے میں عربوں نے اپنے پیش رووں سے اس قدر نمایاں طور پر انحراف برتا ہے کہ اس عدم مطابقت کی توجیہ صرف یہ فرض کر لینے سے ہو سکتی ہے کہ عربی فتح کے بعد اضلاع کی ایک نئی تقسیم وقوع میں آئی ہو گی۔ علاوہ ازیں خود عرب مؤرّخین اور جغرافیہ نویسوں کی فراہم کردہ معلومات آپس میں بہت اختلاف رکھتی ہیں۔ عرب تقسیم کی جدول بنیادی طور پر یوں ہے:-

(۱) اَرمینیہ اوّل: ارّان (البانیا) مع دار السلطنت بَرْذَعہ اور کُر اور بحرِ خزر کے درمیان کا علاقہ، (شروان)؛ (۲) اَرمینیہ دوم: جُرْزان (Georgia)؛ (۳) اَرمینیہ سوم: مشتمل بر وسطی اَرمینیہ خاص مع اضلاع دَبِیْل (دُوِین)، بَسْفُرَّجان (Vaspurakān)، بَغْرَوَند اور نَشَوا (نَخْجُوان Nakhčawān)؛ (۴) اَرمینیہ چہارم: جنوب مغربی خطّہ مع شِمْشاط (Arsamosata)، قالیقلا، اَخْلاط اور اَرْجیش۔

مزید براں جب عرب مصنّفین (اَلشَّرِیشی، ۲: ۱۵۶ وابوالفداء: تقویم، ص ۳۸۷ = الیعقوبی: بُلدان، ص ۳۶۴، ۵، ۱۲) اَرمینیہ کی تین حصّوں میں تقسیم کا ذکر کرتے ہیں، جو جستنین (Justinian) سے پہلے کی مروّجہ تقسیم کی ہو بہو نقل ہے، تو اس میں مشمولہ اضلاع کے شمار سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ تقسیم محض اَرمینیہ دوم کے مکمّل اخراج سے حاصل کی گئی ہے۔

اَرمینیہ کی قبل اسلام تقسیموں کے بارے میں دیکھیے H. Gelzer: *Die Genesis der byzantinischen Themenverfassung*، لائپزگ ۱۸۸۹ء، ص ۶۶، اور اسی عالم کی مرتّبہ جارج (George) قبرصی کی کتاب (Lipsiae ۱۸۹۰ء)، ص xivi بعد (طبع E. Honigmann، بروسلز ۱۹۳۹ء، مع Hiéroclés: *Synecdemos*، ص ۴۹-۷۰)، اور عرب دَور کے لیے: Ghazarian، در *Zeitschr. für arm. Philol.*، ۲: ۲۰۷-۲۰۸؛ Thopdschian، مقامِ مذکور، ۲: ۵۵ و در *Mitteil. des Semin. für orient. Sprachen*، ۱۹۰۵ء، ۲: ۱۳۷؛ J. Laurent: *L' Arménie entre Byzance et l' Islam*، ص ۲۹۹ بعد؛ اور R. Grousset: *Histoire de l' Arménie*، ص ۲۳۹۔

(ب) مُلکی نظم و نسق:

عرب عہد کے دوران میں اَرمینیہ کی داخلی صورتِ حال کے بارے میں دیکھیے خاص طور پر Ghazarian: کتاب مذکور، ۲: ۱۹۳-۲۰۶؛ Thopdschian: کتاب مذکور، ۲: ۱۲۳-۱۲۷؛ Laurent: کتاب مذکور، متفرّق مقامات۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ سرزمین ہمیشہ ایک الگ صوبے کے طور پر نہیں رہی، بلکہ بسا اوقات ایک ہی حکومت کے ماتحت آذربیجان یا الجزیرہ سے ملحق کر دی جاتی تھی۔ اس کا حاکم (عامِل یا والی)، جس کا تقرّر بالعموم خلیفہ خود کرتا تھا، اریوان کے جنوب میں دریاے الرّس کے قریب دُوِین میں رہتا تھا، جو پہلے بھی، یعنی مسلم فتح سے قبل، ایک ایرانی مرزبان کا مستقر رہ چکا تھا۔ حاکم کا بڑا فرضِ منصبی ملک کو اس کے بیرونی اور اندرونی دشمنوں سے بچانا تھا۔ اس مقصد کے لیے اس کے زیرِ فرمان ایک فوج رہتی تھی، جو خاص اَرمینیہ میں نہیں بلکہ آذربیجان میں متعیّن تھی (مَراغہ اور اَرْدَبِیل بڑے فوجی مرکز تھے)، اور سب باتوں سے بڑھ کر حاکم کو لگان کی باقاعدہ ادائگی کا خیال رکھنا پڑتا تھا۔ اس کے علاوہ عرب اندرونی نظم و نسق سے کوئی واسطہ نہ رکھتے تھے۔ اسے متعدّد مقامی امرا (اَرمنی: اِشخان اور نَخَرَر، یونانی: archōn، عربی: بَطْرِیق، Patrikios) پر چھوڑ دیا جاتا تھا، جو عرب حملے کے بعد بھی اپنے تمام مقبوضات پر بدستور متمکّن اور اپنی علاقائی حدود کے اندر ایک قسم کی خود مختاری سے بہرہ ور رہے۔ عبّاسی عہد سے لے کر ان میں سے ہر ایک امیر کا یہ بھی فرض تھا کہ جنگ کی صورت میں بغیر معاوضے کے فوج کا ایک دستہ مہیّا کرے۔

خلفا کی سلطنت کے صوبوں میں اَرمینیہ ایک ایسا علاقہ تھا جس پر لگان عائد

کرنے میں اعتدال برتا گیا تھا۔ بجاے مختلف لگانوں (جزیہ، خراج وغیرہ، یعنی ضریبۂ راسی اور ضریبۂ ارضی وغیرہ) کے یہاں نویں صدی کے شروع سے مقاطعے (بٹائی) کا نظام عائد کر دیا گیا تھا، یعنی اَرمنی امرا کو ایک مقرّرہ رقم ادا کرنی پڑتی تھی۔ ابن خلدون نے اُن رقوم کی فہرست دی ہے جو خلافت کے سب سے زیادہ خوش حال زمانے سے متعلّق ہے۔ اس کی رُو سے ۱۵۸ - ۱۷۰ھ/ ۷۷۵ - ۷۸۶ء میں اَرمینیہ (عربوں کے وسیع مفہوم کے مطابق) کے مداخل ایک کروڑ اُنیس لاکھ درہم، یعنی ایک کروڑ ساڑھے پینتیس لاکھ طلائی فرانک سے زائد تھے۔ اس کے علاوہ دوسرے مداخل جنس کی شکل میں بھی تھے (قالین، خچر وغیرہ)۔ قُدامہ کے بیان کے مطابق ۲۰۴ - ۲۳۷ھ/ ۸۱۹ - ۸۵۲ء میں لگانوں کی اوسط رقم صرف نوے لاکھ درہم تھی، اس سے زائد نہیں۔ ان کی ادائگی سے متعلّق سمجھوتوں پر بنو اُمیّہ اور بنوعبّاس سختی سے کاربند تھے اور صرف یوسف بن ابی الساج نے ان کی خلاف ورزی کی۔ مالی معاملات کے بارے میں دیکھیے کریمر (A. von Kremer): *Kulturgesch. des Orients*، ۱: ۳۴۳، ۳۵۸، ۳۶۸، ۳۷۷؛ Ghazarian: کتاب مذکور، ص ۲۰۳ بعد؛ Thopdschian: کتاب مذکور (۱۹۰۴ء)، ۲: ۱۳۲ بعد۔ عربی نظام نقدی بھی اَرمینیہ میں رائج کر دیا گیا تھا۔ بنواُمیّہ کی حکومت ہی میں وہاں سکے ڈھالے جانے لگے (دیکھیے Thopdschian، ۲: ۱۲۷ بعد).

یاقوت کے قول کے مطابق (۱: ۲۲۲، ۱۲) اَرمینیہ میں چھوٹے بڑے اٹھارہ سو سے کم مقامات نہ تھے، جن میں سے (بقول ابن الفقیہ) ایک ہزار صرف دریاے الرّس کے کنارے واقع تھے۔ عربی قرونِ وسطٰی میں ارمینیۂ خاص کے سب سے زیادہ اہم شہر یہ تھے: دَبِیْل (دْوِین)، جو مسلم حکومت کے مستقر کی حیثیت سے پورے عہدِ خلافت میں دارالسلطنت کا کام دیتا رہا؛ اگرچہ اس زمانے میں وہ ایک بڑی آبادی کا شہر تھا تاہم موجودہ دور میں اس کی حیثیت ایک چھوٹے سے گاؤں سے بڑھ کر نہیں ہے؛ اس کے علاوہ قالیقلا، جو بعد میں اَرْزَن الرُّوْم کہلایا، اَرْزَنجان، مَلاذْ جِرد (Manazkert، Mantzikert)، بِتْلِیس، اَخْلاط (خلاط)، اَرْجِیْش، نَشْوا (اَرمنی Nakhčawān) آنی اور قارِص (دیکھیے علٰحِدہ علٰحِدہ مادّے).

خلفا کے زمانے میں آبادی کا بیشتر جزو اَرمنی باشندے تھے، لیکن دَبِیْل، قالیقلا اور اسی طرح بَرْذَعہ، واقع اَرّان اور تفلیس، واقع جُرْزان میں گنجان عربی نو آبادیاں تھیں، جو عرب اقتدار کے بڑے مرکز تھے۔ ان بڑے شہروں کے علاوہ عرب قبائل کی زیادہ پھیلی ہوئی نو آبادیاں بھی موجود تھیں، بالخصوص جنوب مغرب کی طرف اَلْزِنِک (اَرْزَن، واقع ارزینن Arzanene) کے علاقے میں۔ بَجُونَیس (اَرمنی Apahunik)، جس کا صدر مقام مَلاذْ جِرْد تھا، مشہور عرب قبیلہ قَیس کی ایک شاخ کے زیرِ اقتدار تھا، جو جھیل وان کے شمالی کنارے پر بھی بعض جگہوں پر قابض تھی۔ بجراتی سلطنت کا فروغ ان مسلم نو آبادیوں کے لیے ''پہلو میں کانٹے'' کی طرح تھا، کیونکہ یہ ان کے اپنے اقتدار کے استحکام اور اس کی توسیع میں مخل ہوتا تھا (دیکھیے ان نو آبادیوں کے بارے میں خاص طور پر Thopdschian: کتاب مذکور، ۱۹۰۴ء، ۲: ۱۱۵ بعد؛ Markwart: *Südarmenien*، ص ۵۰۱ بعد، اور دسویں صدی میں ان کی جاے وقوع کے بارے میں M. Canard: *Histoire de la dynastie des Ḥamdānides*، ص ۴۷۱-۴۸۷).

انیسویں صدی کی روسی - ایرانی اور روسی - ترکی جنگوں کے بعد ترکی، رُوس اور ایران اَرمنی سرزمین پر قبضے میں شریک ہو گئے؛ چنانچہ ۱۹۱۴ - ۱۹۱۸ء کی جنگ تک ایک ایرانی، ایک روسی اور ایک ترکی اَرمینیہ موجود تھا.

ایرانی اَرمینیہ:

تینوں میں سب سے چھوٹے حصّے میں، جس کا رقبہ تقریبًا پندرہ ہزار مربّع کیلومیٹر ہے؛ اس میں صرف چند اضلاع شامل ہیں اور جو روسی اَرمینیہ کا گویا ایک ضمیمہ ہے۔ سیاسی حیثیت سے یہ آذربیجان کے صوبے سے متعلّق ہے۔ مغرب کی جانب یہ وان کی ترکی ولایت سے جا ملتا ہے، بحالیکہ شمالی سمت میں رُوس کے بالمقابل دریاے الرّس تقریبًا ۱۷۵ کیلومیٹر کے فاصلے تک سرحد کا کام دیتا ہے، یعنی ارارط (کوہ جودی) کے مشرقی دامن سے لے کر اُوردباذ (Ordūbādh) تک۔ سب سے بڑا شہر خوی (Khoy) ہے۔ اس کے علاوہ ماکو (Maku)، چُورس (Čors) اور مَرَند (Marand) بھی قابلِ ذکر ہیں۔ مجموعی طور پر ایرانی اَرمینیہ وَسپُرکان (عربی: بَسْفُرّجان) کے قدیم اَرمنی صوبے سے مطابقت رکھتا ہے۔ اصفہان میں بھی ایک اَرمنی آبادی موجود ہے، جو جُلفہ [رکّ بآن] کے ان باشندوں پر مشتمل ہے جنھیں ۱۶۰۵ء میں شاہ عبّاس اوّل کے حکم سے جلاوطن کر دیا گیا تھا.

۲ - روسی اَرمینیہ:

۱۹۱۴ - ۱۹۱۸ء کی جنگِ عظیم سے پہلے یہ ماوراے قفقاز کے صوبے کے جنوبی اور جنوب مغربی حصّے پر مشتمل تھا اور تقریبًا ایک لاکھ تین ہزار مربّع کیلومیٹر کے رقبے پر پھیلا ہوا تھا۔ اس میں ایران اور ترکی کی سرحد پر واقع علاقے شامل تھے اور خاص طور پر اَرِیوان (ستائیس ہزار سات سو تہتّر مربّع کیلومیٹر)، قارِص (اٹھارہ ہزار سات سو انچاس کیلومیٹر) اور باطوم (چھے ہزار نو سو چھہتّر کیلومیٹر) کی ریاستوں کا پورا علاقہ۔ گنجہ (Elizavetpol) اور تفلیس کی حکومتیں صرف اپنے جنوبی اور مغربی صوبوں میں اَرمنی تھیں، اور کُتائیس (Kutaīs) کی حکومت کا صرف وہ حصّہ اَرمنی تھا جو دریاے ریون (Rion) کے دائیں کنارے پر واقع تھا۔ روسی اَرمینیہ کے خاص قابلِ ذکر شہر یہ تھے: باطوم، حربی اور تجارتی اعتبار سے اہم اور اس نام کی حکومت کا صدر مقام؛ تفلیس کی حکومت میں اَخَلْچِخ [رکّ بآن] اور اَخَلْ خلکی کے دو مستحکم مقامات؛ قارِص کی حکومت میں اسی نام کا نہایت سنگین قلعہ، جو بطور ایک تجارتی مرکز بھی اہم تھا اور اَرْدَہان کا قدیم شہر، جو ایک بلند پہاڑی پر واقع ہے اور اوّل درجے کا مستحکم مقام ہے؛ اِرِیْوان کی حکومت میں، جس

کا بیشتر حصّہ ایک زمانے میں ایران کے پاس تھا، خود اریوان کا شہر اور مغرب کی طرف اٹھارہ میل کے فاصلے پر اِیچمیادزین (Ečmiadzin) کی مشہور و معروف خانقاہ، جو اہل اَرمینیہ کا مذہبی مرکز ہے؛ نَخْچِوان (نشوا [رَکّ بآن])، جس نے اریوان کی طرح اَرمنی تاریخ میں ممتاز حصّہ لیا ہے، اور الیگزانڈر وپول (Alexandropol) (قدیم گُمری Gumri)، ۱۸۷۸ء تک ایک اہمّ سرحدی قلعہ اور بعد ازاں ایک ایسا شہر جو ریشم کی صنعت کے لیے مشہور ہے؛ ایلیز اوتپول (Elizavetpol) (قدیم گنجہ) [رَکّ بآن]؛ شُوشَہ، قرہ باغ کے علاقے میں واقع اور گزشتہ زمانے میں ایک علٰیحدہ تاتاری ریاست کا دارالحکومت اور اُردُوباذ (Ordūbādh) کا سرحدی شہر، جو دریاے الرّسّ پر واقع ہے.

ترکی اَرمینیہ:

اَرمنی سرزمین کا بیشتر حصّہ، بلحاظ رقبہ روسی و ایرانی حصّوں کے مجموعے سے بہت زیادہ بڑا، ترکوں کے ہاتھ میں پانچ سو سال تک رہا اور اس میں مندرجۂ ذیل ولایتیں شامل تھیں: بِتْلِیس، ارز روم، معمورۃ العزیز (موجودہ Elaziğ، یعنی خَرْپُوت)، وان اور ـــ اگرچہ جزوی طور پر ـــ دیار بکر؛ مجموعی رقبہ تقریبًا ایک لاکھ چھیاسی ہزار پانچ سو مربع کیلومیٹر۔ اس کے اہمّ ترین شہر یہ تھے: سیواس، ارز روم، وان، ارزنجان، بِتْلِیس، خرپوت، مُوش اور بایزید [رَکّ بآنہا].

ایرانی اَرمینیہ کو چھوڑ کر ۱۹۱۴ء کی جنگ نے اس صورت حال میں اہمّ تغیّرات پیدا کر دیے۔ ۱۹۱۷ء میں قفقاز سے روسی سپاہ کی پسپائی کے بعد اس حکومت نے جو اس وقت اَرمینیہ میں وجود میں آئی اور جو بجاے خود ماوراے قفقاز (گرجستان، اَرمینیہ و آذربیجان) کی حکومت کا ایک جزو تھی ترکوں کے خلاف اس محاذ کی مدافعت کا کام اپنے ذمّے لے لیا، لیکن بُرِسْٹ لِٹُوْوسْک (Brest-Litovsk) کی صلح کے بعد، جس سے ترکی اَرمینیہ مع قارص و اَرْدہان، جو اس سے پہلے ۱۸۷۸ء سے روسیوں کے ہاتھ میں تھے، ترکوں کو مل گیا۔ وہ اوّل الذّکر کو ارزنجان اور ارز روم (فروری ـ مارچ ۱۹۱۸ء) اور پھر قارص (۲۵ اپریل) کو دوبارہ حاصل کر لینے سے نہیں روک سکی۔ ماوراے قفقاز کی حکومت کے خاتمے اور ایک خودمختار اَرمنی جمہوریت کی تشکیل (۲۸ مئی ۱۹۱۸ء) کے بعد باطوم کے صلح نامے (۴ جون ۱۹۱۸ء) کی رُو سے اَرمنی جمہوریہ خود صرف اریوان اور جھیل سِوان (Sevān) کے علاقے تک محدود رہ گئی اور باقی کا روسی اَرمینیہ ترکوں اور آذربیجانیوں نے آپس میں تقسیم کر لیا۔ اب اس کے بعد دوسرے محاذوں پر ترکوں کی شکست اور مُدْرُوس (Mudros) کی عارضی صلح (۳۰ اکتوبر ۱۹۱۸ء) وقوع میں آئی۔ ۱۹۱۹ء کے شروع میں اَرمنی فوجوں نے الیگزنڈروپول (Alex-andropol) (Leninakān) اور قارص پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور اَخَل خَلکی کے بارے میں گرجستان سے اور قرہ باغ کے متعلّق آذربیجان سے ان کا تصادم ہوا۔ اَرمنی جمہوریہ کو، جسے اتحادیوں نے جنوری ۱۹۲۰ء میں عملًا (de facto) تسلیم کر لیا تھا، معاہدۂ سیورے Sèveres؛ (۱۰ اگست ۱۹۲۰ء) کے مطابق قانونًا (de jure) بھی تسلیم کر لیا گیا۔ بااین ہمہ صدر وِلْسن (Wilson) کی ثالثی، جس نے اس جمہوریہ کو طرابزون، ارزنجان، مُوش، بِتْلِیس اور وان کے علاقے دے دیے تھے، ایک حرفِ مردہ بنی رہی، اس لیے کہ مصطفٰی کمال کی حکومت نے دوبارہ جنگ شروع کر دی تھی اور ادھر سوویٹ حکومت نے قفقاز کو از سرِ نو فتح کر لیا۔ قارص اور پھر الیگزنڈروپول میں ترکوں کے داخلے کے بعد اَرمنی جمہوریہ ترکی کی شرائط کو ماننے پر مجبور ہو گئی۔ ترکی نے قارص اور اَرْدہان پر اپنا قبضہ باقی رکھا، اریوان کے جنوب مغرب میں واقع اِغْدِیر کے علاقے کا الحاق کر لیا اور مطالبہ کیا کہ نَخْچِوان کے ضلع کو ایک خودمختار تاتاری ریاست میں تبدیل کر دیا جائے۔ اسی دن اَرمنی جمہوریہ نے، جہاں کچھ عرصے پہلے ایک سوویٹ دوست جماعت کی تشکیل ہو چکی تھی، خود کو اَرمینیہ کی سوشلسٹ سوویٹ جمہوریت میں تبدیل کر لیا۔ ۱۹۲۱ء کے روسی ـ ترکی معاہدوں نے قارص اور اَرْدہان پر ترکوں کے قبضے کی توثیق کر دی، لیکن ترکی نے باطوم کو گرجستان کے سپرد کر دیا.

اَرمینیہ کی سوشلسٹ سوویٹ جمہوریت میں اریوان اور جھیل سِوان (Sevān) کے علاقے شامل ہیں، لیکن قرہ باغ اور نَخْچِوان، جو گورنی قرہ باغ (Nagorny Karabakh)، (پہاڑی قرہ باغ) کے خودمختار علاقے اور نخچوان کی خودمختار سوویٹ سوشلسٹ جمہوریہ کے نام سے موسوم ہیں، آذربیجان کی سوویٹ سوشلسٹ جمہوریہ سے وابستہ ہیں، بحالیکہ اَخَل خَلکی، اَخَل چیخ (Akhaltzikè) اور باطوم کے ضلع، مؤخّر الذّکر اَدْجری (Adjarie) کی خودمختار سوویٹ سوشلسٹ جمہوریت کی شکل میں، جارجیا کی سوویت سوشلسٹ جمہوریت کا ایک جزو ہیں۔ اَرمینیہ کی جمہوریت میں بڑے شہر یہ ہیں: لینِنا کان (سابق الیگزنڈروپول)، کِرووا کان (Kirovakan، قدیم گنجہ یا Elizavetpol) اور اَلاَوِرْدِی (Alaverdy).

سابق ترکی اَرمینیہ، جسے اب اس نام سے موسوم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ ۱۹۱۵ ـ ۱۹۱۸ء کے اخراج آبادی اور قتل عام کے واقعات کی وجہ سے اَرمنوں سے خالی ہو چکی ہے، قارص، اَرْدہان اور اِغْدِیر کے اضافے سے وسیع تر ہو گیا ہے.

آبادی:

ایک طرف ترکی اور ترکمان قبائل کی یورش اور دوسری طرف (جنوب میں) کردوں کی پیش قدمی کی وجہ سے آبادی کی کیفیت میں قرونِ وسطٰی کے دوسرے نصف حصّے سے لے کر اس قدر گہری تبدیلی پیدا ہو گئی ہے کہ اَرمنی، جنھیں بجا طور پر اس نام سے موسوم کیا جا سکتا ہے، اپنے وطن کے تمام رقبے میں کل آبادی کا ایک چوتھائی سے زائد نہ رہے۔ L. Selenoy اور N. Seidlitz کے اعداد و شمار کے مطابق (*Petermann's Geogr. Mitt.*، ۱۸۹۶ء، ص ۱ ببعد) چونتیس لاکھ ستّر ہزار آدمیوں میں سے، جو ماوراے قفقاز کے صوبوں میں پائے جاتے تھے، آٹھ لاکھ ستانوے ہزار (۲۷ فی صد) ارمن تھے۔ خالص اَرمنی اضلاع میں بیس لاکھ باشندوں میں سے اَرمنوں کی تعداد سات لاکھ ساٹھ ہزار (ایک تہائی سے کچھ زائد) تھی؛ تاہم اریوان کی حکومت میں جو آبادی تھی وہ چھپن فی صد اَرمن تھی۔

پورے ماورائے قفقاز میں بمقابلہ شہروں کے دیہات میں ارمنی زیادہ تعداد میں آباد تھے (نمایاں طور پر تفلیس میں، یعنی ۴۸ فی صد)، لیکن باشندوں کی مجموعی تعداد (سینتالیس لاکھ بیاسی ہزار) کے اعتبار سے ارمن (نو لاکھ ساٹھ ہزار) اس آبادی کا صرف بیس فی صد تھے۔

ترکی ارمینیہ کی پانچ ولایتوں کے چھبیس لاکھ بیالیس ہزار باشندے تھے، جن میں سے اٹھارہ لاکھ اٹھائیس ہزار مسلمان تھے، چھ لاکھ تینتیس ہزار ارمن اور ایک لاکھ اُناسی ہزار یونانی تھے؛ تاہم مُوش کی سنجق میں اور وان کی سنجق میں بھی ارمنی تعداد میں فوقیت رکھتے تھے (تقریباً دوگنا)۔

رُوسی اور ترکی ارمینیہ کی مجموعی آبادی مندرجۂ بالا اندازوں کے مطابق تقریباً چھیالیس لاکھ بیالیس ہزار تھی، جس میں چودہ لاکھ رُومی تھے۔ روسی ارمینیہ میں قفقازی لوگ تعداد میں زیادہ تھے، بحالیکہ ترکی ارمینیہ میں ترک، کرد اور دوسرے قومی عناصر (یونانی یہودی، غجری (Gypsies)، چرکسی، نسطوری عیسائی)۔ جھیل وان کے جنوب مشرق میں خانہ بدوش تاتاری قبائل کی اکثریت تھی۔

ایرانی ارمینیہ میں ۱۸۹۱ء میں بیالیس ہزار ارمن آباد تھے، جن میں سے صرف نصف آذربیجان میں پائے جاتے تھے (دیکھیے اوپر، اصفہان کے ضمن میں)۔

یہ تھا Streck کا اندازہ ۱۹۰۴ء سے ماقبل دَور میں ارمنی آبادی کے بارے میں، جیسا کہ انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، طبع اوّل، میں درج کیا گیا ہے۔ اس نے یہ انکشاف کیا کہ قتلِ عام اور ترکِ وطن کے نتیجے میں ترکی علاقے کے ارمنوں کی تعداد برابر کم ہوتی جا رہی تھی۔ باہر کے ملکوں میں جا کر ان لوگوں کا آباد ہونا اور تمام دنیا میں ان کا پھیل جانا جاری رہا، اگرچہ یکساں طور پر نہیں (دیکھیے اوپر)؛ بوزنطی علاقے اور پھر تمام مصر میں جا کر آباد ہونے کے بارے میں، قب اس موضوع پر Ritter: *Erdkunde*، ۱۰: ۵۹۴-۶۱۱؛ R. Wagner: *Reise nach dem Ararat*، ص ۲۳۹-۲۵۰۔ پرانی دنیا میں رہنے والے ارمنوں کی تعداد دو اور ڈھائی ملین کے درمیان تھی۔

Pasdermadjian: *Histoire de l'Arménie*، (پیرس ۱۹۴۹ء، ص ۴۴۴) کے مطابق دنیا میں ارمنوں کی کل تعداد ۱۹۱۴ء میں تقریباً اکتالیس لاکھ تھی، جن میں سے اکیس لاکھ ترکی سلطنت میں رہتے تھے، سترہ لاکھ روسی سلطنت میں، ایک لاکھ ایران میں اور دو لاکھ باقی دنیا میں۔ روسی ارمینیۂ خاص میں ان کی تعداد تیرہ لاکھ تھی (بشمولیت قارص، نخچوان، قرہ باغ، اَخَل خلکی) اور ترکی ارمینیہ میں (مع کیلیکیا) چودہ لاکھ۔ روسی ارمینیہ میں وہ آبادی کا بیشتر جزو تھے، یعنی اکیس لاکھ میں سے تیرہ لاکھ۔

اس کے برعکس W. Leimbach: *Die Sowjetunion, Natur, Volk und Wirtschaft*، شٹگارٹ (Stuttgart) ۱۹۵۰ء، کے بیان کے مطابق ۱۹۲۶ء اور ۱۹۳۹ء میں دنیا میں اور سوویٹ یونین میں ارمنی آبادی کے اعداد و شمار حسبِ ذیل تھے: ۱۹۲۶ء میں ارمنوں کی دنیا میں کل تعداد بائیس لاکھ پچیس ہزار تھی (۱۹۱۴ء کے لیے جو تعداد بیان کی گئی ہے اس سے فرق کی توجیہ ایک حد تک جنگ کے باعث نقصانات، قتلِ عام اور جلاوطنی کے دوران میں برداشتہ تکالیف سے ہو سکتی ہے)۔ ان میں سے دو تہائی سوویٹ یونین میں تھے، بحالیکہ باقی ایک تہائی مشرق قریب میں تھے (تیس ہزار شام میں، ایک لاکھ ایران میں، تقریباً ایک لاکھ ترکی، فلسطین، مصر اور یونان میں، مع مزید ایک لاکھ کے امریکہ میں)۔ سوویٹ یونین میں پندرہ لاکھ اڑسٹھ ہزار ارمنی تھے، جن میں سے تیرہ لاکھ چالیس ہزار قفقاز میں اور ایک لاکھ باسٹھ ہزار رُسّ کا کیشیا میں تھے۔ ماورائے قفقاز میں جو ارمن پائے جاتے تھے ان میں سے سات لاکھ چوالیس ہزار ارمینیہ کی سوویٹ سوشلسٹ جمہوریت میں رہتے تھے اور وہاں کے باشندوں کی مجموعی تعداد (آٹھ لاکھ اکتیس ہزار دو سو نوّے) کا پچاسی فی صد تھے، یعنی سوویٹ یونین کی ارمنی آبادی کا نصف اور دنیا کی پوری ارمنی آبادی کا ایک تہائی۔ تین لاکھ گیارہ ہزار جارجیا میں سکونت رکھتے تھے، ایک لاکھ دس ہزار خود مختار Nagorny Karabakh کے علاقے میں (وہاں کی کل آبادی کا نواسی فی صد) اور سترہ ہزار تین سو آذربیجان کی جمہوریت کے باقی حصے میں۔

۱۹۳۹ء کی مردم شماری کے مطابق سوویٹ یونین کے ارمنوں کی تعداد اکیس لاکھ باون ہزار تھی۔ ارمینیہ کی جمہوریّت میں بارہ لاکھ اکیاسی ہزار پانسو ننانوے کی کل آبادی میں گیارہ لاکھ ارمنی تھے۔ Nagorny Karabakh کے خود مختار علاقے میں کل آبادی کا نوّے فی صد تھے، لیکن آذربیجان کی جمہوریّت کے باقی حصّے میں کل آبادی کا صرف دس فی صد۔ جارجیا میں ان کی تعداد چار لاکھ پچاس ہزار تھی۔ سوویٹ یونین کی ارمنی آبادی ۱۹۲۰ اور ۱۹۳۹ء کے درمیان مجموعی طور پر سینتیس فی صد بڑھ گئی تھی۔

شام اور لبنان میں ۱۹۱۴ء میں تقریباً پانچ ہزار ارمن تھے۔ ۱۹۳۹ء میں لبنان میں ان کی تعداد اسّی ہزار تھی اور شام میں ایک لاکھ سے زائد۔ ۱۹۳۹ء میں اسکندرونہ (Alexandretta) کی سنجق کے ترکی سے دوبارہ الحاق کے بعد پچیس ہزار ارمنوں نے اس ملک کو ترک کر دیا۔ جب ۱۹۴۵ء میں سوویٹ حکومت نے ارمنوں کو سوویٹ ارمینیہ میں واپس آنے کی دعوت دیتے ہوئے ان کے نام اپنی استدعا شائع کی تو یہ دعوت شام کے تقریباً دو لاکھ ارمنوں سے تعلق رکھتی تھی، جو بالخصوص حلب اور بیروت میں رہتے تھے (حلب: ایک لاکھ، کل تعداد دو لاکھ ساٹھ ہزار میں سے)۔ ایران میں ۱۹۲۶ء سے ۱۹۳۹ء تک ارمنی آبادی پچاس ہزار سے ایک لاکھ پچاس ہزار ہو گئی۔ تقریباً ترانوے ہزار نے سوویٹ ارمینیہ چلے جانے کی خواہش ظاہر کی اور ایران کے ارمنی ان ساٹھ ہزار سے ایک لاکھ تک ارمنوں کا جزوِ غالب تھے جو شام، لبنان، ایران اور مصر سے اس استدعا کے بعد سوویٹ ارمینیہ میں گئے۔ ستائیس ہزار ارمنوں میں سے، جو یونان میں بستے تھے، ۱۹۴۷ء تک کے زمانے میں اٹھارہ ہزار ارمینیہ میں چلے گئے۔

۱۹۴۵ء میں (دیکھیے H. Field: *Contribution to the Ant-*

hropology of the Caucasus، کیمبرج (میسا چیوسٹس [امریکہ])، ۱۹۵۳ء ص ۵) سوویٹ اَرمینیہ کی آبادی تیرہ لاکھ تھی، جس میں سے دو لاکھ دارالسلطنت اریوان سے متعلّق تھی۔ آج کل (دیکھیے P. Rondot: *Les Chrétiens d'Orient*، پیرس ۱۹۵۵ء، ص ۱۹۱ و ۱۹۶) اَرمینیہ کے باشندوں کی مجموعی تعداد پندرہ لاکھ کے لگ بھگ ہے اور تقریبًا اتنے ہی اَرمنی باشندے سوویٹ یونین کے باقی حصّوں میں ہیں۔ اریوان کے باشندوں کی تعداد تین لاکھ ہے اور اس نے چار لاکھ پچاس ہزار [کی آبادی] کے لیے منصوبے تیار کر لیے ہیں۔ چار لاکھ سے لے کر پانچ لاکھ تک اَرمنی مشرق قریب میں پائے جاتے ہیں، ایک لاکھ ان ملکوں میں جہاں جمہوری حکومت کا دَور دَورہ ہے، دو لاکھ سے تین لاکھ تک شمالی امریکہ میں، بیس ہزار فرانس اور جنوبی امریکہ، ہندوستان، فلسطین اور یونان کی اہمّ مرکزی آبادیوں میں۔

اَرمنی مسئلے کو ایک معیّن شکل دے دی گئی تھی۔ مختلف اَرمنی گروہوں نے، جو برازیل، ریاست ہائے متحدہ امریکہ وغیرہ میں ہیں، مجلس اقوامِ متحدہ (U. N. O) کے سامنے کچھ مطالبات پیش کیے ہیں، جن کا مقصد یہ ہے کہ اَرمنوں کو سابق ترکی اَرمینیہ صدر ولسن (Wilson) کی معیّن کردہ حدود کے ساتھ دوبارہ دے دیا جائے۔ اَرمنی مسئلہ سوویٹ یونین اور ترکی کے مابین تعلقات کی استواری میں حسبِ معمول ایک رکاوٹ بنا ہوا ہے۔

تجارت: پونٹوس (Pontus) اور میسوپوٹیمیا کے درمیان ایک عبوری سرزمین کے طور پر اور بوزنطین اور اسلامی سلطنت کے درمیان ایک سرحدی علاقے کی حیثیت سے اَرمینیہ نے قرونِ وسطٰی میں ایک اہمّ اقتصادی کردار ادا کیا ہے۔ کثیر تعداد میں جو تجّار اور کاروان اسے عبور کرتے تھے وہ مقامی صنعت کے فروغ میں معاون ہوے، جسے تجارت کی طرح قدرتی پیداوار کے اعتبار سے ملک کی دولت مندی کی تائید حاصل تھی۔ اَرمینیہ کی تجارتی اہمیّت کا باعث بہت سے عبوری راستوں کی موجودگی بھی تھی، جو اس سرزمین کو قطع کرتے تھے اور جن میں سے اہمّ ترین کی کیفیت عرب جغرافیہ نویسوں نے بیان کی ہے۔ ان راستوں سے عربوں کے حربی مفاد کو تقویّت حاصل ہوتی تھی، جسے وہ ان کے تجارتی فوائد کے مقابلے میں زیادہ وقعت دیتے تھے۔ اسی وجہ سے انھوں نے دَجیل کے بڑے راستوں کو، جو عرب اقتدار کا پشت پناہ تھا، ایک دوسرے سے ملا دیا تھا۔ راستوں کی درستی اور ان کی حفاظت مسلم والی کے فرائض میں داخل تھی، یہاں تک کہ آج کل بھی ارزروم، جو سب سے بڑے راستوں کا نقطۂ اتّصال ہے، حربی اعتبار سے نہایت اہمّ جگہ ہے، گویا کہ ایشیاے کوچک کی کلید ہے۔

اَرمینیہ کا بوزنطین سے طرابزون (طرابزندہ) کے ذریعے رسل ورسائل کا سلسلہ قائم تھا، جو بوزنطی تجارتی مال (بالخصوص قیمتی سامان) کے لیے بڑا مرکزی مقام تھا۔ میلوں میں، جو وہاں ہر سال بڑے پیمانے پر کئی بار لگتے تھے، تمام اسلامی دنیا کے تاجر شرکت کرتے تھے۔ آمدورفت عام طور پر طرابزون سے دبیل اور قالیقلا (ارزروم) تک ہوتی تھی۔ ایران میں اَرمنی تاجروں کے لیے سب سے زیادہ اہمّ تجارتی منڈی رےّ کا شہر تھا (دیکھیے ابن الفقیہ، طبع دخویہ (de Geoje)، ص ۲۷۰)۔ وہ بغداد سے بھی براہ راست تجارتی تعلّقات رکھتے تھے (دیکھیے الیعقوبی: بُلدان، ص ۲۳۷)۔

تجارتی پیداوار اور صنعت: اَرمینیہ کو اسلامی خلافت کے زرخیز ترین صوبوں میں شمار کیا جاتا تھا۔ یہاں غلّہ اس قدر افراط سے پیدا ہوتا تھا کہ اس کا کچھ حصّہ باہر، مثلًا بغداد بھیجا جاتا تھا (دیکھیے الطّبری، ۳: ۲۷۲-۲۷۵)۔ اس کی جھیلیں اور دریا بھی، جن میں مچھلیاں بکثرت تھیں، تجارتِ برآمد میں مدد دیتے تھے۔ جھیل وان سے ایک قسم کی ہیرنگ مچھلی (herring؛ عربی: طِرِیخ) کثیر مقدار میں دستیاب ہوتی تھی، جو قرونِ وسطٰی سے نمک لگا کر جزائر شرق الہند (East Indies) تک بھیجی جاتی تھی (بقول القزوینی، طبع وُسٹنفلڈ (Wüstenfeld)، ۲: ۳۵۲)، اس نمکین مچھلی کی آج کل بھی پورے اَرمینیہ، آذربیجان، قفقاز اور ایشیاے کوچک میں بہت مانگ ہے۔

سب سے بڑھ کر اَرمینیہ معدنیات میں دولت مند ہے۔ چاندی، سیسہ، لوہا، سنکھیا، پھٹکری، پارہ اور گندھک یہاں خاص طور پر دستیاب ہوتی ہے؛ سونا بھی مفقود نہیں ہے۔ اس بارے میں بہت کم معلومات ملتی ہیں کہ عربوں نے ان پیداواروں سے کس حد تک فائدہ اٹھایا۔ صرف ابن الفقیہ ایک ایسا مصنّف ہے جس نے ہمیں اَرمینیہ کی قدرتی پیداوار کے بارے میں معلومات فراہم کی ہیں۔ اَرمنی مصنّف Leontius کے بیان کے مطابق چاندی کی کانیں آٹھویں صدی عیسوی کے اختتام پر دریافت ہوئی تھیں۔ بلاشُبہہ یہ چاندی (اور سیسے) کی اُن کانوں سے مطابقت رکھتی ہیں جن سے گوموش خانہ (اب گومش خانہ = چاندی گھر) میں کام لیا جاتا ہے، جو طرابزون اور ارزروم کے درمیان نصف فاصلے پر واقع ہے (اس موضوع پر دیکھیے Ritter: *Erdkunde*، ۱: ۲۷۲ اور Wagner: *Reise nach Persien*، ۱: ۱۷۲ ببعد؛ نیز قبؔ مادّۂ گوموش خانہ۔ بَیبُرت Bayburt [بایبورد] اور اَرْغَنہ [رکؔ بانہا] میں بھی اہم کانیں موجود تھیں۔ کِذا بِک (Kedabeg = ایلزاویٹپول۔ گنجہ اور گوک چای کی جھیل کے درمیان) کی قدیم اور بہت بڑی تانبے کی کان اور گلاکنت (Kalakent) میں واقع اسی کی ایک شاخ ۱۹۱۴ء سے بھی پہلے بہت ترقی پا چکی تھی (دیکھیے Lehmann-Haupt: *Arménien einst und jetzt*، ۱: ۱۲۲ ببعد)۔ آج کل الَہ وِردی (Alaverdy)، زنجیزور (Zangezur) اور اریوان میں تانبے کی اہمّ بھٹّیاں ہیں۔ تاہم گزشتہ زمانے میں اَرمینیہ کی سب سے زیادہ زرخیز کانیں نمک کی کانیں تھیں، جن کی پیداوار شام اور مصر بھیجی جاتی تھی۔ قرونِ وسطٰی کے مصنّفین نے جن نمک کی کانوں کا ذکر کیا ہے وہ غالبًا جھیل وان کے شمال مشرق میں واقع تھیں۔ نمک کا ایک وسیع طبقہ بالائی الرّس (Araxes) کے جنوب اور کِغزمان (Keghizman کاغذمان) کے مشرق کی طرف کُلپ (Kulp) میں تھا (دیکھیے

Ritter: کتاب مذکور، ۱۰: ۲۰۷ ببعد اور Radde: *Vier Vorträge über den Kaukasus*، ص ۴۷)۔ آج کل اریوان ایک صنعتی شہر ہے، جہاں مشینیں بنانے کے کارخانے اور اچار، مربّے، تمباکو اور مصنوعی ربڑ وغیرہ کے کارخانے بھی ہیں.

قرونِ وسطٰی میں اَرمینیہ کپڑا بننے، رنگنے اور کاڑھنے کی صنعتوں کے لیے سب سے زیادہ مشہور تھا۔ دَبیل اس صنعتی سرگرمی کا مرکز تھا۔ وہاں شان دار اونی کپڑے تیار ہوتے تھے اور ان کے علاوہ قالین اور بیل بوٹوں سے آراستہ رنگ برنگ کے ریشم کے بھاری کپڑے (عربی: بُزیُون) بھی، جو باہر کے ملکوں میں بھی فروخت ہوتے تھے۔ قِرْمِز، ایک قسم کا کیڑا جس میں سے اودا رنگ نکلتا تھا، رنگنے کے کام آتا تھا۔ ایک طویل عرصے تک اَرمنی قالین بہترین صنعت کے نمونے سمجھے جاتے تھے۔ دَبیل سے چند کیلومیٹر کے فاصلے پر آرتاشات (Artaxata) اپنے رنگ سازی کے کارخانوں کے لیے اتنا مشہور تھا کہ البلاذُری اسے "قرمز کا قصبہ" (قریۃ القِرْمِز) کہتا ہے (طبع دخویہ De Geoje، ص ۲۰۰؛ قب *Zeitschr. für arm. Philol.*، ۲: ۶۷، ۲۱۷)۔ قرونِ وسطٰی میں اَرمینیہ کی تجارت اور صنعت کے بارے میں دیکھیے بالخصوص Thopdschian، در *Mitt. des Sem. für orient. Sprache*، ۱۹۰۴ء، ۲: ۱۴۲-۱۵۳۔ قالینوں کے متعلّق دیکھیے Armeniag Sakisian: *Les tapis à dragons et leur origine arménienne*، در *Syria*، ج ۹ (۱۹۲۸ء) اور اسی مصنّف کا مقالہ *Les tapis arméniens*، در *Reveue des Ét. arm.*، ۱/۲ (۱۹۲۰ء)۔ عام طور پر اَرمنی کپڑوں کے بارے میں دیکھیے R. B. Serjeant: *Material for a History of Islamic Textiles up to the Mongol Conquest*، در *Ars Islamica*، ۱۰ (۱۹۴۳ء): ص ۹۱ ببعد.

مآخذ: (الف) عام تصانیف: (۱) *Géogr. des quatre parties du monde*، اَرمنی زبان میں، از L. Indjidjean حصّہ ۱، وینس ۱۸۰۶ء؛ (۲) J. Rennel: *Comparative Geogr. of West Asia*، لنڈن ۱۸۳۱ء؛ (۳) K. Ritter: *Erdkunde*، ۹: ۷۷۹، ۷۸۴-۷۸۸، ۷۸۲-۹۷۲، ۱۰۰۹ و ۱۰: ۲۸۵-۸۲۵؛ (۴) Spiegel: *Eranische Altertumskunde*، ۱ (لائپزگ ۱۸۷۱ء): ۷-۱۳، ۱۸۸، ۳۶۴-۳۶۸؛ (۵) Issaverdenz: *Armenia and the Armenians*، وینس ۱۸۷۴-۱۸۷۵ء؛ (۶) Vivien de Saint-Martin: *Dict. de géogr. univ.*، ۱: ۲۱۳-۲۱۷ (۱۸۷۹ء)؛ (۷) É. Reclus: *Nouv. Géogr. Univ.*، ۹ (۱۸۸۱ء): ۲۴۳-۲۸۳: روسی اَرمینیہ و ۹ (۱۸۸۴ء): ۳۲۱-۳۷۷: ترکی اَرمینیہ؛ (۸) V. Cuinet: *La turqie d'Asie*، ج ۱-۴، پیرس ۱۸۹۰-۱۸۹۱ء؛ (۹) H. Gelzer (Petermann)، در Herzog- *Realencycl. der protest. theologie* (طبع ثالث)، از Hauck، ۲: ۶۳-۹۲، جو خاص طور پر کلیسا کی تاریخ سے بحث کرتی ہے؛ (۱۰) C. F. Lehmann- Haupt: *Armenien einst und jetzt*، برلن ۱۹۱۰ء؛ (۱۱) R. Blanchard: *L'Asie occidentale*، از *Géoger. univ.*، ج ۸، مصنّفۂ Vidal dela Blache و Gallois ۱۹۲۹ء).

(ب) تاریخ اور تاریخی جغرافیہ: (۱۲) Čamčean: *Hist. de l'Arménie depuis l'origine du monde jusqu' à l' année 1784* (در اَرمنی)، وینس ۱۷۸۴-۱۷۸۶ء؛ طبع انگریزی (Chamich)، از I. Ardal، کلکتہ ۱۸۲۷ء؛ (۱۳) Saint-Martin: *Mémoire. hist. et. géogr. sur l'Arménie*، پیرس ۱۸۱۸ء؛ (۱۴) Issaverdenz: *Hist. de l' Arménie*، وینس ۱۸۸۷ء۔ (۱۵) اَرمینیہ کی قدیم تاریخ پر دیکھیے: C. F. Lehmann: *Materialien zur älteren Geschichte Armeniens und Mesopotamiens*، برلن ۱۹۰۷ء؛ (۱۶) M. Streck، در *ZDMG*، ۶۲: ۷۵۵-۷۷۴ اور اسی مصنّف کا مقالہ: *Das Gabiet der heutigen Landschaft Armenien, Kurdistan und West-Persien nach den babyl. assyr. Keilenschriften*، در *ZA*، ج ۱۳، ۱۴ و ۱۵؛ (۱۷) H. Berberian: *Découvertes archéologiques en Arménie de 1924 to 1927*، در *Rev. des Ét. arm.*، ج ۷ (۱۹۲۷ء)؛ (۱۸) K. von Hahn: *Verkehr und Handel im Alten Kaukasus*، در *Peterm. Mitt.*، ج ۶۹، ۱۹۲۳ء؛ نیز دیکھیے (۱۹) Fr. Hommel: *Grun- driss der Geogr. des alt. Orients*، میونخ ۱۹۰۴ء، ص ۳۷-۴۰؛ (۲۰) L. Alishan: *Hayastan....* (*L Arménie avant qu'elle fut l' Arménie*)، وینس ۱۹۰۴ء؛ (۲۱) H. Kiepert: *Lehrbuch der alt. Géogr.*، برلن ۱۸۷۸ء، ص ۷۳-۸۳، ۹۴-۹۵؛ (۲۲) Pauly Wissowa: *Realencycl. der klass. Altertumwiss.*، ۲: ۱۱۸۱-۱۱۸۲؛ (۲۳) H. Kiepert: *Über die älteste landes - und Volksgesch. von Armenien*، در *Monatsschr. der Berl. Ak d. Wiss.*، ۱۸۶۹ء؛ (۲۴) *Georgius Cyprius*، طبع Gelzer، لائپزگ ۱۸۹۰ء و طبع Honigmann، مع *Synekdemos de Hiéroclès*، برسلز ۱۹۳۹ء؛ (۲۵) Kiepert و Strecker: *Beitr. zur Erklärung des Rükzuges der 10,000*، برلن ۱۸۷۰ء؛ (۲۶) I. V. Akerdov: *Armenia in the 5th century* (در روسی)، طبع ثالث، نخچوان ۱۸۹۷ء؛ (۲۷) H. Karbe: *Der marsch der 10,000*، برلن ۱۸۹۸ء؛ (۲۸) K. Güterbock: *Römisch- Armenien im 4.- 6. Jahrh.*، در *Festschrift Schirmer*، کونگزبرگ (Königsberg) ۱۹۰۰ء؛ (۲۹) J. Markwart: *Ērānšahr*، برلن ۱۹۰۱ء، ص ۱۱۱-۱۱۲، ۱۱۴، ۱۶۹-۱۷۰؛ (۳۰) F. Murad: *Ararat and Masis*، ہائڈل برگ ۱۹۰۱ء؛ (۳۱) K. Hübschmann: *Die Altarm. Ortsnamen*، در *Indogerm. Forschungen*، ج ۱۶، سٹراسبورگ ۱۹۰۴ء، ص ۱۹۷-۴۱۰؛ (۳۲) J.

Markwart: *Untersuch. zur Gesch. von Erān*، ج ۲، لائپزگ ۱۹۰۵ء: ص ۲۱۸ـ۲۱۹؛ (۳۳) K. Montzka: *Die Landsch- aften Grossarmeniens bei griech. und röm. Schriftste- llern*، (در روسی)، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۹۰۸ء و (۳۵) مصنّف مذکور: *Hist. d'Arménie*: *Lesorigines (du X^e au VI^e siécle av. J. C.)*، پیرس ۱۹۴۶ء؛ (۳۶) P. G. Mecerian، S. J.: *Bilan des relations arméno-iraniennes au V^e siécle après J. C.*، در *Bulletin arméno-logique*، دفتر (cahier) ثانی، *MFOB*، ج ۳۰، بیروت ۱۹۵۳ء؛ (۳۷) P. Goubert: *Byzance avant l'Islam*، ج ۱ (*Byz.et l'Orient*، *sous les successeurs de justinien. L'empereur Maurice*)، پیرس ۱۹۵۱ء۔

مندرجۂ ذیل تصانیف قدیم اور وسطی عہدوں سے متعلّق ہیں: (۳۸) Tomas-chek: *Sasūm und das Quellgebiet des Tigris*، در *SBAK.*، وی آنا، ج ۱۳۳، شمارہ ۴، ۱۸۹۵ء اور (۳۹) اسی مصنّف کا مقالہ: *Hist. Topogr-aphisches vom oberen Euphrates*، در *Kiepert- Festschrift*، برلن ۱۸۹۸ء؛ (۴۰) J. Markwart: *Südarmenien und die Tigrisq-uellen nach griechischen und arabischen Geographen*، وی آنا ۱۹۳۰ء؛ (۴۱) اسی مصنّف کا مقالہ: *Notes on two articles on Mayyafāriqīn*، در *JRAS*، ۱۹۰۹ء؛ (۴۲) وہی مصنّف: *Die Entste-hung der armenischen Bist ümer*، در *Orientalia Chris-tiana*، ص ۸۰ (۱۹۳۲ء)؛ (۴۳) E. Honigmann: *Die Ostgrenze des byz. Reiches von 363 bis 1071*، در *Corp. brux. hist. byz.*، شمارہ ۳، برسلز ۱۹۳۵ء؛ (۴۴) R. Grousset: *Histoire de l' Arménie des origines à 1071*، پیرس ۱۹۴۷ء؛ (۴۵) V. Minorsky: *Studies in Caucasian History*، Cambridge Oriental Series، شمارہ ۹، لنڈن ۱۹۵۲ء۔

دیکھیے علاوہ ازیں: (۴۶) P. Fr. Tournebize: *Hist. Pol. et relig. de l'Arménie*، ج ۱ (باقی جلدیں شائع نہیں ہوئیں)، پیرس ۱۹۰۱ـ۱۹۱۰ء؛ (۴۷) اسی مصنّف کا مقالہ: *Dict. d'hist. et de géogr. eccl.*، در *Arménie*، ج ۴، پیرس ۱۹۰۴ء؛ (۴۸) J. de Morgan: *Hist. du peuple arm. depuis les temps les plus recules... jusqu' à nos jours.*، نینسی ـ پیرس ۱۹۱۹ء؛ (۴۹) Kevork Aslan: *Études hist. sur les peuple arm.*، پیرس ۱۹۰۹ء و طبع Macler، *History of Armenia*: (۵۰) Vahan، ج ۱، بوسٹن ۱۹۳۶ء؛ (۵۱) N. Marr: *Ani, Hist. de la ville d'après les sources et les fouilles*، لینن گراڈ ۱۹۳۲ء (درروسی)؛ (۵۲) Pasdermadjian: *Histoire de l'Arménie*، پیرس ۱۹۴۹ء۔

قدیم مقامی اَرمنی مآخذ سے ایک عمدہ تصنیف میں کام لیا گیا ہے: (۵۳) *Descr. de la vieille Arménie*، از Indjidjean، وینس ۱۸۳۲ء (در اَرمنی)؛ دیکھیے نیز (۵۴) L. Alishan: *Topogr. von Gross- Arm.*، وینس ۱۸۵۵ء و *Geogr. der provinz Shirakh* (وینس ۱۸۷۹ء) و *Sisuan* (وینس ۱۸۸۵ء) و *Ararat* (وینس ۱۸۹۰ء) *Sisakan* (وینس ۱۸۹۳ء)، سب اَرمنی میں؛ (۵۵) H. Kiepert: *Die Landschaftsgrenzen des Südl. Armeniens nach einheim. Quellen*، در *Monatsber. der Berl. Ak. d. Wiss.*، ۱۸۷۳ء؛ (۵۶) Thopdschian: *Die inneren Zustnäde Armeniens unter Aschot I*، در *Mitteil.d. Seminars für orient. Sprachen in Berlin*، ۱۹۰۴ء، حصّہ ۲: ص ۱۰۴ـ۱۵۳؛ (۵۷) مصنّف مذکور: *Polit. und Kirchengesch. Arméniens unter Aschot I und Smbat I*، (مجلۂ مذکور، ص ۹۸ـ۲۱۸)؛ (۵۸) Sebeos: *Gesch. des Heraklius* (زمانہ: ۴۵۷ـ۶۰۲ء)، اور Leontius (زمانہ: ۵۳۲ـ۷۹۰ء)؛ (۵۹) H. Hübschimann نے اَرمینیہ کے متعلّق ان ابواب کا جو Sebeos میں ہیں *Zur Gesch. Arméniens und der ersten Kriege der Araber*، لائپزگ ۱۸۷۵ء، میں ترجمہ کر دیا ہے؛ دیکھیے نیز (۶۰) Jean Catholicos: *Hist. de l' Arménie des origines à 925*، مترجمۂ V. de Saint-Martin، پیرس ۱۸۴۱ء؛ (۶۱) Ghevond (Leonitus): *Hist. des guerres et des Conquêtes des Arabes en Arm-enie*، مترجمۂ V. Chahnazarian، پیرس ۱۸۵۶ء (قبؔ)؛ A. Jeffery: *Ghe-vond's Text of the corresp. between Umer II and Leo III*، در *Harvard Theol. Review*، ج ۳۷، ۱۹۴۴ء)؛ (۶۲) Asoghik of Taron: *Hist. d' Arménie des origines á 1004* (جرمن ترجمہ از H. Gelzer و A. Bruckhardt، لائپزگ ۱۹۰۷ء؛ فرانسیسی ترجمہ، حصّۂ اوّل، از Dulaurier، پیرس ۱۸۸۳ء و حصّۂ دوم، از Macler، پیرس ۱۹۱۷ء)؛ (۶۳) Thomas Ardzrouni (نویں ـ دسویں صدی): *Hist. des Ardzr-ounis*، فرانسیسی ترجمہ، از Brosset، در *Collection d' Historiens arméniens*، ج ۱، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۴ء، (۹۰۷ء تک کے واقعات، ۱۲۲۶ء تک جاری رکھا گیا ہے)؛ (۶۴) Matthew of Eddessa (از *Chronicle*، ۹۵۲ـ۱۱۳۶ء)، فرانسیسی ترجمہ از Dulaurier، در *Bible. Hist. arm.*، ۱۸۵۸ء؛ دیگر ترجمے، در Brosset: *Collection...*، سینٹ پیٹرزبرگ (دو جلد) ۱۸۷۴ـ۱۸۷۶ء و *Deux historiens arméniens*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۰ـ

۱۸۷۱ء؛ نیز اسی وقائع نویس کا ترجمہ از Orbelian: *Hist. de la Siounie*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۶۴ء؛ (۶۵) Langlois: *Collection des historiens anciens et modernès de l'Arménie*، پیرس (دو جلد) ۱۸۶۷-۱۸۶۹ء؛ (۶۶) J. Muyeldermans: *La domination arabe en Arménie*، ماخوذ از Vardan: *Hist. universelle*، لووین-پیرس ۱۹۲۷ء۔

عرب حملوں اور عرب تسلّط کے بارے میں دیکھیے: (۶۷) البلاذُری: فتوح البلدان، ص ۱۹۳-۲۱۲ (ترجمہ از Hitti و Murgotten، دو جلد، نیویارک ۱۹۱۶-۱۹۲۴ء)؛ (۶۸) الطبری (حوالہ جات جو متن مادّہ میں مذکور ہیں)؛ (۶۹) الیعقوبی، ص ۱۹۰-۱۹۱ (اَرمینیہ سے متعلّق جو بیانات البلاذُری اور الیعقوبی نے دیے ہیں ان کا روسی ترجمہ P. Zuze نے کر دیا ہے، باکو ۱۹۲۷ء، در *Materials for the History of Azerbaydjan*، کرّاسہ (Fascicule) ۳ و ۴؛ اسی مصنّف نے ابن الأثیر کے ان بیانات کا بھی ترجمہ کر دیا ہے جو قفقاز سے متعلّق ہیں، باکو ۱۹۴۰ء)؛ (۷۰) نام نہاد واقدی: *Gesch. der Eroberung von Mesopota- mien und Arménien....*، ہامبورگ ۱۸۴۷ء؛ (۷۱) B. Khalateantz: *Textes arabes relatifs à l'Arménie*، وی آنا ۱۹۱۹ء؛ پہلے عرب حملوں کے لیے (۷۲) H. Manadean: *Les invasions arabes en arménie*، در *Byzantion*، ج ۱۸، ۱۹۴۶-۱۹۴۸ء؛ نیز (۷۳) H. Manadean کے ایک رسالے کا فرانسیسی ترجمہ، از H. Berberian، جواریوان میں ۱۹۳۲ء میں *Manr Hetazotut' Yunner* (مختصر مطالعات) کے نام سے شائع ہوا تھا؛ (۷۴) M. Ghazarian: *Arménien unter der arab. Herrsc- haft bis zur Entstehung des Bagratiden-reiches*، در *Zeitschr. für arm. Philol.*، ج ۲، مار بورگ ۱۹۰۴ء، ص ۱۴۹-۲۲۵؛ (۷۵) H. Thop-dschian: *Armenien vor und während der Araberziet*، در مجلّۂ مذکور، ۲: ۵۰-۷۱؛ (۷۶) Vasmer: *Choronology of the Gove-rnors of Arménia under the early' Abbasids*، در *Zap. Kol. Vos.*، ج ۱ (۱۹۲۵ء): ص ۳۸۱ ببعد؛ (جرمن ترجمہ، وی آنا ۱۹۳۱ء)؛ (۷۷) F. W. Brooks: *Byzantines and Arabs in the time of the Early Abbasids*، در *Engl. Hist. Rev.*، ۱۹۰۰ء و ۱۹۰۱ء؛ (۷۸) Daghba-schean: *Die Gründung des Bagratidenreiches unter Aschot Bagratuni*، برلن ۱۸۹۳ء؛ (۷۹) A. Green: *La Dynastie des Bagratides en Arménie*، (روسی میں، در *Journal of the Russian Minist. of I. P.*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۹۳ء، ۲۹۰: ۵۱-۱۳۹)؛ (۸۰) J. Markwart: *Osteur. und ostas. Streifz üge*، لائپزگ ۱۹۰۳ء، ص ۱۱۷-۱۸۸، ۳۹۱-۴۶۵؛ (۸۱) R. Khalateantz (Chalatianz): *Die Entstehung der arm. Fürstentümer* در *WZKM*، ۱۷: ۶۰-۶۹؛ دیکھیے نیز (۸۲) J. Laurent: *L'Arménie entre Byzance et l' Islam depuis la conquête arabe jusqu'en 886*، پیرس ۱۹۱۹ء؛ دسویں صدی اور بوزنطیوں کی دوبارہ فتح کے لیے Grousset اور Honigmann کی سابق الذّکر تصانیف کے علاوہ دیکھیے؛ (۸۳) S. Runciman: *Romanus Lecapenus*، کیمبرج ۱۹۲۹ء، ص ۱۵۱ ببعد؛ (۸۴) M. Canard: *Hist. de la dynastie des Hamdanides*، ۱: ۴۶۲ ببعد و ماقبل؛ نیز وہ تصانیف جو تاریخ اسلام و خلفا سے متعلّق ہیں؛ خصوصًا (۸۵) ساجدوں پر Defrémery کا مقالہ (Memoir) (در *JA*، ۱۸۴۸ء، سلسلۂ چہارم، ج ۹ و ۱۰)؛ اَرمنی نسل کے ان لوگوں کے بارے میں جو عربوں کی تاریخ اور ادب میں مذکور ہوئے ہیں (۸۶) I. Kračkovsky نے *Encyclopaedia of Soviet Armenia* (اریوان) میں اَبکاریُوس، ابوصالح الاَرمنی اور بدرالجمالی پر مقالات لکھے ہیں (بہرام کے لیے دیکھیے اوپر)۔

سلجوقی عہد کے لیے بڑا ماخذ (۸۷) Lastivert کے Aristakès، (Arisdaguès of Lasdiverd) کی تاریخ ہے، طبع اَرمنی، وینس ۱۸۴۵ء؛ فرانسیسی ترجمہ، ۱۸۶۴ء؛ (۸۸) Ganazak کے Kirakos، (Guiragos) (تیرھویں صدی) نے ۱۱۶۵ء سے ۱۲۶۵ء تک کے واقعات کا ہم عصر بیان لکھا ہے، طبع اَرمنی، ماسکو ۱۸۵۸ء و وینس ۱۸۶۵ء؛ فرانسیسی ترجمہ از Brosset، ۱۸۷۰-۱۸۷۱ء؛ دیکھیے نیز (۸۹) J. Laurent: *Byzance et les Turcs seldjoucides dans l'Asie occidentale jusque en 1081*، پیرس ۱۹۱۳-۱۹۱۴ء اور وہ ماخذ جو وہاں مذکور ہیں؛ (۹۰) C. Cahen: *La campagne de Mantzikert d'après les sources musulmanes*، در *Byzantion*، ۹ (۱۹۳۴ء): ۶۱۳ ببعد؛ (۹۱) مصنّف مذکور: *La première pénétration turque en Asie Mineure*، در *Byzantion*، ج ۱۸، ۱۹۴۸ء، مفصّل تر فہرست ماخذ کے لیے دیکھیے مادّۂ (آل) سلجوق۔

(۹۲) راہب Malak'ia نے مغل حملے کی ایک تاریخ لکھی: اَرمنی طبع، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۰ء، روسی ترجمہ از Patkanean، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۱ء، فرانسیسی ترجمہ از Brosset، ۱۸۷۱ء؛ (۹۳) Medsoph کے Thomas نے پندرھویں صدی میں تیمور اور اس کے جانشینوں کی ایک تاریخ لکھی: اَرمنی طبع از Chahnazarian، پیرس ۱۸۶۱ء۔

شاہ عباس اوّل کے عہد میں اَرمنی مصائب کے بارے میں بڑا ماخذ (۹۴) تبریز کا Arak'el ہے، جس کی *Histoire* ۱۶۰۲ء سے ۱۶۶۱ء تک جاتی ہے، اَرمنی طبع، ایمسٹرڈم ۱۶۶۹ء، فرانسیسی ترجمہ از Brosset۔

گزشتہ صدی کی جنگوں پر دیکھیے: (۹۵) V. Uschakoff: *Gesch. der Feldzüge des Generals Paskewitsch in der asiat. Türkei während der Jahre 1828-1829*، (طبع جرمن، لائپزگ ۱۸۳۸ء؛ دیکھیے Ritter: *Erdkunde*، ۱۰: ۴۱۴-۴۲۳)؛ اور (۹۶) W. Potto: *Der*

persische Krieg 1826 - 1828، (سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۸۷ء بعد).
۱۸۷۷ـ۱۸۷۸ء کی جنگ پر دیکھیے: (۹۷) Greene: *The Russian army and its campaigns in 1877 - 1878* و *Turkey*، لنڈن ۱۸۸۰ء؛ (۹۸) v. Jagwitz: *Von Plewna bis Adrianopel*، برلن ۱۸۸۰ء؛ اور (۹۹) Kuropatkin: *Kritische Rückblicke auf den russich-türkischen krieg* (در جرمن، از Kramer، برلن ۱۸۸۵ـ۱۸۸۷ء).

ارمینیہ میں انیسویں صدی کے آخری دس سالوں میں فتنہ وفساد کے لیے دیکھیے: (۱۰۰) F. D. Greene: *The Armenian crisis and the rule of the Turk*، لنڈن ۱۸۹۵ء؛ (۱۰۱) R. de Coursons: *La rébellion arménienne*، پیرس ۱۸۹۵ء؛ (۱۰۲) R. Lepsius: *Armenien und Europa*، برلن ۱۸۹۶ء؛ (۱۰۳) G. Godet: *Les souffrances de l'Arménie*، Neufchâtel ۱۸۹۶ء ـ ۱۹۱۵ء کے بعد سے ارمنوں کے قتلِ عام، جلاوطنی اور نقلِ مکان پر دیکھیے ارمینیہ کی جدید تواریخ، جو اوپر مذکور ہیں (یعنی از J. de Morgan، Kevork Aslan، Pasdermadjian)؛ (۱۰۴) Tchobanian: *Le peuple arménien l'Arménie saus le joug turc*، پیرس ۱۹۱۳ء؛ (۱۰۵) F. Nansen: *L' Arménie et le Proche-Orient*، پیرس ۱۹۲۸ء؛ (۱۰۶) Basmadjian: *Hist. mod. des Arméniens*، پیرس ۱۹۲۲ء؛ (۱۰۷) Pasdermadjian: *Aperçu de l' hist. mod. de l'Arménie* (خصوصاً ۱۸۲۸ء سے ۱۹۲۰ء تک)، در *Vostan, Cahiers d' hist. et de civil. arm.*، ج ۱، پیرس ۱۹۴۸ـ۱۹۴۹ء؛ (۱۰۸) J. Missakian: *A searchlight on the Armenian question, 1878-1950*، بوسٹن ۱۹۵۰ء؛ (۱۰۹) A. Nazarian: *Vérités historiques sur l' Arménie*، پیرس ۱۹۵۳ء؛ (۱۱۰) W. Leimbach: *Die Sowjetunion*، شٹٹ گارٹ ۱۹۵۰ء (بیانات متعلقہ روسی ارمینیہ)؛ (۱۱۱) P. Rondot: *Les Chrétiens d' Orient Cahiers de l' Afrique et l' Asie*، ج ۴، پیرس ۱۹۵۵ء، ص ۱۷۱ـ۱۹۹؛ دیگر تصانیف میں دیکھیے نیز (۱۱۲) A. J. Toynbee: *Les Massacres arméniens*، پیرس ۱۹۱۶ء؛ (۱۱۳) *The treatment of Armenians in the Ottoman empire*، British Blue Book، لنڈن ۱۹۱۶ء؛ (۱۱۴) A. Andonian: *The Memoirs of Naim bey. Turk. off. doc. relative to the deportations and massacres of Armenians*، لنڈن ۱۹۲۰ء؛ اور (۱۱۵) J. de Morgan: *Essai sur les nationalités* (*les Armenians*)، پیرس ۱۹۱۷ء.

ارمنی کلیسا کی تاریخ پر دیکھیے (۱۱۶) A. Ter Mikelian: *Die arm. Kirche und ihre Beziehungen zur byzant. vom 4-13. Jahr.*، لائپزگ ۱۸۹۱ء؛ (۱۱۷) H. Gelzer: *Der gegenwärtige Zustand der arm. Kirche*، در *Z. f. Theol.* ۱۸۹۳ء، ۳۶: ۱۶۳ـ۱۷۱؛ (۱۱۸) مصنف مذکور: *Die Anfänge der arm. Kirche*، در *SB. de sächs Ges. d. Wiss.* ۱۸۹۵ء، ص ۱۰۹ـ۱۷۴؛ (۱۱۹) S. Weber: *Die kathol. Kirche in Armenien*، Frieburg im B. ۱۹۰۳ء.

(ج) جغرافیہ، علم الانسان، نقشہ نویسی:

(۱۲۰) Otter: *Voy. en Turquie*، پیرس ۱۷۴۸ء؛ (۱۲۱) D. Sestini: *Voyage de Constantinople à Bassora en 1781*، پیرس، سال ہفتم (Handzit کے علاقے پر)؛ (۱۲۲) J. Morier: *A journey through persia, Armenia, etc.*، لنڈن ۱۸۱۲ء؛ (۱۲۳) J. C. Hobhouse: *A journey through Albania and other prov. of Turkey*، لنڈن ۱۸۱۳ء؛ (۱۲۴) J. M. Kinneir: *Geogr. Memoir of the Persian empire*، لنڈن ۱۸۱۳ء؛ (۱۲۵) J. Morier: *A second journey through Persia, Armenia, etc.* ۱۸۱۸ء؛ (۱۲۶) Dupré: *Voyage en Perse*، پیرس ۱۸۱۹ء؛ (۱۲۷) W. Ouseley: *Travels in various countries of the East*، لنڈن ۱۸۱۹ـ۱۸۲۳ء، ج ۳؛ (۱۲۸) R. Walpole: *Travels in various countries of the East*، لنڈن ۱۸۲۰ء؛ (۱۲۹) A. Jaubert: *Voyage en Arménie et en Perse*، پیرس ۱۸۲۱ء؛ (۱۳۰) Ker Porter: *Travels in Geogria, Persia, Armenia*، لنڈن ۱۸۲۱ـ۱۸۲۲ء؛ (۱۳۱) *Relation du voyage de Monteith*، در *JRGS*، ج ۳، لنڈن ۱۸۳۳ء؛ (۱۳۲) E. Smith و Dwight: *Missionary Researches in Koordiston, Arménia, etc.*، لنڈن ۱۸۳۴ء؛ (۱۳۳) J. Brant: *Journey through a part of Armenia*، در *JRGS*، ج ۶، لنڈن ۱۸۳۶ء؛ (۱۳۴) C. J. Rich: *Narrative of a residence in. Koordistan*، در مجلّۂ مذکور، لنڈن ۱۸۳۶ء؛ (۱۳۵) Armstrong: *Travels in Russia and Trukey*، لنڈن ۱۸۳۸ء؛ (۱۳۶) Wilbraham: *Travels in transcaucasia, etc.*، لنڈن ۱۸۳۹ء؛ (۱۳۷) J. B. Fraser: *Travels in Koordistan, Mesopotamia, etc.*، لنڈن ۱۸۴۰ء؛ (۱۳۸) H. Southgate: *Narrative of a tour through Armenia, Koordistan*، لنڈن ۱۸۴۰ء؛ (۱۳۹) J. Brant: *Notes of a journey through a part of Koordistan*، در *JRGS*، ج ۱۰، ۱۸۴۱ء؛ (۱۴۰) H. Suter: *Notes of a journey from Erzerum to Trebisond*، (وہی مجلّہ)؛ (۱۴۱) G. Fowler: *Three Years in Persia, with travelling adventures in Koordistan*، لنڈن ۱۸۴۱ء (جرمن ترجمہ، Aix-la-Chapelle ۱۸۴۲ء)؛ (۱۴۲) W. F. Ainsworth: *Travels and Research in Asia Minor, Mesopot-*

amia, Chaldaea and Armenia، لنڈن ۱۸۴۲ء؛ (۱۴۳) W. J. Hamilton: Research in Asia Minor, Pontus, and Armenia، لنڈن ۱۸۴۲ء، (جرمن طبع از A. Schonburgk، مع اضافہ از H. Kiepert، لائپزگ ۱۸۴۳ء)؛ (۱۴۴) I. Ussher: A journey from London to Persepolis، لنڈن ۱۸۶۵ء؛ (۱۴۵) Pollington: Half round the old World, a tour in Russia, the Caucasus Persia, etc.، لنڈن ۱۸۶۷ء؛ (۱۴۶) J. Bryce: Transcaucasia and Ararat، لنڈن ۱۸۷۷ء و مؤخّر طبعات؛ (۱۴۷) Creagh: Armenians, Koords and Turks، لنڈن ۱۸۸۰ء؛ (۱۴۸) H. Tozer: Turkish Armenia and East Asia Minor، لنڈن ۱۸۸۱ء؛ (۱۴۹) Frédé: Voyage en Arméniet en Perse، پیرس ۱۸۸۵ء؛ (۱۵۰) W. Peterson: Aus Transkaukasien und Arménien، لائپزگ ۱۸۸۵ء؛ نیز (۱۵۱) I. Kračkovskij: Vtoraja zapiska Abû Dulafa v geografîceskom slovare lakuta (Azerbajdžan, Armenija, Iran)، Izbrannye Sočinenija، ماسکو-لینن گراڈ ۱۹۵۵ء، ص ۲۸۰-۲۹۲ (ابودُلَف کے بارے میں دوسری اطلاع در یاقوت: مُعجم البُلدان (آذربیجان، اَرمینیہ، ایران)، منتخب تصانیف)؛ (۱۵۲) N. D. Mikluxo-Maklaj: Geografičeskoje sočineje XIII v. na peridskom jazyke (novyj istočnik po istoričeskoj geografii Azerbadjzana i Armènii)؛ (۱۵۳) Učenye Zapiski Instituta Vostokovjed- enija، ج ۹، ۱۹۵۴ء (فارسی میں تیرھویں صدی کے جغرافیے کی ایک کتاب ہے اور آذربیجان و اَرمینیہ کے تاریخی جغرافیے کا ایک نیا ماخذ۔ ''ادارۂ مستشرقین کے عالمانہ مشاہدات''۔

جہاں تک ۱۹۱۴ء سے پہلے کے زمانے کی آبادی کے اعداد و شمار کا تعلق ہے، دیکھیے (۱۵۴) G. L. Selenoy و N. v. Seidlitz: Die Verb- reitung der Arménier in der asiat. Türkei und in Trans-Kaukas، در Peterm. Mitt.، ۱۸۹۶ء، اور زیادہ جدید اعداد و شمار کے لیے وہ تصانیف جو اس مادّۂ زیرِ نظر میں اس موضوع پر مذکور ہیں؛ دیکھیے نیز (۱۵۵) R. Khermian: Les Arméniens, introd. â l' anthropologie du Caucase، ۱۹۴۳ء۔

نقشوں کے لیے دیکھیے (۱۵۶) Glascott: Map of Asia Minor and Armenia (تقریبًا ۱۸۵۰ء)؛ (۱۵۷) H. Kiepert: Karte von Georgien, Arménien und Kurdistan، ۱:۱۵۰۰۰۰۰، برلن ۱۸۵۴ء؛ (۱۵۸) وہی مصنّف: Karte von Arménien, Kurdistan und Azer-beidschan، ۱:۱۰۰۰۰۰۰، برلن ۱۸۵۸ء؛ (۱۵۹) H. Kiepert: Spec-ialkarte des türk. Arm.، ۱:۵۰۰۰۰۰، برلن ۱۸۵۷ء؛ (۱۶۰) وہی مصنّف: Carte générale des prov. europ et asiat. de l' empire ottoman، ۱:۳۰۰۰۰۰۰، برلن ۱۸۹۲ء؛ (۱۶۱) بہترین نقشہ Lynch-Oswald کا Map of Arménia and Adjacent countries ہے، لنڈن ۱۹۰۱ء؛ دیکھیے نیز (۱۶۲) نقشے تیار کردۂ Cuinet: La Turquie d' Asie، ۱۸۹۱-۱۸۹۲ء و (۱۶۳) Murray: Handy Classical Maps, Asia Minor، وہ نقشے جو سیّاحوں کے لیے تیار کردہ ہدایت ناموں پر پائے جاتے ہیں، مثلاً (۱۶۴) Baedeker، Guide Bleu؛ (۱۶۵) ترکی کے راستوں کا نقشہ (ترکیه یول خریطه سی، ۱:۲۵۰۰۰۰۰)؛ (۱۶۶) وہ نقشے (پیمانہ، ۱:۸۰۰۰۰۰) جو تورکیه، ۱۹۳۶ء، میں ہیں (صفحات بابت مَلَطیہ، سیواس، ارزروم، موصل)؛ (۱۶۷) نقشہ تیار کردہ National Geogr. Institute، پیرس، ۱:۱۰۰۰۰۰۰، ۱۹۳۴ء (صفحہ برائے ارزروم)۔

(M. CANARD)

----

* **اُرمِیَہ**: ایران کے صوبۂ آذربیجان کا ایک ضلع اور شہر۔

نام: اسے شامی ''اُرمیا'' لکھتے ہیں، اَرمن ''اُرمِ'' (Ormi)، عرب ''اُرمیہ''، ایرانی ''اُرُومی'' اور ترک ''اُرُومِیَہ'' یا ''رُومِیَہ'' (روم (''بوزنطی ترکی'') سے خیالی اشتقاق کی بنا پر)۔ بہر حال یہ نام کسی غیر متعیّن غیر ایرانی اصل کا ہے۔ آشوری مآخذ میں سرزمین منّ (Mann) میں جھیل اُرمیہ کے قریب ایک جگہ کا نام اُرمیَت (Urmeiate) لکھا ہے (قبّ Streck، در ZA، ۱۴: ۱۴۰؛ Belck: Das Reich der Mannäer، در Verhandl. d. Berl. Gesell. f. Anthrop.، ۱۸۹۴ء، اور مِنوَرسکی (Minorsky): Kelashin etc، در Zap، ۲۴ [۱۹۱۷ء]: ۱۷۰)۔ دوسری طرف کلاسیکی جغرافیہ نویس اس نام سے واقف نہیں تھے اور اسی طرح اوستا (Avesta) اور پہلوی مآخذ بھی (قبّ Jackson: کتاب مذکور، ص ۸۷)۔ ساتویں صدی عیسوی کے اَرمنی جغرافیہ دان بھی یہ نام نہیں جانتے تھے (قبّ Marquart: Ērānšahr)، اس کے باوجود کہ مؤخّر زرتشتی روایت میں، جس کا عربوں نے شروع زمانے میں ذکر کیا ہے (قبّ البلاذُری، ص ۳۳۱؛ ابن خُرّداذبہ، ص ۱۱۹)، زرتشت کی جائے پیدائش اُرمیہ بتائی گئی ہے۔

جغرافیہ: ضلع اُرمیہ کی حدّ بندی یوں ہے کہ مشرق میں بحیرۂ اُرمیہ ہے اور مغرب میں وہ سلسلۂ کوہ جو شمالاً جنوبًا پھیلا ہوا ایران کو ترکی سے جدا کرتا ہے۔ شمال میں اس کی حدّ ''شاہ بازید-اَوْغان داغی'' نامی سلسلۂ کوہ ہے، جو مشرق سے مغرب کو چلا گیا ہے اور صوبے کو سَلْماس (Salmas) [رکّ بآن] سے جُدا کرتا ہے۔ جنوب کی طرف اُرمیَہ کی حدّ دریائے غادِر کی وادی ہے، جس کا بالائی حصّہ اُشنو (Ushnu) [رکّ بآن] میں شامل ہے اور زیریں حصّہ سُلدُوز (Sulduz) [رکّ بآن] کی وادیوں کو سیراب کرتا ہے۔ شمالاً جنوبًا اُرمیہ کا طول تقریبًا اسّی میل اور شرقًا غربًا اس کا عرض پینتیس میل ہے۔

ضلع اُرمیہ میں کچھ حصّہ میدانی ہے اور کچھ پہاڑی۔ اس علاقے کو جو

دریا سیراب کرتے ہیں اور جن کا بہاؤ مغرب سے مشرق کی طرف ہے وہ حسبِ ذیل ہیں:

(۱) بَرانڈُوز: ضلع مرجفار (Märgävär) کے ندّی نالوں کو ملاتا ہوا نرگی (Nergi) گھاٹی میں سے گزر کر میدان میں چلا جاتا ہے اور اس کے جنوبی حصّے کے گرد بہتا ہے۔ دائیں، یعنی جنوبی کنارے کی طرف براندوز میں دریاے قاسم لُو بھی شامل ہو جاتا ہے، جو دشتبیل الصغیر میں بہتا ہے۔ ماہ کے پہاڑ مشرقی دشتبیل اور دُلّ (Dol) کو ایک دوسرے سے جدا کرتے ہیں۔ یہ مؤخّر الذّکر ضلع گھوڑے کے نعل کی شکل کا ہے اور جھیل کے جنوب مغربی کنارے پر (سُلدُوز کے شمال میں) واقع ہے.

(۲) بَرْدِہ سُور (کُردی زبان میں: ''سنگِ سُرخ''): یہ دریا بِید کار کی گھاٹی میں سے ہو کر، جو ترکی مملکت میں ہے، دشت کے پہاڑی علاقے میں بہتا ہے، جو اُرمیہ ہی کا علاقہ ہے۔ یہاں سے یہ درۂ بند میں ہوتا ہوا میدانی علاقے میں اتر کر شہر اُرُمِیَہ کے اندر سے گزرتا ہے اور اسی لیے اس کا دوسرا نام شہر چای (یعنی شہر کا دریا) ہے.

(۳) رُوزا (رَوضہ) چای، یہ دریا ضلع ترجفار کے پہاڑی علاقے کا پانی لے جاتا ہے اور جھیل تک پہنچنے سے پہلے اس میں سے زراعتی نہریں نکالی گئی ہیں.

(۴) نازلی چای: متعدّد ندیوں کو ملنے سے بنا ہے۔ ان میں سے جنوبی ندّی ترکی کے ایک ضلع دِیرِی (Deiri) سے نکلتی ہے (یہیں مار بیشو کی خانقاہ ہے)، پھر موضع اَرْزِن کے نیچے سے ترجفار کے شمالی حصّے میں چلی جاتی ہے (یہاں اس کے دائیں کنارے پر دریاے مَوَانہ اس میں شامل ہو جاتا ہے)؛ درمیانی ندی بازِرگہِ (ترکی) کی گھاٹی میں سے نکل کر، موضع سِیرُو کے قریب ایرانی ضلع بَرادوست میں داخل ہو جاتی ہے؛ شمالی ندّی سَلْماس کے ضلع صُومائی [رکّ بآن] میں سے آتی ہے۔ ان تینوں ندّیوں کا پانی کوہ مَنْجَل سَر (کُردی زبان میں: ''سر پر ہانڈی'') کے نیچے آ کر مل جاتا ہے اور وہ دریا جو ان تینوں کے ملنے سے بنتا ہے وہ قلعۂ اسمٰعیل خان شکّاک [رکّ بآن] کے پاس میدان کے شمالی حصّے میں بہنے لگتا ہے۔ اسی کے بائیں کنارے کے شمال میں اوغان طاغی (داغی) کی ڈھلان پر ضلع اَنْزَل واقع ہے.

اُرمیہ کی جھیل سطح سمندر سے چار ہزار دو سو پینتالیس فٹ کی بلندی پر ہے اور خود شہر اُرمیہ چار ہزار تین سو نوّے فٹ کی بلندی پر۔ بیرونی حصّے کی چوٹیوں کی بلندی چار ہزار سات سو اسّی، سات ہزار تین سو تیس، آٹھ ہزار تین سو پچانوے اور سرحدی سلسلے کی بلندی گیارہ ہزار دو سو بیس، گیارہ ہزار پانسو بیالیس اور گیارہ ہزار آٹھ سو تیس فٹ ہے.

پانی کی فراوانی کی وجہ سے اُرمیہ کا میدانی علاقہ، جہاں دریاؤں کی مٹی آتی رہتی ہے، بے حد زرخیز و شاداب ہے۔ دیہات میں ہریاول ہی ہریاول نظر آتی ہے۔ پہاڑی اضلاع کی زراعت کا انحصار بارش پر ہے اور طبعی حالات بھیڑوں کی پرورش کے لیے بہت سازگار ہیں.

آثارِ قدیمہ: شہر کے قُرب و جوار میں متعدّد ٹیلوں (مثلاً گورک تپہ، دِگلہ، تَرْمَنی، احمد، سَرلَن، دیزہ تپہ) سے بہت ہی قدیم زمانے کی چیزیں دستیاب ہو چکی ہیں (قبّ Virchow: *Fundstücke aus Grabhügeln bei Urmia*، در *Zeitschr. f. Ethnologie*، ج ۳۲، ۱۹۰۰ء: ص ۶۰۹ - ۶۱۲؛ Jackson: کتاب مذکور، ص ۹۰ - ۹۸؛ Lehmann-Haupt: *Armenien*، ۱: ۲۷۶)؛ چنانچہ ۱۸۸۸ء میں گورک تپہ کی کھدائی میں پچیس فٹ کی گہرائی پر ایک محرابی چھت کا تہہ خانہ نکلا اور اس میں سے اسطوانی شکل کی ایک مُہر برآمد ہوئی، جس پر بابلی دیوتاؤں کی شکلیں تھیں۔ وارڈ (W. H. Ward) نے امریکی رسالہ *Amer. Journ. of Archaeol.*، ۱۸۹۰ء، ۶: ۲۸۶-۲۹۱، میں اور Lehmann-Haupt نے *Materialien z. älter. Gesch. Armeniens*، ۱۹۰۷ء، ص ۸ - ۱۲، میں اس کی تاریخ نواح دو ہزار قبل مسیحؑ متعیّن کی ہے۔ اگر اُرمیہ قدیم اُرمیت (Urmeiate) ہی ہے تو یقیناً وہ منائیوں (Mannaeans) (یرمیاہ، ۵۲: ۲۷، کے ''مِنّی'') کی سرزمین میں شامل ہوگا اور یہ آشوریوں کے حملے کی آماج گاہ اور سلطنت وان (اُرارتُو Urartu) کے زیرِ اثر رہا ہوگا (قبّ ہَزرِگی اور قلعۂ اسمٰعیل خان کے سنگین حجرے، جو وانی (Vannic) وضع کے بنے ہوئے ہیں؛ قبّ مِنُورسکی (Minoršky)، در *Zap.*، ۲۴: ۱۸۸-۱۹۱)۔ [بظاہر براۡدوست میں کوہ کوتُل پر ایک تیسرا حجرہ بھی ہے].

ان دونوں ناموں کی صوتی مشابہت کی بنا پر (d'Anville) کو یہ خیال آیا کہ اُرمیہ کو Θηβαρμαΐς سمجھا جائے، جہاں ایک بہت بڑا آتش کدہ تھا، جسے ہرقل (Heraclius) نے ۶۲۳ء میں جلا دیا تھا۔ لیکن عجیب بات یہ ہے کہ جس راہ پر خسرو پرویز نے دَسْتَ گرد کی طرف سفر کیا تھا اسی پر ثبرمیس (تھیبر مائس Thebarmaïs) بھی واقع تھا (قبّ Ritter: *Erdkunde*، ۹: ۹۴۲)۔ ثیوفان (Theophanes) کے اس متن کی رُو سے جسے دبور (De Boor) نے ازسرِ نو درست کیا، ۱: ۳۰۸ و ۲: ۱۹۰، ۶۱۹، اگر جنزہ (Gazaka) [کے محلِ وقوع] کو پیشِ نظر رکھیں تو ثبرمیس (Thebarmaïs) مشرق کی طرف واقع تھا ἐν τῇ Ἀνατολῇ - رالِنْسن (Rawlinson) کے بعد سے مؤخّر الذّکر جگہ تختِ سلیمان [قبّ شِیز] میں بتائی جاتی ہے؛ اس لیے دبور نے ثبرمیس کا تعلّق ثبرمیس (Bithermaïs)، برثمیس (Berthemais) اور برمیس (Bermais) سے بتایا ہے۔ یہ وہ نام ہیں جن کا ذکر متعدّد قدیم مصنّفوں نے کیا ہے.

مسلم دَور: اُرمیہ کی فتح کا سہرا صَدَقہ بن علی کے سر ہے، جو بنو اَزْد کے مولٰی تھے۔ انھوں نے یہاں متعدّد قلعے بنائے (البلاذُری، ص ۳۳۱ - ۳۳۲)۔ دوسری روایت یہ ہے کہ اسے عُتْبہ بن فَرْقَد نے اس وقت فتح کیا جب [حضرت] عمر [رضی اللہ عنہ] نے انھیں ۲۰ھ/ ۶۴۰ء میں موصل کا علاقہ فتح کرنے کی غرض سے بھیجا تھا. نویں صدی عیسوی کے جغرافیہ نگار (اَلاِصْطَخْری، ص ۱۸۱؛ ابن حَوْقل، ص

۲۳۹) اُرمیہ کو آذربیجان کا تیسرا بڑا شہر قرار دیتے ہیں (یعنی اَرْدَبیل اور مَراغہ کے بعد) اور بالخصوص اس کے پانی، سرسبز چراگاہوں اور پھلوں کی فراوانی کا ذکر کرتے ہیں۔ المَقْدِسی (ص ۵۱) نے اُرمیہ کو اَرمینیہ میں بتایا ہے اور لکھا ہے کہ یہ شہر دُوین کی حکومت کے ماتحت ہے۔ اس زمانے میں اُرمیہ اسی شاہ راہ پر واقع تھا جو اَرْدَبیل -ہ- مَراغہ -ہ- اُرْمیہ -ہ- بَرْکَری ہوتی ہوئی خلیج وان کے شمال مشرق سے آمد تک جاتی تھی (المقدسی، ص ۳۰۲)؛ چونکہ اس وقت تک تبریز [رکّ بآن] کو کچھ اہمیّت حاصل نہیں ہوئی تھی، اس لیے یہ شاہراہ اس سے کٹتی ہوئی جنوب کے اہم شہروں کی طرف گھوم جاتی تھی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ شمالی آذربیجان میں ایسے عناصر کی موجودگی کی وجہ سے جنھیں اب تک زیر نہ کیا جا سکا تھا، یہ سڑک جنوب کی طرف گھوم جاتی ہو (قبّ بُحَیرۃ الشُّراۃ اور تاریخ بابک)۔

اُرمیہ کے ضلع میں کُردوں اور عیسائیوں کی آبادی ہے، اس لیے اس علاقے نے تاریخ اسلامی میں کبھی کوئی نمایاں حیثیت حاصل نہیں کی۔ یہ ایک دُور افتادہ جاگیر تھی، جہاں ان خاندانوں کی شاخیں الگ تھلگ رہتی تھیں جو آذربیجان پر حکومت کرتے تھے۔

جب آذربیجان پر دیلمیوں کی حکومت تھی تو اُرمیہ میں ایک شخص جُستان بن شَرْمَزَن تھا۔ اس قائد نے اپنے دورِ عمل کا آغاز ۳۴۲ھ/۹۵۳ء میں کُرد حاکم دَیْسَم کے ایک مخلص ساتھی کی حیثیت سے کیا (قبّ کُرد)، لیکن بعد میں دیلمیوں نے اُسے اپنے ساتھ ملا لیا اور مَرزُبان کی ماتحتی میں اسے اَرمینیہ کا حاکم بنا دیا گیا۔ مَرزُبان کی موت پر رجب ۳۴۶ھ میں اس کا بیٹا جستان اس کا جانشین ہوا تو جستان بن شَرْمزن نے اس کی سیادت تسلیم نہیں کی۔ پہلے تو وہ اُرمیہ چھوڑ کر ابراہیم بن مَرْزُبان کی حمایت کے لیے چلا گیا اور اس کے نام پر مراغہ فتح کر لیا، لیکن بعد میں وہ اس کا ساتھ چھوڑ کر اُرمیہ واپس آ گیا اور شہر کے گرد فصیلیں تعمیر کر لیں۔

اس کے بعد اُس نے مدعیِ خلافت المُستجیر باللہ کی ملازمت اختیار کر لی اور اُسے قطبانی کُردوں کی تائید وحمایت حاصل ہو گئی، لیکن مرزبان کے دونوں بیٹوں (جُستان اور ابراہیم) نے اسے ہَذْبانی کُردوں کی مدد سے شکست دی۔ اس کے بعد ۳۴۹ھ میں مَرْزُبان کے بھائی وَہْسُوذان کی انگیخت پر اس نے ابراہیم بن مرزبان کو ہزیمت دی، اس کی بقیہ فوج کو گرفتار کر لیا اور مراغہ کا الحاق اُرْمِیَہ سے کر لیا۔ ۳۵۵ھ میں بویہی سلطان رکن الدولہ کے کہنے پر جستان نے دوبارہ ابراہیم [بن مرزبان] کی سیادت تسلیم کر لی (ابن مِسکویہ: تجارب الامم، طبع اَیمیڈروز (Amedroz)، ۲: ۱۵۰، ۱۶۷، ۱۷۷، ۱۷۸-۱۸۰، ۲۱۹، ۲۲۹؛ ابن الأثیر، ۸: ۳۹۵)۔

جب غُزون نے آذربیجان پر حملہ کیا (۴۲۰-۴۳۲ھ) تو اس وقت اُرمیہ کی حکومت ایک شخص اُبوالہجا [کذا، ابوالہیجاء] بن ربیب الدولہ کے ہاتھ میں تھی، جو ہَذْبانی کُردوں کا رئیس تھا اور اس کی والدہ تبریز کے حاکم وَہْسُوذان الرَّوّادی کی بہن تھی (قبّ مادّہ ہاے تبریز و مراغہ)۔ ربیب الدولہ کا یہ بیٹا فخر کیا کرتا تھا کہ غُزّوں کی جس تیس ہزار فوج نے اس کے علاقے میں سے گزرنا چاہا تھا اس نے ایک پُل کے نزدیک اس کے پچیس ہزار آدمی موت کے گھاٹ اتار دیے (۴۳۲ھ؟) (قبّ ابن الأثیر، ۹: ۲۷۱)۔

محرّم ۴۵۵ھ/ [جنوری] ۱۰۶۳ء میں سلطان [ار] طُغرِل اُرمیہ کے علاقے میں سے گزرا (اَلبُنْداری، ص ۲۵)۔ جب سلطان مسعود نے بغداد سے آذربیجان کی طرف مراجعت کی (۵۲۶ھ؟) تو اس وقت اُرمیہ میں امیر حاجب تاتار قلعہ بند ہو کر بیٹھ گیا، لیکن بعد میں اس نے سلطان کے سامنے ہتھیار ڈال دیے (وہی کتاب، ص ۱۶۵)۔ ۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء میں اُرمیہ پر سلطان مسعود بن سلطان محمود بن سلطان ملک شاہ کے بھتیجے اور داماد ملک محمد بن محمود بن محمد کی حکمرانی تھی (راحۃ الصُّدور، GMS، ص ۲۴۴)۔

جب آخری سلجوقی سلطان طُغرِل نے اپنے چچا اِلدَکِیزی قِزِل آرسلان کے خلاف بغاوت کی تو امیر حسن بن قِفْچاق اس کی مدد پر تھا اور اس کے ساتھ مل کر اس نے ۵۸۵ھ میں اُرمیہ کا محاصرہ کیا، شہر پر ہلّہ کر کے اس پر قبضہ کر لیا اور اُسے تاخت و تاراج کر ڈالا (البُنْداری، ص ۳۰۲)۔ اسی سلجوقی دور میں سمجھنا چاہیے کہ سہ گُنبَدان کی تعمیر ہوئی، جس پر خانیکوف (Khanykov) نے ابومنصور بن موسیٰ کا نام اور ۵۸۰ھ/۱۱۸۴ء کی تاریخ پڑھی ہے۔

۶۰۲ھ میں تبریز کے اتابک ابوبکر نے اُشْنُو (کذا بجاے اُسْتُوا) [قاموس الاعلام: اُشْنہ؛ جغرافیای مفصّل ایران: اُشْنُو یہ، اُرمیہ سے ۵۰ کیلومیٹر کے فاصلے پر؛ اُسْتُوا مضافاتِ نیشاپور میں سے ہے] اور اُرمیہ کو مَراغہ [رکّ بآن] کے اتابک علاؤالدین کے حوالے کر دیا، تاکہ اس کے ہاتھ سے جو مراغہ کا شہر نکل چکا تھا اس کی تلافی ہو سکے (ابن الأثیر، ۷: ۱۵۷)۔ ۶۱۷ھ میں یاقوت نے اُرمیہ کی سیاحت کی۔ اس نے اسے غیر محفوظ بتایا ہے، کیونکہ اس کا اِلدِکیزی حکمران اوزبک بن پہلوان ایک کمزور حاکم تھا۔

جس زمانے میں آذربیجان پر جلال الدّین خوارِزم شاہ کی حکومت تھی تو اُرمیہ، سَلْماس اور خوی کے اضلاع اُس سلجوقی شہزادی کی ذاتی جاگیر میں شامل تھے جسے جلال الدین خوارزم شاہ اس کے پہلے خاوند الدکیزی ازبک کے ہاں سے لے آیا تھا۔ ۶۲۳ھ میں اِیوائی ترکمانوں نے اُرمیہ پر قبضہ کر کے اس پر خراج عائد کر دیا۔ جلال الدین خوارزم شاہ نے اپنی ملکہ، یعنی مذکورہ بالا شہزادی، کی شکایت پر اپنی فوجیں بھیج دیں، جنھوں نے ترکمانوں کو شکست دی (ابن الأثیر، ۱۲: ۳۰۱)۔ پھر بعد میں اُرمیہ سابق اِلدِکیزی اُزبک کے ایک غلام بوغدی نامی کو دے دیا گیا (قبّ النَّسَوِی، طبع Houdas، ص ۱۱۸، ۱۵۳، ۱۶۵)۔

اس کے برعکس الجُوَیْنی (۲: ۱۶۰، ۱۸۴) کے قول کے مطابق جنگِ گَرْنی کے موقع پر گرجستان کے دو سپہ سالار شَلْوَا اور اِیوان گرفتار ہو گئے تھے اور شروع میں جلال الدین نے انھیں عزت کے ساتھ رکھا اور کچھ عرصے کے لیے مَرَند، سلماس، اُرمیہ اور اُشْنُو کی حکومت بھی ان کے سپرد کر دی۔ ۶۲۸ھ/۱۲۳۰-۱۲۳۱ء میں جب

اس پر مغلوں کا دباؤ بڑھ رہا تھا تو خوارزم شاہ نے اُرمیہ واُشنُو کے علاقے میں موسمِ سرما بسر کیا (قب ابوالفرج، طبع Pococke، ص ۴۷۰؛ رشید الدین، طبع Blochet، ص ۳۲)۔ اس کے اس قیام ہی سے اس روایت کی توجیہ بھی ہو جاتی ہے کہ خوارزم شاہ نے سہ گنبدان (قب اوپر) تعمیر کیا تھا نیز یہ کہ وہ اُرمیہ ہی میں دفن ہوا (قب Bittner، ص ۷۵؛ Hörnle، ص ۴۸۸)۔

خانیکوف (Khanykow) کا قول ہے کہ اُرمیہ کی مسجد جامع پر ۶۷۶ھ/ ۱۲۷۷ء کی تاریخ کندہ ہے [ایلخان اَباغا [اباقا] کا دورِ حکومت]۔

تیمور: مقامی تاریخ نویس نکیتین (Nikitine) نے لکھا ہے کہ تیمور نے اُرمیہ افشار قبیلے کے ایک شخص گُرگین بیگ کو بطورِ جاگیر دے دیا تھا، جس نے اپنا مستقر قلعۂ طوپراق میں بنا لیا تھا، جو اُرمیہ سے ایک چوتھائی فرسخ کے فاصلے پر ہے، لیکن ظفر نامہ، ۱: ۴۲۴، میں مذکور ہے کہ اُرمیہ کا حاکم ایک شخص تیزک (؟) تھا اور اس کے حقوق کی توثیق تیمور نے ۷۸۹ھ/ ۱۳۸۷ء میں کی تھی۔

بَرَادُوست: [تاریخ] عالم آراء (ص ۵۵۹) میں مذکور ہے کہ شاہ طہماسپ [صفوی] کے زمانے میں اُرمیہ پر بعض بڑے امرا حکمرانی کرتے تھے اور برادوست قبیلے کے کُرد قرہ تاج کو، جسے شاہ سوَن کا لقب حاصل تھا، ترجفار (Tärgävär) اور مرجفار (Märgävär) کے ضلعے دے دیے گئے تھے۔ ۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۳ء میں شاہ عباس [صفوی] نے اُرمیہ اور اُشنو کا علاقہ امیر خان برادوست کو اس کی وفاداری کے صلے میں دے دیا تھا، کیونکہ اس نے عثمانلی ترکوں کی اطاعت قبول نہیں کی تھی، لیکن امیر خان نے یہ بہانہ کر کے کہ اُرمیہ کا قلعہ شکستہ ہے اپنا مرکز دِیمدِیم میں قائم کر لیا (یہ جگہ اُرمیہ کے جنوب میں دریاے قاسم لُو کے دہانے پر براندوز میں ہے)؛ اسی وجہ سے اس پر شک کی نگاہ پڑنے لگی؛ چنانچہ ۱۰۱۹ھ/ ۱۶۱۰ء میں دِیمدِیم پر قبضہ کر لیا گیا اور اُرمیہ کا ضلع (اورلگا Ölgä)، قبان خان بجدلی (Bagdäli) کو دے دیا گیا، لیکن برادوست نے ایک فوجی چال چل کر پھر دِیمدِیم پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد قبان خان کی جگہ (تبریز کے) بوداق خان پُوزَنک کو مقرر کیا گیا اور پھر اس کے بعد آقا خان مُقدَّم المراغی کو؛ لیکن اسی کتاب (ص ۷۶۲) میں سلطنت کے ارکان وعمائد کی فہرست میں اُرمیہ کا حاکم کلب علی سلطان ابن قاسم خان کو بتایا گیا ہے، جو افشار قبیلے کی شاخ ایمان لی سے تعلّق رکھتا تھا۔

صفویوں کے زمانے میں اُرمیہ میں شیعہ مذہب (قب اوپر) کی تبلیغ واشاعت ایک محدود پیمانے ہی پر ہوئی؛ چنانچہ اُرمیہ کے علاقے میں کُرد اور بعض دیہات (بالو Balow) کے باشندے اب تک سُنّی ہیں۔ اہل السنّت میں نقشبندی مشائخ کے اثر کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ۱۶۲۹ء میں سلطان مراد نے دیار بکر میں اُرمیہ کے جن شیخ محمود کو قتل کرایا تھا اُن کے مرید تیس چالیس ہزار کے قریب تھے۔ شیخ کے آبا و اجداد بھی اُرمیہ کے مشائخ میں سے تھے (قب ہامر (v. Hammer)، در GOR، طبع دوم، ۳: ۱۸۷؛ جہان نما، ص ۳۸۵)۔

اِوْلیاء چلبی: ۱۰۶۵ھ/ ۱۶۵۵ء کے بارے میں ہمارے پاس اولیا چلبی کا بہت واضح بیان (۴: ۲۷۱-۳۱۸) موجود ہے۔ یہ شخص وان سے اُرمیہ اس لیے گیا تھا کہ خانِ اُرمیہ (جس کا نام مذکور نہیں) اور بیس دوسرے خوانین کُردوں کے ایک قبیلے پِنَیانِش کی بھیڑوں کے جو گلے ہنکا لے گئے تھے انھیں واپس لائے۔ بدقسمتی سے وہ جن مقامات سے گزرا ان کے ناموں اور اس کے پورے بیان میں بہت کچھ التباس وابہام پایا جاتا ہے۔

اس کا بیان ہے کہ قلعے کی بنا ۶۹۴ھ/ ۱۲۹۵ء میں غازان [خان] نے رکھی تھی اور ۹۳۰ھ/ ۱۵۲۴ء میں شاہ طہماسپ نے اس کی توسیع کی۔ جب ترکوں نے اُرمیہ کو سلطان سلیمان کے عہد میں فتح کر لیا تو سلیمان پاشا اور جعفر پاشا نے اس کی قلعہ بندی کو مستحکم کرایا۔ قلعے کا عام نام طوپُراق قلعہ ہے، لیکن ایرانی (؟) مؤرّخین اسے سُرخ ثلای غازان لکھتے ہیں۔ قلعے کی دیواریں گچ کی تھیں، اس لیے یہ قلعہ ''ایک سفید ہنس'' کی طرح نظر آتا تھا۔ اس کا محیط دس ہزار قدم تھا، دیواریں ستّر ہاتھ (ذراع) اُونچی اور تیس ہاتھ چوڑی تھیں، خندق اسّی ہاتھ چوڑی تھی اور اس کا محیط پندرہ ہزار قدم تھا۔ رات کے وقت دیواروں پر مشعلیں روشن رہتی تھیں۔ قلعے میں چار ہزار فوج تھی اور تین سو دس (؟) توپیں۔ خان کی ملازمت میں پندرہ ہزار سپاہی اور بیس ہزار نوکر تھے۔

قلعے اور شہر کے درمیان بندوق کی ایک مار کا فاصلہ تھا۔ شہر میں ساٹھ محلّے، چھے ہزار گھر اور آٹھ جامع مسجدیں تھیں۔ ان میں سے ایک مسجد اُوزُون حسن کی بنوائی ہوئی ہے، جسے اس کے فرزند سلطان یعقوب نے مکمّل کیا۔ اُرمیہ کے میدانی علاقے (اورلگا) میں ڈیڑھ سو گاؤں تھے، جن میں تین لاکھ مزارع آباد تھے۔

اِوْلیاء چلبی کا کہنا ہے کہ شہر نہایت خوش حال تھا۔ اس نے یہاں کی خانقاہوں (حضرت کوچغہ سلطان)، مدرسوں، مکتبوں اور قہوہ خانوں کی بھی تفصیل دی ہے اور بیان کیا ہے کہ یہاں اشیا کی قیمتیں مقرّر تھیں (''نِرخ شیخ صفی'')۔

افشار: اٹھارھویں صدی عیسوی میں اُرمیہ کی قسمت بہت قریبی طور پر افشاریوں کی قسمت سے وابستہ رہی، جو یہاں کے میدانی علاقے میں رہتے تھے (قب اوپر)۔ ان کے سردار کا منصب بِگلَر بیگی کا تھا۔ ان میں سے جو لوگ زیادہ مشہور ہیں وہ (بقول Nikitine) حسب ذیل ہیں:-

خداداد بیگ قاسم لُو: ۱۱۱۹-۱۱۳۴ھ/ ۱۷۰۷-۱۷۲۲ء؛

فتح علی خاں اَرِشلُو: ۱۱۵۷-۱۱۷۲ھ/ ۱۷۴۴-۱۷۵۸ء؛

رضا قُلی خان: ۱۱۸۲-۱۱۸۵ھ/ ۱۷۶۸-۱۷۷۱ء؛

امام قُلی خان: ۱۱۸۶-۱۱۹۷ھ/ ۱۷۷۲-۱۷۸۳ء؛

محمد قُلی خان: ۱۱۹۸-۱۲۱۱ھ/ ۱۷۸۴-۱۷۹۶ء؛

حسین قُلی خان قاسم لُو: ۱۲۱۱-۱۲۳۶ھ/ ۱۷۹۶-۱۸۲۱ء؛

نجف قُلی خان: ۱۲۳۶-۱۲۸۲ھ/ ۱۸۲۰-۱۸۶۵ء (قب Fraser، ۱: ۵۶)۔

یہ امرا اپنے پڑوسیوں سے برابر جنگ کرتے رہتے تھے (شمال میں خوی

کے دُمْبُلی اور جنُوب میں زرزا اور مُکری کُرد) اور ہرج مرج کے زمانے میں (جیسا کہ اٹھارھویں صدی میں اکثر رہتا تھا) یہ لوگ بحیرۂ اُرمیہ کے مشرقی علاقوں میں بھی تگ و تاز کرتے رہتے تھے.

۱۷۲۴ء کی مہمّ میں عثمانلی ترکوں نے ہکّاری کُردوں سے یہ کام لیا کہ افشاریوں کی جانب سے فوجی سامانِ رسد کو جو خطرہ پیدا ہو گیا تھا اس کا سدّ باب کریں۔ جب ۱۷۲۵ء میں ترکوں نے ملک کا نظم و نسق درست کیا تو اُرمیہ کی خانی قاسم لو (افشار؟) کے گھرانے میں موروثی حیثیت تسلیم کر لی گئی۔ ۱۷۲۹ء میں نادر [شاہ افشار] نے ترکوں سے مراغہ، ساوُج بُولاق اور دیمدیم دوبارہ چھین لیے (قب *Histoire de Nadir*، مترجمہ جُونس (Jones)، ص ۱۰۴)، لیکن ۱۷۳۱ء میں حکیم اُوغلو خاندان کے دو امیروں علی پاشا اور رستم پاشا نے ایک مہینے کے سخت مقابلے کے بعد اُرمیہ کو دوبارہ لے لیا اور ہکّاری امیر بنانِشن کے حوالے کر دیا (قب v. Hammer، ۴: ۲۲۵، ۲۲۸، ۲۷۹)۔ اس کے بعد آذربیجان سے ترکوں کی بے دخلی ۱۷۳۶ء کے معاہدے کے بعد ہی ممکن ہو سکی.

آزاد خان: ۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء میں نادری امیر ابراہیم شاہ کے بعد اس کا جنرل آزاد خان، جو ایک افغان امیر کی اولاد میں سے تھا، اول تو شہرزور کی طرف چلا گیا اور پھر اس نے افشاریوں کے اندرونی خلفشار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اُرمیہ پر قبضہ کر لیا، جہاں فتح علی خان نے اس کا ہمدردی سے استقبال کیا؛ چنانچہ اُرمیہ آزاد خان کی قلیل المدت ریاست کا صدر مقام قرار پایا۔ اُرمیہ کے شمال میں اوغان داغی پہاڑ کا نام بظاہر اسی افغان حکومت کی یادگار ہے.

قاچار: ۱۱۷۸ھ میں محمد حسن خان قاچار نے آزاد کو گیلان میں شکست دے کر اُرمیہ پر قبضہ کر لیا۔ فتح علی خان افشار محمد حسن سے مِل گیا۔ محمد حسن کے مرنے کے بعد فتح علی خان پھر اُبھرا اور اُس نے اُرمیہ میں متمکّن ہو کر مراغہ اور تبریز پر قبضہ کر لیا۔ ۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ء کے موسم سرما میں کریم خان زَند نے مؤخّر الذّکر کو تبریز میں محصور کر لیا۔ پھر اگلے سال میانہ کے قریب قرہ چمن کا معرکہ ہوا، جس کے بعد آذربیجان پر کریم خان کا قبضہ ہو گیا۔ سات ماہ کے محاصرے کے بعد اُرمیہ پر بھی قبضہ ہو گیا۔ اس کے بعد فتح علی کو کریم خان کے اصطبلوں میں نظر بند کر دیا گیا (ان سالوں کے متعلّق قب صادق نامی: تاریخ گیتی کشا)۔ زند خاندان کے خاتمے کے بعد اُرمیہ کے افشار، سراب کے شُقاق [رَکّ بآن] اور خوی کے دُمْبُلی سب کے سب قاچاریوں کے خلاف متّحد ہو گئے، لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ فتح علی شاہ نے محمد قلی خان کو قتل کرا دیا، لیکن حسین قلی خان افشار کی بہن سے شادی کر لی (Fraser، ۱: ۵۵)۔ اسی [حسین قلی خان] کے بیٹے، اُرمیہ کے پہلے ایسے حاکم تھے جنھیں تہران کی مرکزی حکومت کی طرف سے مقرّر کیا گیا.

۱۸۲۸ء میں جب رُوس اور ایران کے مابین جنگ ہو رہی تھی تو کئی مہینے تک روسی فوجوں نے اُرمیہ پر قبضہ جمائے رکھا۔ حاکم شہر، یعنی شہزادہ ملک قاسم میرزا، کی عدم موجودگی میں شہر کا انتظام بیگلر بیگی نجف قلی خان افشار کے سپرد رہا (قب Gangeblov: کتاب مذکور).

عُبَیدُالله: ۱۸۸۰ء میں شیخ عُبَیدُ الله الشّمدِینان [رَکّ بآن] نے آذربیجان پر حملہ کر دیا۔ کردوں نے اُرمیہ کا محاصرہ کر لیا اور قریب تھا کہ شہر ہتھیار ڈال دے کہ خانِ ماکُو [رَکّ بآن] کی فوجیں آ گئیں اور شہر بچ گیا.

ترکوں کا قبضہ: اگست ۱۹۰۶ء میں مشرق بعید میں [جاپانیوں کے ہاتھوں] روسیوں کو جو ہزیمتیں ہوئیں ان کے بعد ترکوں نے اس بہانے سے کہ ترکی۔ ایرانی سرحد کا کبھی تصفیہ نہیں ہوا اُرمیہ کے ضلع پر قبضہ کر لیا، ماسوا خاص شہر کے، جو درمیان میں محصور رہا (قب Nicolas: کتاب مذکور)۔ جنگ بلقان شروع ہوئی تو ترکی فوجوں کو واپس بلا لیا گیا۔ دسمبر ۱۹۱۱ء میں تبریز [رَکّ بآن] کے ہنگاموں کے بعد اُرمیہ پر روسی فوجوں کا قبضہ ہو گیا۔ پہلی جنگِ عظیم میں اُرمیہ پر کئی بار کبھی ایک حکومت کا قبضہ ہوا کبھی دوسری کا۔ ۹-۱۲ اکتوبر ۱۹۱۴ء کو پہلی دفعہ اس پر کُردوں اور ترکوں نے حملہ کیا۔ ۲ جنوری ۱۹۱۵ء کو روسیوں نے شہر خالی کر دیا۔ ۴ جنوری سے ۲۰ مئی تک اس پر ترک قابض رہے، پھر ۲۴ مئی کو روسیوں کا دوبارہ قبضہ ہو گیا۔ ۱۹۱۷ء میں روسی فوجوں کے انتشار کے بعد شہر کی اصل حکومت آشوری عیسائیوں (مُتُوی) کی ایک مجلس کے ہاتھ میں چلی گئی۔ پھر چند نہایت ہولناک اور خون ریز واقعات رونما ہوے (۲۲ فروری ۱۹۱۸ء کو عیسائیوں کے ہاتھوں اُرمیہ کے مسلمانوں کا قتل عام؛ ۲۵ فروری کو ایک کُرد سردار سِمْکُو کے ساتھیوں کے ہاتھوں بطریق مارشمُون کا قتل؛ بیس ہزار اَرمن مہاجرین کی وَان سے آمد؛ آشوریوں اور ترکوں کے درمیان لڑائیاں)۔ ان واقعات کے بعد تمام آشوری آبادی، اُرمیہ کے میدان میں جمع ہو گئی۔ پچاس سے ستر ہزار کی تعداد میں یہ لوگ جنوب کی طرف روانہ ہوے تاکہ برطانیہ کی حمایت میں چلے جائیں (یہ واقعہ آخر جولائی اور شروع اگست کا ہے)۔ اِس نقل مکانی میں عورتیں، بچے اور مویشی بھی ان کے ساتھ تھے۔ یہ لوگ صاین قلعہ اور ہَمَدان کی راہ سے چلے تھے اور بیچ بیچ میں ترکی فوجوں اور کردوں کے ساتھ بھی جھڑپیں ہوتی رہیں۔ ان پناہ گزینوں کو بغداد کے شمال میں بَعقوبا کے مقام پر آباد کیا گیا (قب Rockwell، Caujole، Wigram، Shklowski: کتب مذکور)۔ آشوریوں کے نکل جانے کے بعد یکم اگست ۱۹۱۸ء کو کیتھولک اُسقف (Mgr. Sontag) اور اصطباغی (Baptist) فرقے کے مبلّغ H. Pflaumer کو اُرمیہ میں قتل کر دیا گیا.

امن بحال ہونے تک اُرمیہ برباد اور اجاڑ ہو چکا تھا اور مرکزی حکومت بتدریج ہی اس قابل ہو سکی کہ بحیرۂ اُرمیہ کے مغرب میں اپنا اقتدار دوبارہ قائم کر لے.

آبادی: ہم شروع میں وہ اعداد و شمار لکھ چکے ہیں جو (۱۶۵۵ء میں) اِوْلیاء چلبی نے دیے ہیں اور جو غالبًا مبالغہ آمیز ہیں۔ انیسویں صدی عیسوی کی ابتدا میں اُرمیہ میں چھے سات ہزار گھرانے تھے۔ ان میں سے سو گھرانے عیسائی تھے، تین سو یہودی اور باقی شیعی مسلمان (قب ایرانی یادداشت، شائع کردۂ بِٹنر (Bittner)۔ بقول فریزر (Fraser) (۱۸۲۱ء) اُرمیہ میں بیس ہزار لوگ آباد تھے؛ Hörnle

(۱۸۳۵ء) نے سات آٹھ ہزار خاندان بتائے ہیں، جن میں سے اکثر سنّی (؟) تھے، تین سو یہودی اور نسطوری عیسائی۔ ۱۸۷۲ء میں ارسنس (Arsanis) نے آٹھ ہزار گھر بتائے ہیں، جن میں چالیس ہزار آدمی رہتے تھے۔ ۱۹۰۰ء میں میکسی موک (Maximovič) نے پورے صوبے کی آبادی تین لاکھ بتائی ہے؛ اس میں سے پینتالیس فی صد عیسائی تھے، جن میں چالیس ہزار نسطوری، تیس ہزار آرتھوڈوکس، تین ہزار کیتھولک، تین ہزار پروٹسٹنٹ اور پچاس ہزار (؟) اَرمن تھے۔ شہر میں تین ہزار پانسو گھر تھے۔

پہلی جنگِ عظیم کے دوران میں ڈاکٹر کاژول (Dr. Caujole) نے اُرمیہ کے باشندے تیس ہزار شمار کیے۔ ان میں ایک چوتھائی آشوری تھے اور ایک ہزار یہودی، جو ایک خاص محلّے میں رہتے تھے۔ نکتین (Nikitine): *Ethnographie*، ۱۹۲۶ء، ص ۲۵) نے اُرمیہ کے میدانی علاقے میں سینتیس ایسے دیہات بتائے ہیں جن میں صرف عیسائی رہتے تھے اور باقی انسٹھ مواضعات میں مخلوط آبادی تھی۔

ہمیں یہ معلوم نہیں کہ آرامی عیسائی (''Syrians'' = ''شامی'')، جو جنگِ عظیم کے بعد اپنے آپ کو آشوری (Assyrians) کہنے لگے ہیں، کس زمانے میں اُرمیہ آئے۔ مشرقی یا پائی اسقفی اضلاع (dioceses) کی قدیم ترین فہرستوں میں اس شہر کا کوئی ذکر نہیں (قب Guidi، در *ZDMG*، ۱۸۸۹ء و Chabot: *Synodicon Orientale*) - Assemani (۲: ۴۴۹، ۴۵۳) ۱۱۱۱ء اور ۱۲۸۹ء میں اُرمیہ میں نسطوری اسقفوں کا ذکر کرتا ہے۔ اسی مصنّف کا قول ہے کہ ۱۵۸۲ء میں نسطوری بطریق نے اُرمیہ میں سکونت اختیار کی (کتاب مذکور، ۳/۱: ۶۲۱)۔ ۱۶۵۳ء کی ایک دستاویز میں ایک کلدانی (Uniate) بطریق سائمن نے (خُسْرَوَہ، واقع سَلْماس، سے روم خط لکھتے ہوے) سَلْماس، اَرْنہ (؟)، سَفْتَان (؟)، ترجفار، اُرمیہ، اَنْزَل (اُرمیہ کا شمال مشرقی ضلع)، سُلْدُوز اور اَشْنُوْخ (اَشْنُو) میں اپنی جماعتوں کی فہرست دی ہے؛ قب وہی کتاب، ۳/۱: ۶۲۲ و Perkins: *Residence*، ص ۹؛ نولدکے (Nöldeke): *Grammatik d. neus-yrischen Sprache am Urmia-See und in Kurdistan*، لائپزگ ۱۸۶۸ء، ص xxiii و Hoffmann: *Auszüge*، ص ۲۰۴)۔

۱۸۳۵ء میں ''نسطوری تبلیغی مشن'' کے پہلے امریکی مبلّغ (پرکنز (Perkins)، گرانٹ (A. Grant)) اُرمیہ میں آکر سکونت پذیر ہوے۔ ان کے بعد لازاری فرقے (Lazarists) کے لوگ بھی ۱۸۴۰ء میں آ گئے اور ایک کیتھولک اُسقف اُرمیہ میں متعیّن کر دیا گیا۔ ۱۸۵۹ء میں امریکنوں نے اُرمیہ میں ''انجیلیہ'' (Evangelists) کی ایک جماعت قائم کی۔ اس صدی کے آخری دنوں میں کینٹربری (Canterbury) کے اُسقفِ اعظم (Archbishop) نے انگلستانی کلیسا کے مبلّغ اُرمیہ بھیجے۔ ۱۹۰۰ء میں ایک اہمّ روسی آرتھوڈوکس مشن نے عیسائیوں کے اندر کام کرنا شروع کر دیا، لیکن ایران اور سوویٹ رُوس کے درمیان ۲۸ فروری ۱۹۲۱ء کو جو معاہدہ طے ہوا اس کی رُو سے یہ مشن توڑ دیا گیا۔

مآخذ: (۱) متن میں موجود ہیں؛ نیز قب (۱) حدود العالم، طبع بارٹولڈ (Barthold)، ۱۹۳۰ء، ورق ۳۲ ب، اُرْمَنہ = اُرمیہ، ایک بڑا، خوش حال اور دل پسند شہر ہے؛ (۲) قزوینی، ص ۱۹۴؛ (۳) یاقوت، ۱: ۲۱۹، ۵۱۳؛ (۴) حمد اللہ المستوفی، *GMS*، ص ۸۰، ۸۵، ۲۴۱؛ (۵) حاجی خلیفہ: جہان نُما، ص ۳۸۵ اور بحیرے کے اردگرد کا نقشہ؛ نسخۂ خانوار و اُسامی و لایت اُرُومی (ایک قلمی نسخہ، جس میں اُرمیہ کے مواضعات کی فہرست ہے) کے بارے میں دیکھیے: (۶) Dorn: *Die Sammlung ... welche die kaiserl. Akademie im Jahre 1814 von Herrn v. Chanykow erworben hat*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۶۵ء، ص ۳۲، عدد ۱۱۳؛ (۷) M. Bittner: *Der Kurdengau Uschnûje und die Stadt Urûmije*، در *Sitzungsb. Akad. Wien*، Phil.-hist. Classe، ۱۳۳/ ۳، ۱۸۹۶ء، ص ۱-۹۷ (ایک ایرانی یادداشت کا متن اور ترجمہ ہے، جس کی تکمیل تاریخی و جغرافیائی تعلیقات کے ساتھ انیسویں صدی کی ابتدا میں ہوئی؛ (۸) صَنِیْع الدَّوْلَہ: مِرْآۃ البُلْدان، ج ۱، ۱۲۹۴ھ، بذیل مادّۂ اُرمیہ؛ (۹) نکیتین (Nikitine) (ارمیہ کا سابق روسی قونصل): *Les Afšars d'Urumiyeh*، در *JA*، جنوری-مارچ ۱۹۲۹ء، ص ۶۷-۱۲۳، ایک ایرانی یادداشت کا خلاصہ، جو ۱۹۱۷ء میں تیار کیا گیا [غالباً! یہ تاریخ اُرمیہ ہی کا خلاصہ ہے، جس کا ایک قلمی نسخہ اُرمیہ کے ایک ممتاز فرد مجدُ السّلطَنَۃ کے پاس ۱۹۱۰ء میں موجود تھا]؛ (۱۰) M. Kinneir: *A geo- graphical memoir*، لنڈن ۱۸۱۳ء، ص ۱۵۴-۱۵۵؛ (۱۱) Drouville: *Perse Voyage en* (۱۸۱۲ء)، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۱۹-۱۸۲۱ء، ۲: ۲۳۳؛ (۱۲) Ker Porter: *Travels* (۱۸۱۹ء)، لنڈن ۱۸۲۱-۱۸۲۲ء، ۲: ۵۷۱-۵۷۶ (*The circuit of the lake Urmiya*)؛ (۱۳) Fraser: *Narrative of a journey into Khorasan* (۱۸۲۱ء)، لنڈن ۱۸۲۵ء، ص ۳۲۲؛ (۱۴) A. S. Gangeblov: *Vospominaniya*، ماسکو ۱۸۸۸ء، ص ۱۴۸-۱۶۶ (یہ ۱۸۲۸ء میں روسیوں کے اقتدار کا تذکرہ ہے)؛ (۱۵) Monteith: *Journal of a tour*، در *JRGS*، ۱۸۳۴ء، ص ۵۴-۵۶؛ (۱۶) E. Smith و A. G. O. Dwight: *Missionary researches ..... including ... a visit to... Oormiah*، بوسٹن ۱۸۳۳ء، ۲: ۱۷۵؛ (۱۷) G. Hörnle و E. Schneider: *Auszug aus d. Tagebuche...* (*Baseler*) *Magazin f. d. neueste Geschichte d. evengelischen Missions-und Bib- elgesellschaft*، ۱۸۳۶ء، ص ۴۸۱-۵۱۰؛ (۱۸) Wilbraham: *Travels* (۱۸۳۷ء)، لنڈن ۱۸۳۹ء، ص ۳۷۰-۳۷۷ (اس [سفرنامے] کی وقعت کچھ زیادہ نہیں ہے)؛ (۱۹) Fraser: *Travels in Koordistan* (۱۸۳۴ء)، لنڈن ۱۸۴۰ء، ۱: ۵۱-۵۸؛ (۲۰) Southgate: *Narrative of a tour through Arménia*، لنڈن ۱۸۴۰ء، ۱: ۲۶۸-۲۷۹ (خوی ـ سَلْماس)، ۳۰۰-۳۱۱ (اُرمیہ)، ۳۱۲ (اُرمیہ ـ دِلمان ـ خُوی)؛ (۲۱) E. Boré: *Corresp- ondance et mémoires*، پیرس ۱۸۴۰ء، ج ۲، بمواضع کثیرہ (کیتھولک زاویۂ نگاہ سے پروٹسٹنٹ تبلیغ)؛ (۲۲) A. Grant: *The Nestorians*، لنڈن ۱۸۴۱ء، ص ۵ و ۸۴؛ (۲۳) Ritter: *Erdkunde*، ۴، ۱۸۴۰ء: ۹۴۲-۹۵۰؛ (۲۴) Perkins: *A residence of 8 years in Persia* (۱۸۳۳-۱۸۴۱ء)،

Andover ۱۸۴۳ء، ص ۱۷۷-۲۰۰، ۲۲۷-۲۶۱؛ (۲۵) Perkins: *Journal of a tour from Oormiah to Mosul* (۱۸۴۹ء)، در *JAOS*، ج ۲، ۱۸۵۱ء: ص ۶۹-۱۱۹؛ (۲۶) D. W. Marsh: *The Tennesseean (=A. Rhea) in Persia and Kurdistan* (۱۸۵۱ء)، فلاڈلفیا (Philadelphia) ۱۸۶۹ء، ص ۵۰-۶۲ (ایک عیسائی مبلغ A. Rhea کا سفرنامہ)؛ (۲۷) Badger: *The Nestorians*، لنڈن ۱۸۵۲ء، ج ۱، بہ اِمداد اشاریہ؛ (۲۸) Wagner: *Reise nach Persien*، لائپزگ ۱۸۵۲ء؛ (۲۹) خانیکوف (Khanykov): *Poyezdka v Persidskii Kurdistan*، در *Véstnik Imp. Geogr. Obshč.*، ۱۸۵۲ء، حصہ ۶، فصل ۵: ص ۱-۱۰۸ (جرمن ترجمہ در *Archiv f. wiss-ensch. Kunde v. Russland*، ج ۱۳، ۱۸۵۴ء)؛ (۳۰) Cirikov: *Putevoi žurnal* (۱۸۵۲ء) سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۵ء (*Zap. Kavk. Otdéla Russ. Geogr. Obshč.*، جلد ۹)، ص ۴۶۵-۴۷۴؛ (۳۱) خورشید افندی: سیاحت نامۂ حُدود (۱۸۵۲ء)، روسی ترجمہ، ۱۸۷۷ء، ص ۲۹۵-۳۰۴ (اُرمیہ کے کوہستانی اضلاع)؛ (۳۲) Seidlitz: *Rundreise und. d. Urmiyasee*، (۱۸۵۶ء)، در *Petermann's Mitt.*، ۱۸۵۸ء، ص ۲۲۷؛ (۳۳) Sandr-eczki: *Reise v. Smyrna bis Mossul*، Stuttgart ۱۸۵۷ء، ۲: ۲۰۳-۲۸۵ (موصل -و- عَکرَہ -و- براز گیر -و- نزی -و- مرجفار -و- اُرمیہ) و ۳: ۱-۱۳۸؛ (۳۴) Blau: *Überblick d. Geschichte d. Mission unter* (*Nestorianern*)، ۱۳۹-۲۲۴ (*Aufenthalt in Urmia*)؛ *Vom Urmia-See nach d. Wan-See*، در *Peterm. Mitt.*، ۱۸۶۳ء، ص ۲۰۱-۲۱۰؛ (۳۵) Kiepert: *Z. Topographie d. Umgegend v. Urmia*، در *Zeitschr. d. Gesell. f. Erdk.*، برلن ۱۸۷۲ء، ص ۵۳۸-۵۴۵، نقشہ (جو J. Arsenis کے مطابق ہے)؛ (۳۶) H. Binder: *Au Kurdistan*، پیرس ۱۸۸۷ء، ص ۷۱-۹۸ (تبریز ـ سَلماس ـ اُرمیہ)، ص ۹۹-۱۳۰ (اُرمیہ ـ برِدُک ـ باش قلعہ ـ محمودی ـ وَان)؛ (۳۷) Müller-Simonis و Hyvernat: *Du Caucase au Golfe Persique* (۱۸۸۸-۱۸۸۹ء)، پیرس ۱۸۹۸ء، ص ۱۳۳-۱۸۸ (اُرمیہ؛ عیسائی مشن؛ ماحول؛ براہ اُرمیہ ـ براْدوست ـ دِیزہ ـ پلنگخ (Pelunkegh) ـ ختی بابا ـ باش قلعہ ـ محمودیہ ـ وان)؛ (۳۸) S. G. Wilson: *Persian life and customs*، لنڈن ۱۸۹۶ء، ص ۸۱-۱۰۸ (*A circuit of Lake Urmia*)؛ (۳۹) M. Bittner: *Der Kurdengau Uschnûje und die Stadt Urûmija*، در *Sitzungsb. Akad. Wien* phil.-hist. Classe، ج ۱۳۳/۳، ۱۸۹۶ء، ص ۱-۹۷؛ (۴۰) Maksimovič-Vasilkowsky: *Otčet o poyezdke*، تفلس ۱۹۰۳ء، ۱: ۱۱۴-۱۲۱ و ۲: ۱۴۷-۲۵۹؛ (۴۱) Frangian: *Atrpatakan* (ارمنی زبان میں)، تفلس ۱۹۰۵ء، ص ۸۱-۹۰؛ (۴۲) Ghilan (=Nicolas): *Les Kurdes persans et l'invasion ottomane*، در *RMM*، مئی ۱۹۰۸ء، ص ۱-۲۲؛ اکتوبر ۱۹۰۸ء، ص ۱۹۳-۲۱۰؛ (۴۳) Lehmann-Haupt: *Armenien einst und jetzt*، ج ۱، برلن ۱۹۱۰ء: ص ۲۰۰-۲۲۳، ۲۶۲-۳۰۶ و ۳۰۶-۳۱۴؛ (۴۴) Graf v. Westarp: *Unter Halbmond u. Sonne (1911)*، برلن بدون تاریخ، ص ۲۳۵-۲۷۶؛ (۴۵) A. Wigram اور E. Wigram: *The Cradle of Mankind*، لنڈن ۱۹۱۴ء، باب ۱۰، ص ۱۹۶-۲۲۱؛ (۴۶) Hubbard: *From the Gulf to Ararat*، ۱۹۱۶ء، ص ۲۵۰-۲۶۱ (۲۰ مئی ۱۹۱۵ تک کے واقعات)؛ (۴۷) مِنوْرسکی (Minorsky): *Turetskopers. razgrani- čeniye*، در *Izv. Russ. Geogr. Obshč.*، ج ۵۲، ۱۹۱۶ء، ص ۲۸۲-۳۸۳؛ (۴۸) W. Rockwell: *The Pitiful Plight of the Assyrian Christians in Persia and Kurdistan*، نیو یارک ۱۹۱۶ء (۱۹۱۵-۱۹۱۶ء کے واقعات)؛ (۴۹) Dr. Caujole: *Les tribulations d'une ambulance française en Perse* (1917)، پیرس ۱۹۲۲ء، ص ۲۸-۱۱۸؛ (۵۰) W. A. Wigram: *Our smallest Ally*، لنڈن ۱۹۲۰ء (اگست ۱۹۱۴ء سے نومبر ۱۹۱۹ء تک کے واقعات)؛ (۵۱) Nikitine: *Une Petite nation... Les Chaldéens*، در *Revue des sciences politiques*، ج ۴۴، اکتوبر ۱۹۲۱ء، ص ۶۰۲-۶۲۵ (مآخذ اور واقعات قریبہ کی تاریخیں)؛ (۵۲) Nikitine: *Superstitions des Cha-ldéen du plateau d'Ourmiah*، در *Revue d'ethnogr.*، ۱۹۲۳ء، شمارہ ۱۴: ص ۱۴۹-۱۸۱؛ (۵۳) Nikitine: *La vie domestique des Assyro-Chaldéens du plateau d'Ourmiyah*، در *Ethnog-raphie*، ۱۹۲۵ء، ص ۱-۲۵؛ (۵۴) A. Monaco: *L'Azerbeigian persiano*، در *Boll. R. Soc. Geogr. Italians*، ۱۹۲۸ء، سلسلہ ۶، ج ۵، شمارہ ۱-۶: ص ۸۱-۸۶ (Urmiya=Rezaie)؛ (۵۵) Shklowski: *Santi-mental'noye puteshestviye*، ماسکو ۱۹۲۹ء، ص ۹۲-۱۶۷ (اُرمیہ، اواخر ۱۹۱۷ء).

بحیرۂ اُرمیہ: یہ جھیل شمالاً جنوباً تخمیناً نوے میل لمبی اور شرقاً غرباً پینتیس میل چوڑی ہے۔ اس کا رقبہ دو ہزار دو سو تیس مربّع میل ہے۔ اس میں جو ندیاں گرتی ہیں وہ بیس ہزار دو سو پینسٹھ مربّع میل رقبے کا پانی جمع کر کے لاتی ہیں.

جھیل میں گرنے والے دریاؤں میں ذیل کے دریاؤں کو سب سے زیادہ اہمیّت حاصل ہے:

مشرق میں (الف) اَجی چای (''دریاے تلخ'')، یہ سَراب اور تبریز کو پانی دیتا ہے؛ (ب) سُوفی چای و موردی چای، یہ دونوں دریا کوہ سَہَند [قبّ مراغہ] کے جنوب مغربی رُخ سے بہتے ہیں؛ جنوب میں جَغَتُو؛ تَتَوُو اور ساؤُج بُلاق [رکّ بآن]؛ جنوب مغرب میں گادِر [جادر] [قبّ سُلدُوز و اُشنو]؛ مغرب میں دریاے اُرمیہ (قبّ اوپر) اور دریاے سَلْماس [رکّ بآن]؛ شمال میں کوہ مِشو نے شمالی کنارے کی تنگ پٹی پر سایہ کر رکھا ہے [قبّ طَسُوج و تبریز].

جھیل کے جنوبی نصف حصّے میں متعدّد آباد جزیرے ہیں، لیکن ان سے کہیں زیادہ اہمّ شاہی (شَاہَا، شاہُو) کا پہاڑی جزیرہ نما ہے، جسے اب ایک نہر مشرقی کنارے سے الگ کرتی ہے۔ اس نہر کو ایک پایاب مقام سے عبور کیا جاتا ہے.

اَشوریوں کے قدیم نوشتوں میں جس ''بالائی مشرقی جھیل'' کا ذکر ہے وہ بظاہر یہی اُرمیہ کی جھیل ہوگی۔ شٹریک (Streck) (ZA، ۱۵: ۲۶۳) نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ آشوریوں نے مَزَمُوہ کے قریب جس ''سمندر'' کا ذکر کیا ہے وہ بھی یہی جھیل اُرمیہ ہے، لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ ''سمندر''، بحیرۂ زَربار ہو۔ سَرگُون (Sargon) کی آٹھویں مہم کے بیان (۷۱۴ ق۔م؛ طبع Thureau-Dangin، پیرس ۱۹۱۲ء) میں اس بحیرے کا نام مذکور نہیں ہے۔

سُترابُو (Strabo) نے، ج ۱۱، باب ۱۳، میں اس جھیل کو Σπαῦτα کہا ہے (جسے مارٹن (St. Martin) نے اصلاح کر کے Καπαῦτα = Kapōt، یعنی ''نیلا''، پڑھا ہے)، اور ج ۱۱، باب ۱۴ میں Μαντιανή۔ بطلیموس (Ptolemy)، ج ۶، باب ۲ میں اسے Μαργιανή (Μαντιναή؟) کہتا ہے (قب مراغہ)۔ عام طور پر Mantiane کا نام مَتِینِیوئی قوم (Matienoi People) سے منسوب سمجھا جاتا ہے، جن کے علاقے میں ہیروڈوٹس (Herodotos) (۱: ۱۸۹، ۲۰۲ و ۵: ۵۲) دریاے الرّس (Araxes؟) اور دِیالا (Gyndes) کا منبع بتاتا ہے۔ Marquart (Südarmenien، ۱۹۳۰ء، ص ۴۳۱) کا خیال ہے کہ یہ مَتِینِیوئی (Matienoi) یا مَنْتِیانُوئی (Mantianoi) ہی منّائی (Mannaeans، Mana، Mannai قب اوپر) تھے۔ شاید مناسب یہ ہو کہ مَنتیانا (Mantiana) کا تعلّق ماندا (Manda) سے سمجھا جائے، جو نام قدیم ترین زمانے سے ''انڈو۔ یورپین'' لوگوں کے لیے مستعمل تھا؛ قب Reinach: *Les Matiènes*، در *Revue des études grecques*، ج ۷، ۱۸۹۴ء، ص ۳۱۳-۳۱۸؛ Forrer: *Die Inschriften d. Ḫatti Reiches*، در ZDMG، ۱۹۲۲ء، ص ۱۷۴-۲۶۹ اور Meyer: *Gesch. d. Altertums*، ۱/۲، طبع ثانی، ص ۳۵، حاشیہ ۳۔

اَوِسْتا (*Avesta*) میں اس جھیل کو چاَیچستا (Čaēčasta) کے نام سے یاد کیا گیا ہے، یعنی ''گہری جھیل، جس کا پانی نمکین ہے''۔ Bartholomae: *Altir Wört*، عمود ۵۷۵ نے اس نام کے معنی ''سفید چمکدار'' (-weissschimmernd) لیے ہیں۔ اس بحیرے کے کنارے پر کَیخُسرَو (-Kawi Haosrawah) نے تورانی اَفْراسیاب (فَرنَ رَسیان Franrasyān) کو قتل کیا تھا (یَشت، ۹: ۱۸ وغیرہ)۔ بُنْدَہِش (۱۷: ۷، ترجمۂ وَیسٹ West) کے مطابق اسی کَیخسرو نے وہ بت خانہ (ہیکل) بھی توڑا تھا جو بحیرۂ چَیچَسْت کے قریب تھا (قب شاہنامہ، طبع وُلَرز (Vullers)، ۲: ۱۴۴۱، جہاں ''خَنْجَسْت'' کے بجائے ''چَیچَسْت'' پڑھنا چاہیے)۔ جھیل کے جنوب میں جو خانقاہ ہے اور جسے رالِنْسن (Rawlinson) نے تختِ سُلَیمان سمجھا ہے، اس کا عربی نام شِیز (= غَزنہ، غَنزہ) ضرور اسی چیچست سے نکلا ہوگا [جیسا کہ Hoffmann (*Auszüge*)، ص ۲۵۲) نے بیان کیا ہے۔ شِیز کا محلِّ وقوع لَیْلان کو قرار دینا غالبًا بہتر ہے]۔

ایک اور پرانا نام، جو اس جھیل کے لیے مستعمل تھا، کَپُوتان، بمعنی نیلا، ہے (قب اوپر)۔ ساتویں صدی عیسوی کے ایک اَرمنی جغرافیے میں اس کا نام Kaputan دیا گیا ہے (قب Marquart: *Ērānšahr*، ص ۱۳۷؛ ابن حَوْقل، ص ۲۴۷: کَبُوذان)۔

اَلْاِصْطَخْرِی (ص ۱۸۱) اس جھیل کو بُحَیرَۃُ الشُّراۃ لکھتا ہے، یعنی ''خارجیوں کی جھیل''، لیکن زیادہ تر یہ ان شہروں کے ناموں سے موسوم کی جاتی ہے جو اس کے قریب ہیں، یعنی اُرمیہ، شاہی، طَسُّوج [رک بآن]۔

شاہی کا نام اگرچہ مؤخر زمانے میں پایا جاتا ہے تاہم اس کا تعلّق اس قدیم قلعے سے ہے جو جھیل کے شمال مشرق میں واقع جزیرہ نما میں تھا۔ قلعۂ شاہی سے طبری واقف تھا؛ چنانچہ ۳: ۱۱۷۱ و ۱۳۹۷ پر اس نے اس کا تذکرہ ۲۰۰ھ/ ۸۱۵ء کے تحت کیا ہے۔ خوارزم شاہ جلال الدین کے عہد میں بھی یہ نام ملتا ہے (النَّسَوِی، ص ۱۵۷)۔ اسی شاہی میں پہلے مغل ایلخان ہلاگو خان اور اباقا خان بھی مدفون ہیں (قب رشید الدین، طبع قاترمیرَ (Quatremére)، ص ۴۱۶؛ حافظ اَبْرُو، منقول در لی سٹرینج (Le Strange): کتاب مذکور، ص ۱۶۱؛ d' Ohsson: *Hist. des Mongols*، ۴: ۳۴۰)۔ ابوالفداء نے اس جھیل کو بُحَیرَۃ تَلا کہا ہے۔ یہ صاف نہیں ہوتا کہ تلا سے مراد شاہی ہے یا کچھ اور۔ الاِصْطَخری کے فارسی ترجمے میں (قب دخویہ (de Goeje)، در ابن حَوقل، ص ۲۴۷، حاشیہ m) ان دونوں ناموں میں فرق کیا گیا ہے، اور النَّسَوِی، ص ۱۵۳-۱۵۴ نے جس حصنِ تلا کا ذکر کیا ہے اس کا تعلّق مغربی کنارے سے سمجھنا زیادہ بہتر ہوگا (قب یاقوت، ۳: ۵۴۱، جس نے اسے فارسی لفظ قرار دیا ہے)۔ اس صورت میں اسے قلعۂ گُورچِن میں تلاش کرنا چاہیے، جو پہاڑ کی اس چوٹی پر ہے جو سَلْماس کی طرف جھیل پر سایہ فگن ہے (قب Ker Porter: *Travels*، ۲: ۵۹۳؛ خانیکوف (Khanykov)، در *Poyezdka, Vestnik Geogr. Obshč*، ۱۸۵۲ء، ج ۶ (خانیکوف نے قلعۂ گُورچِن میں کسی شخص ابو ناصر (ابو النصر) حسین بہادر خان کا کتبہ دیکھا ہے [کیا یہ حسن نامی شخص اوزون حَسَن ہو سکتا ہے؟ کیونکہ اس کی کنیت ابو النّصر ہی تھی])؛ و Lehmann-Haupt: *Armenien*، ۱: ۳۰۶-۳۱۴۔

دوسری طرف یہ دیکھنا باقی ہے کہ قلعۂ گُورچِن وہی بَکْدُر (بَکْدُر) کا قلعہ تو نہیں جس کا ذکر الطبری نے شاہی کے ساتھ کیا ہے اور جو ممکن ہے کہ وہ بَکیر کی مناسبت سے ہو، جسے بَکَدرِ پڑھا جا سکتا ہے (قب بُنْدَہِش، ۱۲: ۲ اور ۲۰)، جہاں افراسیاب (فَرَن رَسیان) نے پناہ لی تھی۔ اَوِستا، یَشت ۵: ۴۹ و ۹: ۱۸، میں ہے کہ خسرو نے افراسیاب کو ''بحیرۂ چَیچَسْت کے پیچھے'' قتل کیا تھا، جس سے بظاہر جھیل کے مغرب کا علاقہ مراد ہے [بعد کی روایت میں افراسیاب کا قتل، اَرّان میں بتایا گیا ہے (قب شاہنامہ اور بالخصوص النَّسَوِی: سیرۃ جلال الدین، ص ۲۲۵؛ ترجمہ، ص ۳۷۵]۔

عرب جغرافیہ نگاروں کو علم تھا کہ اس بحیرے کے نمکین پانی میں حیوانی زندگی ممکن نہیں؛ چنانچہ الطبری، ۳: ۱۳۸۰، کا قول ہے کہ اس جھیل میں مچھلی یا اور کوئی

قیمتی چیز نہیں پائی جاتی۔ صرف الاصطخری (ص ۱۸۹) اور الغرناطی (در [تاریخ] القزوینی، ص ۱۹۴) ہی نے اس کے خلاف لکھا ہے؛ چنانچہ مقدم الذکر نے ایک ''مچھلی کی قسم کے جانور''، یعنی ''دریائی کتے'' کا ذکر کیا ہے؛ الغرناطی کو قسم قسم کے عجیب قصّوں کا شوق ہے، جنھیں بعد کے زمانے میں اولیا چلبی نے بھی دہرایا ہے.

مآخذ: خاص طور پر جھیل اور اس کے طبقات ارضی کے بارے میں: (۱) قاترمیئر (Quatremère) اپنی طبع رشید الدین، ص ۳۱۶ - ۳۲۰، میں؛ (۲) Abich: *Vergleichende chem. Untersuchung d. Wässer d. Casp. Meeres, Urimia-und Wan-Sees*، در *Mém. Acad. de St. Pétesrbourg*، علومِ ریاضی ۱۸۵۶ء، سِلسِلہ ۶، ۷: ۱ - ۵۷؛ (۳) خانیکوف (Khanykov): *Notices physiques et géographiques sur l' Azerbaidjan*، در *Bull. de la classe phys.-mathem. de l' Acad. de Russie*، ج ۱۶، ۱۸۵۸ء: ص ۳۳۷ - ۳۵۲ (پانی کا کیمیاوی تجزیہ، جزیروں کا نقشہ اور پانی کی مختلف گہرائیاں)؛ (۴) Pohlig: *Entstehungsg-eschichte des Urmiasees*، در *Verhandl. Nat. Vereins*، بون ۱۸۸۶ء، ص ۱۴؛ (۵) Rodler: *Der Urmia-See und d. nordwestl. Persien*، در *Schriften d. Vereins z. Verbreit. naturwiss. Kenntnisse*، وی انا، ج ۲۷، ۱۸۸۶ - ۱۸۸۷ء: ص ۵۳۵ - ۵۷۵؛ (۶) Borne: *Der Jura am Ostufer des Urmiasees*، Halle ۱۸۹۱ء؛ (۷) Günther: *Contrib. to the geogr. of Lake Urmia*، در *Geogr. Journ.*، ۱۸۹۹ء، ۱۴: ۵۰۴ - ۵۲۱؛ (۸) وہی مصنّف: *Contrib. to the natural history of Lake Urmia*، در *J. Linnean Soc.*: علم حیوانات، ۱۹۰۰ء، ۲۷: ۳۴۵ - ۴۵۳ (ماہرین کے متعدّد مقالات کے ساتھ)؛ (۹) Günther و Manley: *On the waters of the Salt of Lake of Urmi*، در *Proc. Royal Soc.*، ۶۵: ۳۱۲ - ۳۱۸؛ (۱۰) Mecquenem: *Le lac d' Ourmiah*، در *Ann. Géogr.*، ۱۹۰۸ء، ۱۷: ۱۲۸ - ۱۴۴؛ (۱۱) E. Zugmayer: *Eine Reise durch Vorderasien (1904)*، برلن ۱۹۰۵ء (مراغہ - و - جزائر بحیرۂ ارمیہ - و - خُوی)؛ (۱۲) Beuck: *Der Urmiasee in Persien*، در *Pet. Mitt.*، ۱۹۱۶ء، ۶۲: ۴۴۹، (غیر اہمّ حاشیہ)؛ (۱۳) K. Kaehne: *Beitr. z. phys. Geographie des Urmia-Beckens*، در *Zeit. d. Gesell, f. Erdkunde*، برلن ۱۹۲۳ء، ص ۱۰۴ - ۱۳۱ (نہایت عمدہ بحث، جو روسی نقشے پر مبنی ہے، جس کا پیمانہ ہے دو ورسٹ (Versts) = ایک انچ [ایک ورسٹ = ۲/۳ میل]).

(V. MINORSKY مِنُوْرِسْکِی)

---

* **اَرْنِیط:** ہسپانوی آرْنیڈْو (Arnedo)، صوبۂ ''لُوغرونیُو'' (Logroño) کا ایک چھوٹا سا قصبہ اور ایک قضا (partido judicial) کا صدر مقام۔ اس کی آبادی کوئی دس ہزار ہے اور دریاے سیکاڈس (Cicados) کے بائیں کنارے پر آباد ہے۔ یہ ندّی دریاے اَبرہ (Ebro) کی معاون ہے، جو صدر مقام سے تقریباً ۲۲ میل (۳۵ کیلومیٹر) کے فاصلے پر ہے۔ ارنیط (Arnedo) آئی بیرین (Ibrian، یعنی قدیم ہسپانوی) اصل کا ایک مقامی نام ہے جو بُرغش (Burgos)، البسیط (Albacete) اور ''لوغرونیو'' کے صوبوں میں ملتا ہے اور جو مؤخّر الذّکر صوبے میں اسم تصغیر (Arnedillo) کی شکل میں بھی موجود ہے۔ چھٹی/بارھویں صدی میں بقول الادریسی اسلامی اندلس کا ملک چھبیس اقلیموں (خِطّوں) میں منقسم تھا، جن میں ارنیط بھی شامل تھا اور اس کے مشہور شہر قلعۃ ایّوب (Calatayud)، دروقہ، سَرَقُسطہ، وَشْقہ (Huesca) اور تطیلہ (Tudela) تھے۔ عربی مآخذ میں سے صرف رَوْض المِعْطار میں اس کا ذکر آتا ہے۔ اس کا مصنّف لکھتا ہے کہ ''یہ الاندلس کا ایک قدیم شہر ہے، جو تطیلہ سے اکتیس میل کے فاصلے پر واقع ہے اور اس کے اردگرد زرخیز اور شاداب مزروعہ میدان ہیں۔ یہ بڑا مستحکم ہے اور سب سے زیادہ اہمّ مقامات میں شمار ہوتا ہے۔ اس کے قلعے پر سے عیسائی علاقہ نظر آتا ہے''۔ ارنیط، تطیلہ اور انیت (Oñate) کے شہر بنوقَصِی کی ریاست (seigniory) کے بڑے شہر تھے۔ عبدالرحمٰن ثالث نے مویز (Muez) کی مشہور مہمّ میں، جو نبرہ (Navarre) کے خلاف تھی، قلہرہ (Calahorra) پر قبضہ کر لیا، جسے صرف دو سال پہلے سانچو غرسیہ (Sancho Gareés) نے فتح کیا تھا اور اسے اس بات پر مجبور کر دیا کہ وہ ارنیط میں جا کر پناہ لے۔ سانچو ارنیط سے اس وقت چلا گیا جب عبدالرحمٰن نے بنبلونہ (Pampeluna) کا رخ کیا، جہاں اس نے نبَرَہ اور لیُون (Leon) کی مُتّحِدہ فوج کو Valdejunquera کی خون ریز جنگ میں شکست فاش دی.

مآخذ: (۱) الادریسی، عربی متن: ص ۱۷۶، ترجمہ: ص ۲۱۱؛ (۲) لیوی پرووانسال (E. Levi-Provençal): *La Péninsule ibérique*، عربی متن: ص ۱۴، ترجمہ: ص ۲۰؛ (۳) ابن حزم: جمھرۃ الانساب، ص ۸۶، سطر ۱۷ - ۱۸؛ (۴) *Dic. geog.*، ۲: ۵۸۲؛ (۵) J. M. Lacarra: *Exp. musul. contra Sancho Garcés*، در *Revista del Principle de Viana*، ۱۹۴۰ء، ۱: ۴۱ - ۷۰.

(A. HUICI MIRANDA میرانڈا)

---

* **اَرُوْر:** (Aror)، جسے اَلرُّوْر بھی لکھا جاتا ہے، سندھ کا ایک قدیم شہر۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ شہر بادشاہ موسیقانوس (Musicanus) [یونانی] کا صدر مقام تھا، جسے سکندر اعظم نے شکست دی تھی اور یہ کہ ساتویں صدی عیسوی کے چینی سیّاح ایونگ - تسانگ (Hiung-tsang) نے بھی اپنے سفرنامے میں اس شہر کا ذکر کیا ہے۔ [آٹھویں صدی میں اس شہر پر والی سندھ راجہ داہر بن چچ کی حکومت تھی۔ اسے شکست دے کر مشہور فاتح] محمد بن قاسم نے ۹۵ھ/۷۱۴ء سے پہلے اس پر قبضہ کر لیا تھا (البلاذُری: فتوح البلدان، ص ۴۳۹، ۴۴۰، ۴۴۵؛ الاِصْطَخْری، ص ۱۷۲، ۱۷۵؛ البیرونی: ہند، طبع زخاؤ (Sachau)، ص ۱۰۰، ۱۳۰)۔ البیرونی کے بیان کے مطابق یہ شہر ملتان سے جنوب مغرب کی جانب تیس فرسخ

[موجودہ ۲۴۰ میل] اور المنصورہ سے دریاے سندھ کے بہاؤ کے خلاف بیس فرسخ [یعنی ۱۶۰ میل] کے فاصلے پر واقع تھا۔ دریاے سندھ پہلے اس شہر کے قریب سے بہتا تھا، بعد میں اس نے اپنا راستہ تبدیل کر لیا، جس سے شہر کی رونق اور خوش حالی جاتی رہی؛ اس تبدیلی کی تاریخ غیر یقینی ہے۔ سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی کے مقامی مؤرّخین (قب Elliot-Dowson: *History of India*، ۱: ۲۵۶-۲۵۸) اس سلسلے میں ایک قصہ نقل کرتے ہیں۔ قدیم محلِ وقوع سے پانچ میل جانب غرب ایک چھوٹا سا قصبہ روہڑی نام واقع ہے، جو اسی نام کے تعلقے کا صدر مقام ہے (*Imperial Gazetteer of India*، اوکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ۶: ۴۰۴ و ۲۱: ۳۰۸)۔ [صاحبِ چچ نامہ، طبع داؤد پوتا، ص ۱۴-۱۵، کے بموجب الرُّور ہند و سندھ کا دار الملک تھا اور اس میں طرح طرح کے محلّات، باغ، نہریں، حوض اور چمن وغیرہ تھے۔ اس شہر کے آثار اور کھنڈر ابھی تک قصبۂ روہڑی سے چھے سات میل کی مسافت پر موجود ہیں۔ داہر کے اس قلعے کی دیواروں کے آثار بھی ہنوز باقی ہیں، جسے محمد بن قاسم الثّقفی نے سر کیا تھا]۔ خانہ بدوش قوم کے ایک نام لُولِی۔ مشتق از رُوری...... کا تعلّق بھی الرُّور سے ہو سکتا ہے [دیکھیے مادّۂ لُولِی]۔

مآخذ: (۱) یاقوت، ۲: ۸۳۳؛ (۲) H. Cousens: *The Antiquities of Sind*، کلکتہ ۱۹۲۹ء، ص ۶۷-۷۹؛ (۳) مِنُورسکی (V. Minorsky)، در *JA*، ۱۹۳۱ء، ص ۲۸۵؛ (۴) اس مصنّف کی طبع: حدود العالم، ص ۲۴۶؛ [(۵) علی بن حامد الکوفی: فتح نامۂ سندھ، معروف بہ، چچ نامہ، طبع داؤد پوتا، دہلی ۱۳۵۸ھ/ ۱۹۳۹ء، اشاریہ؛ (۶) محمد معصوم بھکری: تاریخِ معصومی، طبع داؤد پوتا، بمبئی ۱۹۳۸ء، اشاریہ]۔

(V. MINORSKY) مِنُورسکی

✱ **اِرِیوان:** (Eriwan)، [قدیم] اَرمنی ہُرَسْتَن (Hrastan)، [موجودہ نام: یریوان Yerevan،] روسی ماوراے قفقاز میں اَرمنی حکومت کا صدر مقام؛ جاے وقوع: ۴۰ درجہ ۱۴ ثانیہ عرض البلد شمالی، ۴۴ درجہ ۳۸ ثانیہ طول البلد مشرقی (گرینچ)، سطح سمندر سے تقریباً تین ہزار فٹ بلند، دریاے زنگہ (Zanga) کے بائیں کنارے پر، جو دریاے الرَّس (Araxes) کا ایک معاون ہے؛ آبادی (۱۸۹۷ء) تقریباً تیس ہزار اور بعض اَور اسناد کے مطابق پندرہ ہزار۔ ارمن مآخذ کی رُو سے اس کی تاریخ بہت دور کے زمانے تک جاتی ہے (دیکھیے St. Martin: *Mémoires sur l' Armenie*، ۱: ۱۱۶)۔ ترکی دورِ حکومت ہی میں جا کر اس شہر نے، جسے سرکاری طور پر رِوان (Rewan) لکھا جاتا ہے، تاریخ اسلام میں ایک حد تک خاصی اہمیت حاصل کر لی۔ اِولیا نے جو روایت نقل کی ہے اس کی رُو سے اس شہر کی تاسیس نویں/پندرھویں صدی کے مؤخّر زمانے میں ہوئی [یعنی امیر تیمور کے تجّار میں سے ایک شخص خواجہ خان لجانی نے اس نام کا ایک گاؤں آباد کیا] اور اس کے قلعے کی بنیاد اس کے بھی سو سال بعد شاہ اسمٰعیل (اوّل) کے عہد میں [اس کے وزیر دیوان قلی خاں کے زیر اہتمام] رکھی گئی۔ مراد ثالث کے عہد میں ترکوں نے اریوان کو، جو شروع میں صفوی خاندان کے زیرِ نگیں تھا، لڑ کر جیت لیا اور اسے مستحکم کر دیا۔ [یہ کامیابی زیادہ تر فرہاد پاشا کی سعی سے حاصل ہوئی، جس نے شہر کے استحکام اور اس کی زیب و آرائش پر بہت روپیہ صرف کیا۔] ۱۶۰۴ء میں شاہ عبّاس اوّل نے اسے دوبارہ حاصل کر لیا۔ کئی مسلسل جنگوں کے بعد، جن کا نتیجہ کبھی ایک اور کبھی دوسرے فریق کے حق میں نکلتا رہا، آخر کار مراد چہارم نے اس پر قبضہ کر لیا، لیکن اس کے بعد جلد ہی وہ دوبارہ ایرانیوں کے ہاتھ میں چلا گیا۔ اس شہر کی تاریخ کا مختصر سا حال مادّۂ اَرمینیہ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ ۱۸۲۷ء میں اس شہر پر روسی جنرل پسکویچ (Paskewitch) نے قبضہ کر لیا، جسے اس فتح کے اعزاز میں اریوانسکی (Eriwanski [یعنی امیرِ اریوان]) کا لقب [اور دس لاکھ روبل انعام] دیا گیا۔ ۱۸۲۸ء کے صلح نامے کے بعد سے اریوان رُوس کے پاس رہا ہے۔ [۱۹۱۸ء میں جب جنوبی قفقازیہ میں آذربیجان، گرجستان اور اَرمینیہ کی جمہوریتیں بن گئیں تو اریوان اَرمینیہ میں شامل کر دیا گیا اور اب اس جمہوریہ کا صدر مقام ہے۔] یہاں مسجدیں، جو اپنی کاشی کاری کے لیے مشہور ہیں اور دیگر اہمّ عمارتیں آٹھویں صدی ہجری اور اس کے بعد کی ہیں [جن میں گوک مسجد، سردار مسجد کا ایک حصّہ اور زنگی صُو کا ایک تاریخی پل شامل ہیں۔ یہاں کے مشہور لوگوں میں حسین بے آشفتہ اور صاحب دیوان شاعر مطلع نیز میرزا سلیم اریوانی کے بیٹے وزیرِ اعظم میرزا عباس فخری کا ذکر کیا جا سکتا ہے، جو خود ایک اچھا شاعر تھا (م ۱۸۴۹ء)]۔

مآخذ: (۱) حاجی خلیفہ: جہان نُما (قسطنطینیہ ۱۱۴۵ھ)، ص ۳۹۱؛ (۲) اولیا افندی: *Travels* (ترجمہ وان ہامر von Hammer)، ۲: ۱۵۰ بعد؛ (۳) Binder: *Au Kurdistan*، ص ۲۵ بعد؛ (۴) Müller-Simonis: *Du Caucase au Golfe persique*، ص ۵۶-۶۵؛ (۵) A. V. Williams Jackson: *Persia, Past and Present*، (نیویارک ۱۹۰۶ء)، ص ۱۷-۱۹؛ (۶) Sarre: *Denkmäler persischer Baukunst*، ص ۵۲ بعد، لوحہ ۵۳؛ [(۷) آ آ، ت، بزیرِ مادّہ اور وہ مآخذ جو وہاں مذکور ہیں]۔

(R. HARTMANN ہارٹمان)

✱ **اُرِیُوْلَہ:** (Urihuela)، مشرقی ہسپانیہ (Levante) کا ایک شہر، جو مرسیہ (Murcia) سے ۱۵ میل شمال مشرق میں واقع ہے۔ یہ ایک انتظامی ضلع (Partido) نیز اسقفی حلقے کا صدر مقام ہے۔ نواحی علاقوں سمیت، جن کی آبادی بہت گنجان ہے، اس کے باشندوں کی کل تعداد ۳۵۰۰۰ نفوس ہے۔ اس شہر پر مسلمانوں کے قبضے کا وہی زمانہ ہے جو کورۂ تُدْمِیرُ [رکّ بآن] کے دوسرے شہروں کی فتح کا ہے۔ مرسیہ سے پہلے طویل مدّت تک یہ اس کورے کا صدر مقام رہا ہے۔ جب تک یہ مسلمانوں کے زیرِ نگیں رہا اس کی تاریخ مرسیہ کی تاریخ سے وابستہ رہی، تاہم چھٹی صدی ہجری کے وسط/ بارھویں صدی عیسوی کے درمیانی حصّے میں یہ شہر بہت تھوڑی مدّت کے لیے ایک چھوٹی سی خود مختار ریاست کا صدر

مقام رہا۔اس ریاست کا حکمران قاضی احمد بن عبدالرحمٰن بن علی بن عاصم تھا۔

مآخذ: (۱) الادریسی، طبع ڈوزی (Dozy) و دخویہ (de Goeje)، متن: ص ۱۷۵ و ۱۹۵، ترجمہ: ص ۲۱۰ و ۲۳۴؛ (۲) یاقوت: معجم البلدان، طبع وسٹنفلڈ (Wüstenfeld)، ۱: ۴۰۳؛ (۳) ابوالفداء: تقویم البُلدان، طبع Reinaud و de Slane، متن: ۱۷۹ و ترجمہ: ص ۲۵۶؛ (۴) ابن عبدالمنعم، الحِمْیَری: الروض المِعطار، ہسپانیہ، بذیل مادّہ؛ (۵) ابن الخَطیب: اَعْلام، ہسپانیہ، طبع لیوی پرووانسال (Lévi-Provençal)، رباط۔پیرس ۱۹۳۴ء، ص ۲۹۷۔۲۹۸؛ (۶) E. Tormo: *Levante* (Guias Calpe)، میڈرڈ ۱۹۲۳ء، ص ۲۹۷۔۳۰۶.

(لیوی پرووانسال LÉVI-PROVENÇAL)

✱⊗ **اُڑیسہ:** (Odra_deça) بھارت کا ایک صوبہ، جس کا کل رقبہ ۵۹,۸۳۹ مربّع میل اور کل آبادی ۱,۴۶,۴۵,۹۴۶ ہے۔ یہ صوبہ مہاندی اور آس پاس کے دریاؤں کے ڈیلٹا کو گھیرے ہوئے ہے اور ایک طرف خلیج بنگال سے لے کر مدھیا پردیش کی سرحد تک پھیلا ہوا ہے اور دوسری طرف دریائے سُبَرنریکھا سے لے کر جھیل چِلکا تک چلا جاتا ہے۔ گزشتہ زمانے میں یہ علاقہ قدرتی طور پر ناقابلِ گزر تھا، اس لیے ہر قسم کے حملوں سے محفوظ رہا؛ البتہ اس کے ساحلی علاقے بعض اوقات فتح ہوتے رہے، لیکن اندرون ملک کے پہاڑی علاقے میں نیم خودمختار یا باج گزار ریاستیں قائم رہیں۔ یہ علاقہ قدیم زمانے کی سلطنتِ کالِنگا کا ایک حصّہ تھا، جسے امن پسند قوم آچوکا (A-çoka) نے فتح کرلیا تھا اور یہی لوگ وہاں آباد تھے، لیکن مملکتِ موریا کے انتشار کے بعد یہ علاقہ دوبارہ کالِنگا کی ریاست میں شامل کرلیا گیا۔ گیارھویں صدی کے آخر تک اس علاقے کی تاریخ میں بڑا الجھاؤ ہے، لہٰذا جو لوگ اس زمانے کی تاریخ کے مُعَمّوں کو حل کرنا چاہیں انھیں چاہیے کہ وہ بینرجی کی تاریخ اڑیسہ کا مطالعہ کریں.

موجودہ اُڑیسہ کے بعض حصّوں کو سلطان محمد بن تغلق کی مملکت میں شامل کر لیا گیا تھا اور وہ جاج نگر کے صوبے میں شمار ہوتے تھے۔ اُڑیسہ کا اصل فاتح اکبر کا مشہور سپہ سالار راجہ مان سنگھ تھا، جس نے اس علاقے کو بنگال کے افغانوں سے بزورِ شمشیر چھین لیا، جو کسی طرح وہاں متمکّن ہو گئے تھے۔ اکبر کے زمانے میں اڑیسہ کو صوبۂ بنگال کا ایک حصّہ سمجھا جاتا تھا، تا آنکہ جہانگیر کے عہد میں اسے ایک علیحدہ صوبہ بنا دیا گیا۔ مغلیہ سلطنت کے زوال پذیر ہونے پر اڑیسہ بھونسلا مرہٹوں [رک بآن] کے قبضے میں آ گیا۔ ۱۷۶۵ء کے انتقالِ اختیاراتِ دیوانی کے معاہدے کے مطابق گو یہ علاقہ برائے نام انگریزوں کے ماتحت ہو گیا تھا تاہم ۱۸۰۳ء تک اسے باقاعدہ طور سے فتح نہیں کیا گیا.

ضلع سنبھل پور کو چھوڑ کر وہ علاقہ جسے آج کل اُڑیسہ کہتے ہیں بشمول بنگال اکتوبر ۱۹۰۵ء تک ایک ہی نظامِ حکومت میں شامل رہا۔ اس کے بعد مارچ ۱۹۱۲ء تک اس کا الحاق مغربی بنگال سے رہا اور پھر بہار اور اُڑیسہ کے دو صوبے علٰیحدہ علٰیحدہ بنا دیے گئے.

۱۹۳۶ء میں اوڈانیل (O' Donell) کمیٹی کی سفارشات کے تحت چھے ضلعوں (بالاسور، کٹک، گنجم، راپت پوری، اور سنبھل پور) کا ایک علٰیحدہ صوبہ بنایا گیا۔ ۱۹۴۸ء میں اڑیسہ کی چوبیس چھوٹی چھوٹی ریاستوں کو بھی اسی صوبے میں مدغم کر دیا گیا۔ اس کے بعد سرائے کلا اور کھرسوان کے علاقے صوبۂ بہار میں منتقل کر دیے گئے۔ یکم اگست ۱۹۴۹ء کو تمام سابقہ ریاستوں کو پرانے اضلاع میں شامل کر دیا گیا؛ چنانچہ جدید اُڑیسہ میں اب کُل تیرہ اضلاع ہیں.

مہاندی اور اس کے معاون شمال میں چھوٹے ناگپور کی پہاڑیوں اور جنوب میں مشرقی گھاٹ کو تقسیم کرتے ہیں۔ طبقات الارض کی تقسیم کے مطابق چھوٹے ناگپور کی پہاڑیاں اور مشرقی گھاٹ کے علاقے پالیوزوی (Palaeozoic) [یا Primary] عہد سے تعلّق رکھتے ہیں، جو زیادہ تر گونڈوانہ طریقِ تقسیم کے مطابق ہیں۔ ان علاقوں میں معدنیات کثرت سے ہیں۔ خاص خاص معدنیات یہ ہیں: کوئلا، منگنیز (manganese) اور چونے کا پتھر؛ لیکن صنعت و حرفت کے اعتبار سے یہ علاقہ پس ماندہ ہے۔ ساحلی علاقے کے نصف سے زیادہ میدان مہاندی، برہمنی اور بیتارانی اور ان کے معاونوں کے مشترکہ ڈیلٹے کی وجہ سے معرضِ وجود میں آئے ہیں.

ان دریاؤں کی زرخیز وادیوں میں اکثر سیلاب آ جاتے ہیں، لیکن ان سے بچنے کے لیے اب ایک عمدہ منصوبہ تیار ہو رہا ہے۔ عام پیشہ زراعت ہے۔ سب سے زیادہ فصل چاول کی ہوتی ہے۔ دوسری فصلیں یہ ہیں: پٹ سن، گنّا، تِل اور دالیں۔ اس صوبے میں ۱۳۰۰۰ مربّع میل میں جنگل ہیں.

آب و ہوا معتدل ہے۔ اوسط بارش ۵۵ انچ سالانہ کے قریب ہو جاتی ہے.

علاقے کا صدر مقام کٹک ہے، جو ایک صنعتی مرکز اور اُتکل یونیورسٹی کی جائے قیام ہے۔ ایک نیا صدر مقام بھوبھنیشور (Bhubaneswar) کے تاریخی شہر کے قریب تعمیر ہو رہا ہے، جسے کٹک سے کئی پلوں کے ذریعے ملایا جائے گا۔ اس صوبے میں اچھوت قوموں کی اکثریت ہے۔ یہ ہندوؤں کا گڑھ ہے اور پوری کے مشہور جگن ناتھ مندر میں، جو سمندر کے کنارے واقع ہے، ہزاروں یاتری آتے جاتے رہتے ہیں.

مآخذ: (۱) بینرجی (R. D. Bannerjee): *History of Orissa*، ۲ جلد، کلکتہ ۱۹۳۰۔۱۹۳۱ء؛ (۲) W. W. Hunter: *Orissa*، ۲ جلد، لنڈن ۱۸۷۲ء؛ (۳) Gobden Ramsay: *Feudatory States of Orissa*، کلکتہ ۱۹۱۰ء؛ (۴) *Report of the Orissa Comittee*، ۲ جلد، کلکتہ ۱۹۳۲ء؛ (۵) G. A. Toynbee: *Sketch of the History of Orissa from 1803 to 1828*، کلکتہ ۱۸۷۳ء؛ (۶) *Imperial Gazetteer of India*، ۱۹۰۴ء؛ (۷) *India and Pakistan Year Book*، ۱۹۵۴۔۱۹۵۵ء؛ (۸) رپورٹ مردم شماری انڈیا، ۱۹۵۱ء.

(ڈیویز C. COLLIN DAVIES [بہ اضافہ از قاضی سعیدالدین احمد])

اَزَارِقہ: خوارج [رک بآن] کے بڑے فرقوں میں سے ایک۔ یہ نام اس ✱

فرقے کے قائد نافع بن الاَزْرق الحنفی الحَنظَلی کے نام سے بنا ہے، جس کے بارے میں الاشعری کا بیان ہے کہ اس نے خوارج کے مابین سب سے پہلے اس نظریے کی تائید کر کے اختلاف پیدا کیا کہ جملہ مخالفین کو ان کی عورتوں اور بچوں سمیت قتل کر دینا چاہیے (اِستِعْراض)۔ اس شخص کے ذاتی حالات یہ ہیں کہ وہ ایک یونانی الاصل آزاد شدہ لہار کا بیٹا تھا۔ ۶۴ھ/ ۶۸۳ء میں وہ عبداللہ بن الزبیرؓ کی مدد کے لیے آیا، جب کہ شامی سپہ سالار حُصَین بن نُمَیر السَّکُونی کے عساکر نے مکّے میں ان کا محاصرہ کر رکھا تھا۔ جب یہ محاصرہ اٹھالیا گیا تو نافع دیگر خارجی رہنماؤں کے ساتھ، جن میں نَجْدہ بن عامر اور عبداللہ ابن اِباض بھی شامل تھے، بصرے کو لَوٹ آیا۔ یہاں پہنچ کر اس نے فوراً ان فسادات سے فائدہ اٹھایا جو یزید بن معاویہؓ کی وفات کے اعلان پر ظہور میں آئے تھے، چنانچہ اسی کے زیرِ قیادت خوارج نے بصرے کے والی مسعود بن عامر العَتَکی کو قتل کیا، جسے عبید اللہ بن زیاد نے نامزد کیا تھا اور بعد از اں عبداللہ بن الزبیرؓ کے بھیجے ہوے والی عمر بن عبید اللہ کو بھی ماننے سے انکار کر دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عمر بن عبید اللہ کو شہر کا قبضہ حاصل کرنے کے لیے طاقت استعمال کرنا پڑی۔ اس کام میں اسے اہل شہر کی امداد بھی حاصل تھی، جن کے لیے خوارج کی پیہم فرمائشیں برداشت کرنا دشوار ہو رہا تھا۔ جب خوارج کو بصرے سے باہر نکال دیا گیا تو نافع نے شہر کے دروازوں کے باہر ڈیرے ڈال دیے اور مزید لشکر جمع کر کے سخت لڑائی کے بعد عمر بن عبید اللہ کو شکست دی اور شہر پر دوبارہ قبضہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ بصرے میں صورتِ حال کی اصلاح کے لیے ابن الزبیرؓ نے مسلم ابن عُبَیْس کی سالاری میں ایک لشکر روانہ کیا۔ غالبًا اسی موقع پر بصرے میں خوارج کے انتہا پسند اور اعتدال پسند عناصر کے درمیان تفرقہ پیدا ہوا اور وہ دو فرقوں — ازارقہ اور اباضیہ — میں منقسم ہو گئے۔ از روے روایت یہ اسی سال ۶۵ھ/ ۶۸۴-۶۸۵ء کا واقعہ ہے۔ اباضیہ نے، جو نسبۃً کم ہمّت تھے، مسلم بن عُبَیْس سے جنگ نہ کرنے کو ترجیح دی اور بصرے ہی میں مقیم رہے، لیکن ازارقہ نے آخر تک لڑنے کا تہیّہ کر لیا اور شہر چھوڑ کر نافع کی سرکردگی میں خوزستان (اہواز) کی طرف چلے گئے۔ مسلم نے دُولاب کے مقام پر انھیں جا لیا اور یہاں جو گھمسان کا رن پڑا اُس میں نافع اور زُبَیری سپہ سالار [مسلم] دونوں مارے گئے (۶۵ھ/ ۶۸۵ء)؛ تاہم ازارقہ نے عبید اللہ بن الماحُوز کی سرکردگی میں خود کو از سرِ نو منظّم کر لیا اور جنگ جاری رکھی، یہاں تک کہ مدّ مقابل فوجیں تھک کر اور ہمّت ہار کر بصرے کو لَوٹ گئیں۔ کئی ماہ تک بصرے اور اہواز کا درمیانی علاقہ قتل و غارت اور آتش زدگی کی آماجگاہ بنا رہا، کیونکہ ازارقہ ان تمام لوگوں کا قتل عام کر دیتے تھے جو ان کے فرقے کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔ بصرے کے باشندوں نے خوف زدہ ہو کر المُہلّب بن ابی صُفْرہ کو بلا بھیجا اور اس نے ازارقہ کے خلاف معرکے کی قیادت کرنے کی حامی بھر لی۔ المہلّب نے پہلے انھیں دجلہ (کے علاقے) سے بے دخل کیا اور بعد از اں دُجَیْل کے مشرق میں سِلّبْریٰ کے نزدیک شکست فاش دی (۶۶ھ/ ۶۸۶ء)۔ اس شکست کے بعد ازارقہ فارس کی طرف پس پا ہو گئے۔ عبید اللہ بن الماحُوز اس لڑائی میں مارا گیا اور [خارجی] لشکر کی سپہ سالاری اس کے بھائی زبیر کے ہاتھ میں آئی، جس نے تھوڑے ہی عرصے میں اپنے حامیوں کو نئے سرے سے منظّم کیا اور پھر لڑنے کے لیے چل پڑا۔ عراق میں دوبارہ وارد ہو کر وہ مدائن تک بڑھتا چلا گیا۔ اس شہر کو اس نے تاراج اور باشندوں کا قتل عام کیا، لیکن جب کوفے سے آنے والی ایک فوج سے سامنا ہوا تو اس نے پلٹ کر اصفہان پر حملہ کر دیا، جس کا والی عَتّاب بن وَرْقا تھا۔ شہر کے قریب مقابلے میں ازارقہ نے شکست کھائی اور زبیر بن الماحُوز کے مرنے پر وہ بالکل تتر بتر ہو کر فارس کی طرف فرار ہو گئے اور وہاں سے کرمان کے پہاڑوں میں چلے گئے (۶۸ھ/ ۶۸۷-۶۸۸ء)۔ لُرِستان کے ایک جنگجو سپاہی قَطَرِی بن الفُجَاءَۃ نے، جو بے انتہا مستعد ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اعلیٰ خطیب اور شاعر ہونے کی غیر معمولی صلاحیتیں بھی رکھتا تھا، ازارقہ کے جوش کو از سرِ نو ابھارنے اور ان کی پراگندہ صفوں کو از سرِ نو منظّم کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ کچھ وقت گزارنے کے بعد وہ سرگرمِ عمل ہوا اور الاہواز پر قبضہ جما لیا۔ وہاں سے اس نے عراق کی سرزمین میں پھر داخل ہو کر بصرے کی طرف پیش قدمی کی۔ شہر کے نئے والی مُصْعَب بن الزّبیر کو چونکہ یقین تھا کہ صرف المہلّب ہی ازارقہ کا مقابلہ کرنے کی اہلیّت رکھتا ہے، اس لیے اُس نے اُسے موصل سے، جہاں اسے والی بنا کر بھیج دیا گیا تھا، واپس بلا لیا اور ازارقہ کے خلاف مہمّ کی قیادت پر مامور کر دیا۔ المُہلّب نے اگرچہ ازارقہ کے اس جنگ جُو سردار کے خلاف وسیع پیمانے پر جارحانہ اقدامات کیے، تاہم وہ المہلّب کو بڑی مدّت تک روکے رکھنے میں کامیاب رہا، بلکہ اس نے اس وقت بھی جب کہ مَسْکِن کے مقام پر مُصْعَب کے شکست کھانے کے بعد عراق عبدالملک [بن مروان] کے ہاتھ میں چلا گیا (۷۱ھ/ ۶۹۰ء) نہرِ دُجَیل کے بائیں کنارے اپنے قدم جمائے رکھے۔ اس صورتِ حال میں اس وقت تک کوئی تبدیلی واقع نہ ہوئی جب تک کہ الحجّاج بن یوسف نے مغربی عرب میں امن و امان قائم کرنے کے بعد عراق کی حکومت اپنے ہاتھ میں نہ لے لی (۷۵ھ/ ۶۹۴ء)۔ الحجّاج نے ان جنگی اقدامات کی سپہ سالاری پر المہلّب کو بحال رکھا اور حکم دیا کہ وہ ازارقہ پر فی الفور حملہ شروع کر دے۔ اس پر المہلّب نے ازارقہ کے خلاف مہمّوں اور معرکوں کا ایک زبردست سلسلہ شروع کر دیا، جس کے نتیجے میں ازارقہ ہٹتے ہٹتے سلطنت کے بیرونی سرحدی علاقوں تک پہنچ گئے، کیونکہ شدید مزاحمت کے باوجود وہ دُجَیل کو چھوڑ کر کازِرُون کی طرف پس پا ہونے اور بالآخر فارس کو خالی کر کے کرمان تک ہٹ آنے پر مجبور ہو گئے۔ انھوں نے جیرُفت کے قصبے میں اپنا صدر مقام قائم کیا اور کئی سال اپنے مورچے سنبھالے رہے، یہاں تک کہ ان کی فوج کے عربوں اور موالی کے باہمی اختلافات نے رفتہ رفتہ ان کی جمعیت کو پراگندہ کر دیا۔ قَطَری کو عربوں کے ساتھ جیرُفت چھوڑ کر طبرستان میں پناہ لینا پڑی اور موالی کا گروہ عبد رَبّہ الکبیر کی قیادت میں جیرُفت میں جما رہا (اس عبد ربّہ کے علاوہ ہمارے مآخذ میں ایک اَور عبد ربّہ الصغیر کا ذکر آتا ہے، جس کی نسبت خیال ہے کہ

وہ قطری سے الگ ہو جانے والے ایک اَور گروہ کا سردار تھا)۔ اب اِدھر تو المہلّب کو کرمان میں باقی ماندہ ازارقہ سے بھگتنے اور ان کا قتل عام کرنے میں کچھ دشواری نہ ہوئی اور اُدھر کَلبی سپہ سالار سفیان بن الاَبْرَد فوج لے کر والی طبرستان سے جاملا اور اس نے نواح طبرستان کے پہاڑوں میں قطری کو جا لیا اور اسے فیصلہ کن شکست فاش دی۔ یہ بہادر جنگجو اپنے گھوڑے سے گر پڑا اور اس کے ساتھی اسے تنہا چھوڑ کر چل دیے۔ دشمن کو اس کا پتا چل گیا اور اسے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا (۷۸-۷۹ھ/۶۹۸-۶۹۹ء)۔ اس کا سر خلیفہ کے سامنے پیش کرنے کے لیے دمشق لے جایا گیا۔ بچے کھچے ازارقہ عَبِیدہ بن ہِلال کی قیادت میں کُومس کے قریب سَدْوَر میں مورچے بنا کر بیٹھ گئے تھے، ان کا محاصرہ طویل مدّت تک جاری رہا۔ بالآخر انھوں نے نکل کر حملہ کیا اور اس لڑائی میں سب کے سب مارے گئے۔ اس طرح یہ بغاوت، جو خوارج کے فتنوں میں اسلامی سلطنت کی وحدت کے لیے سب سے زیادہ خطرناک اور اپنے وحشیانہ مذہبی جنون کی وجہ سے بدرجۂ غایت خوفناک تھی، اختتام پذیر ہوئی۔

عقائد: وہ خاص خاص مذہبی نظریات جو ازارقہ کو دوسرے خوارج سے ممیّز کرتے ہیں الاشعری کے بیان کے مطابق حسب ذیل ہیں:

(۱) براءۃ القعدہ، یعنی قتال سے پیچھے بیٹھ رہنے والوں کا اسلام سے اخراج (براءۃ)؛

(۲) مِحنہ، یعنی ان تمام لوگوں کا احتساب (امتحان) جو ان کے لشکر میں داخل ہونے کے خواہاں ہوں؛

(۳) تکفیر، یعنی ان مسلمانوں کو کافر سمجھنا جو ہجرت کر کے ان کی طرف نہیں آئے؛

(۴) اِسْتِعْراض، یعنی دشمنوں کی عورتوں اور بچوں کے قتل کو جائز رکھنا؛

(۵) براءۃ اہل تقیہ، ان لوگوں کو اسلام سے خارج سمجھنا جو قول یا فعل میں تقیہ کرنے کے قائل ہیں؛

(۶) یہ عقیدہ کہ مشرکین کے بچے بھی اپنے والدین کی طرح جہنمی ہیں۔ اس کے علاوہ بقول (الشہرستانی اور البغدادی):

(۷) زانیوں کو سنگسار کرنے کی سزا کی موقوفی، کیونکہ یہ سزا قرآن میں عائد نہیں کی گئی؛

(۸) خدا کی طرف سے کسی ایسے شخص کو نبی بنا کر بھیجنے کا امکان جس کے متعلّق وہ جانتا ہے کہ وہ ضرورۃً ناپرہیزگار بن جائے گا یا جو نبی بننے سے پہلے ناپرہیزگار تھا؛ مزید برا اں ابن حزم کے بیان کے مطابق:

(۹) چور کا ہاتھ، یعنی پورا بازو جڑ کی ہڈی سے کاٹ دینا؛

(۱۰) حائضہ عورتوں کے لیے نماز پڑھنے اور فرض روزہ رکھنے کا لزوم؛

(۱۱) ان لوگوں کو قتل کرنے کی ممانعت جو اپنے یہودی، عیسائی یا زرتشتی ہونے کا اقرار کریں (بظاہر اس وجہ سے کہ وہ ذمّی ہیں)۔

مآخذ: (۱) الاشعری: مقالات الاسلامیین، طبع رِٹّر (Ritter)، استانبول ۱۹۲۹ء، ص ۸۶ ببعد؛ (۲) عبد القاہر البغدادی: کتاب الفَرْق بین الفِرَق، قاہرہ ۱۳۲۸ھ، ص ۶۲-۶۷؛ (۳) ابن حزم: کتاب الفَصْل فی المِلَل والاَھْواءِ والنِّحَل، قاہرہ ۱۳۲۱ھ، ۴: ۱۸۹؛ (۴) الشہرستانی: [الملل والنِّحَل]، طبع Cureton، ص ۸۹-۹۱؛ (۵) البلاذُری: فتوح، ص ۵۶؛ (۶) وہی مصنّف: الانساب، ۴: ۹۵-۹۶، ۹۸، ۱۰۱-۱۰۲، ۱۱۵ و ۱۱۱ (طبع Ahlwardt): ۷۸ ببعد، ۹۰ ببعد، ۹۶ ببعد، ۱۲۲-۱۲۵؛ (۷) ابو حنیفہ الدِّینَوَرِی، طبع Guirgass و Kratchkovsky، ص ۲۶۵-۲۶۶، ۲۷۸، ۲۷۹، ۲۸۱، ۲۸۲، ۲۸۴، ۲۸۵، ۲۸۸، ۲۸۹، ۳۱۰، ۳۱۱، ۳۱۹، ۳۴۲؛ (۸) الطبری، بہ امداد اشاریہ؛ (۹) المُبَرّد: الکامل، طبع Wright، بہ امداد اشاریہ؛ (۱۰) الیعقوبی، ۲: ۲۲۹-۲۳۰، ۳۱۷، ۳۲۴؛ (۱۱) ابن قُتَیبہ: کتاب المعارف، طبع وُسْٹنْفِلْٹ، ص ۱۲۶، ۲۱۰؛ (۱۲) المسعودی: مُروج، ۵: ۲۲۹؛ (۱۳) الأغانی، طبع اوّل، ۱: ۳۴ و ۶: ۲-۵؛ (۱۴) یاقوت، ۲: ۵۷۴، ۵۷۵، ۶۲۳ و ۳: ۶۲، ۵۰۰؛ (۱۵) ابن الأثیر، بہ امداد اشاریہ؛ (۱۶) ابن ابی الحَدِید: شرح نهج البلاغة، قاہرہ ۱۳۲۹ھ، ۱: ۳۸۸ ببعد؛ (۱۷) ابن خَلِّکان، ص ۵۵۵؛ (۱۸) البرّادی: کتاب الجواهر، قاہرہ ۱۳۰۲ھ، ص ۱۵۵، ۱۶۵؛ (۱۹) M. Th. Houtsma: *De Strijd over het Dogma in den Islām*، لائڈن ۱۸۷۵ء، ص ۲۸ ببعد؛ (۲۰) Wellhausen: *Die religiös-politischen oppositions parteien*، در *Abh. G W. Gött*، سلسلۂ جدید، ج ۲، ۱۹۰۱ء: ص ۲۸ ببعد؛ (۲۱) R. E. Brünnow: *Die Charidschiten unter den ersten Umaiyaden*، لائڈن ۱۸۸۴ء؛ (۲۲) Caetani: *Chronographia Islamica*، ۳: ۷۳۱، ۷۵۳، ۷۶۲ و ۴: ۷۶۸، ۷۸۲، ۸۴۰، ۸۶۰؛ (۲۳) Weil: *Chalifen*، بہ امداد اشاریہ؛ (۲۴) پیلا (Ch. Pellat): *Le milieu baṣrien et la formation de Ĝāḥiẓ*، پیرس ۱۹۵۳ء، ص ۲۰۹ ببعد؛ (۲۵) R. Rubinacci: *Il califfo' Abd-al-Malik b. Marwān e gli Ibāḍītī*، در *AIUON*، سلسلۂ جدید، ۵ (۱۹۵۴ء): ۱۰۱.

(R. RUBINACCI)

اُزْبک: (اوزبک) اُزبک بن محمد پہلوان بن الِدگُز (اِلْدِیگز؟)، آذربیجان کا پانچواں اور آخری اتابک (۶۰۷-۶۲۲ھ/۱۲۱۰-۱۲۲۵ء)، بقول یاقوت ازبک کا لقب مظفر الدّین تھا۔ ✱

اس کی اور اس کے بڑے بھائی ابوبکر کی والدہ دونوں کنیزیں تھیں، لیکن پہلوان کے دوسرے دو بیٹے، یعنی قُتْلُغ اِینانج اور امیر میران شہزادی اینانج خاتون کے بطن سے تھے۔ اُزبک نے آخری سلجوق سلطان طُغْرِل ثانی کی بیوہ ملکہ خاتون سے شادی کی تھی اور اس سے اس کا ایک بیٹا (طُغْرِل) تھا۔

جس طرح ہر عبوری دور میں ہوتا ہے، ازبک کے دَورِ حکومت میں بھی بہت گڑبڑ رہی۔ آذربیجان کے تخت پر متمکّن ہونے سے پہلے اس کی سرگرمیوں کا مرکز ہَمَذان تھا، جہاں اسے اپنے حکمران بھائی ابوبکر (۵۸۷-۶۰۷ھ)، خوارزم شاہ، خلیفۂ وقت اور متعدّد جاہ طلب غلاموں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ تخت نشین

ہونے کے بعد وہ گرجیوں اور مغلوں کے حملوں کا نشانہ بنا رہا، یہاں تک کہ آخر میں خوارزم شاہ جلال الدین نے اس کی حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ مغرب میں اس کے پڑوسی اِربل (اَرْبِل) کا اتابک اور خلاط (اَخْلاط) کے سلاطین اَیُّوبی تھے۔

قبل اَز تخت نشینی: ۵۹۲ھ/۱۱۹۶ء میں جب خوارزم شاہ تکَش [رک بآن] نے ایران پر حملہ کیا تو اس وقت اتابِک اُزبِک اپنے بھائی ابوبکر اتابِک آذربیجان کے خوف سے بھاگ کر تکَش کے پاس آ گیا اور اس نے اسے ہمذان کا علاقہ بطور جاگیر عطا کر دیا۔ (جہان گشای، ۲: ۳۸)۔ بقول راحۃُ الصّدور، ص ۳۸۸، خود ابوبکر ہی نے اسے ہمذان بھیجا تھا اور اس کے ساتھ عِزّ الدین سَتْمَز کو بھی، لیکن جلد ہی بادشاہ ملک جمال الدین آی ایبہ؟ (جو ایک ذی رتبہ امیر اور قلعہ فَرْزِین کا مالک تھا، قب مادّۂ سلطان آباد، نیز تاریخ عُتبِی کے فارسی ترجمے کا مقدمہ — ریو (Reiu): *Catalogue*، ۱: ۱۵۸) ازبک کے ساتھ مل گیا اور اس کا اتابک بن کر اپنے دامادوں کو اپنا معاون بنا لیا۔ ۹ جمادی الآخرہ ۵۹۳ھ/۲۹ اپریل ۱۱۹۷ء کو ایک فوج بغداد سے روانہ ہوئی اور اس نے ہمذان فتح کر لیا۔ آی ایبہ فرار ہو گیا اور ازبک اب براہ راست خلیفہ کے ماتحت ہو گیا (قب برائے تفصیلات ابن الْاَثیر، ۱۲: ۸۲)۔ بالآخر مِیاجِق نے، جو خوارزم شاہ کا غلام اور وفادار ملازم تھا (اور قُتْلُغ اِینَانْچ کا قاتل)، صورتِ حال پر قابو پا لیا، لیکن رجب ۵۹۳ھ/مئی۔جون ۱۱۹۷ء میں اُزبِک نے ہمذان کی طرف مراجعت کی اور ابوبکر نے دوبارہ اقتدارِ اعلٰی حاصل کر کے اس کے لیے نئے مشیر بھیج دیے۔ راحۃ الصّدور میں ازبک کا لقب ملک بتایا گیا ہے۔ یہ زمانہ پُرآشوب تھا اور ۵۹۴ھ میں ازبک نے قَزْوِین کا رخ کیا تاکہ مِیاجِق سے نبرد آزمائی کرے، لیکن اسے زَنْجان کی طرف پسپا ہونا پڑا۔ اُدھر اس کے حریف نے خلیفۂ وقت کی شہ پر ہمذان فتح کر لیا اور ۲۰ رجب ۵۹۴ھ/۲۸ مئی ۱۱۹۸ء کو خوارزم شاہ کی طرف سے بھی اس کی حکومت تسلیم کر لی گئی۔ مِیاجِق کی خواہش تھی کہ وہ "سلطان" کا لقب بھی اختیار کر لے، لیکن آی ایبہ کی سرکردگی میں ابوبکر کی فوجوں نے اسے قِہا (ضلع رَے) کے قریب شکست دے دی۔ تھوڑے عرصے کے لیے اتابک ابوبکر نے رَے پر قبضہ رکھا، مگر ایک غلط افواہ کی وجہ سے ایسی کھلبلی مچی کہ اسے وہاں سے بھاگتے ہی بنی۔ اب مِیاجِق پھر رَے واپس آ گیا، لیکن اس کے ظلم و تعدّی کی بنا پر اس کے خوارزمی مربّی اس سے بددل ہو گئے اور بالآخر خوارزم میں اسے قتل کر دیا گیا۔ ازبک اور اس کے نائب کوکچہ نے عراق میں خوارزمیوں کا قتلِ عام شروع کر دیا اور ابوبکر اس قابل ہو گیا کہ اصفہان پر قبضہ کر کے ملک تقسیم کر دے؛ چنانچہ ملک ازبک کے حصّے میں ہمذان آیا اور کوکچہ کو رَے کا علاقہ ملا۔ ان سب پر بالادستی آی ایبہ کو حاصل تھی، جو اپنے داماد کوکچہ کی بدعنوانیوں سے زائد از ضرورت چشم پوشی برتتا تھا۔ ابوبکر اپنے سب اختیارات کھو کر (اس کی کمزوری کی بابت دیکھیے ابن الاثیر، ۱۲: ۱۲۰) ازبک کے پاس چلا گیا، لیکن آخر میں دوبارہ آذربیجان کو واپس ہوا۔ اس دوران میں تمام عراق عجم میں فتنہ و فساد کا دور دورہ رہا (قب معاصرین کی شہادت: راحۃ الصّدور، ص ۳۹۸، نیز فارسی ترجمہ عُتْبی [قب مقدمہ، طبع تہران، ۱۲۷۴ھ، ص ۱۰]؛ قب Defrémery: کتاب مذکور)۔

۶۰۰ھ میں (ابن الاثیر، ۱۲: ۱۲۸) ابوبکر نے آی توغْمِش کو اس غرض سے بھیجا کہ کوکچہ کو ٹھکانے لگا دے، جس نے اس عرصے میں رَے، ہمذان اور جَبَل (Media) پر قبضہ کر لیا تھا۔ کوکچہ مارا گیا اور ازبک وہاں کا مَلِک بن گیا۔ آی توغمش اس کا مشیر اور محافظ تھا۔ ۶۰۲ھ میں آی توغمش ابوبکر کی مدد کو پہنچا اور اسے مراغہ [رک بآن] پر قبضہ کر لینے میں مدد دی، لیکن آخر کار اسے صرف آذربیجان اور ارّان پر تصرّف رکھنے کی اجازت دی (وہی کتاب، ص ۱۸۶، ۱۹۴)۔

ازبک بطور اتابک: غالبًا ازبک شمال کی طرف ہٹ گیا تھا اور یہیں ۶۰۷ھ/۱۲۱۰ء میں وہ ابوبکر کا جانشین بھی ہوا (ابن الاثیر نے اس کا کوئی ذکر نہیں کیا)۔

۶۰۸ھ میں ایک اَور غلام مَنْگلی نے آی توغمش کی جگہ لے لی جسے ۶۱۰ھ میں بالآخر قتل کر دیا گیا تھا (وہی کتاب، ص ۱۹۴، ۱۹۶، ۱۹۷)۔ مَنْگلی نے اپنے آقا ازبک کے ساتھ خودسرانہ رویّہ اختیار کیا، خلیفۂ وقت نے ازبک کی حمایت کی اور اربل کے اتابک کو اس کے حق میں مداخلت کا فرمان بھیجا۔ منگلی کی تمام املاک تقسیم کر دی گئیں اور ازبک نے اپنا حصّہ اپنے ایک غلام اُغْلَمِش کو دے دیا (۶۱۲ھ، وہی کتاب، ص ۲۰۱)؛ اگرچہ یہ یاد رہے کہ اُغلَمِش خطبے میں خوارزم شاہ کا نام لیتا تھا اور موخّر الذکر اسے اپنا نائب سمجھتا تھا (قب النَّسَوی، ص ۱۳)۔

۶۱۴ھ میں اسمٰعیلیوں نے اُغلَمِش کو قتل کر دیا تو فارس کے اتابک سَعْد نے رَے پر قبضہ کر لیا اور ازبک نے اصفہان پر۔ یہ خبر سن کر خوارزم شاہ علاء الدین محمد نے جبَل (Media) پر دھاوا بول دیا اور ان حلیفوں کو منتشر کر دیا۔ ازبک آذربیجان کی طرف پس پا ہو گیا، مگر اس کے عمائد میں سے شہزادۂ اَبَر نصرت الدین بیشگیں (جو نسلاً گرجی تھا) اور وزیر ربیب الدین گرفتار ہو گئے۔ خوارزم شاہ نے ازبک سے معاملہ کر کے آذربیجان اور ارّان کے علاقے اس کے پاس چھوڑ دیے، مگر ساتھ ہی اسے مجبور کیا کہ خطبوں میں اس کا نام پڑھا جائے اور سکّے بھی اسی کے نام کے ڈھلیں (قب ابن الاثیر، ۱۲: ۲۰۷؛ النَّسَوی، ص ۱۷)۔

مغل: جب ۶۱۷ھ/۱۲۲۰ء میں تاتاری تبریز کی شہر پناہ تک پہنچ گئے تو ازبک نے، جو شب و روز مے نوشی میں مشغول رہتا تھا، یہ بزدلانہ، مگر قرینِ مصلحت راستہ اختیار کیا کہ شہر کی طرف سے انھیں تاوان دینا منظور کر لیا (وہی کتاب، ص ۲۴۴)۔ گرجیوں کو جب پہلی بار تاتاریوں کے ہاتھوں شکست ہوئی تو انھوں نے یہ منصوبہ بنایا کہ ازبک اور خانِ خِلاط سے اتّحاد کر لیا جائے، لیکن تاتاریوں کو اس فوج کی کمک پہنچ گئی جو خود ازبک کے ایک ترکی غلام اَقُوش (اَغُوش؟) نے ان کی امداد کے لیے مہیّا کی تھی اور انھوں نے یہ منصوبہ پورا نہ ہونے دیا، کیونکہ انھوں نے تِفلِس [رک بآن] پر نئے سرے سے حملہ کر دیا اور

پھر ۶۱۸ھ میں دوبارہ تبریز پر حملہ آور ہوے۔ اس دفعہ بھی ازبک نے شہر کی طرف سے تاوان ادا کر دیا (وہی کتاب، ص ۲۴۶)۔ جب ان لوگوں نے تیسری بار تبریز پر حملہ کیا (وہی کتاب، ص ۲۵۰) تو ازبک خود، نَخْچُوان چلا گیا اور اپنے اہل و عیال کو خوی بھیج دیا۔ ابن الاثیر نے کہا ہے کہ ''اس کے قبضے میں پورا آذربیجان اور تمام ارّان تھا، پھر بھی وہ اپنے ملک کو دشمن سے محفوظ رکھنے میں بالکل بے بس ثابت ہوا'' (وہی کتاب، ص ۲۵۰)۔

۶۱۹ھ میں قبچاق نے ارّان میں شورش برپا کر دی۔ یہ لوگ دربند کے راستے ماوراے قفقاز میں داخل ہو گئے تھے اور اسی طرح بعد میں گرجیوں نے غالبًا اس بات پر برافروختہ ہو کر کہ انھوں نے اتّحاد کے لیے جو پیش کش کی تھی وہ ناکام رہی بَیْلَقان کو تاراج کر دیا (وہی کتاب، ص ۲۶۶)۔ اس سال کے اختتام پر (اکتوبر ۱۲۲۲ء) ہم ایک بار پھر ازبک کو تبریز میں بیکار بیٹھا پاتے ہیں، لیکن اسے کسی حد تک اثر و رسوخ ضرور حاصل تھا، کیونکہ موصل کے ایک امیر نے اپنے کو اس کے زیر حمایت کر لیا تھا (وہی کتاب، ص ۲۶۸)۔

مغلوں کے چلے جانے کے بعد جو امن و امان کا زمانہ گزرا اس کے دوران میں ۶۲۰ھ میں ایران خوارزم شاہ کے بیٹے غیاث الدّین اور اس کے چچا اِغْنُتَیسِی کے مابین موجبِ نزاع ہو گیا۔ ازبک نے اپنے غلام ایبک الشّامی کی معیّت میں غیاث الدّین کے خلاف چڑھائی کر دی، مگر شکست کھائی (ابن الاثیر، ۱۲: ۲۷۰)۔ النَسَوی (ص ۶۷) کے بیان کے مطابق جب غیاث الدّین عراق میں متمکن ہو گیا تو اس نے آذربیجان (مراغہ اور اُوجان) پر دھاوے بولنا شروع کر دیے اور ازبک نے اپنی ہمشیر شہزادی نَخْچوان کی شادی اس سے کر کے اسے رام کرنے کی کوشش کی، لیکن دوسری طرف اِغْنُتَیسِی دو مرتبہ آیا اور آذربیجان کو تاراج کیا (قبّ ابن الاثیر، ۱۲: ۲۸۱)۔

۶۲۱ھ میں نئی تاتاری فوجوں نے ایران پر حملہ کیا اور رَے میں خوارزم شاہ کو شکست دی۔ باقی ماندہ لوگوں نے ازبک کے پاس پناہ لی مگر تاتاریوں نے تبریز پہنچ کر ان لوگوں کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ ازبک نے ان میں سے چند کو قتل کر کے باقیوں کو تاتاریوں کے حوالے کر دیا۔ ابن الاثیر کا بیان ہے کہ تاتاری صرف تین ہزار تھے۔ بحالیکہ جن خوارزمیوں کو رَے پر شکست ہوئی ان کی تعداد چھے ہزار تھی اور ازبک کی فوج ان دونوں سے زیادہ تھی (وہی کتاب، ص ۲۷۳)۔

۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء میں گرجی تِفْلِس سے آذربیجان کی طرف بڑھے، لیکن ان کی فوج ایک تنگ پہاڑی درّے میں تباہ کر دی گئی۔ گرجی لوگ اس ہزیمت کا بدلہ لینے کی تیاری کر رہے تھے کہ انھیں جلال الدّین کے مراغہ پہنچ جانے کی اطلاع ملی؛ لہٰذا انھوں نے دوبارہ کوشش کی کہ اُزبک سے اتحاد ہو جائے۔

جلال الدین کی آمد: جلال الدین کے پہنچنے سے پہلے ہی ازبک گنجہ کی طرف ہٹ گیا اور ایک خوارزمی سپہ سالار تبریز میں داخل ہو گیا۔ ۱۶ رجب ۶۲۲ھ/۲۴ جولائی ۱۲۲۵ء کو جلال الدّین نے شہر پر قبضہ کر لیا۔

جب جلال الدّین گرجستان کی مہمّوں میں مشغول تھا تو اس کی غیر حاضری میں تبریز کے اندر ازبک کو واپس لانے کی سازش کی گئی؛ اس سازش میں شمس الدین طُغرائی جیسا بڑا شخص بھی شامل تھا، مگر جلال الدین اس کے سدّ باب کے لیے بروقت وہاں پہنچ گیا۔ خوارزم شاہ نے ازبک کو یہ زبردست زک پہنچائی کہ اس کی بیوی سے، جو طغرل ثانی کی بیٹی تھی، نکاح کر لیا۔ اگرچہ ازبک اور اس شہزادی کا نکاح فسخ ہو جانے کی قانونی حجتیں پیدا کر لی گئیں، لیکن فضیحت و بدنامی بہت ہوئی۔ بعد میں جلال الدین نے اس شہزادی سے بے اعتنائی برتی یہاں تک کہ وہ ملک اشرف ایوّبی سے امداد کی التجا کرنے پر مجبور ہو گئی؛ چنانچہ ۶۲۴ھ میں ایک مہمّ آذربیجان کو روانہ کی گئی اور شہزادی کو خلاط لے آیا گیا (ابن الاثیر، ص ۳۰۷؛ النَسَوی، ص ۱۵۴)۔

ازبک کے ہاتھ سے گنجہ بھی جاتا رہا اور اس نے اپنے آخری دن (۶۲۲ھ/۱۲۲۵ء) قلعہ اَلنجہ میں گزارے (قبّ مِنُورسکی (Minorsky): *Transcaucasica*، در *JA*، ۱۹۳۰ء، شمارہ جولائی، ص ۹۳)۔ مصیبتوں اور ذلّتوں نے اس کی کمر توڑ دی تھی (قبّ النسوی، ص ۱۱۹؛ جُوَینی، ۲: ۱۵۷) اور اسی پر اتابکوں کا وہ دورِ حکومت ختم ہو گیا جو اِلدِ گِر (اِلدُگِیز) کے وقت سے شروع ہوا تھا۔

ازبک نے ایک بیٹا چھوڑا، جس کا نام معلوم ہوتا ہے کہ قِزِل آرسلان تھا (النَسَوی، ص ۱۶۸)، لیکن اس کے برخلاف راحة الصّدور (ص ۳۹۳) میں اس کا نام طغرل بتایا گیا ہے۔ عام طور پر اسے ''خاموش'' کہا جاتا ہے، کیونکہ وہ بہرا اور گونگا تھا (قبّ النَسَوی، ص ۱۲۹-۱۳۰؛ جہان گشای، ۲: ۲۴۸)۔

مؤرّخین نے ازبک پر سختی سے نکتہ چینی کی ہے، چنانچہ ابن الاثیر بھی اپنا معمولی منصفانہ سکون و وقار ترک کر کے جگہ جگہ اس پر طنز و تعریض کرتا ہے (۱۲: ۲۴۴، ۲۵۰، ۲۶۷، ۲۸۱) اور اس پر یہ الزام عائد کرتا ہے کہ وہ شراب کا رسیا، عیش و عشرت کا دلدادہ اور جوا کھیلنے (القمار بالبیض، انڈوں کا جوا) کا شائق تھا۔ اتابک آرام طلبی کی زندگی بسر کرتا تھا اور مہینوں گھر سے باہر نہیں نکلتا تھا (قبّ نیز یاقوت، بذیل مادّۂ اُرمیہ، ۱: ۲۱۹)۔ بے کیف زندگی کی یہ تصویر ضرور ان امیدوں کے برعکس تھی جو اس زمانے کے مسلمانوں نے جلال الدین کی ذات سے وابستہ کر رکھی تھیں، حالانکہ اپنی نجی زندگی میں وہ بھی برائی سے پاک نہ تھا (النَسَوی، ص ۱۸۶، ۲۴۳-۲۴۴)۔ جوانی میں ازبک نے بھی متعدّد مہمّوں میں حصّہ لیا تھا، مگر اس کی فوجیں سنگین حملوں کے مقابلے کے لیے ناکافی تھیں (اس وقت گرجی لوگ اپنے عروج کی انتہا پر تھے؛ قبّ تِفْلِس) اور زبردست حریفوں، مثلاً مغل اور مجاہد اعظم جلال الدّین سے نبرد آزمائی کے قابل نہ تھیں۔ ابن الاثیر (۱۲: ۲۸۱) نے ایک کوشک کا ذکر کیا ہے، جو ازبک نے زرِکثیر صرف کر کے تبریز میں تعمیر کرایا تھا۔ خوش گزران و رنگین مزاج اتابک کا دربار شاعروں اور فن کاروں کے لیے باعثِ کشش تھا اور ازبک کا وزیر ربیب الدین علم و ادب کا بڑا مربّی تھا (النَسَوی، ص ۱۶۲-۱۶۳؛ نیز اواخر مرزُبان نامہ)۔

مآخذ: (۱) الرّاوَنْدِی: راحة الصّدور، *GMS*، قبّ اشاریہ؛ (۲) ابن الأثیر، ج ۱۲، قبّ اشاریہ؛ (۳) النَسَوی: سیرة جلال الدّین، طبع Houdas، قبّ اشاریہ؛ (۴) سلجوقیوں کی تاریخ اخبار الدّولة السلجوقیة، Rieu: *Suppl. to the Catalogue of the Arabic Mss.*، شمارہ ۵۵۰ (جس میں اتابکوں کے متعلّق کچھ تفصیلات موجود ہیں)، ابھی تک طبع نہیں ہوئی؛ قبّ Süssheim: *Prolegomena zu einer Ausgabe der "Chronik des Seldschuqischen Reiches"*، لائپزگ ۱۹۱۱ء؛ (۵) میرخواند: *Histoire des Sultans du Kharezm*، طبع مع تعلیقات از Defrémery، پیرس ۱۸۴۲ء، ص ۱۰۸ ببعد؛ (۶) خواند امیر: حبیب السّیر، ج ۲ - ۴، تہران ۱۲۷۱ھ، ص ۲۰۱ (گو اس کی کوئی خاص اہمیّت نہیں)؛ (۷) منجّم باشی: صحائف الاخبار، ۲: ۲۸۵ (مختصر حاشیہ)؛ (۸) Defrémery: *Recherches sur quatre princes d' Hamadan*، در *JA*، ۱۸۴۷ء، ۹: ۱۴۸ - ۱۸۶ (مملوکِ کوکچہ، آی تو غمش، منگلی وا ُغلِمش کی حکومت پر بہت عمدہ مقالہ).

(مِنُورسکِی V. MINORSKY)

⊗ **اُزْبِکُستان:** ایک جمہوریہ، جو سوویٹ سنٹرل ایشیا کے عین وسط میں واقع [اور سمرقند کے ایک بڑے حِصّے، سِیر دریا کے جنوبی حِصّے، مغربی فرغانہ، بخارا کے مغربی میدانوں، قرہ قلپاق اے-ایس-ایس-آر اور خوارزم کے ازبکی علاقوں پر مشتمل] ہے۔ شاید ہی کسی دوسرے ملک کی سرحدیں اتنی آڑی ترچھی ہوں جتنی کہ ازبکستان کی ہیں۔ اس کی سرحدیں [مغرب میں] ترکمانیہ، [شمال میں] قزاقستان، [مشرق میں] قرغیزیہ اور تاجکستان کی سوویٹ سوشلسٹ جمہوریتوں سے ملحق ہیں اور جنوب میں وہ افغانستان کی سرحد تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کا کل رقبہ ایک لاکھ اکہتر ہزار آٹھ سو چھیاسٹھ مربّع میل ہے۔ ۱۹۴۶ء میں اس کی آبادی باسٹھ لاکھ بیاسی ہزار [۱۹۶۳ء میں چورانوے لاکھ بانوے ہزار] تھی، جس میں تقریبًا ۷۵ فی صد ازبک اور بقیہ ۲۵ فی صد میں تاجیک، روسی، قازق، قرغیز، اَرمنی، یہودی وغیرہ شامل تھے، لیکن یہ آبادی متواتر بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ موجودہ ازبکستان ایک سوویٹ سوشلسٹ جمہوریہ ہے۔ یہاں جمہوریت کا اعلان دسمبر ۱۹۲۴ء میں ہوا تھا اور ۱۱ مئی ۱۹۲۵ء سے اس کا الحاق سوویٹ یونین سے ہو گیا۔ اب اس جمہوریہ کا دارالحکومت تاشقند ہے، جس کی آبادی چھے لاکھ کے قریب ہے [اور دوسرے بڑے شہر سمرقند، اندجان اور نمنگان ہیں].

اُزْبِکُستان دنیا کا ایک قدیم متمدّن علاقہ ہے۔ برِّصغیر [پاک و ہند] کے مسلمانوں کا ازبکستان سے گہرا تعلق رہا ہے۔ ہندوستان میں تیموری سلطنت کا بانی ظہیر الدّین محمد بابر ازبکستان ہی میں وادی فرغانہ میں پیدا ہوا تھا۔ تہذیبی طور پر زمانۂ قدیم سے برصغیر اور ازبکستان میں گہرے تعلقات قائم رہے ہیں۔ یہ علاقہ شروع سے اہمّ سیاسی اور فوجی انقلابات کی آماجگاہ رہا ہے۔ ۳۲۹ ق-م میں سکندرِ اعظم نے ایرانیوں کو شکست دے کر اسے اپنی قلمرو میں شامل کیا۔ آٹھویں صدی عیسوی میں عربوں نے اسے اپنے زیرنگیں کر کے اسلام کی اشاعت کی اور بارھویں صدی میں خوارزم کے شاہان سلجوق نے اسے فتح کیا۔ تیرھویں صدی میں چنگیز خان نے اس پر اپنا جھنڈا لہرایا اور چودھویں صدی میں تیمور نے اپنی زبردست فتوحات حاصل کرنے کے لیے اسی علاقے کے مشہور شہر سمرقند کو اپنا صدر مقام بنایا، لیکن اس کے جانشینوں کے دورِ حکومت میں اس بڑی سلطنت کی وسعت کم ہونے لگی اور پندرھویں صدی عیسوی کے اواخر میں اس کا شیرازہ منتشر ہونے لگا۔ ان سارے ہنگامہ خیز واقعات کے دوران میں سمرقند، بخارا اور تاشقند، جو چین، ہندوستان، ایران اور یورپ کی تجارتی شاہراہوں پر واقع تھے، خوش حالی، تہذیب و تمدّن اور عیش و عشرت کے مرکز بنے رہے۔ سولھویں صدی کے اوائل میں ازبکوں نے شمال مغرب کی طرف سے اس علاقے پر حملے شروع کر دیے۔ یہ آلتون اُردو کی باقی ماندہ یادگار تھے اور ایک شخص ازبک (چودھویں صدی) کو اپنا مورثِ اعلٰی بتاتے تھے، جس پر ان کا نام بھی ازبک ہو گیا تھا۔ سولھویں صدی کے اواخر میں ازبک سردار عبداللہ نے اپنی قلمرو کی حدود ایران، افغانستان اور چینی ترکستان تک وسیع کر لیں، لیکن کچھ ہی عرصے بعد یہ سلطنت متعدّد چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں تقسیم ہو گئی، جن میں سے خیوا، خوقند اور بخارا کی ریاستیں خاص اہمیّت کی حامل تھیں۔ ان ریاستوں کو ۱۸۶۵ء اور ۱۸۷۶ء کے دوران میں روسیوں نے فتح کر لیا اور خوقند کو براہِ راست روسی سلطنت کا حصّہ بنا لیا گیا، لیکن خیوا اور بخارا کو مقامی امیروں کے تحت رُوس کی باج گزار حکومتوں کی حیثیّت سے ۱۹۲۰ء تک برقرار رکھا گیا۔ ۱۹۲۴ء میں ازبک سوویٹ سوشلسٹ ریپبلک کی تشکیل عمل میں آئی اور تاجکستان کو بھی اس میں شامل کر لیا گیا۔ ۱۹۲۹ء میں تاجکستان کو ایک علٰیحدہ جمہوریّت بنا دیا گیا اور روسی حکومت کی صنعتی حکمتِ عملی اور ٹرانس کیسپین و ترکستان۔ سائبیریا ریلوے لائنوں کو باہم ملا دینے کی وجہ سے ازبکستان اب سوویٹ یونین کا ایک بیش بہا علاقہ بن گیا ہے.

ازبکستان کا بیشتر حصّہ صحراؤں اور ریگستانوں پر مشتمل ہے، جو زیادہ تر غیر آباد ہیں۔ یہاں کے دریا مختلف پہاڑی سلسلوں سے نکل کر الگ الگ سمتوں میں بہتے ہیں۔ ان دریاؤں کے اردگرد وسیع نخلستان واقع ہیں، جو بہت زرخیز اور گنجان آباد ہیں۔ ان میں سے وادی فرغانہ کا نخلستان سب سے بڑا ہے، جسے سِیر دریا سیراب کرتا ہے۔ اس کے علاوہ تاشقند، زرافشان، قَشْقَہ دریا، سُرخان دریا اور خوارزم بھی قابلِ ذکر نخلستانی خطّے ہیں، جو ویران اور لق و دق صحراؤں، ریگستانوں اور پہاڑوں کے ذریعے ایک دوسرے سے الگ ہو گئے ہیں۔ صرف سڑکیں اور ریلیں انھیں ایک دوسرے سے ملاتی ہیں۔ اس ملک کی آب و ہوا خشک ہے، بارش کم ہوتی ہے، لیکن ملک میں نہروں کی کثرت ہے، جس کی وجہ سے ازبکستان میں آبپاشی بہت قاعدے سے ہو رہی ہے اور یہاں کی مزروعہ زمین سوویٹ یونین کے دوسرے تمام حصّوں سے بڑھ گئی ہے، جہاں زیادہ تر کپاس پیدا کر کے روئی حاصل کی جاتی ہے، جو اس علاقے کی خاص چیز ہے۔ اس کا اندازہ اس امر سے کیا

جا سکتا ہے کہ سوویٹ یونین کی روئی کی کل پیداوار کا تقریبًا دو تہائی حصّہ اسی خطّے سے حاصل ہوتا ہے۔ روئی کے علاوہ ازبکستان کا قراقلی بھی دنیا بھر میں سب سے اچھا ہوتا ہے اور سوویٹ یونین کے قراقلی کی کل پیداوار کا دو تہائی حصّہ اسی علاقے سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اسی طرح سوویٹ یونین کے ریشم کا آدھا حصّہ اور اس کے چاول کی پیداوار کا نصف سے زیادہ حصّہ یہیں پیدا ہوتا ہے۔ ازبکستان میں پھل بھی کثرت سے پیدا ہوتے ہیں اور سوویٹ یونین کے لوسرن (lucerne) [چارے] کے بیج، جو دنیا بھر میں مشہور ہیں، یہیں سے آتے ہیں۔ اس ملک میں کاشتکاری زیادہ تر جدید طریقوں سے کی جاتی ہے۔ ۱۹۳۸ء میں ستّر لاکھ ایکڑ زمین زیرِ کاشت تھی، جس میں سے سینتیس لاکھ ایکڑ زمین پر کاشتکاری مصنوعی ذرائع آبپاشی پر منحصر تھی۔ جہاں قدرتی ذرائع سے حاصل ہونے والا پانی استعمال کیا جاتا ہے وہاں گیہوں، جَو اور مکئی پیدا ہوتی ہے۔ گھوڑے، گائے، بیل، اونٹ اور بکریاں صحرائی چراگاہوں میں پالی جاتی ہیں، لیکن منفعت کا بدرجہا زیادہ اہمّ ذریعہ قراقلی بھیڑوں کی پرورش ہے، جن سے دلکش اور پائدار سمور اور کھالیں حاصل کی جاتی ہیں اور سوویٹ یونین کے دوسرے حصّوں کو بھیجی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ خشک میوہ، پھل، سبزی اور شراب بھی اہمّ برآمدی اشیا میں سے ہیں.

پچھلے پنج سالہ منصوبے سے قبل ازبکستان میں صنعتی ترقی نہ ہونے کے برابر تھی، لیکن زمانۂ حال میں صنعتوں میں بہت تیزی کے ساتھ ترقی ہو رہی ہے اور اب یہ ملک زرعی پیداوار کی طرح صنعتی پیداوار میں بھی آگے بڑھتا جا رہا ہے۔ اس وقت تک ملک میں تقریبًا چودہ سو چھوٹے بڑے کارخانے قائم ہو چکے ہیں، جہاں کی صنعتی اشیا سوویٹ یونین سے باہر بھی جانے لگی ہیں۔ ملک میں کوئلہ، تیل، گندھک، تانبا، چونے کا پتھر اور فاسفورس جیسی معدنیات موجود ہیں۔ ناخواندگی کو کم کرنے کے لیے بھی حکومتِ وقت نے کوشش کی ہے۔ ۱۹۳۹ء تک کل آبادی کا ستّر فی صد حصّہ اس قابل ہو گیا تھا کہ وہ پڑھ لکھ سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ اعلٰی تعلیم کے لیے بھی نئے ادارے قائم کیے گئے ہیں۔ اس وقت ملک میں سو سے زیادہ تحقیقی ادارے ہیں، جن میں ازبکستان کی انجمنِ علوم (اکیڈیمی آف سائنسز) اور انجمنِ زراعت (اکیڈیمی آف ایگریکلچر) نے عالمی شہرت حاصل کر لی ہے۔ (تاشقند اور سمرقند میں یونیورسٹیاں اور طبّی مدارس موجود ہیں)۔ اس ملک میں عام طور سے ازبک زبان بولی جاتی ہے، جو چغتائی ترکی کی ترقی یافتہ شکل ہے اور روسی [Cyrillic] رسم الخطّ میں لکھی جاتی ہے۔ اس زبان کے شاعر اور ادیب زندگی کے تمام سماجی، معاشی اور تہذیبی پہلوؤں کو امکانی حدّ تک حقیقت پسندانہ اور فنکارانہ طور پر بیان کر کے جمہوریہ میں تنقید کی قوّت اور اجتماعی فکر پیدا کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ موجودہ فنکاروں میں شرف رشیدو، زُلفیہ، عبداللہ ککھار (Kakhar)، غفور گلیام اور موسٰی ایبک سرِفہرست ہیں.

مآخذ: (۱) A. Vambery: *History of Bokhara*، لنڈن ۱۸۷۳ء؛ (۲) وہی مصنّف: *Central Asia*، لنڈن ۱۸۷۴ء؛ (۳) م۔ امین بُغرا: طوغو ترکستان (استانبول ۱۹۵۲ء)؛ (۴) S. Karakostov: *Ot Leningrada Do Tashkent*، صوفیا ۱۹۴۷ء؛ (۵) N. L. Korshenevskiy: *Sredniaya Asya*، تاشقند ۱۹۴۱ء؛ (۶) N. Mikhailov: *The Sixteen republics of the Soviet Union*، واشنگٹن ۱۹۵۵ء؛ (۷) B. G. Gafurov: *Istoria narodov Uzbekistana*، دوجلد، تاشقند ۱۹۴۷، ۱۹۵۰ء؛ (۸) *Istoria Uzbekshoy SSR*، دوجلد، تاشقند ۱۹۵۵ ـ ۱۹۵۶ء؛ (۹) A. Saakian: *25-let ve Turkestane*، اشکاباد ۱۹۵۰ء؛ (۱۰) زکی ولیدی طوغان: بوگون کوترک ایلی یکن تاریخی، استانبول ۱۹۴۷ء؛ (۱۱) محرّم فوزی طغائی: ترکستان دنیا پولیتیک سندہ کی موقعی، استانبول ۱۹۳۶ء؛ (۱۲) Stefan Wurm: *Turkie Peoples of the USSR*، لنڈن ۱۹۵۴ء؛ (۱۳) M. I. Bogolepov: *In the land of Socialism*، کلکتہ ۱۹۴۸ء؛ (۱۴) A. Alimov: *Soviet Uzbekistan*، دہلی ۱۹۶۰ء؛ (۱۵) اکمل ایوّبی: ترکی، دہلی ۱۹۶۳ء؛ (۱۶) وکتر وینکووچ: سوویت ازبکستان کی سیر، ماسکو ۱۹۵۹ء؛ (۱۷) اِہل اِسین: ترکستان سیاحت نامہ سی، انقرہ ۱۹۶۰ء.

(اکمل ایوّبی)

✱ **اَزْد:** (اَسْد کی مبدّل املا؛ دونوں طرح سے رائج ہے) قدیم عربوں کے دو قبائلی گروہوں کا نام، جو عَسِیر کی مرتفع سرزمین (ازدِسَرات) اور عُمان (ازدِ عمان) میں [علٰیحدہ علٰیحدہ] آباد تھے اور عہدِ اسلامی میں بصرے اور خراسان میں آ کر متّحد ہو گئے۔ اسی وجہ سے بعد میں یہ روایتیں بن گئیں کہ ازد یمن کے ایک قبیلے سے تھے، جس کا ایک حصّہ سدِّ مَأرِب کے ٹوٹ جانے پر شمال کی طرف اور دوسرا حصّہ مشرق کی طرف ہجرت کر گیا تھا؛ تاہم ان ہم نام قبیلوں کے درمیان کوئی بنیادی رشتہ ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے سلسلۂ نسب (الازد بن الغَوْث بن نَبْت بن مالک ابن زید بن کہلان بن سبا، جہاں الازد قبیلے کے مورثِ اعلٰی دِرْء یا دَرّاء بن الغوث کا لقب ہے) میں نہ صرف ازدِسرات اور ازدِ عمان کو ملا دیا گیا ہے، بلکہ اس میں غسّان، خُزاعہ، الاَوْس اور خَزْرَج بھی ازد ہی کی شاخیں نظر آتی ہیں، حالانکہ ازد کے نام کا اطلاق صرف انھی قبائل پر ہو سکتا ہے جن کا سلسلۂ نسب نَصْر بن الازد سے چلتا ہے (سرات اور عمان میں)، بارِق اور شُکْر (سرات) پر، جو عدی بن حارثہ بن عَمْرو مُزَیْقِیاء کی نسل سے ہیں، العَتِیک اور الحُجْر پر (عمان میں) جو عِمْران بن عَمْرو مزیقیاء کی نسل سے ہیں نیز الہِنْو بن الاَزد، قَرْن بن عبداللہ بن الازد، عَرْمَن، اَلْمَع اور رِجْنہ بن عمرو بن الازد (سرات) کے قبائل پر.

ازدِسرات، جو کپڑا بُننے کے کام میں بہت مشہور تھے، بالعموم ایک ہی جگہ پر آباد تھے اور ان کے مقامِ سکونت میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوئی۔ دَوْس کے قبائل (سُلَیْم بن فَہْم، طَرِیف بن فَہْم، مُنْہِب بن دَوْس) اور بنو ماسخہ وہ شاخیں تھیں جو سب سے دور شمال کی طرف، یہاں تک کہ بعض طائف کے شمال مشرق میں، آباد تھیں، لیکن زیادہ تر وادی دَوْقہ کے بالائی حصّے میں رہتی تھیں۔ ان کے مشرق اور جنوب مشرق میں زَہْران کے قبائل (سلامان، کَدادہ، عُبَید بن عُبْرہ) آباد تھے؛

زیادہ مشرق میں سَرات غامد میں نَمِرْ بن عثمان، الغطارِیف، زارہ، اَشْباب، لِہب، ثُمالہ، غامِد، قَرْن بن اَحْجَن اور دیگر قبائل تھے۔ ان کا علاقہ بالائی وادی قَنَوتا سے مشرق کی طرف پھیلا ہوا تھا۔ ان قبائل اور ان کے بھائی بند قبائل کے درمیان جو اَور زیادہ مشرق کی طرف رہتے تھے [بنو] خَثْعَم حائل تھے۔ خَثْعَم کے مشرقی علاقے تُرَبُہ میں البُقُوم (حوالہ بن الہِنْو کی اولاد) آباد تھے۔ بنو شُکْر (بنو والان)، تَبالہ کے شمال مشرق میں اور قَرْن بن عبداللہ تَبالہ کے جنوب میں رہتے تھے۔ مزید جنوب کی طرف اور سراتِ الحَجْر ہی کے علاقے میں الحَجْر بن الہِنْو کی متعدّد شاخیں آباد تھیں (ان میں اہمّ ترین بنو شَہْر اور ان کے ساتھ بَلْ اَسْمَر تھے)۔ یہ قبائل شمال میں تو حَلَبْی کے علاقے کے گرد رہتے تھے اور آگے چل کر وادی تَنُومہ/وادی بَلْ اَسْمَر کے جنوبی رقبوں میں موجود تھے۔ ان کے اہمّ مراکز حَلَبْی، الخَضْراء، نَماس اور تَنُومہ تھے۔ ان میں سے کچھ افراد مزید جنوب میں وادی اِبْل کی طرف عَنْز کے جوار میں بھی رہتے تھے۔ قبیلۂ بارق کے لوگ مغرب میں وادی بارق کے رقبوں میں آباد تھے اور جنوب کی طرف خَثْعَم کے گھرے ہوئے علاقے کی حدّ بندی کرتے تھے۔ بارق بیش تر وادیوں میں رہتے تھے اور خثعم مرتفع علاقوں میں آباد تھے۔ ازد کے کچھ گروہ (اَلْمَع، یرُفی بن الہِنْو اور الحَجْر بن الہِنْو کا کچھ حصّہ) ساحل بحر پر حَلِی کے گرد قبائل کنانہ کی ہمسائگی میں آباد تھے۔ ابتداءً اَزْدِ سرات اور بھی زیادہ جنوبی اقطاع میں رہتے تھے اور نسبۃً قریب کے زمانے ہی میں خَثْعَم سے مسلسل جنگ کر کے ان علاقوں میں جا گھسے جہاں وہ بعد میں آباد ہوئے۔ عہدِ اسلام میں ان کے باقی ماندہ کچھ لوگ تَعِزّ کے جنوب مغرب میں بنو مَعافِر کے ماتحت اور دَثِینہ میں بنو اَود کے ماتحت زندگی بسر کرتے رہے۔ شَنُوءَۃ کی اصطلاح، جو بار بار آتی ہے، اس کا مطلب ابھی تک واضح نہیں ہوا۔ چونکہ یہ نام حاجِز بن عوف شاعر کی ایک نظم میں جنگی نعرے [شعار] کے طور پر استعمال ہوا ہے، اس لیے خیال ہو سکتا ہے کہ یہ اصطلاح جغرافی نہیں بلکہ غالبًا نسبی ہو گی۔ مروّجہ تشریح (شَنُوءَۃ = الحارث بن کَعْب بن عبداللہ بن مالک بن نَصْر بن الاَزْد) صریح طور پر غلط ہے؛ اس بات کی اب تحقیق نہیں ہو سکی کہ کون کون سے انفرادی قبائل شَنُوءَۃ سے تعلّق رکھتے تھے۔

اَزْدِ عمان ان قبائل پر مشتمل تھے جو اپنا نسب مالک بن فَہْم کی نسل سے بتاتے تھے (یعنی ہُنَاءَۃ، فراہِید، جہاضِم، نَوا، قَرادِیس، جَرامِیز، عُقائہ، قَسامِل، صُلَیمِی، اشاقِر)۔ بعض نَصْر بن زَہْران کے سلسلے سے تھے (یعنی یَحْمَد، حُدّان، مَعاوِل)۔ بعض قبیلے وہ تھے جو عِمْران بن عَمْر و مُزَیْقِیاء کی نسل سے تھے، یعنی العَتِیک اور الحَجْر بن عِمْران (گمان غالب یہ ہے کہ عمران سے [یہ] رشتہ، جس کی بنا پر اَنصار ان قبائل کے بھائی بند بن جاتے ہیں، آل مُہلّب کے اعزاز میں فرض کر لیا گیا تھا۔ صحیح رشتہ سلسلۂ نسب العتیک بن الاَسْد بن عمران میں محفوظ رہا)۔ یہ منفرد قبائل کس کس علاقے میں رہتے تھے، اس کے متعلّق معلومات کم ہیں۔ معاوِل صُحار اور اس کے گرد و نواح میں رہتے تھے؛ یَحْمَد اور ہُنَاءَہ پڑوس کے ساحلی خطّوں میں آباد تھے۔ ہُمَیْم (از صلب مَعْن بن مالک بن فَہْم) نَزْوٰی میں بود و باش رکھتے تھے۔ العَتِیک دَبٰی میں اور الحُجْران کے قریب ہی آباد تھے۔ حُدّان بحری قزاقوں کے ساحل (Pirate Coast) کی عقبی سرزمین میں رہتے تھے۔ ان کے درمیان کے علاقوں میں بعض غیر ازدی قبائل بالخصوص سامہ بن لُؤَیّ رہتے تھے، جو بعد میں مجموعی حیثیت سے نِزار کے نام سے معروف ہوئے۔ بنو جُدَیْد (قبیلۂ اشاقِر سے) اسلامی عہد میں مغرب کی جانب ظُفار حضرموت تک بڑھ آئے تھے، جہاں انھوں نے مَہْرہ سے لڑ کر رَیْسُوت کی بندرگاہ پر قبضہ جما لیا۔ زمانۂ قبل از اسلام میں بھی ازدِ عمان کے بعض گروہ، مثلاً سَلِمہ بن مالک بن فَہْم، نقل مکان کر کے خلیج فارس کے جزیروں اور کرمان میں جا پہنچے تھے۔ یہاں وہ ماہی گیری، کشتی رانی اور تجارت کرتے تھے، مگر دوسرے عربوں میں ان کی شہرت اچھی نہ تھی۔ ''مُزُون'' کا نام، جس کا اطلاق بعض اوقات ان پر کیا جاتا ہے، بظاہر ان کا لقب تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ شمال کی طرف سے نقلِ مکان کر کے آئے اور ان غیر عرب باشندوں میں جو پہلے سے اس علاقے میں آباد تھے دخیل ہو گئے۔ وہ روایت جس کی رُو سے کتبوں میں مذکور اسد (۲) [رَکَ بآن] یہی لوگ تھے اور اس طرح وہ تَنُوخ کے حلیف تھے غلطی پر مبنی ہے۔

زمانۂ جاہلیّت میں ازدِ سرات کا زیادہ حال معلوم نہیں، کیونکہ ان کے اشعار بہت کمیاب ہیں۔ [ان میں] صرف ایک مشہور شاعر حاجِز بن عَوْف (از بنو سلامان) ہوا ہے، جس کے اشعار میں خَثْعَم اور کِنانہ کے خلاف جنگوں اور آل غِطْرِیف کی طاقت ور برادری کے خلاف (وادی قَنَوْنٰی میں) بعض قبائل کی لڑائیوں کا ذکر آیا ہے، جو ساتویں صدی عیسوی کے آغاز میں واقع ہوئیں۔ کہا جاتا ہے کہ اس خاندان کے افراد مَنات کے اس مندر کے نگران تھے جو قُدَیْد میں تھا۔ مدینے کے انساب کی فہرست میں غِطْرِیف کا جو نام نظر آتا ہے ممکن ہے کہ وہ انھیں سے آیا ہو۔ ازدِ سرات کے دیوتاؤں میں حسبِ ذیل کا نام لیا جاتا ہے: ذوالشَّرٰی، ذوالخَلَصہ (اس بت کا مندر تَبالہ میں تھا)، ذوالکَفَّین اور عائم۔ ازد عمان کی ابتدائی تاریخ کے بارے میں معلومات اس سے بھی کم ہیں۔ ایرانیوں اور مَہْرہ کے خلاف افسانوی جنگوں کے علاوہ عبدالقَیْس کے خلاف ایک جنگ کا ذکر ملتا ہے۔ ان کے دیوتا کا نام باجَر/ناجِر بتایا جاتا ہے۔

ازدِ سرات نے ۱۰ھ/۶۳۱ء میں اسلام قبول کیا۔ رِدَّۃ کے دوران میں معمولی شورشیں رونما ہوئیں، جنھیں ۱۱ھ/۶۳۲ء میں عثمان بن العاص [رض] والیِ طائف نے جلد فرو کر دیا۔ ۱۳ھ/۶۳۴ء میں ازد کے کچھ لوگ اس دستۂ فوج میں شامل تھے جو [حضرت] عمر [رض] نے فرات کی طرف بھیجا تھا۔ بصرے اور کوفے کی چھاؤنیوں میں جو لوگ پہلے پہل آباد ہوئے ان میں کچھ ازدِ سرات بھی تھے اور ان میں سے بعض مصر چلے گئے، مگر مجموعی طور پر انھوں نے بہت کم ترکِ وطن کیا۔ اس سے چند سال پہلے ہی اسلام عمّان میں پہنچ چکا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ عمان کے حکمران گروہ الجُلَنْدٰی (از بنو مَعاوِل، جو صُحار میں رہتے تھے) کے دو بھائیوں جَیْفَر اور عَبْد کو العَتِیک اور

اندرون ملک میں رہنے والے دوسرے قبائل کے ساتھ، جن کا سردار لقیط بن مالک العاتکی تھا، اپنے تعلّقات میں مشکلات کا سامنا ہو رہا تھا۔ ۸ھ/ ۶۲۹ء میں مدینے سے عَمْرو بن العاص[رضہ] کو صُحار بھیجا گیا اور ان کی مدد سے ان دو بھائیوں نے اپنا اقتدار پورے طور پر بحال کر لیا۔ لقیط نے رِدَّۃ کے ایّام میں ایک بار پھر قسمت آزمائی کی اور عمرو کو پیچھے ہٹنا پڑا، لیکن ۱۱ھ/ ۶۳۲ء میں عِکْرِمہ[رضہ] بن ابی جَہْل نے بغاوت کی سرکوبی پوری طرح کر دی۔ بنو الجُلَنْدٰی کئی سال تک بلا شرکت غیرے عملاً عمان پر حکمران رہے۔ [حضرت] عثمان[رضہ] کے عہد میں عبّاد بن عبد بن الجُلَنْدٰی فرماں روا بنا۔ وہ ۶۷ھ/ ۶۸۶ء میں یمامہ کے خوارج کے خلاف لڑتا ہوا مارا گیا۔ اس کی جگہ اس کے بیٹے سعید اور سلیمان مسند نشین ہوئے اور کہیں الحجّاج کے عہد میں جا کر ان دو بھائیوں کو آخر کار عمان کی حکومت سے برطرف کیا جا سکا اور ان کا علاقہ ازسرِ نو خلافتِ اسلامی میں شامل کر لیا گیا۔ ازدِ عمان کی ایک بڑی تعداد ۶۰-۶۱ھ/ ۶۷۹-۶۸۰ء میں نقل مکان کر کے بصرے چلی گئی تھی۔ اس نقلِ مکانی کے دوران میں ان میں سے کچھ لوگ مشرقی عرب میں رہ گئے، جہاں تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی میں زارہ کے مقام پر ایک ازدی امارت قائم کر لی گئی۔ وہ ازدِ سرات کے ساتھ، جو پہلے ہی سے بصرے میں آباد تھے، متّحد ہو گئے اور انھوں نے بنو ربیعہ سے معاہدۂ دوستی کر لیا، جس کی وجہ سے وہ بنی تمیم کے حریف ہو گئے؛ چنانچہ بہت شروع زمانے، یعنی ۳۸ھ/ ۶۵۸ء، ہی میں بصرے کے ازدِ سرات نے تمیم کے مقابلے میں وہاں کے والی زِیاد بن ابیہ کی حفاظت کی تھی۔ اس طرح ازد نے اس وقت جب کہ یزید اوّل کی وفات (۶۴ھ/ ۶۸۳ء) پر بنی تمیم نے عبیداللہ بن زیاد کے خلاف بغاوت کا عَلَم بلند کیا اس کی مدد کی۔ بعد کے قبائلی جنگ وجدال کو، جس کے دوران میں اَزُد اور ربیعہ کے متّحدہ قبائل کا سردار مسعود بن عمرو العاتکی مارا گیا، تمیم کے سردار الاَحْنَف نے طے کیا؛ تاہم عداوت قائم رہی اور خراسان تک جا پہنچی، خصوصًا جب وہاں ۷۸ھ/ ۶۹۷ء کے بعد آلِ مہلّب کے زیر قیادت ازد نے (پھر ربیعہ کے ساتھ مل کر) سرکردہ قبیلے کی حیثیّت حاصل کر لی۔ ازد آلِ مہلّب کے برطرف کیے جانے پر بہت برافروختہ ہوئے اور ان واقعات کی ذمّے داری، جن کا نتیجہ ۹۶ھ/ ۷۱۳ء [؟ ۷۱۴ء] میں قُتَیْبَہ بن مسلم کی شکست اور موت پر ہوا، زیادہ تر ازد ہی پر عائد ہوتی ہے۔ وہ یزید ثانی کے عہد کے آغاز، یعنی ۱۰۱ھ/ ۷۲۰ء تک [خراسان میں] سرکردہ گروہ بنے رہے، لیکن اس کے بعد آلِ مہلّب کے حامیوں کا قلع قمع کرنے کی جو مُہِمّ باقاعدہ طور پر چلائی گئی اس کی وجہ سے انھیں کچھ عرصے کے لیے آلِ قیس کے والیوں کے زیرِ نگیں رہنا پڑا۔ بنو قیس سے ازد کی عداوت بھی بنو امیّہ کے سقوط کا ایک بڑا سبب بن گئی۔ بنو امیّہ کے اقتدار کے آخری ایّام میں جو بدامنی رونما ہوئی اس کے دوران میں چند عارضی معاہدوں کے سوا ازد [اموی] والِی [خراسان] نَصر بن سیّار کے مخالف رہے، جس کی وجہ سے ابو مسلم کو آگے بڑھنے میں بہت آسانی ہو گئی۔ بصرے میں بھی ازد نے عبّاسیوں کی حمایت میں اموی حکومت کے خلاف بغاوت کا عَلَم بلند کیا، اگرچہ بنو تمیم اور شامی لشکر سے شکست کھائی۔ تقریبًا اسی زمانے میں اِباضیہ [رکّ بآن] عقائد، جو بصرے سے آئے تھے، عمان میں مقبول ہونا شروع ہوئے۔ ۱۳۲ھ/ ۷۴۹ء میں قدیم حکمران خاندان بنو الجُلَنْدٰی کے ایک رکن الجُلَنْدٰی بن مسعود کو [اِباضیہ فرقے کا] پہلا امام منتخب کیا گیا۔ وہ ۱۳۴ھ/ ۷۵۱ء میں ابو العبّاس کے ایک سپہ سالار خازِم بن خُزَیمہ سے لڑتا ہوا مارا گیا۔ بعد کے سال اس علاقے میں بہت بدامنی میں گزرے۔ یہ علاقہ برائے نام تو عبّاسی والی کے ماتحت تھا، لیکن اس میں بالعموم بنو الجُلَنْدٰی اور اِباضیہ کے درمیان برابر جنگ و جدال ہوتی رہی، کیونکہ بنو الجُلَنْدٰی اپنے سابق اقتدار کو ازسرِ نو قائم کرنے کے لیے کوشاں تھے۔ آخر ۱۷۷ھ/ ۷۹۳ء میں جا کر اِباضیہ کو غلبہ حاصل ہوا اور انھوں نے ایک نیا امامِ "برحق" منتخب کر لیا۔ اس کے بعد اباضی ائمّہ کا صدر مقام نَزْوٰی بن گیا۔ یہ اباضی امام بلا استثنا یَحْمَد قبیلے کے تھے۔ ۲۳۰ھ/ ۸۴۴ء کے بعد پھر فساد پیدا ہوا۔ بنو الجُلَنْدٰی کی سرگرمیوں کے علاوہ ازد اور نزار کے درمیان قبائلی جنگ چھڑ گئی۔ ۲۷۷ھ/ ۸۹۰ء میں بنو سامہ بن لُؤَیّ نے خلیفہ المعتضد سے رجوع کیا کہ اباضیہ کے خلاف ان کی مدد کی جائے۔ اباضیہ کا آخری آزاد امام عَزّان ابن تمیم ۲۸۰ھ/ ۸۹۳ء میں بحرین کے عبّاسی والی محمد بن نور کے خلاف لڑتا ہوا مارا گیا۔ ۲۸۲ھ/ ۸۷۵ء [؟ ۸۹۵ء]) کے بعد نَزْوٰی میں پھر اباضی امام رونما ہونے لگے، لیکن ان کا اقتدار محدود رہا۔

مآخذ: (۱) "اخبار اھل عمان من اوّل اسلامھم الی اختلاف کلمتھم"، ایک گمنام عرب کی تاریخ کشف الغُمّۃ کا باب ۳۳، طبع H. Klein، ہیمبرگ ۱۹۳۸ء؛ (۲) ابن الکلبی: الجمھرۃ فی النسب، مخطوطۂ اسکوریال (Escorial)، شمارہ ۱۶۹۸، ص ۲۳۷، ۳۱۴ ببعد، ۳۲۵ و ببعد؛ (۳) ابن دُرَید: الاشتقاق (طبع وُسٹنفلٹ)، ص ۲۸۷ ببعد؛ (۴) الہَمْدانی: [الاکلیل]، ص ۵۱ - ۵۲، ۲۱۱؛ (۵) یاقوت، ۱: ۳۶۳ - ۳۶۴ و ۲: ۱۴۸، ۱۸۷، ۳۷۷ - ۳۷۸، ۳۸۷، ۵۴۳، ۷۴۶، ۸۸۶، و ۳: ۶۷، ۳۳۰ و ۴: ۳۸۶، ۵۲۲، ۶۵۴؛ (۶) ابن الکلبی: الاصنام (طبع Klinke و Rosenberger)، ص ۲۲، ۲۴، ۲۵؛ (۷) الطبری، ۱: ۷۴۶، ۷۵۰، ۱۷۲۹، ۱۹۷۷، ۱۹۸۰، ۱۹۸۵، ۲۱۸۷، ۲۳۷۸، ۲۴۹۰؛ (۸) الأغانی، طبع ثانی، ۱۲: ۴۷ - ۵۰، ۵۰ - ۵۴؛ (۹) ابن سَعد، ۱/ ۲: ۷۱، ۷۶، ۸۰ ببعد؛ (۱۰) L. Forrer: *Südarabien nach al-Hamdani Beschreibung der arabischen Halbinsel*، لائپزگ ۱۹۴۲ء؛ (۱۱) ولہاؤزن (J. Wellhausen): *Reste altarabischen Heitdentums*، برلن ۱۸۹۷ء، ص ۲۶، ۶۴؛ (۱۲) وہی مصنّف: *Skizzen und Vorarbeiten*، ۴ (برلن ۱۸۸۹ء): ۱۰۲ و ۶ (برلن ۱۸۹۹ء): ۲۴ ببعد؛ (۱۳) وہی مصنّف: *Das Arabische Reich und sein Sturz*، برلن ۱۹۰۲ء، ص ۶۲، ۱۳۰ ببعد، ۱۳۰ ببعد، ۱۴۰ ببعد، ۲۴۸ ببعد؛ (۱۴) Max Freiherr v. Oppenheim: *Die Beduinen*، ۲ (لائپزگ ۱۹۴۳ء): ۴۴۱، ۴۴۲ و ۳ (طبع W. Caskel، Wiesbaden ۱۹۵۲ء): ص ۱۵، ۹۸.

(G. STRENZIOK)

----

* **اَلْاَزْدی**: ابوزکریّا یزید بن محمد بن ایاس ابن القاسم، موصل کا مؤرّخ، جس نے ۳۳۴ھ/ ۹۴۵-۹۴۶ء میں وفات پائی۔ موصل پر ابراہیم بن محمد ابن یزید الموصلی نے بھی ایک کتاب لکھی تھی، جو الازدی سے ایک پشت پہلے ہوا ہے، لیکن اس کی تصنیف بظاہر محض علماے دین کے سوانح حیات پر مشتمل تھی اور الازدی نے اپنی کتاب میں ''موصل کے علماے حدیث کے طبقات'' کے علاوہ اس شہر کی سیاسی تاریخ بھی قلم بند کی ہے۔ ان دونوں موضوعوں کو اس نے یا تو ایک ہی کتاب میں لکھا یا الگ الگ مرتّب کیا تھا۔ علماے حدیث کے بارے میں اس کی تصنیف کا حال محض اُن اقتباسات سے معلوم ہوتا ہے جو دوسری کتابوں میں آئے ہیں۔ ان میں اس کی تحریرات صرف ان محدود معلومات تک مخصوص نظر آتی ہیں جو اسماء الرجال کی کتابوں میں بالعموم پائی جاتی ہیں، البتہ اس نے موصل شہر کی جو سال وار سیاسی تاریخ لکھی وہ اس خاص موضوع پر پہلی کتاب تھی۔ اس تصنیف میں سے ۱۰۱-۲۲۴ھ/ ۷۱۹-۷۲۰ء تا ۸۳۸-۸۳۹ء کے حالات محفوظ ہیں۔ اس میں موصل کی تاریخ اس زمانے کی عام تاریخ کے پس منظر میں مرتّب کی گئی ہے اور یہ ابتدائی دَور کی اسلامی تاریخ نویسی کا ایک نہایت قابل قدر کارنامہ ہے۔

مآخذ: (۱) الذّہبی: طبقات الحُفّاظ، بارھواں طبقہ، شمارہ ۱۴؛ (۲) براکلمان: تکملہ، ۱: ۲۱۰؛ (۳) F. Rosenthal: *A History of Muslim Historiography*، ص ۱۰۷، ۱۳۲-۱۳۴، ۴۰۵ — حاشیہ ۱، ۴۶۵؛ (۴) M. Canard: *Histoire de la Dynastie des H'amânides*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ۱: ۱۷.

(F. ROSENTHAL)

---

* **اَزَرْقُوئیل**: (Azarquiel) رک بہ مادّۂ اَلزَرْقالی.

---

* **الاَزْرَقی**: ابو الولید محمد بن عبداللہ بن احمد، مکّۂ مکرّمہ اور حرمِ کعبہ کا مؤرّخ۔ اس کے خاندان کا مورث اعلیٰ طائف میں گَلَدَہ یا الحارث بن گَلَدَہ کا (رومی) غلام تھا، جسے اس کی نیلی آنکھوں کی وجہ سے الاَزْرَق کہتے تھے۔ ابن عبدالبرّ کے بیان (الاستیعاب، بذیل مادّۂ سُمَیّہ) کے مطابق اس نے زیاد ابن ابیہ کی ماں سُمَیّہ سے نکاح کر لیا تھا۔ ۸ھ/ ۶۳۰ء کے محاصرۂ طائف کے دوران میں ازرق [حضرت] رسول اکرم [صلی اللہ علیہ وسلم] کی خدمت میں پہنچ گیا، اُسے آزاد کر دیا گیا اور وہ مکّے میں رہنے لگا۔ اس کی اولاد نے اقتدار اور رسوخ حاصل کر کے شرفاے بنوامیّہ کے گھرانوں میں شادیاں کر لیں۔ اپنی حقیر اصل کو محو کرنے کی غرض سے انھوں نے یہ دعویٰ کیا کہ وہ بنوتَغْلب کے خاندانِ عِقَبّ میں سے تھے (ابن سعد: [طبقات،] ۳/۱: ۱۷۶)، لیکن بعد میں جب قَیْس اور یمن کی باہمی مخاصمت زیادہ نمایاں ہوگئی تو [بنو] خُزاعہ نے انھیں یمنی گروہ میں اس بہانے سے شامل ہونے کی ترغیب دی کہ الازرق عَمْرو بن الحارث بن ابی شَمِر کا بیٹا تھا، لہٰذا وہ بنوغسّان کے شاہی خاندان سے تھا (ابن سَعْد: محلّ مذکور، نیز دیکھیے الاَزْرَقی، ص ۴۵۸ و ۴۶۰).

الاَزْرَق کا لکڑ پوتا احمد بن محمد بن الولید بن عُقبہ (م ۲۲۲ھ/ ۸۳۷ء) تھا (ابن سعد، ۵: ۳۶۷؛ السُّبکی: طبقات الشّافعیۃ، ۱: ۲۲۲؛ ابن حَجَر: تہذیب، ۱: ۷۹)۔ اسے مکّے اور اُس کے حرم کی تاریخ سے بڑی دلچسپی تھی، چنانچہ اُس نے اس بارے میں سُفیان بن عُیَیْنَہ، مفتی سعید بن سالم، فقیہ الزَّنْجی، داؤد بن عبدالرحمٰن العطّار اور دیگر اہل مکّہ سے متعلّقہ معلومات کا ایک بہت بڑا ذخیرہ جمع کیا۔ اس کے جمع کردہ مواد کو اس کے پوتے ابوالولید، مصنّف اخبار مکّۃ، نے استعمال کیا اور اس پر اپنی طرف سے بھی خاصا اضافہ کیا۔ اس کتاب میں جو روایات جمع کی گئی ہیں ان کا مرجع بالعموم ابن عباس کا دبستان ہے اور وُہ اِسی دبستان کے مطابق عقائد اور قرآن کی تفسیر پیش کرتی ہیں۔ زمانۂ جاہلیت میں مکّے کی اساطیری تاریخ کے بارے میں اس نے ابن اسحٰق الکَلْبی اور وَہْب بن مُنَبّہ سے بھی اقتباس کیا ہے۔ مقامی جغرافی کیفیات کا بیان زیادہ تر ابوالولید کا خود اپنا ہے۔ ابوالولید نے اپنی کتاب القاری ابومحمد اسحٰق بن احمد الخُزاعی ([حضرت] عمرؓ کے مقرر کردہ والیِ مکّہ نافع بن عبدالحارث کی اولاد میں سے)، م ۳۰۸ھ/ ۹۲۱ء، کے سپرد کر دی، جس نے اس پر مزید اضافے کیے، بالخصوص خانۂ کعبہ کی اس مرمّت کا حال جو ۲۸۱-۲۸۴ھ/ ۸۹۴-۸۹۷ء میں کی گئی۔ اس نے یہ کتاب اپنے پوتے بھتیجے ابوالحسن محمد بن نافع الخزاعی (م بعد از ۳۵۰ھ/ ۹۶۱ء) کے حوالے کر دی (جس نے اس پر صرف تین اضافے کیے)۔ یہ وہ متن ہے جسے وُسٹِنْفِلْڈ (Wüstenfeld) نے شائع کیا: *Die Chroniken der Stadt Mekka*، ج ۱، لائپزگ ۱۸۵۸ء.

۲۷۲ھ/ ۸۸۵-۸۸۶ء کے قریب محمد بن اسحٰق الفاکہی نے الاَزْرقی کی کتاب سے سَرِقہ کیا (دیکھیے وُسٹِنْفِلْڈ: وہی کتاب، ۱: xxiv-xxix و ۲: i)۔ نیز سعدالدین سعداللہ بن عمر الاِسْفرائنی نے ۷۶۲ھ/ ۱۳۶۱ء کے قریب اپنی کتاب زبدۃ الاعمال لکھتے وقت اس کتاب کو استعمال کیا (دیکھیے Rieu: *Supplement*، شمارہ ۵۷۵)۔ الکرمانی نے ۸۲۱ھ/ ۱۴۱۸ء میں مختصر تاریخ مکّۃ لکھی (مصنّف کا خودنوشت مخطوطہ برلن میں ہے: Ahlwardt، شمارہ ۹۷۵۲).

مآخذ: (۱) الازرق کے لیے نیز دیکھیے: ابن قتیبہ: *Handbuch*، ص ۱۳۱؛ (۲) الطبری، ۳: ۲۳۱۵، ۲؛ (۳) اصابۃ، بذیل مادّہ ہاے الازرق و سُمَیّہ ام عمّار؛ (۴) ابوالولید الازرقی کے لیے دیکھیے الفہرست، ص ۱۱۲؛ (۵) السّمعانی، ص ۲۸-الف؛ (۶) براکلمان: تکملہ، ۱: ۲۰۹؛ (۷) J. W. Fück: *Der Ahn des Azreqi* (*Studi Orientalistici in onore di G. Levi Della Vida*)، ۱: ۳۳۶-۳۴۰).

(J. W. FÜCK)

اَزْرَقی: حکیم ابوالمحاسن ازرقی (لباب، ۲: ۸۶) یا ابوبکر زین الدّین بن اسمٰعیل الورّاق [= کتاب فروش] الازرقی (چہار مقالہ، ص ۱۷۴)، ہرات کا مشہور شاعر۔ طُغان شاہ آلپ آرسلان محمد کی مدح میں وہ اپنے آپ کو جعفری لکھتا ⊗

ہے (چہار مقالہ، ص ۱۷۴)۔ نظامی عروضی: چہار مقالہ (ص ۴۳) میں مذکور ہے کہ [جب سلطان محمود غزنوی ہرات آیا تو اس کے خوف سے فردوسی چھے ماہ تک] ازرقی کے والد اسمٰعیل الورّاق کے ہاں چھپا رہا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ازرقی کے والد اور فردوسی ہم عصر اور دوست تھے۔ سلطان محمود کے بیٹے مسعود (م ۴۳۲ھ/ ۱۰۴۱ء) کے زمانے میں سَرَخس اور مَرْو کے درمیان دندانقان کے مقام پر طُغرل بیگ بن میکائیل بن سلجوق اور اس کے بھائی چُغْری بیگ نے مل کر مسعود کو ۸ رمضان ۴۳۱ھ/ ۲۳ مئی ۱۰۳۹ء کو ایک جنگ میں (جس میں خود بیہقی موجود تھا، تاریخ بیہقی، طبع تہران، ص ۵۴۲ ببعد) شکست دی، پھر ان کے چچا موسٰی یبغُو بن سلجوق اور یونس بن سلجوق وغیرہ نے متحّد ہونے کا قول وقرار کیا اور مفتوحہ علاقوں کو آپس میں تقسیم کر لیا (سلجوق نامہ، ص ۱۷)۔ ازرقی کے ہاں یونس بن سلجوق کی مدح میں ایک قصیدہ ملتا ہے، جو غالبًا اس کا سب سے قدیم کلام ہے۔ یہ قصیدہ یوں شروع ہوتا ہے:

مگر که زهره و ماه است نعتِ آن دلخواه
که باسعادت زهره است و باطراوتِ ماه

اس قصیدے کا ایک شعر ہے:

سیاه روبه بگردد شها ز هیبت تو
سیاه شیر علامات شان میانِ سپاه

(دیوان ازرقی، آصفیہ، ۹۴۳)

اس میں دشمن کے عَلَم کا نشان ''سیاہ شیر'' بتایا گیا ہے۔ غزنویوں کے ہاں سیاہ عَلَم اور شیر کے نشان کے استعمال کا ثبوت تو ملتا ہے (تاریخ بہرام شاہ (انگریزی)، از غلام مصطفٰی خان، لاہور ۱۹۵۵ء، ص ۲۸ - ۳۱)، لیکن نشان ''سیاہ شیر'' کا کوئی واضح ثبوت مہیّا نہیں ہو سکا، اس لیے خیال ہوتا ہے کہ جب علاقوں کی مذکورۂ بالا تقسیم کے بعد قاوَرْد بن چُغْری بیگ بن میکائیل کرمان اور طبین (راحة الصدور، ص ۱۰۴) کا مالک ہوا تو غالبًا بعد میں اس کی اور یونس بن سلجوق کی کوئی جنگ ہوئی تھی، کیونکہ قاورد (بمعنی گُرگ) کے طُغرے پر ''قرہ ارسلان بیگ بن چغر [ی] بیگ'' نقش تھا (تاریخ افضل، ص ۳) [قرہ ارسلان = شیر سیاہ]۔ اس کے بیٹے امیران شاہ کی مدح میں بھی اس شاعر نے عَلَم کی علامت یہی بتائی ہے:

و زان که شیرِ سیاه است نقشِ رایتِ او
دلیر تر بود اندر نبرد شیرِ سیاه

(دیوان ازرقی، وہی نسخہ)

شاعر کا ایک قدیم ممدوح حسن بھی ہے، جس کا غور و غرجستان سے تعلّق ہے:

شجاعِ دولتِ پاینده سعد ملک حسن
امینِ شاهِ عجم، میرِ غور و غرجستان

(دیوان ازرقی، وہی نسخہ)

ز بهرِ زخمِ جگر گوشهٔ مخالف او
بزخم تیر کند اژدها بُنِ دندان

(مونس الاحرار، ص ۶۲۳)

میرا خیال ہے کہ یہ ممدوح ابوعلی حسن بن موسٰی بن [یبغو بن] سلجوق ہے، جس کے حصّے میں ۴۳۱ھ/ ۱۰۳۹ء میں ہرات، بُوشَنج، سِجستان اور غور کی حکومت آئی تھی (اخبار الدولة السلجوقية، ص ۱۷) [مگر قب راحة الصدور، ص ۱۰۴، جس کی رُو سے ان علاقوں کا مالک حسن نہیں بلکہ اس کا باپ موسٰی تھا] اور آخری شعر میں ''جگر گوشۂ مخالف'' سے مراد مسعود غزنوی کا بیٹا مودود ہوگا، جس سے بعد میں ان تراکمہ کی جنگیں ہوئی تھیں۔

۴۳۱ھ/ ۱۰۳۹ء کی تقسیم کے بعد طغرل بیگ جیسے طاقتور شخص کو کہیں ۴۴۷ھ/ ۱۰۵۵ء میں جا کر مفتوحہ علاقوں کی طرف سے اطمینان ہوا تھا (سلجوق نامہ، ص ۱۸؛ راحة الصّدور، ص ۱۰۵، حاشیہ)۔ قاوَرْد جب کرمان پہنچا تو وہاں ابوکالیجار بن سلطان الدّولہ کا نائب بہرام بن لشکرستان تھا (ابن الأثیر، بذیل ۴۴۰ھ)۔ اس نے اپنی کمزوری کی بنا پر قاوَرْد کو کرمان کی ولایت پیش کر دی اور اس کی بیٹی سے قاورد کی شادی بھی ہوگئی (تاریخ افضل، ص ۴)۔ ۴۴۲ھ سے قاورد نے کرمان اور اس کے اطراف کی بھی تسخیر شروع کی۔ جبال القُفص اور عمّان کی فتح کے بعد در بند سجستان کی فتح پر ازرقی نے امیران شاہ بن قاورد کی مدح میں چونسٹھ اشعار کا ایک قصیدہ لکھا، جو یوں شروع ہوتا ہے:

همایون، جشنِ عید و ماهِ آذر
خجسته باد بر شاهِ مظفّر

یہ فتح چونکہ چھے ماہ کی جنگ کے بعد حاصل ہوئی تھی (شعر ۴ و ۵) اس لیے ماہ آذر (شعر ۱ و ۶) کے باوجود وہ اسے ''جشن عید'' (شعر ۱) سے تعبیر کرتا ہے۔ ازرقی نے متعدّد قصیدے امیران شاہ بن قاورد کی مدح میں لکھے ہیں، جن میں سے دو اس طرح شروع ہوتے ہیں:

آسمان گون قرطه پوشید آن چه ماهِ آسمان
مهر چهر آمد بنزدِ بنده روزِ مهرگان

(دیوان ازرقی، آصفیہ)

عیدِ مبارک آمد و بربست روزه بار
زان گونه بست بار که پیرار بست [و] پار

(دیوان ازرقی، آصفیہ)

ایک مرتبہ امیران شاہ سیستان کے مقام فراہ میں تھا، اس وقت ازرقی نے لکھا تھا:

چو آفتاب شد از اوجِ خود بخانهٔ ماه
بخیش خانه ره برگ بید و باده بخواه...
مرا شمالِ هری بی هری چه آید خوش
چو شهریار خداوندِ من بود به فراه
همامِ دولتِ عالی، قوامِ ملّتِ حق
جمالِ مملکتِ شه امیرِ میران شاه
خدایگانی، شاهنشهی، خداوندی
که بنده هست مر او را زمانه بی اکراه

آخری شعر میں امیران شاہ کو ''شاہنشاہ'' کہا ہے، ہر چند کہ اس کی کوئی علیحدہ حکومت اپنے والد کی حکومت کے علاوہ نہیں تھی۔ ایک اَور قصیدے میں بھی شاعر نے اُسے شاہنشاہ کہا ہے:

شاهنشهی که شاکر و باآفرین روند
زوّارِ او ز درگه و مهمانِ او ز خوان

اس ''شاہنشاہ'' کا ''مہمان'' شاعر ہی ہوگا، جو قریب دس سال سے اس کے پاس ہے۔ اب اگر قاوَرد کی حکومت کے آغاز (یعنی ۴۴۲ھ) سے حساب لگایا جائے تو اس قصیدے کا زمانہ ۴۵۲ھ کے قریب متعیّن ہوتا ہے۔ شاعر نے اپنے ممدوحوں میں سے اکثر و بیشتر امیران شاہ بن قاورد ہی کو ''شاہنشاہ'' کہا ہے، اس لیے اس قصیدے میں اسی کے وزیر کا ذکر ہوگا:

چو کوسِ عید ز در گه بکوفتند پگاه
پگاه رفت به عید آن نگار زین درگاه...
فخارِ آلِ سَری، خواجهٔ عمید شرف
وزیرِ رادِ شهنشاه ابن شاهنشاه
ابوالحسن علی ابنِ محمد آن که بدوست
جمالِ مسند و صدر و کمالِ دولت و جاه

ایک قصیدے میں پورا نام اور القاب اس طرح آ گئے ہیں:

سدیدِ دین، شرفِ دولت، آفتابِ کرم
ابو الحسن علی بن محمد ابنِ سری

اس وزیر کی مدح میں اَور بھی متعدّد قصیدے ہیں۔ ایک قصیدے میں القاب صرف اس قدر ہیں:

زینتِ دولت علی بنِ محمد بوالحسن
آنکه حسنِ دولت از تدبیر او زد داستان

تاریخ افضل (ص ۵) میں ہے کہ جب قاورد کی تخت نشینی بردسیر میں ہوئی تو قاضی فزاری کو، جو اس وقت ''قاضی ولایت'' تھا، وزیر بنایا گیا اور اس کے دبیر ابوالحسن کو قاضی۔ اس ابوالحسن کے متعلّق یہ بھی کہا گیا ہے کہ ''قاضی و شحنه و عاملِ هر ولایت را بعدالت وصیّت فرمود''، اس لیے یہ عین ممکن ہے کہ یہی ابوالحسن ازرقی کا ممدوح ہو۔ بہرحال جیسا کہ مذکور ہوا ۴۵۲ھ کے قریب تک شاعر کرمان میں تھا، پھر ہرات آیا ہوگا۔

چہار مقالہ (مقالۂ دوم، حکایتِ ششم) سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ ہرات میں طغان شاہ بن آلپ آرسلان (بن چغری بیگ) احمد بدیہی کے ساتھ نرد کھیل رہا تھا اور بازی جیتنے کے لیے دو چھکّوں کے بجائے دو اکّے نکلے تو وہ سخت برہم ہو گیا۔ اس وقت ازرقی نے یہ دو بیتی کہہ کر اس کا غصّہ فرو کیا:

گر شاه دو شش خواست دو یک زخم افتاد
تا ظن نبری که کعبتین داد نداد
آن زخم که کرد رای شاهنشاه یاد
در خدمتِ شاه روی بر خاک نهاد

[چہار مقالہ، تہران ۱۳۳۱ شمسی، ص ۷۰ اور دولت شاہ، ص ۷۳: سہ (بجائے دو) اور دوسرا شعر دولت شاہ نے اَور طرح دیا ہے]۔ اس حکایت کے ساتھ طغان شاہ کے ایک ندیم ابومنصور یا یوسف کا ذکر ہے، جس سے ۵۰۹ھ میں خود نظامی عروضی نے ہرات میں اس واقعے کی ذیل میں بادشاہوں کی دادودہش کا حال سنا تھا۔ اسی کے ساتھ روایت بھی ہے کہ ''بادشاه بود و کودک بود'' اور چونکہ طغان شاہ کے والد آلپ آرسلان کی پیدائش کی سب سے پہلی تاریخ ۴۲۱ھ ہے (راحة الصدور، ص ۱۱۷ ح)، اس لیے یہ صحیح ہوگا کہ ۴۵۲ھ کے بعد ہی ازرقی نے طغان شاہ کی ''کودکی'' کا زمانہ پایا، بلکہ تاریخ میں تو ۴۵۵ھ سے پہلے طغان شاہ کا ہرات میں ہونا ثابت نہیں، اس لیے کہ معین الزمجی الاسفزاری کی کتاب روضة الجنات فی اوصاف مدینة هرات (پنجاب یونیورسٹی لائبریری، ص ۹۳) سے معلوم ہوتا ہے کہ آلپ آرسلان محمد (۴۵۵ھ/۱۰۶۳ء-۴۶۵ھ/۱۰۷۳ء) نے ہرات میں اپنے بیٹے شمس الدّولہ طغان شاہ کو والی بنایا تھا، یعنی ۴۵۵ھ کے قریب۔ اسی کتاب میں (ص ۹۳) ہے کہ بعد میں ظہیر الملک ابومنصور سعید بن محمد المؤمّل نیشاپوری کو والیِ ہرات بنایا گیا تھا، جو آلپ آرسلان کی حیات تک رہا؛ پھر ملک شاہ بن آلپ آرسلان کی حکومت (۴۶۵ھ/۱۰۷۳ء-۴۸۵ھ/۱۰۹۳ء) شروع ہوئی تو ایک بار پھر طغان شاہ اس عہدے پر فائز کیا گیا، لیکن کچھ عرصے کے بعد اس سے بغاوت کے آثار ظاہر ہوئے تو اسے قلعۂ اصفہان میں محبوس کر دیا اور اس کی جگہ نظام الملک طوسی کے بیٹے مؤیّد الملک ابوبکر عبداللہ کو والیِ ہرات بنایا گیا، جو اپنے والد کی شہادت (۴۸۵ھ/۱۰۹۳ء) تک وہاں رہا۔ اس شہادت کے دو ماہ بعد جب ملک شاہ کی وفات ہوئی تو ہرات میں افراتفری پھیل گئی۔ ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ ۵۰۹ھ میں طغان شاہ کے ندیم ابومنصور یا یوسف سے نظامی عروضی کی ملاقات ہرات میں ہوئی تھی، یعنی اس منادمت کا زمانہ زیادہ سے زیادہ اگر ۴۰-۵۰ سال قبل بھی فرض کر لیا جائے تو بھی وہ ۴۶۰ھ کے لگ بھگ ہوگا۔ بہرحال اسی زمانے میں ازرقی نے طغان شاہ کی مدح سرائی کی ہوگی:

در سپهرِ حضرت آمد کامجوی و کامران
از شکارِ خسروی آن آفتابِ خسروان
آسمانِ داد و همّت، آفتابِ تاج و تخت
نورِ جانِ میر چُغری شمعِ شاه الپ ارسلان
مفخرِ سلجوقیان، سیفِ امیر المؤمنین
شمسِ دولت، زینِ مِلّت، کَهفِ اُمّتِ شه طغان

(دیوان اَزْرقی، آصفیہ)

آخری شعر میں ''سیف امیر المؤمنین'' بھی خطاب ہے، جو ممکن ہے کہ ممدوح کے اسلاف کی طرح اُسے بھی خلیفۂ بغداد سے حاصل ہوا ہو۔ ایک اَور قصیدے میں یہی ذکر اس طرح ہے:

گوئی که ماه و مشتری از جرمِ آسمان
تحویل کرده اند بباغ خدایگان

شمسِ دول، گزیدۂ ایّام، فخرِ ملک
تیغِ خلیفه سایۂ اسلام شه طغان
(حوالۂ سابق)

ایک اَور قصیدے میں القاب اس طرح آتے ہیں:

ای شکسته تیره شب بر روی روشن مشتری
تیره شب بر روی روشن مشتری در شُشتری
بو الفوارس خسروِ ایران و توران آن کزوست
از عدو ایّامِ خالی از فِتن ملکت بری
شمسِ دولت، زینِ ملّت، کهفِ امّت، شاهِ شرق
مایۂ عدل و ثباتِ ملک و قطبِ مشتری
(دیوان، نسخۂ آصفیه)

ایک قصیدے سے اس زمانے کی تعیین ہوتی ہے:

خوش و نکو زپی هم رسید عید و بهار
بسی نکوتر و خوشتر ز پار و از پیرار
یکی ز جشنِ عجم جشن خسرو افریدون
یکی ز دینِ عرب دینِ احمد مختار
گزیده شمسِ دول، شهریارِ دین و ملل
که دین و دولت ازو گشت جفتِ عزّ و فخار
ابو الفوارس خسرو طغان شه آن مَلِکی
که شاهی از اثرِ جاهِ اوست بر مقدار
(حوالۂ سابق)

چنانچہ وہ وقت جب عیدالفطر اور نوبہار ایک ہی دن ہوے شاید [یکم شوال] ۴۷۳ھ/ ۱۵ مارچ ۱۰۸۱ء ہوگا۔ (ابن الأثیر (۱۰: ۳۴) میں ہے کہ ۴۶۷ھ میں ملک شاہ نے عمر خیام وغیرہ کی کوشش سے ''جلالی'' سنہ قائم کیا تھا اور (۱۵ مارچ) پہلی فروردین سے وہ سنہ شروع ہوا، ورنہ اس سے پہلے باقاعدگی نہیں تھی۔ تاریخ بیہقی سے معلوم ہوتا ہے کہ ۴۲۸ھ میں سلخ جمادی الآخرہ کے بعد (غالباً اپریل ۱۰۳۷ء میں) نوروز ہوا (ص ۵۲۱)۔ ۴۲۹ھ میں سہ شنبہ کو جب جمادی الاولیٰ کے ختم ہونے میں چار دن باقی تھے (یعنی ۱۸ اپریل ۱۰۳۸ء) اس وقت نوروز ہوا (ص ۵۳۴)۔ ۴۳۰ھ میں چہار شنبہ ۸ جمادی الآخرہ/ ۶ مارچ ۱۰۳۹ء کو (ص ۵۶۷) اور ۴۳۱ھ میں پنجشنبہ ۱۸ جمادی الآخرہ/ ۶ مارچ ۱۰۴۰ء کو نوروز ہوا (ص ۶۱۱)۔ ایک اَور قصیدے میں اس زمانے کی زیادہ وضاحت ہے:

چون چترِ روز گوشه فرو زد به کوهسار
برزد سرِ علامتِ عید از شب آشکار
هر کوکبی به تهنیتِ عید بر فلک
در زیورِ شعاع برآمد عروس وار
چون برفراخت عید علامتِ بدستِ شب
نو روز در رسید و عَلَمهای نوبهار
شمسِ دُوَل طغان شهِ زینِ امم کزوست
ایّام شادمانه و افلاک بختیار
(حوالۂ سابق)

اس سال (۴۷۳ھ/ ۱۰۸۱ء) سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ازرقی کا تعلّق طغان شاہ سے بجاے آلپ آرسلان کے ملک شاہ کے عہد میں ہوا ہوگا اور اسی سال کے قرب میں کسی وقت ابو منصور یوسف اس کا ندیم رہا ہوگا، جس سے ازرقی کی ملاقات ۵۰۹ھ میں ہوئی تھی۔ طغان شاہ کی مدح میں متعدّد قصیدے ہیں، جن میں سے ایک کسی باغ اور قصر کی تعمیر کے وقت لکھا تھا، جو اس کے وزیر کے زیرِ اہتمام مکمّل ہوے۔ یہ اس طرح شروع ہوتا ہے:

بفالِ هُمایون و فرخنده اختر
به بختِ موفّی و سعدِ موفّر
(حوالۂ سابق وَلُباب الالباب، ۲: ۸۸ ببعد)

ایک قصیدے میں وہ اسی وزیر اور اس کے علم و فضل کا ذکر کرتا ہے اور ایک عجیب و غریب تشبیہ استعمال کرتا ہے (قب حدائق السحر، طبع عباس اقبال، ص ۱۲۴۲؛ لباب الالباب، ۲: ۸۸):

ز تابِ عنبرِ پُر تاب بر سهیلِ یمن
هزار حلقه شکست آن نگارِ حلقه شکن

پھر گریز میں کہتا ہے:

اگر تو تیرِ جفا را دلم نشانه کنی
بجانِ خواجۂ فاضل نگویمت که مزن
حکیم سیّد ابو القاسم آن که شهر سرخس
ز قدرِ او به فلک سر همی کشد مسکن
(دیوان، آصفیه؛ المعجم، ص ۳۸۲)

اس سرخسی وزیر کے القاب اور پورا نام سیّد الوزراء عماد الملک ابو القاسم احمد بن قوام ہے۔ وہ کہتا ہے:

بمدحِ صاحبِ فرزانه سیّد الوزراء
کجا صحیحِ بزرگیست روزگارِ سقیم
عمادِ ملک ابو القاسم احمد ابن قوام
که قیمتی برِ او حکمت ست و مردِ حکیم
(حوالۂ سابق)

اس کی مدح میں اَور بھی قصیدے ہیں۔ طغان شاہ کی مدح کے قصیدوں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ غزنویوں کی طرح اس کے عَلَم میں بھی ہلال تھا اور شیر کی تصویر تھی:

پلنگ و شیر بجنبند بر هلالِ عَلَم
تن از نسیجِ یمانی و جان ز بادِ شمال
چنان گریزد دشمن که شیرِ رایتِ او
زهیبتِ تو نجنبد مگر بشکلِ شگال
(حوالۂ سابق)

یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اس کے دینار میں خورشید کا نقش تھا:

بَر کانِ زر ز دستِ تو گر صورتی کنند
زر نقشِ مہر گیرد و بیرون جہد ز کان

(حوالۂ سابق)

اوپر مذکور ہوا ہے کہ ہرات میں ظہیر الملک ابو منصور سعید بن محمد بن المؤمّل نیشاپوری بھی آلپ آرسلان کی طرف سے حاکم مقرّر ہوا تھا۔ اس کی مدح میں بھی ازرقی نے یہ قصیدہ لکھا تھا:

بارِ دیگر برستاکِ گلبنِ بی برگ و بار
افسرِ زرّین برآرد ابرِ مروارید بار

(حوالۂ سابق)

لیکن اس کی مدح میں صرف ایک ہی قصیدہ ہے، اس لیے غالبًا اس کے عہد میں (تا وفات آلپ آرسلان) ازرقی کو [ہرات میں رہنے کا] زیادہ موقع نہ مل سکا ہوگا اور اس کے بعد جب ملک شاہ نے اپنے بھائی طغان شاہ کو والیِ ہرات بنایا تو وہ اس سے رجوع ہوا۔ بہرحال، جیسا کہ اوپر ایک قصیدے سے معلوم ہوا، ازرقی ۴۷۳ھ/۱۰۸۱ء تک ضرور زندہ تھا اور ابتدائی کلام کے پیشِ نظر اندازہ ہوتا ہے کہ اس کا زمانۂ شاعری کم و بیش چالیس سال رہا۔

میرزا [محمد] قزوینی نے (حواشی چہار مقالہ، ص ۱۷۷) سندباد نامہ اور الفیہ و شلفیہ کو ازرقی کی تصنیف ماننے سے انکار کیا ہے، کیونکہ اس کے خیال میں وہ دراصل دوسروں کی تصنیف کردہ ہیں اور یہ کہ اگر وہ سندباد نامہ منظوم کرنا بھی چاہتا تو یہ اس کے لیے ایک دشوار کام ثابت ہوتا، جیسا کہ طغان شاہ کی مدح میں وہ خود کہتا ہے:

شہر یار آیندہ اندر مدحتِ فرمانِ تو
گر تواند کرد بنماید زمعنی ساحری
ہر کہ بیند شہر یارا پندھای سندباد
نیک داند کاندرو دشوار باشد شاعری
من معانیہای او را یاورِ دانش کنم
گر کند بخت تو شاہا خاطرم را یاوری

[اس قصّے کو ۷۷۶ھ میں کسی اَور شخص نے نظم کیا تھا، دیکھیے میرزا محمد قزوینی، حوالۂ مذکورۂ بالا]۔

الفیہ و شلفیہ کے متعلّق میرزا [محمد] قزوینی نے لکھا ہے کہ وہ بھی ازرقی کی تصنیف نہیں ہے، یہ اَور بات ہے کہ طغان شاہ کے لیے اس نے اسے اپنے الفاظ میں پیش کیا ہو۔ قزوینی (ص ۱۷۸) نے بیہقی کے حوالے سے لکھا ہے کہ الفیہ کی تصاویر سلطان مسعود بن محمود غزنوی کے لیے ہرات کے ایک قصر میں بنائی گئی تھیں، لیکن ازرقی نے طغان شاہ کے قصر کے سلسلے میں بھی تصاویر و تماثیل کا ذکر کیا ہے (دیکھیے لباب، ۲: ۸۹)۔

ازرقی کے متعلّق کہا جاتا ہے کہ وہ حضرت عبداللہ انصاری ہروی (م ۴۸۱ھ) کا مرید تھا، (آتشکدہ، بمبئی ۱۲۹۹ھ، ص ۱۴۸؛ مجمع الفصحاء، ۱: ۱۳۹)۔

مآخذ: (۱) ازرقی: دیوان، کتاب خانۂ آصفیہ، حیدرآباد دکن، مخطوطہ ۹۴۳؛ (۲) احمد بن محمد بن احمد کلاتی: مونس الاحرار، نسخۂ حبیب گنج؛ (۳) روضات الجنّات فی اوصاف مدینۃ ھرات، از معین الذّمجی الاسفزاری، پنجاب یونیورسٹی لائبریری؛ (۴) نظامی عروضی: چہار مقالہ، طبع قزوینی، لائڈن ۱۳۲۷ھ؛ (۵) وہی کتاب، طبع ڈاکٹر محمد معین، تہران ۱۳۳۱ھ ش؛ (۶) تاریخ بیہقی، تہران ۱۳۲۴ھ ش؛ (۷) ظہیر الدین نیشاپوری: سلجوق نامہ، تہران ۱۳۳۲ھ ش؛ (۸) غلام مصطفٰی خان: تاریخ بہرام شاہ غزنوی، لاہور ۱۹۵۵ء؛ (۹) ڈاکٹر مہدی بیانی: تاریخ افضل، تہران ۱۳۲۶ھ ش؛ (۱۰) مجمع الفصحاء، تہران ۱۲۸۵ھ؛ (۱۱) الرّاوندی: راحۃ الصّدور، طبع محمد اقبال، لنڈن ۱۹۲۱ء؛ (۱۲) ابن الاثیر، مطبوعۂ لائڈن؛ (۱۳) لطف علی آذر: آتشکدہ، بمبئی ۱۲۹۹ھ؛ (۱۴) اخبار الدولۃ السلجوقیۃ، لاہور ۱۹۳۳ء؛ (۱۵) محمد عوفی: لُباب الالباب، لائڈن ۱۹۰۳ء، ۲: ۸۶؛ (۱۶) وَطْواط: حدائق السحر، تہران، طبع عبّاس اقبال؛ (۱۷) قیس رازی: المعجم، لنڈن ۱۹۰۹ء، طبع وقفیۂ گِب؛ (۱۸) دولت شاہ: تذکرہ، طبع براؤن، ص ۷۳ و مواضع دیگر بہ امداد اشاریہ۔

(غلام مصطفٰی خان)

---

* **اَزَل:** رکّ بہ اَبَد۔

---

* **اَزْلَجو:** رکّ بہ مادّۂ [فن کوزہ گری و] خزف، در آ، لائڈن، طبع دوم۔

---

* **اَزْلی:** بابی [رکّ بآن] مذہب کے ان پیروؤں کا نام جنھوں نے باب کی وفات کے بعد مرزا یحیٰی معروف بہ صبحِ ازل [رکّ بآن] کا اتباع کیا۔

---

* **اَزَلے:** (Azalay، موجودہ املا: Azalai) ایک اصطلاح، جو کئی ہزار اونٹوں (یا زیادہ صحیح طور پر سانڈنیوں) پر مشتمل اُن کاروانوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو موسمِ بہار اور خزاں میں جنوبی صحرا کے ذخائر سے نمک لادکر ساحل (Sahel) اور سُودان کے استوائی علاقوں کی طرف لے جاتے ہیں۔ یہ نمک — اگر البَکْری (ترجمۂ دیسلان de Slane، طبع ثانی، ص ۳۲۷) کے بیان پر یقین کرلیا جائے — حبشی لوگ ہم وزن سونے کے بدلے میں لیا کرتے تھے، لیکن اب اس کے بدلے میں کھانے پینے کی چیزیں، یعنی چاول، باجرا، شکر اور چاے وغیرہ لی جاتی ہے۔ مغرب کی طرف اِجل کے نمک کو، جو شاید چھٹی صدی عیسوی سے معروف تھا (Ravenna کی غیر موسوم کتاب)، چِنگُویتی (Ching-uiti) کے کُونتہ (Counta) کے آزاد کردہ غلام (مُور) اکٹھا کر کے لاتے ہیں اور یہی مور اس نمک کو مغربی سُودان کی منڈیوں میں لے جاتے ہیں۔ تَوَدِنّی (Taou-denni) کے ذخائرِ نمک نے تغازہ (Teghaza) کے ان ذخائر کی جگہ لے لی ہے جو مَلّی اور گاؤ کے بادشاہوں (چودھویں صدی اور پندرھویں صدی) کی دولت و ثروت کا ایک ذریعہ تھے۔ تَوَدِنّی کے ذخائر میں ۱۵۸۵ء سے کام ہو رہا ہے۔ یہ

نمک وہاں مستقل بسے ہوے کان کن جمع کرتے ہیں اور کونتہ قبائل کے لوگ اور کچھ طوارق (Tuareg) کے آدمی اسے چھوٹے چھوٹے کاروانوں کے ذریعے ٹمبکٹو لے جاتے ہیں۔ وہاں سے یہ نمک سارے مرکزی سُودان اور بالائی وولٹہ (Volta) میں تقسیم ہوتا ہے۔ مشرق میں بِلْمہ (Bilma)، سگویدائن (Seguedine) اور فَچی (Fachi) کی معادنِ نمک میں کنوری (Kanoury) لوگ کام کرتے ہیں۔ اس نمک کو ایر (Aïr) اور دمرگو (Damergou) کے طوارق ازلے بنا کر مختلف اطراف میں لے جاتے ہیں اور وہ نائیجیریا اور نائیجر کی نوآبادی میں فروخت ہوتا ہے۔ بورکو (Borku فیہ Faya) اور اِنِدی (Ennedi) کا نمک فرانسیسی استوائی افریقہ کے میدانوں میں بسنے والے حبشیوں کو مہیّا کیا جاتا ہے۔ اَمَدْرُور (Amadror) کا نمک، جو تمنرسّت (Tamanrasset) کے شمال میں واقع ہے، اسے کِل اَہَگَّر (Kel Ahaggar) اور کِل اجر (Kel Ajjer) کے لوگ اکٹھا کر کے دوسرے مقامات کو لے جاتے ہیں۔

بڑے بڑے کاروانوں کی اقسام میں سے ازلے ہی ایک ایسی قسم ہے جو باقی رہ گئی ہے۔ جنوبی صحرا کے خانہ بدوش لوگوں کے لیے نمک کی یہ تجارت ہمیشہ سے دولت کا ذریعہ رہی ہے اور باوجود یورپ سے آنے والے نمک اور کاؤلک (Kaolak) کے سمندری نمک کے ذخیروں سے مقابلے کے ابھی تک جاری ہے۔

مآخذ: Capot-Rey: *Le Sahara français*، پیرس، طبع ثانی، ۱۹۵۹ء (مع مآخذ).

(J. DESPOIS)

✱ **اَزَمُّور:** [آزمور] (فرانسیسی: Azemmour، ہسپانوی اور پرتگیزی: Azamor)، ایک شہر، جو مرّاکش کے اوقیانوسی ساحل پر کاسابلانکا (Casablanca) کے جنوب مغرب میں ۷۵ کیلومیٹر اور مَزَگن (Mazagan) کے شمال مشرق میں ۱۰ کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور وادی اُمّ الرّبیعہ (Oum er Rabi'a) کے بائیں کنارے پر اور اس کے دہانے سے ۳ کیلومیٹر دور ہے۔ ۱۹۵۳ء میں اس کی آبادی پندرہ ہزار کے لگ بھگ تھی، جس میں غالب اکثریت مسلمانوں کی ہے۔ ان کے علاوہ ایک قلیل تعداد میں یہودی (مَلّاح) اور بہت تھوڑے سے یورپی بھی آباد ہیں۔ شہر کا یہ نام بربری زبان کے لفظ ازَمُّور (خود رو زیتون) سے ماخوذ ہے۔ یہ شہر شَذ (shad) مچھلی کے شکار کی وجہ سے بہت شہرت رکھتا ہے اور یہی اس شہر کی آبادی کا بڑا اور اہمّ ذریعۂ معاش ہے۔ یہ شکار ہر سال دسمبر سے لے کر مارچ تک کیا جاتا ہے۔ اس شہر کا مربّی ولی ایک سیّد مولاے بُوشُعَیب (مولاے ابو شُعَیب) ہے، جو مومن خاندان کے عہد میں گزرا ہے۔

اَزَمُّور کی اس وقت تک کی تاریخ تاریکی میں ہے جب تک کہ اسے ہسپانویوں اور پرتگیزوں سے واسطہ نہ پڑا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہسپانویوں نے کسی نامعلوم اور غیر معیّن تاریخ سے لے کر ۱۴۸۰ء تک، جب کہ طلیطلہ (Toledo) کے مقام پر ہسپانیہ اور پرتگال کے معاہدۂ Alcàçovas کی توثیق ہوئی، زیرین اندلس کے بحری ساحل سے چل کر اس شہر پر متعدّد بار چڑھائی کی۔ اس معاہدے کی رُو سے ہسپانیہ نے مراکش کا اوقیانوسی ساحل پُرتگال کے لیے چھوڑ دیا۔ ۱۴۸۶ء میں یہ شہر پُرتگال کے بادشاہ جان دوم (۱۴۸۱ - ۱۴۹۵ء) کے زیر سیادت تھا۔ بیس سال کے بعد، بلاشُبہہ مقامی سرداروں کی بنائی ہوئی ایک جماعت کی انگیخت پر، پرتگیزوں نے اس شہر کو موءثّر طریق سے اپنے قبضے میں لانا چاہا اور اگست ۱۵۰۸ء میں مینوئل (Manuel the Fortunate) کے عہد (۱۴۹۵-۱۵۲۱ء) میں انھوں نے اپنے اس ارادے کی تکمیل کی کوشش کی، جو ناکام رہی۔ ستمبر ۱۵۱۳ء کے آغاز میں ڈیوک آف بَرَگَنزا (Braganza) کے زیرِ کمان انھوں نے پھر کوشش کی اور اب کے ان کی کوشش پوری طرح کامیاب ہوگئی۔ پرتگیزوں نے مراکش کے دوسرے مقامات کی طرح، جو اُن کے قبضے میں تھے، ازمّور میں بھی بڑے مضبوط قلعے تعمیر کیے، جو تمام و کمال اب تک موجود ہیں۔ جب مارچ ۱۵۴۱ء میں سانتا کروز کبوڈی گوئے (Santa Cruz del Cabo dè Gué) اغادیر (Agadir) کے سقوط کی وجہ سے پرتگیزوں کے قدم جنوبی مراکش میں متزلزل ہوگئے (دیکھیے مادّۂ اغادیر) تو شاہ جان سوم (۱۵۲۱-۱۵۲۷ء) نے فیصلہ کیا کہ اپنی جملہ افواج کو مَزَگن (Mazagan) کے مقام پر مجتمع کر لے؛ چنانچہ اکتوبر ۱۵۴۱ء کے اواخر میں جب سَفی (Safi) (دیکھیے مادّۂ اَصْفی) کو خالی کیا گیا تو اسی زمانے میں ازمور سے بھی فوجیں ہٹالی گئیں۔ اس طرح ازمور جہاد کا ایک مرکز بن گیا اور ۱۷۶۹ء تک مزگن کے خلاف برابر برسرِ پیکار رہا، یہاں تک کہ پرتگیزی آخر الذّکر مقام کو بھی چھوڑ کر چلے گئے۔ فرانس کی فوجوں نے ازمور پر پہلے ۱۹۰۸ء میں قبضہ جمایا اور ۱۹۱۲ء میں اسے فرانس کی زیرِ حمایت ریاست (Protectorate) میں شامل کر لیا گیا۔

ازمور غالبًا اس مراکشی حبشی استہ بینیکو ڈی ازمور (Estebanico de Azamor) کا وطن تھا جو برّاعظم امریکہ کے حالات کی تحقیق کی تاریخ میں بہت مشہور ہے اور جس نے ۱۵۲۸ء اور ۱۵۳۶ء کے درمیان ہسپانوی کَبیزہ ڈی واکہ (Cabeza de Vaca) کی عظیم نقلِ مکانی میں حصّہ لیا، جو موجودہ ریاست ہاے متّحدۂ امریکہ کے جنوبی حصّے کے ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک کی گئی تھی۔

مآخذ: (۱) دیکھیے فہرست کتب، جو مادّۂ ''اَصْفی'' کے نیچے دی گئی ہے، بالخصوص *Sources inédites, etc*؛ اور (۲) Ricard: *Études, etc*؛ ان کے علاوہ: (۳) *Villes et tribus du Maroc*، ج ۱۱؛ (۴) *Région des Doukkala*، ج ۲؛ (۵) *Azemmour et sa banlieu*، پیرس ۱۹۳۲ء (تاریخی حصّہ کچھ غیر یقینی ہے) اور (۶) Ch. Le Coeur: *Le rite et l'outil*، پیرس ۱۹۳۹ء.

(R. RICARD)

✱ **اِزمیِد:** (قدیم تر صورتیں: اِزْنِکْمِید، اِزْنِقْمِید: ابن خُرّدَاذبہ اور الِاْدرِیسی کے

ہاں نِقُومِیدِیّہ؛ [ترکی کتابوں میں اِزْنقمید، جسے مخفّف کر کے ازمید بنالیا گیا اور] آج کل اسے سرکاری کاغذات میں اِزْمیت لکھا جاتا ہے)؛ اسے قدیم زمانے میں نِقومیدیا (Nicomedia) کہتے تھے؛ اِزْمید کی مستقل لِوَاء (مُتَصَرِّ فلق) کا دارالحکومت (قبّ قوجہ ایلی)، [جواب ولایت قوجہ ایلی کا صدر مقام ہے]۔ اس شہر کو سلجوقیوں نے اپنے ایشیاے کوچک پر حملے کے دوران میں گیارھویں صدی کے اختتام پر فتح کیا۔ یہ شہر سلیمان بن قُتُلمِش (۴۷۰-۴۷۹ھ/ ۱۰۷۸-۱۰۸۵ء [کذا، ۱۰۸۶ء]) کی مملکت میں شامل رہا، جس نے نیقیہ (Nicaea) کو اپنا دارالسلطنت بنالیا تھا۔ سلیمان کی وفات کے تھوڑی ہی مدّت بعد Alexius I Comnenus نے اُسے دوبارہ فتح کرلیا (Anna Comnena، طبع Reifferscheidt، ۱: ۲۱۲، قبّ ص ۲۴۷ و ۲: ۲۷۲)۔ اگر اُس قلیل مدّت (۱۲۰۴-۱۲۰۷ء) سے، جس کے اندر اس پر قسطنطینیہ کے لاطینی شہنشاہوں کا قبضہ رہا، قطع نظر کرلی جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ یہ شہر برابر بوزنطیوں کے قبضے میں رہا تا آنکہ اسے اورخان کی سرکردگی میں عثمانلی ترکوں نے، ترکی مآخذ کے بیان کے مطابق، ۷۲۷ھ/ (۱۳۲۵-۱۳۲۶ء [کذا، ۱۳۲۶-۱۳۲۷ء]) میں یا ۷۲۶ھ/ ۱۳۲۶-۱۳۲۷ء [کذا، ۱۳۲۵-۱۳۲۶ء] یا ۷۳۱ھ/ ۱۳۳۰-۱۳۳۱ء [کذا، ۱۳۳۰-۱۳۳۱ء] میں تسخیر کیا اور بوزنطی مآخذ کے بیان کے مطابق ۱۳۳۸ء میں، قبّ: v. Hammer: *Gesch. des Osm. Reiches*، ۱: ۸۵ و ۵۸۰؛ (ترکی فتح کے متعلّق افسانوں کے لیے دیکھیے Leunclavius: *Hist*، ص ۱۸۶-۱۹۰؛ سعدالدین، ۱: ۳۴-۳۷؛ Christo Papadopulos، ص ۶۵ بعد)۔ ۱۳۹۹ء میں مارشل Boucicaut کو اس شہر کی مضبوط دیواروں سے پیچھے ہٹنا پڑا (J. Delaville Le Roulx: *La France en Orient au XIVe Siècle*، ص ۳۷۱)۔ ۱۴۰۲ء میں تیموری فوج کے ایک دستے نے اسے تاخت وتاراج کیا (Ducas، مطبوعۂ بون، ص ۷۲)۔ ترکوں کے عہد میں اِزْمید کو بحری اسلحہ خانے کے طور پر اور چھوٹے تجارتی جہازوں کے بنانے کی وجہ سے خاص اہمیّت حاصل ہوگئی۔ ان جہازوں کی ساخت کے لیے لکڑی آس پاس کے گھنے جنگلوں سے دستیاب ہوتی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ اس اسلحہ خانے کی بنیاد کوپرولو خاندان نے رکھی تھی۔ اسے گزشتہ صدی کے وسط سے یہاں سے ہٹا لیا گیا تھا، لیکن بعدازاں انگریز انجینیروں کی نگرانی میں اس کی دوبارہ تعمیر شروع ہونے کو تھی۔ یہاں کی آبادی [۱۹۵۰ء میں ۵۵۶۴۳ تھی] جس میں اکثریت مسلمانوں کی ہے۔ غیر مسلم عنصر میں ایک طاقت ور ازمن برادری شامل ہے (یہ لوگ سترھویں صدی کی ابتدا میں ایران سے ہجرت کر کے یہاں آ گئے تھے)۔ اس کے علاوہ چند سو یونانی اور ایک چھوٹی سی آبادی یہودیوں کی بھی ہے۔ ۱۸۷۳ء سے اِزْمید کو بذریعۂ ریل قسطنطینیہ سے ملا دیا گیا ہے (اس لائن کا آخری سٹیشن حیدر پاشا ہے؛ مسافت ۷۰ میل) اور ۱۸۹۲ء سے اَنْقَرہ، [نیز قونیہ اور ازمیر] سے بھی۔ قدیم اور وسطی زمانوں کی عمارتوں کے جو ویرانے یہاں موجود ہیں وہ کچھ اہمیّت نہیں رکھتے؛ بوزنطی عہد کے پہاڑی مورچے بہتر حالت میں ہیں، جنھیں Busbecq اور Belon نے سولھویں صدی تک ان کی اصلی صورت میں دیکھا تھا۔ ترکی عمارتوں میں سے قابلِ ذکر یہ ہیں: سلطان اورخان کا قائم کیا ہوا مدرسہ، جو شہر کے بالائی حصّے میں ہے (یہ دراصل گرجا تھا جسے عبدالمجید نے ازسرِ نو مرمّت کرادیا تھا)؛ پرتو پاشا، محمد بیگ اور عبدالسّلام بیگ کی مسجدیں، جنھیں سنان نامی مہندس نے تعمیر کیا؛ اس کے علاوہ رستم پاشا کے حمام اور پرتو پاشا کی خان (کاروانسراے) بھی ہیں؛ عیش باغ (سرای باغچہ سی)، مع اس کی تفریح گاہ کے، جسے [سلطان] مراد رابع نے تعمیر کیا تھا، مگر اب ناپید ہے؛ ایسا ہی ایک باغ محمود ثانی نے بنایا تھا اور عبدالعزیز نے اس کی تجدید و ترمیم کی تھی۔ یونانی گرجاؤں میں سے قدیم ترین گرجا سینٹ پینٹیلیمون (St. Panteleïmon) کا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ یہیں اس قدّیس کی قبر بھی ہے جسے اس شہر کا محافظ ولی مانا گیا ہے؛ مراد رابع کے عہد میں یہ گرجا تباہ کردیا گیا تھا، مگر ۱۷۰۰ء میں دوبارہ تعمیر ہوا اور ۱۸۶۱ء میں اس کی پھر سے مرمّت کی گئی۔ اِزْمید کے قرب وجوار میں چیچک میدانی (Champ des Fleurs) واقع ہے، جہاں ٹرانسلوانیا (Transylvania) کے شہزادے Emerich Thökely نے جلاوطنی اختیار کر کے اپنی عمر کے آخری ایّام گزارے تھے اور ۱۳ ستمبر ۱۷۰۵ء کو وفات پائی تھی (De la Motraye: *Voyages*، ۱: ۳۰۹؛ Paul Lucas: *Voy. dans la Grèce, l'Asie Min.*, etc.، ایمسٹرڈم ۱۷۱۴ء، ۱: ۴۹)؛ اس کی لاش، جوارمنی قبرستان میں دفن کردی گئی تھی، ۱۹۰۶ء میں لوحِ مزار سمیت ہنگری لائی گئی (قبّ ہامر von Hammer: *Umblick*، ص ۱۹۲)۔

[پہلی جنگِ عظیم کے بعد ۶ جولائی ۱۹۲۰ء کو اس شہر پر انگریزی اور یونانی افواج کا قبضہ ہوگیا، لیکن ۲۷ جون ۱۹۲۱ء کو ترکوں نے اسے واپس لے لیا۔ اگرچہ اِزْمید کی بعض پرانی صنعتیں، جو قرونِ وسطٰی تک باقی رہیں، اب غائب ہوچکی ہیں، تاہم ۱۹۳۴ء سے یہاں کاغذ سازی کے کئی کارخانے قائم ہوگئے ہیں اور اس کے ساتھ ہی یہ شہر بعض کیمیاوی اشیا، مثلاً کلوریم (chlorium)، گندھک کے تیزاب (sulphuric acid) وغیرہ کی تیاری کا مرکز بن گیا ہے، جس سے اس کی اقتصادی حالت بہت بہتر ہوگئی ہے اور آبادی میں بھی برابر اضافہ ہو رہا ہے؛ چنانچہ آبادی جو ۱۹۲۷ء میں صرف ۱۵۲۰۰ تھی، ۱۹۵۰ء میں بڑھ کر ۳۵۰۰۰ سے زائد ہوگئی۔ قُوجہ ایلی کی پوری ولایت کی آبادی اسی سال کی مردم شماری کی رُو سے ۴۴۳۰۰۰ تھی اور اس میں یہ قضائیں شامل تھیں: ازمیت، آطہ پازاری، آق یازی، گبزہ، گیوہ، گولچک (دگرمن درہ)، خندق، قرہ مُرسَل اور قرہ صُو]۔

مآخذ: (۱) Tomaschek: *Zur histor. Topographie von Kleinasien*، ص ۷؛ (۲) Tavernier: *Les six Voyages*، ۱: ۵-۶؛ (۳) Grelot: *Rel. nouvelle d'un Voyages à Constantinople* (پیرس ۱۶۸۱ء)، ص ۴۸-۵۲؛ (۴) اولیا: *Travels*، ۲: ۳۱۲ بعد (طبع ترکی [سیاحت

نامہ]۲: ۶۳-۶۵)؛ (۵) کاتب چلبی: جہان نُما، ص ۶۶۲؛ (۶) De la Motraye: Voyages، ۱: ۲۸۸ بعد؛ (۷) R. Pococke: *Descr. of the East*، ۲: ۲، ۹۶ بعد؛ (۸) ہامر (v. Hammer): *Umblick auf einer Reise von Constantinopel nach Brussa*، پیسٹ (Pest) ۱۸۱۸ء، ص ۱۴۲-۱۴۷؛ (۹) Texier: *Descr. de l'Asie Mineure*، ۱: ۱۷-۲۸؛ (۱۰) *Ausland*، ۱۸۵۷ء، ص ۲۵۵-۲۵۶؛ (۱۱) v. d. Goltz: *Anatolische Ausflüge*، ص ۷۷-۸۱؛ (۱۲) Cuinet: *La Turquie d'Asie*، ۴: ۳۵۶ بعد؛ (۱۳) Christo Papadopulos: *Biuvixá*، (قسطنطینیہ ۱۸۶۷ء)، ص ۵۹-۷۷؛ (۱۴) P. B. Pogodin و O. F. Wulff: *Nikomedia*، در *Nachrichten des Russ. Arch. Inst. in Konstantinopel* (اوڈیسا Odessa ۱۸۹۷ء)، ۲: ۷۷-۱۸۴ (روسی زبان میں)؛ [(۱۴) آ ت، بذیل مادّہ؛ (۱۵) سامی بک: قاموس الاعلام، بذیلِ مادّہ].

(J. H. MORDTMANN)

* **اِزْمیر**: (سمرنا Smyrna) ترکی ایشیا کا مشہور ترین تجارتی شہر اور صوبۂ آیدین کے والی کا صدر مقام — [جمہوریہ کے قیام کے بعد سے ازمیر کی ایک مستقل ولایت بنا دی گئی ہے — اس میں یہ سترہ قضائیں ہیں: ازمیر، بایندر، بِرمگہ، چشمہ، دِکیلی، فوچہ، قرہ بورون، کمال پاشا (یاینیف)، قِنِق، قوش آطہ سی، کِراز، (کِلِس) ہِمنِمن، اودہ مِش، سفری حصار، تیرہ، توربہ لی اور اورلہ۔] نام کی شکل اِزْمیر (ابن بطّوطہ: یَزْمیر) اس شکل کے مطابق ہے جو مغرب کے لوگ قرونِ وسطی میں استعمال کرتے تھے، یعنی سمیرہ (Smire)، زْمِرّہ (Zmirra) وغیرہ (Tomaschek، ص ۲۸؛ Ram Muntaner (تقریبًا ۱۲۰۲ء) میں Esmira؛ Schiltberger کے ہاں Ismira)۔ جب سلجوقیوں نے گیارھویں صدی کے آخر میں ایشیاے کوچک پر یورش کی تو ایک ترک سردار تکش (Tzachăs) (صرف Anna Comnena میں Τζαχᾶς) نے، جو قلیچ آرسلان اوّل کا خُسر تھا اور نیقیہ (Nicaea) میں رہتا تھا، سمرنا پر اپنا تسلّط قائم کر لیا اور وہاں سے مجمع الجزائر کے جزیروں اور درۂ دانیال (Hellespont) کو فتح کرنے کی غرض سے حملے شروع کر دیے۔ جب سلجوق نیقیہ سے نکالے گئے (جون ۱۰۹۷ء) تو سمرنا دوبارہ بوزنطی حکومت کے قبضے میں آ گیا اور نیقیہ کے شاہنشاہ جون وتاسز ڈوکاس (John Vatatzes Dukas) (۱۲۲۲-۱۲۵۵ء) نے Pagus کی پہاڑی [تلّ باغوش] پر مورچہ بندی کا ایک بڑا سلسلہ قائم کیا (*Corp. Inscr. Graec.*، شمارہ ۸۷۴۹)۔ اس پہاڑی پر سے شہر بالکل سامنے نظر آتا ہے۔ قونیہ کی سلجوقی سلطنت کے زوال کے بعد شہر اِفسوس (Ephesus) کے امیر آیدین نے ۱۳۲۰ء میں شہر پر قبضہ کر لیا اور شہر سے تکش کے عہد کی طرح ایک بار پھر مجمع الجزائر کے جزیروں اور فرنگیوں کے تجارتی جہازوں پر تاخت شروع ہو گئی۔ اسے بند کرنے کے لیے تمام آفت رسیدہ بحری طاقتیں پاپاے روم کی سرپرستی میں متحد ہو گئیں اور انھوں نے ۲۸ اکتوبر ۱۳۴۴ء کو سمرنا پر بزورِ شمشیر قبضہ کر لیا (Heyd: *Histoire du Commerce du Levant*، ۱: ۵۳۸)۔ روڈس (Rhodes) کے شہ سواروں (Knights) نے، جنھیں شہر کی حفاظت سپرد کی گئی تھی، بندرگاہ پر سینٹ پیٹر (St. Peter) نامی قلعہ تعمیر کیا، جہاں بعد میں وہ محصول خانہ بنا جو آج سے تقریبًا پچاس سال پہلے تک موجود تھا۔ دوسری جانب شہر کا قلعہ آیدین اوغلو کے ہاتھ ہی میں رہا۔ بایزید اوّل نے انھیں وہاں سے بے دخل کر کے ایک صُوباشی (حاکم شہر) مقرّر کر دیا۔ جنوری ۱۴۰۳ء تک یہی حالت رہی، یہاں تک کہ تیمور نے فرنگیوں کے قلعے پر دھاوا کر کے انھیں سمرنا سے نکال دیا (شرف الدین: ظفر نامہ، ۲: ۴۶۴-۴۷۷؛ Dukas، ص ۷۲ بعد؛ Chalkokondylas، ص ۱۶۱؛ قبّ ہامر (von Hammer): *Gesch. d. osm. Reiches*، ۱: ۲: ۳۳۲ بعد و ۴۲۶ بعد)۔ ایشیاے کوچک سے تیمور کی واپسی پر قسمت آزما سردار جُنَید [رکّ بآن] نے شہر پر قبضہ کر لیا، مگر تقریبًا ۱۴۲۵ء میں اسے شکست ہوئی اور یہ شہر قطعی طور پر حکومت عثمانیہ کے زیرِ نگیں آ گیا.

اس شہر کی بعد کی تاریخ کوئی عام دلچسپی نہیں رکھتی۔ ۱۳ ستمبر ۱۴۷۲ء کو وینس کے بحری بیڑے نے پیترو مسنیجو (Pietro Mocenigo) کی سرکردگی میں سمرنا پر حملہ کر کے اسے لوٹا اور آگ لگا دی (Hopf: *Chroniques Gréco-Romanes*، ص ۲۰۷؛ Cippico: *Delle Guerre de' Veneziani nell' Asia*، ص xxvi بعد؛ Zinkeisen: *Gesch. d. Osm. Reiches*، ۲: ۴۰۵)۔ اس کے بعد یورپی بحری طاقتوں کی ترکوں سے جو بحری جنگیں ہوئیں ان میں یورپی باشندوں کی کثرتِ تعداد کو مدّنظر رکھتے ہوئے یورپی طاقتوں کو اس شہر پر حملہ کرنے سے کئی بار احتراز کرنا پڑا، مثلًا جب ساقز (Chios) کے سقوط کے بعد ترکی بحری بیڑہ خلیج سمرنا میں پیچھے ہٹ آیا تو وینس والوں نے ۱۶۹۴ء کے موسمِ خزاں میں سمرنا پر حملہ کرنے سے ہاتھ روک لیا (Kantemir: *Gesch. des Osman. Reiches*، ص ۶۴۹؛ Zinkeisen: وہی کتاب، ۵: ۱۷۵) اور ۱۷۷۰ء میں جب روسیوں نے چِشمہ (Ćeshme) کے پاس ترکی بیڑے کو تباہ کیا (Ypsillanti: Τά μετὰ τὴν ἅλωσιν ص ۴۶۶؛ بعد؛ قبّ ہامر (v. Hammer): *Gesch. d. Osman. Reiches*، ۸: ۳۵۸) تو انھوں نے بھی یہی کیا۔ سمندر کی جانب سے اس قسم کے حملوں کی روک تھام کے لیے باب عالی نے وینس سے لڑائی کے دوران میں درۂ دانیال کی جنگ (۲۶ جون ۱۶۵۶ء) کے بعد آبناے کے تنگ ترین حصّے میں راس سنجق بورنُو پر دفاعی استحکامات تعمیر کیے، جنھیں سنجق قلعہ سی (سلامی لینے والا قلعہ) یا یَنی [یِنی] قلعہ کہا جاتا تھا۔ یہ استحکامات ۱۰ جولائی ۱۶۸۸ء کے زلزلے میں بالکل تباہ ہو گئے اور پھر انھیں کچھ نامکمل طور پر دوبارہ تعمیر کیا گیا۔ زمانۂ حال میں یہاں دوبارہ توپیں نصب کی گئیں اور بحری سرنگیں بچھا کر ناکہ بندی کر دی گئی.

خشکی کی طرف سے جلالی اور رَعیا کے سرکش قبائل نے سمرنا کو کئی بار لوٹا۔ یہ

لوگ سترھویں صدی کی ابتدا سے اَناطولیہ کے لیے وبالِ جان بنے ہوئے تھے، مثلاً ۱۶۰۰ء میں قلندر اوغلو اور قرہ سعید کی فوجوں نے لوٹ مار مچائی (Sandys: *Travailes*، طبع ششم، لنڈن ۱۶۵۸ء، ص ۱۲؛ قبّ ہامر (v. Hammer): وہی کتاب، ۴: ۳۹۸)، ۱۶۲۵ء میں قَرَشی کے چِنّت اوغلو نے (Roe: *Negotiations*، ص ۴۱۰؛ Zinkeisén: وہی کتاب، ۴: ۵۵ ببعد) اور ۱۷۳۶ء میں خُوناس کے صاری بک اوغلو نے (Pococke، ج ۲، حصّہ ۲: ص ۳۸؛ Ipsilanti: وہی کتاب، ص ۴۳۴)۔ بلادِ بربر کے بحری قزّاقوں کی بار بار آمد و رفت سے بھی لوگ اسی طرح خائف رہتے تھے، کیونکہ جب تک فرانسیسیوں نے الجزائر فتح نہیں کر لیا بابِ عالی کی طرف سے ان بحری قزّاقوں کو اجازت تھی کہ وہ اپنے جہاز ران سمرنا اور اس کے آس پاس کے علاقوں سے بھرتی کر لیا کریں [؟] (Dumont: *Voyages*، ۱۶۹۹ء، ۴: ۱۰۶ ببعد؛ Tournefort، ۲: ۱۹۸؛ جودِت: تاریخ، ۴: ۲۳ و ۷: ۱۸۳ و ۱۰: ۲۳۳)۔ سترھویں صدی عیسوی میں سمرنا کی یہودی آبادی میں سے ایک مسیحی ملحد سابا تائی صبی (Sabbatai Sebi) اٹھا، جس نے دونمہ (Dönme) [رکّ بآن] (باطنی مسلمان یہودی) فرقے کی بنا ڈالی۔ اس کے پیرووں میں سے کچھ لوگ اب بھی پائے جاتے ہیں (قبّ سمرنا کے انگریزی قنصل Rycaut کا معاصر بیان، جو Knolles کی *History of the Turks* کے ملحقات، ۲: ۱۷۴ ببعد، میں درج ہے)۔

اس شہر میں دو بار زلزلہ آیا اور دونوں مرتبہ یہ شہر تقریباً بالکل تباہ ہو گیا۔ پہلے زلزلے میں، جو ۱۰ جولائی ۱۶۸۸ء / ۱۲ رمضان ۱۰۹۹ھ کو آیا، سنجق قلعہ سی سمندر کی لہروں میں غرق ہو گیا، زیادہ تر عمارتیں گر گئیں اور ہزاروں لوگ، کم از کم پانچ ہزار نفوس، شکستہ عمارتوں میں دب کر فنا ہو گئے (راشد: تاریخ، ۱: ۱۴۷ الف؛ Rycaut: *Turkish History*، ص ۳۰۱ ببعد؛ Carayon: *Relations inédites des Missions de la Compagnie de Jésus*، ص ۲۹۱ ببعد؛ Pacificus Smit: *Vier jaren in Turkije*، ص ۱۷۸ ببعد، ۲۴۶ ببعد؛ De La Motraye: *Voyages*، ۱: ۱۸۲ ببعد؛ Slaars، ص ۷۶، ۱۲۸)۔ دوسرا زلزلہ ۳ اور ۵ جولائی ۱۷۷۸ء کو آیا۔ اس میں بھی، خصوصاً گرتی ہوئی عمارتوں میں آگ لگ جانے کی وجہ سے، اسی قدر نقصان ہوا (Björnstahl: *Briefe*، ۴: ۱۳۱-۱۴۷؛ Slaars، ص ۱۳۲ ببعد)۔ اس کے علاوہ وہ بلوہ بھی کچھ کم خطرناک نہ تھا جو ۱۴ مارچ ۱۷۹۷ء کو سیفالونیا کے باشندوں (Cephaloniots) اور کروٹ (Croats کروات) کے درمیان جھگڑا ہو جانے کی وجہ سے برپا ہوا؛ چنانچہ شہر میں آگ لگ گئی اور بہت سے لوگ مارے گئے (جودِت: وہی کتاب، ۶: ۲۲۰؛ Zinkeisen: وہی کتاب، ۷: ۱۳۰ ببعد)۔ بابِ عالی اور مصر کے درمیان جنگ (۱۹ فروری ۱۸۳۳ء) کے دوران میں ابراہیم پاشا جب ترکوں کو قونیہ پر ۲۱ دسمبر ۱۸۳۲ء کو شکست دے کر کوتاہیہ کی طرف بڑھا تو اس کے گماشتوں نے محمد علی [خدیو مصر] کی طرف سے سمرنا پر قبضہ کر لیا، لیکن چند ہفتوں بعد وہ اسے چھوڑ کر چلے گئے (Rosen: *Gesch. der Türkei*، ۱: ۱۷۱)۔ [پہلی جنگِ عظیم کے بعد کچھ عرصے تک ازمیر پر یونانیوں کا قبضہ رہا، لیکن ستمبر ۱۹۲۲ء میں غازی مصطفٰی کمال پاشا نے انھیں وہاں سے نکال کر اسے دوبارہ ترکی مملکت میں شامل کر لیا]۔

سمرنا میں تاریخی یادگاریں بہت ہی کم ہیں؛ آثار قدیمہ میں سے کوئی قابل ذکر چیز باقی نہیں رہی۔ وہ ایمفی تھیٹر (amphitheatre) اور سرکس (circus)، جس میں سمرنا کا مُربّی قِدّیس پولی کارپ (Polycarp) مارا گیا تھا، دونوں سترھویں صدی میں تباہ کر دیے گئے اور ان کا مال مسالہ بِزِستان [یعنی مسقّف نخّاس] اور وزیر خان (دیکھیے بیانِ ذیل) کی تعمیر میں لگا دیا گیا۔ پولی کارپ کی مزعومہ قبر کو، جو سرکس کے قریب تھی، اٹھارھویں صدی کی ابتدا میں بدل کر ایک مسلمان ولی کی تُربت قرار دے دیا گیا۔ بوزنطی عہد کا قلعہ، جو جبلِ باغوش (Pagus) پر واقع ہے، سالہا سال سے غیر آباد ہے اور کسمپرسی کی حالت میں ویران ہوتا چلا جا رہا ہے، قدیم مسجد اور بڑا حوض (قرق دِیُرک)، جو دونوں غالبًا بوزنطی اصل کے ہیں، ویران ہو چکے ہیں اور جون وَتاسز (John Vatatzes) کے اس تاریخی کتبے کو جو اس کی بنیاد رکھتے وقت نصب کیا گیا تھا نیز اس قدیم اور عظیم سر کو جسے اَمیزان (Amazon) کا سر کہا جاتا تھا اور جو پہلے قلعے کے صدر دروازے کی دیوار میں چنا گیا تھا اور شہر کا امتیازی نشان سمجھا جاتا تھا حال ہی میں بڑی بے دردی سے تباہ کر دیا گیا ہے۔ ترک اس سر کو قَیْدِ فا ملکۂ سبا کا سر خیال کرتے تھے؛ چنانچہ وہ اس قلعے کو قَیْدِ فا قلعہ سی کہتے تھے، جو عام لوگوں کی زبان میں بگڑ کر قطیفہ قلعہ سی (مخمل کا قلعہ) بن گیا ہے۔ یہاں کی متعدّد مساجد میں سے (جن میں تقریبًا بیس بڑی اور چھیالیس چھوٹی مسجدیں ہیں) مندرجۂ ذیل خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں: حصار جامع، ... شادِرواں جامع، کِتانہ پازاری جامع، ... سہ کمر آلتی جامع، حاجی حسین جامع، وزیر خان اور بزِستین (Bezistin) کی بڑی کاروانسرائیں (۱۶۷۵-۱۶۷۷ء میں صدر اعظم احمد کوپرُ ژلو نے تعمیر کرائی تھیں)۔ دیگر قدیم خانوں (یعنی سراؤں) میں سے درویش اوغلو خان، مَدَمہ خان اور قُرہ عثمان زادہ خان قابلِ ذکر ہیں۔ سمرنا کی ایک خصوصیّت یہ ہے کہ یہاں کے فرنگی حصّے میں متعدد مسقّف بازار ہیں، جنھیں فرخانہ کہتے ہیں جو (فرنگ خانہ کی بگڑی ہوئی صورت ہے)۔ ۱۱۰۸ھ / ۱۶۹۶-۱۶۹۷ء) میں سمرنا میں سونے کی اشرفیاں اور چاندی کے قروش بنانے کے لیے ایک ٹکسال قائم کی گئی، لیکن چند سال بعد بند کر دی گئی (راشد: تاریخ، ۱: ۲۲۶ الف؛ قبّ اسمٰعیل غالب: تقویم مسکوکاتِ عثمانیہ، عدد ۵۹۷ - ۶۰۰)۔ سترھویں صدی میں سمرنا نے اس لحاظ سے بڑی اہمیّت حاصل کر لی کہ اس سرزمین کی پیداوار اور اندرونِ ملک کی مصنوعات (یعنی گوند، انجیر، روئی، خشخاش، افیون، بلوط کا کچّا پھل [valonia جو دباغت (چمڑا رنگنے) کے کام آتا ہے]، اصل السُّوس، قالین، وغیرہ) یہاں سے باہر بھیجی جاتی تھیں۔ زیادہ دور کے علاقوں کی مصنوعات مثلاً ایران کے ریشمی اور انقرہ کے اونی کپڑے اُن دنوں بھی اور آج تک بھی سمرنا کے راستے سے مغرب کو جاتے ہیں۔ بہت سے

انگریز اور ولندیزی تاجر وہاں آ کر آباد ہو گئے۔ انگریزوں کی نو آبادی نے اس ملک کی اقتصادی اور ثقافتی ترقی میں بہت کام کیا ہے۔ ایران اور انقرہ کے ساتھ تجارت کی وجہ سے بہت سے اَرمنی یہاں آ کر بس گئے۔ دِلّالی کا کام یہودیوں (ﺻِفَر دِیم) سے مخصوص تھا۔ یورپی لوگ شہر کے فرنگی محلّے میں رہتے تھے اور وہاں اپنے وطن کی طرح پوری آزادی کے ساتھ زندگی بسر کرتے تھے، بعد میں یونانیوں کی ایک مضبوط تاجر جماعت بھی ان سے آ ملی اور مسلمان عنصر بتدریج پس پشت ہوتا چلا گیا؛ چنانچہ اس شہر کا نام گیور اِزْمیر (گبر= ''کافر سمرنا'') پڑ گیا؛ شہر کا وہ حصّہ جہاں رودس (Rhodes) کے باشندے آباد تھے پہلے ہی تیمور کے عہد سے اس نام سے پکارا جاتا تھا، (ازمیر گبران، درشرف الدین [ظفر نامہ])، اس کے مقابلے میں شہر کا بالائی حِصّہ مسلمانوں کے قبضے میں رہا۔ [۱۹۱۹-۱۹۲۰ء میں] اس شہر کی آبادی کا اندازہ تین لاکھ تھا، جس میں نوّے ہزار مسلمان، ایک لاکھ دس ہزار یونانی، تیس ہزار یہودی، پندرہ ہزار اَرمنی اور پچپن ہزار غیر ملکی تھے، جن میں تیس ہزار یونانی بھی شامل تھے۔ [گزشتہ سالوں میں ازمیر کی آبادی برابر بڑھتی رہی؛ چنانچہ ۱۹۲۷ء میں باشندوں کی کل تعداد ۱۵۳۹۲۴ تھی؛ ۱۹۳۵ء میں ۱۷۰۹۵۹؛ ۱۹۴۰ء میں ۱۸۳۷۶۲؛ ۱۹۴۵ء میں ۱۹۸۳۹۶ اور ۱۹۵۰ء میں ۲۳۰۵۰۸؛ ۱۹۴۵ء کی تقریبًا دو لاکھ آبادی میں سے ۱۵۷۰۰۰ کی مادری زبان ترکی تھی، ۱۰۷۶۱ کی یونانی اور ۳۴۲۸ کی فرانسیسی۔ پوری ولایت ازمیر کی آبادی چھے لاکھ تہتّر ہزار ہے، جس میں تقریبًا ساڑھے چھے لاکھ مسلمان، تقریبًا سولہ ہزار یہودی اور تقریبًا دو ہزار کیتھولک عیسائی (اطالوی وغیرہ) شامل ہیں].

مآخذ: (۱) ابن بطّوطہ: *Voyages*، ۲: ۳۰۹-۳۱۲؛ (۲) کاتب چلبی: جِہان نُما، ص ۶۷۰؛ (۳) B. F. Slaars: *Étude sur Smyrna*، سمرنا ۱۸۶۸ء؛ (۴) Storari: *Guida con cenni storici di Smirna*، ٹورنیو (Torino) ۱۸۵۷ء؛ (۵) Tomaschek: *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter*، ص ۲۷ بعد؛ (۶) Paul Ricaut: *The present State of the Greek and Armenian Churches*، لنڈن ۱۶۷۹ء، ص ۳۳-۴۱؛ (۷) Spon: *Voyage*، ۱: ۳۰۲ بعد؛ (۸) Cornelis de Bruyn: *Reizen* (Delft ۱۶۹۸ء)، ص ۲۲-۲۹؛ (۹) De la Motraye: *Voyages*، ۱: ۱۷۸-۱۸۶؛ (۱۰) Tournefort: *Voy. du Levant*، ۲: ۱۹۶-۲۰۲ (ایمسٹرڈم Amsterdam ۱۷۱۸ء)؛ (۱۱) R. Pococke: *Description of the East*، ۲/۲: ۳۴-۳۹؛ (۱۲) Björnståhl: *Brief*، ۶: ۱۵ بعد؛ (۱۳) Chandler: *Travels*، طبع ثانی، ص ۵۵ بعد؛ (۱۴) Choiseul-Gouffier: *Voy. pittoresque de la Grèce*، ۱: ۲۰۰-۲۰۴؛ (۱۵) Dallaway: *Constantinople Ancient and Modern*، ص ۱۹۶-۲۰۷؛ (۱۶) De Laborde: *Voy. de l' Asie Mineure*، ص ۳-۹؛ (۱۷) Prokesch von Osten: *Denkwürdigkeiten aus dem Orient* (شٹٹ گارٹ (Stuttgart) ۱۸۳۶-۱۸۳۷ء)؛ (۱۸) Arundell: *Discoveries in Asia Minor* (لنڈن ۱۸۳۴ء)، ۲: ۳۵۳-۴۲۵؛ (۱۹) سمرنا کی تجارت کے متعلّق: Lemonidi: *Le commerce de la Turquie*، s. l.، ۱۸۴۹ء؛ (۲۰) Scherzer: *Smyrna*، Wien ۱۸۷۳ء؛ (۲۱) Démétrius Georgiadés: *Symrne et l'Asie Mineure*، پیرس ۱۸۸۵ء؛ (۲۲) W. Heyd: *Hist. du Commerce du Levant*، اشاریہ؛ (۲۳) F. Rougon: *Smyrne*، پیرس ۱۸۹۲ء؛ (۲۴) *Bronnen tot de Geschiedenis van den Levantschen Handel*، verzameld door K. Heeringa, I, II (*Rijks Geschiedkundige Publicatiën*، شمارہ ۹-۱۰، ۳۴، Gravenhage ۱۹۱۰-۱۹۱۷ء)؛ (۲۵) غیر ملکی قوموں کی تاریخ کے لیے دیکھیے: Lüdeke: *Glaubwürdige Nachrichten von dem Türkischen Reiche nebst der Beschreibung eines zu Smyrna errichteten Evangelischen Kirchenwesens*، لائپزگ ۱۷۷۰ء؛ (۲۶) Steinwald: *Beiträge zur Geschichte der Deutschen Evangelischen Gemeinde in Smyrna*، برلن بدون تاریخ؛ (۲۷) M. A. Perk: *De Nederlandsche Protestantsche Gemeente te Smirna*، لائڈن ۱۹۱۰ء؛ (۲۸) قدیم نظریے de Bruyn، Tournefort، نیز Choiseul-Gouffier اور de Laborde کی تصانیف میں ہیں؛ (۲۹) Storari (۱۸۵۶ء) اور Lamech Saad (۱۸۱۷ء) کے نقشے؛ [(۳۰) آ، ترکی، بذیلِ مادّہ اور وہ مآخذ جو وہاں مذکور ہیں].

(J. H. MORDTMANN)

----

* **اِزْنِیق:** قدیم اور بوزنطی نیکیا Nicaea (ابن خُرّداذبہ اور الاِدریسی: نُیقِیَّہ)۔ عربوں نے ۷۱۷ء اور ۷۲۵ء میں روم کی مملکت پر اپنے ابتدائی حملوں کے دوران میں اس شہر کا ناکام محاصرہ کیا (Theophanes، طبع de Boor، ۱: ۳۹۷، ۴۰۵ بعد) اور ۱۰۸۱ء کے آغاز میں یہ سلیمان بن قُتُلمش سلجوقی کے قبضے میں آ گیا، جس نے یہاں رہائش اختیار کر لی۔ ۱۰۹۶ء میں سلیمان کے بیٹے اور جانشین آلپ آرسلان نے نیقِیَّہ کے سامنے ان پہلے صلیبیوں کو شکست فاش دی جن کی قیادت والٹر ہابے نِشٹُز (Walther Habenichts) کر رہا تھا، مگر آئندہ سال یہ شہر صلیبیوں کا مقابلہ نہ کر سکا، جن کی سرکردگی گوڈفری (Godfrey de Bouillon) کے ہاتھ میں تھی؛ چنانچہ ۱۹-۲۰ جون ۱۰۹۷ء کو اس شہر نے بوزنطیوں کی اطاعت قبول کر لی، جو صلیبیوں کے حلیف تھے۔ عثمانی حملے کے وقت تک بوزنطی اس شہر پر قابض رہے۔ کہتے ہیں کہ سلطان عثمان اوّل نے نیقِیَّہ پر حملہ کیا تھا، لیکن اس پر ترکوں کا قبضہ اُورخان کے عہد میں ایک طویل محاصرے کے بعد ۷۳۱ھ/۱۳۳۱ء ہی میں ہو سکا۔ کچھ دنوں کے لیے اُورخان نے اس شہر کو اپنا دارالحکومت بنایا (عاشق پاشا زادہ اور Leunclavius: *Hist.*، ص ۱۹۵؛ قب Nicephorus Gregoras، ۳: ۵۰۸ بعد)۔ ۱۴۰۲ء میں تیمور کی فوج کے ایک حملہ آور دستے نے شہر پر قبضہ کر کے اُسے ویران کر دیا (Ducas، ص ۷۲؛ شرف الدین: ظفر نامہ، ۲: ۴۵۴)،

لیکن اس صدمے کے بعد یہ پھر اُبھرا؛ چنانچہ شہزادہ مصطفٰی کی بغاوت کے وقت اُسے ایک آباد اور خوش حال شہر بتایا گیا ہے (Leunclavius: *Hist.*، ص ۵۲۵، سطر ۴۶)؛ کہتے ہیں کہ بایزید ثانی نے اپنے والد محمد ثانی کی وفات کے بعد تخت سے دست بردار ہونے اور نیقیہ میں گوشہ نشین ہونے کا ارادہ کیا تھا۔

اس شہر کا زوال تقریباً سترھویں صدی کے وسط سے شروع ہوا۔ یہاں کی آبادی، جو اس وقت تخمیناً ۱۰۰۰۰ تھی (بقول Grelot)، گھٹتے گھٹتے اب صرف ۱۵۰۰ رہ گئی ہے۔ چینی کی ٹائلوں کی صنعت، جو کبھی بڑے زوروں پر تھی اور جسے Otter (*Voyage en Turquie*، ۱:۴۴) نے ۱۷۳۶ء میں جاری دیکھا تھا، اب بند ہو چکی ہے۔ اس صنعت کی صرف خفیف سی یادگار، جسے اب کوئی سمجھتا بھی نہیں ہے، اس شہر کے نام چینی زِلِک میں باقی ہے، جو عوام میں مشہور ہے (اور جس کی اصل ''چینی اِزْنِیقْ''، ("faïence Iznik") ہے [قب اولیا چلبی، ابوبکر فیضی وغیرہ، جو اس شہر کا ایک اَور نام ''چینِ ماچینِ روم'' بتاتے ہیں]۔ موجودہ گاؤں فصیل شہر کے اندر تھوڑے سے رقبے میں آباد ہے اور مع اپنے ضلع کے ولایت خداوندگار (Brussa) میں یکی [یِنی] شہر کی قضا کا ایک ناحیہ ہے، حالانکہ پہلے اِزْنِیق قوجہ ایلی کی ایالت کی ایک قضا کا صدر مقام تھا۔ عام انحطاط نے قدیم عمارات پر بھی اثر ڈالا ہے، اس کا وہ حصّہ جو بہترین حالت میں محفوظ ہے وہ رومی اور بوزنطی دیواریں ہیں جن کی ایک دوہری فصیل ہے (جس کا سب سے اچھا بیان Prokesch اور Texier نے دیا ہے (اس کی بابت قب Körte: *Mitt. des Deutsch. Arch. Instituts*، ایتھنز (Athens)، ۲۴:۳۹۸ - ۴۰۹)۔ ان دیواروں کے عظیم الشّان دروازے اور ۲۳۸ بُرج ہیں (Texier)۔ ان دفاعی استحکامات کا بوزنطی حِصّہ لیو (Leo) ثالث اسوری (Isaurian) کے عہد کا ہے، جس نے ۷۲۶ء (*Corp. Inscr. Graec*، شمارہ ۸۸۶۴) کے عربی حملے کے بعد انھیں تعمیر کیا تھا؛ میخائیل (Michael) ثالث نے ۸۵۸ھ میں اور بعد میں Theodore Lascaris (*Corp. Inscr. Graec.*، شمارہ ۸۷۴۵ - ۸۷۴۷) نے ان کی تکمیل اور اصلاح کی۔ جن اداروں کی بنیاد سلطان اُورخان نے رکھی تھی ان میں سے صرف ایک مدرسہ اب تک استعمال میں ہے؛ مسجد (جسے سِنان نے سلیمان اوّل کے حکم سے دوبارہ تعمیر کیا) صدیوں سے اپنے لنگر خانے سمیت کھنڈر ہو چکی ہے؛ جندرلی خیرالدین پاشا کے خاندان کی عمارتوں میں سے بِشْل جامع (جو ۷۸۰ - ۷۹۴ھ میں تعمیر ہوئی) اور مُنکِرمہ خاتون کی مسجد، جو [بانی سلسلۂ اشرفیہ] اشرف زادہ [عبداللہ] رومی کے نام سے (جو محمد ثانی کے عہد میں گزرے ہیں [۷۵۴ - ۸۷۴ھ/۱۳۵۳ - ۱۴۶۹ء، قب اشرفیہ، در آ، ترکی]؛ قب *Mitt. d. Seminars f. Or. Sprachen zu Berlin*، ۲:۱۶۴) منتسب ہے، اچھی خاصی حالت میں محفوظ ہیں؛ مقبرۂ اشرف زادہ کی زیارت کے لیے اب بھی لوگ بکثرت آتے ہیں۔ اُن تین گرجوں میں سے جو سولھویں صدی کے آخر تک یونانیوں کے پاس تھے (Crusius: *Turco-graecia*، ص ۲۰۴)، سینٹ تھیوڈوری (St. Theodori) اور سینٹ جارج (St. George) کے دو گرجے تو اب نیست و نابود ہو چکے ہیں؛ تیسرا گرجا، جو Koίμησις τῆς Παναγίας کا گرجا ہے اور جسے ۱۸۰۷ء میں دوبارہ تعمیر کیا گیا تھا، نویں صدی عیسوی کی ایک بوزنطی عمارت ہے، جس میں گیارھویں صدی میں کچھ اضافے کیے گئے ہیں۔ یہ عمارت اپنی قدیم رنگ برنگ کی پچّی کاری کی وجہ سے دلچسپ ہے۔

[عثمانی ترکوں کے عہدِ حکومت میں اِزْنِیق عرصے تک علم و ہنر کا مرکز رہا۔ یہاں کئی نامور شعرا پیدا ہوے، جن میں قطبی، صدری چلبی، قربی اور خیالی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ یہاں متعدّد مدارس تھے، جن میں داؤد القیصری، تاج الدین الکردی اور قرہ علاء الدین کے سے بلند پایہ علما درس دیتے رہے۔ مدارس کا یہ درخشاں زمانہ سلطان محمد فاتح کے دور تک قائم رہا۔ اِزْنِیق مشائخِ صوفیہ کا بھی مرکز رہا؛ اگرچہ ان مختلف طریقوں میں جو یہاں رائج تھے بعد میں اشرف زادہ رومی کے قدریہ طریقے کو عروج و غلبہ حاصل ہو گیا].

مآخذ: (۱) ابن خُرّداذبہ، ص ۱۷؛ (۲) ابن بطّوطہ، مطبوعۂ پیرس، ۲:۳۲۳ - ۳۲۵؛ (۳) Busbecq: *Epistolae*، مطبوعۂ Plantin ۱۵۸۵ء ورق ۱۳۱ الف؛ (۴) Grelot: *Relation nouvelle d'un Voyage à Constant-inople*، ص ۴۵ - ۴۷؛ (۵) اولیا چلبی: سیاحت نامہ، ۳:۷ - ۱۰؛ (۶) کاتب چلبی: جِہان نُما، ص ۶۶۲ ببعد؛ (۷) Paul Lucas: *Voyage dans la Grèce l'Asie Mineure*, etc (Amsterdam ۱۷۱۴ء)، ۱:۶۵ - ۷۲؛ (۸) Pococke: *Description of the East*، ۲/۲:۱۲۱ - ۱۲۳؛ (۹) Sestini: *Voyage dans la Grèce asiatique* (پیرس ۱۷۸۹ء)، ص ۲۱۳ - ۲۲۰؛ (۱۰) v. Hammer: *Umblick auf einer Reise von Const-antinopel nach Brussa* (Pesth ۱۸۱۸ء)، ص ۹۹ - ۱۲۵ و *Gesch. d. Osm. Reiches*، ۱:۱۰۱ - ۱۰۸؛ (۱۱) Kinneir: *Journey through Asia Minor*، ص ۲۳ - ۳۱؛ (۱۲) محمد ادیب: مناسک الحج (استانبول ۱۲۳۲ھ)، ص ۲۶ - ۲۷؛ (۱۳) Prokesch von Osten: *Denkwürdigkeiten und Erinnerungen aus dem Orient*، ۳:۱۰۵ - ۱۲۳؛ (۱۴) Leon: *Voyage de l' Asie Mineure*، ص ۳۶ - ۴۴؛ (۱۵) de Laborde: *Descr. d. l' Asie Mineure*، ۱:۳۰ - ۵۸؛ (۱۶) Texier: *Ausland*، ۱۸۵۵ء، ص ۶۸۶ ببعد؛ (۱۷) سالنامۂ خداوندگار، ۱۲:۴۱۴ - ۴۱۶؛ (۱۸) v. d. Goltz: *Anatolische Ausflüge*، ص ۴۰۶ - ۴۴۵؛ تصاویر اور نقشے Pococke، de Laborde اور Texier کی کتابوں میں دیے گئے ہیں؛ یونانی گرجے کے لیے دیکھیے؛ (۱۹) Oskar Wulff: *Die Koimesiskirche in Nicaea und ihre Mosaiken*، شٹراس برگ (Strassburg) ۱۹۰۳ء؛ نیز (۲۰) Ἀηὸ Κωνσταντινουπόλεως ἐις Νίχαταν ὑπό Θ. Καβλτέρου Μαρχουίζον، قسطنطینیہ ۱۹۰۹ء؛ [(۲۱) آ، ترکی،

بذیل مادّہ، جہاں بعض جدید اور اہمّ مآخذ مذکور ہیں].

(J. H. MORDTMANN)

---

* اَلْاَزْہَر: (الجامع الازہر) یہ عظیم مسجد، جس کے نام الازہر کے معنی ''نہایت روشن'' ہیں، زمانۂ حاضرہ کے قاہرہ کی سب سے بڑی مساجد میں شامل ہے (اس نام میں شاید [حضرت] فاطمۃ [الزہراءؓ] کی طرف تلمیح ہے، اگرچہ ایسی کوئی پرانی دستاویز موجود نہیں جس سے اس بات کی تصدیق ہو سکے)۔ یہ علمی مرکز، جس کی بنیاد چوتھی صدی ہجری/نویں صدی عیسوی میں فاطمی خلفا کے زمانے میں رکھی گئی، ظاہر ہے کہ ابتدا میں اسمٰعیلی [فقہ و دینیات کا مرکز] تھا۔ سنّی ایوّبیوں کے عہد میں اسمٰعیلیت کے خلاف جو ردِّعمل ہوا اس سے اس کی روشنی مدّھم پڑ گئی تھی، لیکن سلطان بیبرس کے عہد سے اس کی سرگرمیاں تازہ ہوگئیں۔ اس وقت سے یہ سنّیوں کا علمی مرکز بن گیا۔ اس جامعہ کے عالم گیر اثر و رسوخ کی وجہ ایک طرف تو یہ ہے کہ قاہرہ کا شہر جغرافی اور سیاسی حیثیت سے (بالخصوص بغداد کی عباسی خلافت کے سقوط کے بعد سے) خاص اہمیّت کا مالک ہے، جو علما اور طلَبہ کو دور دور سے اپنی طرف کھینچتا ہے اور مغرب سے آنے والے عازمینِ حج و زیارت کی جاے قیام ہے، اور دوسری جانب اس کے مقبول ہونے کی وجہ خود اس مسجد کی وسعت اور شہر کے اس حصّے میں واقع ہونا ہے جو انیسویں صدی تک شہر قاہرہ کا مرکز تھا۔ مملوکوں کے عہد میں یہ جامعہ بھی بہت سی اَور درس گاہوں میں سے ایک تھی، لیکن عثمانلی ترکوں کے دورِ اقتدار میں جب قاہرہ کی دوسری درس گاہیں قریب قریب سب ختم ہوگئیں تو اس جامعہ کو ترقی کا موقع مل گیا اور اس نے مصری دارالحکومت میں ایسی واحد درس گاہ کی حیثیت حاصل کر لی جہاں عربی زبان اور علوم دینیّہ کی درس و تدریس قائم و جاری رہ سکتی تھی۔ اٹھارھویں صدی عیسوی سے اس درس گاہ میں اگرچہ تنویرِ ذہنی کے طریقے رُو بہ زوال ہو گئے، تاہم اس کی تنظیم میں وحدت و انضباط آجانے سے اس میں ایک ہم آہنگ کلیّت کی شان پیدا ہوگئی، یعنی یہ بیک وقت ایک مدرسے اور ایک یونیورسٹی کا کام دینے لگی، لہٰذا اسی زمانے سے ہم اسے دنیاے اسلام کی سب سے بڑی دینی جامعہ سمجھ سکتے ہیں۔ بیسویں صدی میں یہ جامعہ اتنی بڑھ گئی کہ اپنی مسجد کی حدود میں نہ سما سکتی تھی، لہٰذا اس نے اسلامی تعلیم کی متعدّد درس گاہوں کو اپنے سے ملحق کر لیا۔ قاہرہ میں اس نے یونیورسٹی کے درجے کی کلیّات (faculties) قائم کر لیں اور مصر میں جا بجا ابتدائی اور ثانوی درجوں کے مدارس کھل گئے، جو براہِ راست اس سے متعلّق ہیں؛ چنانچہ ۱۹۵۳ء میں ان سب میں تیس ہزار طُلّاب (طلبہ) زیرِ تعلیم تھے، جن میں ۴۵۰۰ غیر ملکی تھے۔ اس کے علاوہ مصر سے باہر کی بعض درس گاہیں بھی الازہر کے دائرۂ اثر کے اندر کام کرتی ہیں۔ آج کل اس یونیورسٹی کے کام کو اس کے اساتذہ چلا رہے ہیں، جن میں سے بعض کو مختلف اسلامی ملکوں میں باہر بھیجا جاتا ہے۔ اس کے اثر و نفوذ کی اشاعت کا ذریعہ اس کا ماہانہ مجلّہ اور بالخصوص وہ غیر ملکی شاگرد اور طُلّاب ہیں جو اس کے مختلف درسی نصابوں کی تکمیل کے لیے مصر آتے رہتے ہیں۔ ان طلّاب میں سے چند مصر ہی میں رہ جاتے ہیں، لیکن زیادہ تر اپنے اپنے ملکوں میں واپس چلے جاتے ہیں اور اس طرح عربی زبان کے علم اور سیاسی اور مذہبی اسلامی افکار کی نشر و اشاعت میں حصّہ لیتے ہیں۔

عمارات اور سامان: جامع الازہر کی تعمیر کی اصل غایت مملکت کے صدر مقام قاہرہ کے لیے ایک عبادت گاہ مہیا کرنا تھا، جسے فتح مند فاطمی سپہ سالار جوہر الکاتب الصِقلّی ایک ایسا مستقل شہر بنانا چاہتا تھا جس میں اس کا آقا، یعنی فاطمی خلیفہ ابوتمیم مَعَدّ المُعِزّ لدین اللہ، اپنے خدم و حشم اور عساکر کے ساتھ سکونت اختیار کر سکے۔ مسجد کی تعمیر جنوب کی طرف شاہی محل کے قریب ۲۴ جمادی الاولی ۳۵۹ھ/۴ اپریل ۹۷۰ء کو شروع کی گئی اور دو سال تک جاری رہی۔ تکمیل کے فی الفور بعد ۷ رمضان ۳۶۱ھ/ ۲۲ جون ۹۷۲ء کو اس مسجد کی افتتاحی تقریب ادا کی گئی، قبل اس کے کتبے کا متن، جو مسجد کے قبلے پر کندہ تھا اور اب مٹ چکا ہے اور جس میں تاریخ بنا ۳۶۰ھ درج تھی (در المَقْرِیزی: خِطَط، قاہرہ ۱۳۲۶ھ، ۴: ۴۹ ببعد)۔ اس مسجد کو اکثر جامع القاہرہ بھی کہتے تھے اور فی الحقیقت فاطمی عہد کے قاہرہ میں یہ اُسی حیثیت کی حامل تھی جو مصر۔ فسطاط میں عمرو بن العاصؓ کی مسجد اور القطائع میں ابن طُولُون کی مسجد کو حاصل تھی۔ یہ تینوں مساجد اپنے اپنے محلّوں کا دینی مرکز تھیں، جو ان دنوں الگ الگ چھوٹے چھوٹے نواحی قصبے تھے۔ ان تینوں مسجدوں میں جمعے کی نماز ادا کی جاتی تھی اور وقتاً فوقتاً خلیفہ خطبہ پڑھواتا تھا۔ ۳۸۰ھ/۹۹۰ء کے بعد نئی مسجد الجامع الانور (الحاکمی) کو، جو فاطمی زمانے کے قاہرہ کے شمال میں تعمیر کرائی گئی تھی، وہی حقوق و مراعات حاصل تھے جو جامع الازہر کو۔ کئی فاطمی خلفا الازہر کی ترقی کے لیے کوشاں رہے اور انھوں نے اسے تحائف و اوقاف سے مالا مال کر دیا۔ اصلی چھت کو جو بہت نیچی تھی، کسی نامعلوم وقت میں، مگر تاسیس کے تھوڑے ہی عرصے بعد، اونچا کر دیا گیا (خِطَط، ۴: ۵۳)۔ العزیز نزار (۳۶۵-۳۸۶ھ/ ۹۷۶-۹۹۶ء)، جس نے شاید تین تین دالانوں کے دو لیوانوں [ایوانوں] کا اضافہ کیا اور الحاکم بامراللہ] (۳۸۶-۴۱۱ھ/ ۹۹۶-۱۰۲۰ء) نے عمارات میں بعض اصلاحات کیں۔ ۴۰۰ھ/۱۰۰۹-۱۰۱۰ء کے ایک وقف نامے میں اس مسجد کے عملے کی تنظیم اور اس میں عبادت کے ساز و سامان پر روشنی ڈالی گئی ہے (لیکن تعلیم کے بارے میں نہیں؛ متن در خِطَط، ۴: ۴۹ ببعد)۔ اسی دَور میں وہ وسیع مرکزی صحن تعمیر ہوا جس کے اردگرد ایرانی وضع کی محرابوں کی ڈیوڑھیاں (porticos) ہیں اور اسی طرح پانچ متوازی دالانوں (bays) کا وہ ایوانِ عبادت، جو دیوارِ قبلہ کی جانب ہے۔ تعمیر خشتی ہے، جس کی اینٹوں پر سادہ یا منقّش پلستر کیا گیا ہے۔ صحن، ایوانِ نماز اور لیوانوں کی محرابیں پتلے پتلے ستونوں پر قائم ہیں، جو دوبارہ استعمال کیے گئے ہیں [یعنی یہ پہلے کسی اَور عمارت میں نصب تھے]۔ اس سلسلے میں خلیفہ المستنصر، خلیفہ الحافظ (اصلاحات اور مغربی دروازے کے قریب سے فاطمی مقصورے کی جگہ کی تبدیلی) اور خلیفہ

العامر (چوبی محراب، جو اب قاہرہ کے عجائب گھر میں ہے) کی کارگزاریوں کا تذکرہ بھی ضروری ہے۔ اس تمام فاطمی عہد میں جامع الازہر اپنی تعلیمات کے ذریعے فاطمیوں کی اسمٰعیلی دعوت کے سلسلے میں بہت اہم کردار ادا کرتی رہی اور اسی لیے ایوبیوں کے عہد میں اہل سنت والجماعت کے ردِّعمل سے اسے نقصان پہنچا (جو ۵۶۷ھ/۱۱۷۱-۱۱۷۲ء سے مصر کے حکمران رہے)۔ سلطان صلاح الدین نے اس مسجد کی بعض آرائشی چیزیں (جیسے محراب کی نقرئی پٹی) اتروا دیں اور یہاں اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ قاہرہ میں جمعے کی نماز صرف جامع الحاکمی میں پڑھی جاتی تھی۔ اس مسجد کو کچھ عرصے کے لیے فرنگیوں (Franks) نے گرجا بنا لیا تھا، سلطان صلاح الدین نے اس میں ازسرِ نو اسلامی عبادت جاری کی۔ الازہر کا وجود زوال پذیر ہونے کے باوجود قائم رہا (چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی کے آخر میں عبداللطیف بغدادی یہاں طبّ پڑھاتا تھا؛ دیکھیے ابن ابی اُصَیْبِعَہ، ۲:۲۰۷)، لیکن اس کی عمارتیں بے توجہی کی حالت میں پڑی ہوئی تھیں۔ مملوک سلاطین کے برسرِ اقتدار آنے سے صورت حال تبدیل ہوگئی؛ چنانچہ امیر عزّالدین آیدمُر الحِلّی، جو اس کے نواح میں رہتا تھا، الازہر کی تباہ حالی سے اس قدر متأثر ہوا کہ اس نے سلطان الظاہر بیبرس کی مدد سے اس کی مرمّت کے بعض کاموں پر اپنے پاس سے روپیہ صرف کیا اور سلطان مذکور نے ۶۶۵ھ/۱۲۶۶ء میں بعض اَور باتوں کے علاوہ اس میں خطبہ پڑھنے کی دوبارہ اجازت بھی دے دی (*Corp. Inscr. Arab. Egypt*، ج۱، شمارہ ۱۲۸)۔ سنّی معلّم رکھنے کے لیے کچھ اوقاف مخصوص کر دیے گئے اور اس طرح پھر الازہر میں جان پڑ گئی اور وہ توانائی آگئی جس میں آج تک کوئی کمی نہیں ہوئی۔ ۷۰۲ھ/۱۳۰۲-۱۳۰۳ء کے مشہور اور تباہی خیز زلزلے میں اسے سخت نقصان پہنچا (''سُقَط'')، جس کے بعد امیر سَلار [اور بعد ازاں سلطان ناصر بن قلاوون] نے اس کی مرمّت کرائی۔ سنگِ مرمر کا استعمال پہلی دفعہ المحراب کی مرمّت (اوائل چودھویں صدی عیسوی، صحیح تاریخ غیر معلوم) میں محتاط طریق پر کیا گیا، اگرچہ نفیس پتھر کی تین دوسری عمارتوں کی محرابوں میں، جو مسجد کے بیرونی رُخ کے مقابل بنائی گئیں اور بعد میں اس میں شامل کر لی گئیں، سنگِ مرمر کو اس طریقے سے استعمال کیا گیا کہ عجب شان پیدا ہو گئی ہے۔ یہ تین عمارتیں حسبِ ذیل ہیں: (۱) امیر طَیبُرس کا مدرسہ، جس کی بنیاد ۷۰۹ھ/۱۳۰۹ء میں مغربی دروازے کے دائیں جانب رکھی گئی؛ (۲) امیر آق بُغا عبدالواحد کا مدرسہ، جو ۷۴۰ھ/۱۳۳۹-۱۳۴۰ء میں اسی دروازے کے بائیں جانب تعمیر ہوا اور (۳) خواجہ سرا جوہر القَنقَبائی کا دلکش مدرسہ، جو مسجد کے مشرقی گوشے میں تعمیر ہوا اَور جس میں خواجہ سرا مذکور کو ۸۴۴ھ/۱۴۴۰-۱۴۴۱ء میں دفن کیا گیا۔ ۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء میں بھی بعض تعمیرات کا ذکر ملتا ہے اور ۷۶۱ھ/۱۳۶۰ء کے قریب مقصورے ازسرِ نو تعمیر کیے گئے، عمارت میں کچھ اصلاحیں کی گئیں، غریبوں کو کھانا کھلانے کے لیے اور درس و تدریس کے لیے مستقل سرمائے کا بندوبست کیا گیا، مثلاً پانی کی ایک سبیل اور یتیموں کو قرآن پڑھانے کا انتظام۔ ایک چھوٹا منار، جو خطرناک طور پر ایک طرف جھک گیا تھا، گرا دیا گیا اور اسی وجہ سے تین مرتبہ ازسرِ نو تعمیر کرایا گیا (۸۰۰ھ، ۸۱۷ھ، ۸۲۷ھ/۱۳۹۷-۱۳۹۸ء، ۱۴۱۴-۱۴۱۵ء، ۱۴۲۳-۱۴۲۴ء)۔ مؤخّر الذّکر سال میں ایک حوض (صَہْرِیج) اور اس کے ساتھ ایک طشتِ وضو (مِیْضَہ) مسجد کے وسط میں تعمیر کیا گیا اور صحن مسجد میں چار درخت لگانے کی ناکام کوشش کی گئی۔ سلطان قائت بای نے بہت سے کام کرائے۔ اس نے مغربی دروازے کی جگہ ایک منار دار نفیس مسقّف دروازہ بنوایا (۸۷۳ھ/۱۴۶۹ء؛ *Corp. Inscr. Arab*، ج۱، شمارہ ۲۱)، بہت سے چھوٹے چھوٹے حجروں کو، جو چھتوں پر بن گئے تھے اور نہایت بدنما زوائد تھے، صاف کرا دیا (۸۸۱ھ/۱۴۷۶ء) اور عمارت کی سرتا پا تجدید کا حکم دیا (۹۰۱ھ/۱۴۹۶ء)۔ قانصُوہ الغَوری نے الازہر میں ایک اَور منار کا اضافہ کیا، جس کی بدولت آج قاہرہ کے کثیر التعداد مناروں کے درمیان الازہر کو دُور سے پہچانا جا سکتا ہے (۹۱۵ھ/۱۵۱۰ء)۔ اس دَور میں تعلیم و تدریس کے لیے سرمایہ برابر مہیّا ہوتا رہا۔ جب عثمانلی ترکوں نے مصر کو سر کیا تو الازہر پر سلطان سلیم کی بھی نظرِ عنایت رہی۔ الازہر کی تاریخ میں اٹھارھویں صدی ویسی ہی اہمیّت کی حامل تھی جیسا کہ فاطمی دور؛ چونکہ اب الازہر کو مصر میں دینی تعلیم و تدریس کی اجارہ داری حاصل ہوگئی، لہٰذا مسجد خاصی وسیع کر دی گئی۔ عثمان کتخدا اَلکزدوغلی (قاصد اوغلو) نے، جو ۱۱۴۹ھ/۱۷۳۶ء میں فوت ہوا، اندھوں کے لیے ایک قیام گاہ (زاویۃ العُمْیان) تعمیر کرائی، لیکن الازہر کا عظیم ترین مربّی عبدالرحمٰن کتخدا (یا کحیا) (م ۱۱۹۰ھ/۱۷۷۶ء تھا، جو اسی مسجد میں مدفون ہے)، جس نے حسبِ ذیل عمارتیں بنوائیں، اگرچہ وہ قدیم تعمیرات کے حسن کو نہیں پہنچتیں؛ ایوانِ نماز کی سمتِ قبلہ کی دیوار وسطی محراب کو چھوڑ کر، جو اب تک قائم ہے، گرا کر اس کے پیچھے ذرا اونچی کرسی دے کر سنگی محرابوں کے چار دالان در دالان (bays) اَور بڑھا دیے۔ اس کے علاوہ ایک نئی محراب، ایک منبر، ایک حوض، بچوں کے لیے قرآن خوانی کا مدرسہ اور اپنا مقبرہ تعمیر کرایا۔ غریب طُلّاب کے لیے خورد و نوش اور اجناس کے عطیّات کا انتظام کیا۔ ایک نئے احاطے کے اضافے سے، جس میں ایک مسقّف پھاٹک تھا، مغرب کی طرف طَیبُرس اور آق بُغا کے مدرسوں کو بھی اندر لے لیا گیا اور ان کی رُوکاریں ازسرِ نو تعمیر کی گئیں (۱۱۶۷ھ/۱۷۵۳ء).

الازہر کے طُلّاب دوسرے ملکوں کے طلّاب کی طرح وقتاً فوقتاً بازاروں اور گلی کوچوں میں مظاہرے کیا کرتے تھے؛ چنانچہ الجَبرتی نے بیان کیا ہے کہ اس علاقے میں کوئی فساد ہوا تھا، جس میں انھوں نے بھی حصّہ لیا تھا۔ یہ بغاوت فرانسیسیوں کے خلاف اس وقت برپا ہوئی تھی جب وہ بونا پارٹ کی قیادت میں قاہرہ پر قابض تھے (۱۰ جمادی الاولیٰ ۱۲۱۳ھ/۲۰ اکتوبر ۱۷۹۸ء)۔ جب اس بغاوت کو فرانسیسیوں نے فوراً بزور فرو کرنا چاہا تو الازہر اور اس کا نواحی علاقہ ہی مزاحمت کرنے والوں کا آخری مورچہ تھا۔ فرانسیسیوں کی آخری گولہ باری سے مسجد کو نقصان پہنچا اور فوج نے مسجد کی بے حرمتی بھی کی۔ محمد علی کے عہد میں مصر کو دوبارہ اندرونی خودمختاری

حاصل ہوگئی، مگر یہ الازہر کے لیے چنداں سُودمند ثابت نہ ہوئی، کیونکہ اس کے اوقاف بیجا صرف کیے جانے لگے۔ بعد میں مصر کے خدیو اور پھر بادشاہ الازہر کے مربّی بن گئے اور انھوں نے اس کے معاملات کا اعلیٰ اختیار اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ اس کے بدلے میں وہ یہ امید رکھتے تھے کہ الازہر کے شیوخ ان کے قابو میں رہیں گے اور ان کی یہ امید عام طور پر پوری بھی ہوئی، چند موقعوں کے سوا، جب انھیں اچانک متکبّرانہ جسارت کا سامنا کرنا پڑا اور یہ واقعات آج تک موضوع بحث رہے ہیں، علی پاشا مبارک (الخِطَط الجدیدۃ، ۴: ۱۴-۲۶) نے ۱۸۷۵ء کے قریب الازہر کی عمارات اور وہاں کی زندگی کا تفصیلی نقشہ کھینچا ہے۔ اس دَور میں قاہرہ کی بہت سی مسجدیں جس انحطاط اور بدحالی کا شکار تھیں اس سے مسجد الازہر بھی محفوظ نہ رہی۔ خدیو توفیق پاشا اور عباس حلمی پاشا نے مرمّت کے اہمّ کام کرائے۔ صحن اور اس کے اردگرد کی ڈیوڑھیوں کی مرمّت کی تاریخ ۱۸۹۰-۱۸۹۲ء ہے۔ مسجد کے مغربی کونے پر عباس حلمی پاشا نے عبدالرحمٰن کتخدا کے منار کو گرا کر اس کی جگہ ایک رواق تعمیر کرایا، جس پر اس کا نام کندہ ہے۔ یہ رواق ایک نہایت وسیع عمارت ہے، جس میں طُلاّب کے اقامت خانے اور ایک مصلّٰی (oratory) بنا ہوا ہے (افتتاح در ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۸ء)۔ ۱۸۸۲ء میں عُرابی پاشا کی شورش اور ۱۹۱۹ء میں برطانیہ کے خلاف معرکہ آرائی میں ازہریوں نے حصّہ لیا، تاہم ان ہنگاموں میں الازہر کی عمارات کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچا، البتہ مؤخّر الذّکر واقعے کے دوران میں درس و تدریس کا سلسلہ عارضی طور پر بند کر دیا گیا۔ ۱۹۳۵ء تک اس جامعہ میں طلاّب کی تعداد اتنی بڑھ گئی کہ درس کے بعض حصّوں کے لیے الازہر کو گرد و نواح کی مسجدوں سے کام لینا پڑا، جنھیں منسلکہ عمارات کے طور پر استعمال کیا جانے لگا۔ ۱۹۳۰ء میں جب اعلیٰ تعلیم کے تین کلّیے (faculties) الگ کیے گئے تو ان کلّیوں کو مسجد کے باہر قائم کرنے کے لیے مجبورًا قاہرہ میں مساجد کے علاوہ اَور عمارتیں بھی لے لی گئیں، لیکن جب مسجد کی پُشت پر نئی عمارتیں (مع جدید لوازمات، یعنی درس کے کمرے، جن میں ڈسک اور بنچیں، کیمیاوی معمل (laboratory) وغیرہ موجود ہیں) تیار ہوگئیں تو ان عمارتوں کو خالی کر دیا گیا۔ ۱۹۳۵-۱۹۳۶ء میں الازہر کے شمال کی جانب عام انتظامی اغراض کے لیے ایک عمارت، نیز تین چار منزلہ عمارتیں تعمیر ہوئیں، جن کا مقصد یہ تھا کہ ابتدائی اور ثانوی مدارج کی درس گاہیں اور ایک طبّی درس گاہ مع ایک ایسے شفاخانے کے مہیّا کی جائے جس میں بیماروں کے رہنے کا بھی انتظام ہو۔ ۱۹۵۰ء میں پھر مشرق ہی کی طرف مجلس عظمٰی (Aula Magna) کے لیے اونچے منار کی ایک نئی عمارت تعمیر ہوئی، جس میں چار ہزار طلاّب کے لیے گنجائش رکھی گئی تھی۔ اس کے علاوہ کلّیۂ قانونِ شریعت کے لیے ایک عمارت بنائی گئی اور ۱۹۵۱ء میں عربی زبان کے کلّیے کے لیے عمارت تعمیر ہوئی۔ ۱۹۵۵ء میں، پھر مشرق ہی میں، کچھ پرانے مکان گرا دیے گئے، تاکہ آئندہ چل کر کلّیۂ دینیات کے لیے (جو اس وقت تک محلۂ شُبرٰی میں ہے) جگہ نکالی جائے۔ آج کل بڑا کتب خانہ (مشتمل بر مخطوطات وغیرہ) آق بُغا کے مدرسے میں ہے (جسے خدیو توفیق نے از سرِ نو تعمیر کرایا تھا)۔ نئی جمہوریۂ مصریہ کی معاشرتی حکمت عملی کو مدِّنظر رکھتے ہوے عباسیہ کے قدیم میدان الغُفیر میں غیر ملکی طلاّب کے لیے ایک ''شہرِ جامعہ'' (University City) زیرِ تعمیر ہے (۱۹۵۶-۱۹۵۷ء)۔ یہ شہر ان طلاّب کی مناسب سکونت کی سبیل پیدا کر دے گا جنھیں خود مسجد کے احاطے کے اندر جگہ نہ مل سکتی تھی یا جو شہر میں جا کر اوقاف کے متولّیوں کی ذاتی جائدادوں یا اَور لوگوں کے گھروں میں رات بسر کرتے تھے۔ نماز کا دالان اور صحن اب بھی غیر ملکی طلاّب کے بعض درسوں یا مخصوص اسباق کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ بعض نوعمر ازہری طلاّب اپنا آموختہ دہرانے کے لیے یہاں آجاتے ہیں۔ وہ ادھر اُدھر چلتے پھرتے یا فرش پر بیٹھ کر سبق یاد کرتے ہیں اور اس طرح جامع الازہر کی پرانی روایات کو قائم رکھتے ہیں۔ ان کی وجہ سے مسجد میں ہمیشہ بڑی چھل پہل نظر آتی ہے۔ علاوہ ازیں الازہری طُلاّب کے لیے ہر جگہ عصرِ حاضر کے مطابق ساز و سامان موجود ہے۔ اسی طرح صوبوں میں بھی مقامی درسگاہوں کے لیے مساجد کے باہر اپنی علیٰحدہ عمارتیں ہیں۔

مآخذ: [عربی] متون، جن میں اہمّ ترین حسبِ ذیل ہیں: (۱) المَقریزی: الخِطَط، ۴: ۴۹-۵۶، ۶۰-۶۲، ۲۲۳-۲۲۴؛ (۲) الجَبَرتی؛ (۳) علی پاشا مبارک اور دَورِ حاضر کے لیے (۴) Van Berchem و (۵) Flury، جن کے حوالہ جات (۶) Creswell: *The Muslim Architecture of Egypt*، ۱ (اوکسفرڈ ۱۹۵۲ء): ۳۶-۶۴، میں نقشوں اور خاکوں کے ساتھ جمع کر دیے گئے ہیں؛ نیز دیکھیے (۷) Hautecoeur و Wiet: *Les mosqu'ees du caire*، پیرس ۱۹۳۲ء، دو جلدیں؛ (۹) حسن عبدالوہاب: تاریخ المساجد الأثریۃ، قاہرہ ۱۹۴۶ء؛ نیز دیکھیے (۱۰) آ، طبع اوّل، مقالہ ''ازہر''، فصل I.

(۲) الازہر بطور عبادت گاہ و ملجاءِ عوام: سب مساجد کی طرح الازہر کو بھی یہ دوگانہ حیثیتیں حاصل رہی ہیں۔ اس میں دن کی پنج وقتہ فرض نماز اور غیر معمولی مواقع کی نمازیں بھی پڑھی جاتی تھیں۔ اس نقطۂ نگاہ سے اس کی تاریخ ملک کی تاریخ کے ساتھ وابستہ رہی ہے، یعنی مصیبت (مثلاً وبا، قحط یا جنگ) کے اوقات میں لوگ اللہ [تعالٰی] سے دعا کرنے اور قرآن [پاک] یا البخاری کی مخصوص قراءت کو سننے کے لیے یہاں جمع ہوجاتے تھے۔ یہ مسجد مہاجرین کے لیے بھی جائے پناہ کا کام دیتی رہی ہے (دیکھیے ابنِ ایاس، ۲: ۱۷۷، ۲۶۴ و ۳: ۱۰۶، ۱۳۲، ۱۶۷)۔ عصرِ حاضر میں بھی قومی اہمیّت کے بعض واقعات کی تنظیم یہیں ہوئی۔ اس کی عمارتوں کی وسعت و گنجائش اور طلاّب کی ہر وقت موجودگی بڑے بڑے اجتماعات کے لیے بہت مناسب تھی، مثلاً ۱۹۱۹ء کا اجتماع (دیکھیے مجلات الازھر، ۲۷: ۳۹۶-۴۰۰)۔ یہیں لوگوں نے جنگِ فلسطین (۱۹۴۸ء) نیز ۱۹۵۱-۱۹۵۲ء میں نہر سویز پر انگریزوں کے خلاف بے قاعدہ (guerilla) جنگ میں جانے والے مجاہدین کا اعزاز و اکرام کیا۔ اس کے علاوہ الازہر غریبوں کے لیے گھر کا کام بھی دیتی ہے، جنھیں اس کی تعمیر کے بعد سے یہاں عارضی یا مستقل طور پر سر چھپانے کی جگہ ملتی رہی ہے۔ بہت سے لوگ رات کو یہاں قیام کیا کرتے تھے؛ چنانچہ المَقریزی

نے امیر سُدُوب ناظر الازہر کی مداخلت کے سلسلے میں لکھا ہے کہ اس نے ۸۱۸ھ/ ۱۴۱۵-۱۴۱۶ء میں چاہا تھا کہ مسجد کو ان تمام طلّاب یا غیر طلّاب سے جو اس میں بود و باش رکھتے ہیں خالی کرا لیا جائے۔ اس کی اس مداخلت کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوٹ مار مچ گئی اور رائے عامہ اس کے مخالف ہوگئی۔ پندرھویں صدی کے آغاز میں شہر قاہرہ کے بعض باشندے، جن میں خوش حال لوگ بھی شامل تھے، رات بسر کرنے کے لیے، بالخصوص ماہ رمضان میں، یہاں آ جاتے تھے (الخِطَط، ۴: ۵۴-۵۵)۔ عصرِ حاضر میں شمالی افریقہ اور کوہستان اطلس تک کے دور دراز علاقوں سے پا پیادہ چل کر آنے والے غریب عازمینِ حج (۱۹۵۴ء میں ان کی تعداد ۱۴۰۰ تھی) میں سے بہت لوگ حجاز کی طرف روانہ ہونے سے پہلے رمضان کے مہینے میں الازہر ہی میں ٹھیرتے ہیں۔ الازہر کے متعدّد طلّاب انھیں اخلاقی اور مادّی امداد بھی دیتے ہیں (ازمنۂ وُسطیٰ میں مغرب کے حجّاج ابن طُولُون [کی مسجد] میں ڈیرا لگاتے تھے؛ (الخِطَط، ۴: ۴۰)۔ باثروت مسلمان ہر زمانے میں الازہر کے غریبوں کو لاتعداد عطیات دیتے رہے ہیں۔ ازمنۂ وسطیٰ میں الازہر کے دروازے صوفیہ کے لیے بھی کھلے تھے، اگرچہ اس کا اپنا رجحان زیادہ تر فقہ کی طرف تھا۔ [ابو حفص] عمر [بن علی] بن الفارض [مشہور صوفی شاعر، م ۶۳۲ھ] نے اپنی زندگی کے آخری ایّام الازہر میں بسر کرنے کو ترجیح دی (ابنِ اِیاس، ۱: ۸۲-۸۳)۔ ایک عبارت میں ان حلقہ ہائے ذکر کا حال ملتا ہے جو یہاں منعقد ہوا کرتے تھے (الخِطَط، ۴: ۵۴)۔ کہا جاتا ہے کہ آق بُغا کے مدرسے میں بھی صوفیوں کا ایک گروہ مستقل طور پر رہتا تھا (وہی کتاب، ۴: ۲۲۵)۔ جامع الازہر سب سے بڑھ کر ان اساتذہ وطلبہ کے لیے ''گھر'' کا کام دیتی تھی جو اس کے محرابی دالانوں والی چھت کے نیچے بود و باش رکھتے تھے۔ اس اعتبار سے بھی اس کی تاریخ مصر میں اسلامیات کے درس کی تاریخ سے علیٰحدہ نہیں کی جا سکتی (دیکھیے ابراہیم سَلَامہ: *L'enseignement islamique en Égypte*، قاہرہ ۱۹۳۹ء)۔ اساتذہ کو اس میں امن وسکون اور رہنے کے لیے مناسب جگہ مل جاتی تھی، تاہم بعض صورتوں میں ان کی حیثیت باقاعدہ مقرّر کیے ہوئے استادوں کی سی نہ ہوتی تھی؛ چنانچہ بعض اوقات ہمیں کئی ایسے علما کا ذکر ملتا ہے جو الازہر میں عارضی طور پر مسافرانہ مقیم ہوئے اور کسی حکمران کی طرف سے ان کی وجہ معاش مقرر کر دی گئی۔ مزید براں ایسے اوقاف موجود تھے جن کی آمدنی کہا جا سکتا ہے کہ علوم کا درس دینے والوں کے لیے یا خاص خاص قسم کے طلبہ پر صرف کی جاتی تھی.

(۳) ازمنۂ وسطیٰ اور ادوارِ مابعد کی تعلیم و تدریس: ابتدائی دور کے بارے میں اطلاعات ناقص اور غیر مکمّل ہیں۔ فاطمی عہدِ حکومت (۳۶۵ھ/ ۹۷۵ء) میں سرکاری داعی الدعاۃ علی ابن القاضی النّعمان الازہر میں اسمٰعیلی فقہ کا درس دیتا تھا اور یہیں اس نے اپنے والد کی تصنیف المختصر لکھوائی (الخِطَط، ۴: ۱۵۶؛ براکلمان: تکملہ، ۱: ۳۲۵)۔ وزیر نامزد ہونے کے بعد یعقوب بن کلس اپنے گھر میں ادبا، شعرا، فقہا اور متکلّمین (علمائے دینیات) کی مجلس منعقد کیا کرتا تھا، ان سب کو وظائف دیتا تھا اور پھر یہ لوگ مسجد عمرو [بن العاص] میں اسمٰعیلی عقائد کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ اس طرزِ عمل سے الازہر کو فائدہ پہنچا۔ ۳۷۸ھ/ ۹۸۸-۹۸۹ء میں العزیز نے پینتیس فقہا کو الازہر کے قریب رہنے کے لیے ایک مکان دیا اور ان کے گزارے مقرّر کر دیے۔ ہر جمعے کے روز ظہر اور عصر کے درمیان ان کا جلسہ منعقد ہوتا تھا اور ان کا صدر ابو یعقوب قاضی الخَنْدَق درس و تدریس کا نگران تھا (الخِطَط، ۴: ۴۹؛ القَلْقَشَنْدِی، ۳: ۳۶۷)۔ المَقْرِیزی نے جامع الانور (الحاکمی) کا تذکرہ کرتے ہوئے، جس کا انھی دنوں افتتاح ہوا تھا، لکھا ہے کہ ماہِ رمضان [المبارک] ۳۸۰ھ/ ۹۹۱ء میں اس مسجد میں سامعین کے گروہ اُن اساتذہ سے جو قاہرہ کی مسجد، یعنی جامع الازہر، میں پڑھاتے تھے درس لیا کرتے تھے (الخِطَط، ۴: ۵۵)۔ اس سے ضمناً یہ معلوم ہوتا ہے کہ جامع الازہر کا ادارہ ہمیشہ ہی سے مستقل طور پر منظّم رہا تھا۔ اس کے علاوہ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ ابن الہَیْثَم نے اپنے قیام کے لیے الازہر ہی کو انتخاب کیا تھا (ابن ابی اُصَیْبِعَہ، ۲/ ۹۰-۹۱)۔ تاہم دینی اور دنیوی ثقافت کے سلسلے میں فاطمیوں کی قابلِ ذکر مساعی کا اظہار خاص طور پر دارالحکمۃ کی شکل میں ہوا، جس کی بنیاد الحاکم نے ۳۹۵ھ/ ۱۰۰۵ء میں رکھی تھی اور جو اس دور میں قاہرہ کا حقیقی ثقافتی مرکز بن گیا (الخِطَط، ۴: ۱۵۸)۔ ایوّبیوں کے عہد میں شیعی تعلیمات یک قلم ہٹا دی گئیں۔ الازہر کے دروازے اہلِ علم و فضل کے لیے ہمیشہ کھلے رہے (مثلاً عبداللطیف البغدادی کے لیے)، لیکن اب اس کی جگہ اُن سنّی مدارس نے لے لی جو اسی زمانے میں سرکاری طور پر قائم کیے گئے تھے، یہاں تک کہ مملوکوں کے عہدِ حکومت میں جا کر الازہر کو دوبارہ اپنا [قدیم] مقام حاصل ہوگیا.

۶۶۵ھ/ ۱۲۶۶ء میں امیر بِلَبَک الخازِندار نے ایک وسیع مقصورہ تعمیر کرایا اور اس کے لیے سرمائے کا انتظام کر دیا تاکہ ایک جماعتِ فقہا اس میں شافعی فقہ کا درس دیا کرے۔ اس نے حدیث اور علم الحقائق (یعنی معارفِ روحانی) کی تعلیم کے لیے ایک استاد، قرآن خوانی کے لیے سات قاری اور ایک مدرّس بھی وہاں مقرّر کر دیا (الخِطَط، ۴: ۵۲)۔ ۷۶۱ھ/ ۱۳۵۹-۱۳۶۰ء میں فقہِ حنفی کا نصاب تعلیم بھی جاری کر دیا گیا اور انھی دنوں یتامیٰ کے لیے ایک مدرسۂ قرآن خوانی قائم ہوا۔ ۷۸۴ھ/ ۱۳۸۲-۱۳۸۳ء میں سلطان برقوق کے ایک فرمان کی رُو سے یہ قاعدہ مقرّر ہوگیا کہ الازہر کے طلّاب اپنے ایسے دوستوں کا جو لاوارث فوت ہو جائیں ورثہ پا سکیں گے (اس قسم کے انتظامات پر بحث کے لیے دیکھیے Tritton: *Education*، ص ۱۲۳)۔ المَقْرِیزی ۸۱۸ھ/ ۱۴۱۵-۱۴۱۶ء کے واقعات قلم بند کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ الجامع الازہر میں ۷۵۰ صوبائی یا پردیسی اشخاص قیام پذیر تھے، جن میں المغرب سے لے کر ایران تک کے باشندے موجود تھے، جو اپنے اپنے مخصوص رِواقوں میں رہتے تھے۔ یہ قرآن پڑھتے اور اس کا مطالعہ کرتے؛ فقہ، حدیث، تفسیر اور نحو کی تعلیم حاصل کرتے اور وعظ و ذکر کی مجالس منعقد کرتے تھے (الخِطَط، ۴: ۵۳-۵۴)۔ آج کل بسا اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ الازہر

ہمیشہ سے مصر کا مخصوص و یگانہ دارالعلوم رہا ہے، لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ مملوکوں کے عہد کے قاہرہ میں، جہاں زندگی موجزن تھی، یہ جامع ایک اہمّ علمی مرکز ضرور تھی، لیکن اس قسم کے متعدّد مراکز میں سے ایک (دیکھیے مادّۂ مسجد)؛ چنانچہ المَقْرِیزی پندرھویں صدی عیسوی میں اپنی کتاب لکھتے ہوے قاہرہ کے ستّر سے زیادہ مدرسوں کا ذکر کرتا ہے (الخِطَط، ۴:۱۹۱-۲۵۸)۔ وہ مساجد کے اندر علمی سرگرمیوں کو بیان کرتے ہوے لکھتا ہے کہ ۷۴۹ھ/۱۳۴۸ء کی وبائے طاعون سے پہلے مسجدِ عَمْرو [العاص] ہی میں چالیس مختلف نصاب یا حلقے تھے (وہی کتاب، ۴:۲۱)؛ ابن طولون کی مسجد میں چودھویں صدی کے آغاز میں چاروں مذاہب کی فقہ اور نصابِ طب کی تعلیم دی جاتی تھی (وہی کتاب، ۴:۴۰-۴۱)؛ الحاکم کی مسجد میں اسی دور میں چاروں مذاہب کی فقہ پڑھائی جاتی تھی (وہی کتاب، ۴:۵۷)۔ اس کے علاوہ اس وقت تک خانقاہوں میں تصوّف کی تعلیم بھی رائج تھی، مثلاً ابن خَلْدُون ۷۸۴ھ/۱۳۸۳ء سے، جب کہ وہ قاہرہ آیا، پہلے الازہر میں درس دیتا رہا اور پھر اسے چھوڑ کر کسی دوسری جگہ درس دینے لگا (ابن خَلْدُون: تعریف، ص ۲۴۸)۔ عثمانلی ترکوں کا عہد قاہرہ میں علوم کے زوال کا زمانہ تھا۔ ابراہیم سَلَامہ: (*L'enseignement*، ص ۱۱۱-۱۲۱)، نے اس کے یہ اسباب بتائے ہیں: اقتصادی اضطراب، مصر کا مفلس کر دیا جانا، اوقاف کے مداخل میں کمی یا بعض اَور مقاصد کے لیے ان کا بیجا خرچ (عثمانلی ترک فقہ حنفی پر عامل تھے، جس میں قاضی کو اس امر کی اجازت ہے کہ وہ کسی وقف کی شرائط میں ترمیم کر دے)، اور آخر میں صوفی خانقاہوں کا غلبہ، جس کا نتیجہ یہ تھا کہ انھوں نے مدرسوں کی جگہ لے لی۔ تصوّف کے علاوہ دوسرے علوم کی جو کچھ تعلیم باقی رہی وہ سب الازہر میں مرکوز تھی۔ اس دور کی زیادہ نہیں تو ایک ہزار ایسی تصنیفات کے نام جو الازہر کے کتب خانے اور اس کے جوار کی مساجد میں محفوظ تھیں حاجی خلیفہ، طبع فلوگل، ۷: ۳-۲۲، کے حوالے سے بتائے جا سکتے ہیں۔ دو ہزار سے زیادہ کتابوں کی، جو غالبًا الازہر میں شامیوں کے رِواق کی ملکیت تھیں، فہرست اٹھارھویں صدی کے ایک مخطوطے میں موجود ہے (شمارہ ۴۷۶ء۴، Slane: کتب خانۂ ملّیہ پیرس) (عثمانلی عہد کے لیے مزید دیکھیے گِب H. A. R. Gibb اور Harold Bowen: *Islamic Soc- iety and the West*، ج ۱، حصّہ ۲، لنڈن ۱۹۵۷ء، بہ اِمدادِ اشاریہ)۔

لیکن اس کے بعد اور انیسویں صدی عیسوی کے خاتمے تک علم و فضل کا دار و مدار محض کتبِ متداولہ کے مجموعی مواد کو ازبر کر لینے پر منحصر ہو گیا، جو پشتہا پشت کے اضافوں سے گراں بار تھا۔ اُن بڑی تصانیف کے براہِ راست مطالعے کی جگہ جن سے افکار میں بلندی پیدا ہو سکتی تھی درسی رسالوں، شرحوں، حواشی اور ان حواشی کی ذیلی شرحوں (تقاریر) کا مطالعہ شروع ہو گیا۔ طلّاب کی ساری قوتِ حافظہ اس سعی پر صرف ہو جاتی تھی جو اس پیچ در پیچ علمی مواد کو ازبر کرنے کے لیے درکار تھی، جسے کسی معلّمانہ طریقے سے ہرگز پیش نہیں کیا جاتا تھا۔ ثقافتِ عمومی معدوم تھی۔ حساب کی تعلیم اُن ابتدائی قاعدوں تک محدود تھی جو میراث کی تقسیم میں کام آتے ہیں اور ہیئت کی تعلیم صرف نماز کے اوقات اور قمری مہینوں کی پہلی تاریخ معیّن کرنے (المِیقات) تک رہ گئی تھی، لیکن ازمنۂ وسطیٰ میں قاہرہ کی ذہنی اور علمی سرگرمیوں کا اندازہ اس بعد کے دورِ انحطاط سے نہ کرنا چاہیے۔

ازمنۂ وسطیٰ میں الازہر کے ناظر (یعنی مہتمم) کا منصب کسی اونچے درجے کے سرکاری عہدے دار کو ملتا تھا۔ اس کے علاوہ ہر رِواق کا، جسے ازمنۂ وسطیٰ کی یورپی یونیورسٹیوں کے طبقات یا درجات ('nations') کے مماثل سمجھنا چاہیے اور ہر تعلیمی شعبے کا رئیس (شیخ، نقیب) الگ الگ ہوا کرتا تھا۔ عثمانلی عہد کے وقت سے الازہر میں ایک شیخ الازہر، یعنی امیر جامعہ، مقرّر ہونے لگا، جو استعفا، برطرفی یا اپنی وفات تک اس عہدے پر فائز رہتا تھا۔ مختلف شعبوں کے شیوخ اس کے ماتحت ہوتے تھے اور وہ خود حکومت کے سامنے براہِ راست جواب دہ ہوتا تھا۔ الجَبَرْتی نے ان شیوخ کے ناموں کی ایک نامکمّل فہرست اٹھارھویں صدی عیسوی کے آغاز سے دی ہے (دیکھیے نیچے شق ۵)۔ علی پاشا مبارک (الخِطَط الجدیدۃ، ۴:۲۶-۳۰) نے ۱۸۷۵ء میں، یعنی اصلاحات جدیدہ کے آغاز کے وقت، الازہر کی زندگی کی کیفیت تحریر کی ہے۔ اس بیان سے ہم پرانے رسم و رواج کا کچھ اندازہ کر سکتے ہیں، یعنی یہ کہ طلّاب حلقوں میں منقسم ہوتے تھے (حلقہ کے لغوی معنی دائرہ ہیں، لیکن یہاں مراد نصابِ تعلیم ہے)۔ طلّاب اپنے مُعلّم کے گرد مسجد کی چٹائی (حصیرہ) پر بیٹھتے تھے اور معلّم خود ایک ذرا اونچی اور چوڑی آرام کرسی پر ترکوں کی طرح [یعنی مربّع یا آلتی پالتی مار کر] بیٹھتا تھا۔ یہ آرام کرسی کسی نہ کسی ستون کے نیچے رکھی رہتی تھی۔ ہر ستون کسی مقرّرہ مُعلّم کے لیے مخصوص ہوتا تھا اور ۱۸۷۲ء تک کسی ایک فقہی مذہب کی بلا حجّت ملکیت متصوّر ہوتا تھا۔ صبح کے درس سب سے ضروری مضامین، یعنی تفسیر، حدیث اور فقہ کے لیے مخصوص تھے۔ دوپہر کے وقت عربی زبان پڑھائی جاتی تھی۔ دیگر مضامین کی تعلیم ظہر کے بعد دی جاتی تھی۔ ہر درس کے خاتمے پر طلّاب اپنے معلّم کا ہاتھ چومتے تھے۔ ازہری طالب علم کی گزران اس قلیل خوراک پر ہوتی تھی جو باقاعدہ تقسیم کی جاتی (جرایات)۔ کچھ مدد اسے اپنے گھر سے ملتی اور اکثر مزید روزی حاصل کرنے کے لیے وہ کوئی نہ کوئی کام اختیار کر لیتا تھا؛ مثلاً قرآن خوانی، کتابت وغیرہ۔ وہ مسجد میں یا شہر میں رہتا تھا۔ نصاب ختم کرنے پر کوئی امتحان نہیں لیا جاتا تھا۔ بہت سے طلبہ الازہر میں خاصی بڑی عمر کے ہوتے تھے۔ جامعہ سے رخصت ہونے والوں کو ''اجازہ'' یا پڑھانے کا لائسنس مل جاتا تھا۔ یہ ایک سند ہوتی تھی جو اس معلّم کی طرف سے دی جاتی تھی جس سے طالب علم تحصیلِ علم کرتا رہا ہو اور اس میں طالب علم کی محنت و استعداد کی تصدیق کی جاتی تھی۔ استاد و شاگرد کے تعلّقات بالعموم باپ بیٹوں کے سے ہوتے تھے، جن میں شاذ و نادر ہی کسی سرکشی سے خلل واقع ہوتا تھا؛ مگر طلّاب کی حریف جماعتوں کے مابین اکثر مناقشات رہتے تھے۔ دارالعلوم کا ایک منتظم (جندی، proctor) قواعد و ضوابط کی پابندی کرانے، کتابوں کی حفاظت کرنے اور سامان خوراک کی اجناس تقسیم کرنے پر مامور تھا۔ اس کے ماتحت چند افراد کا ایک عملہ ہوتا تھا۔ ۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء

میں ۳۶۱ مُعلّمین اور ۱۰۷۸۰ طلّاب کی تقسیم بصورت ذیل تھی: شافعی: ۱۴۷ مُعلّم، ۵۶۵۱ طلّاب؛ مالکی: ۹۹ معلّم، ۳۸۲۶ طلّاب؛ حنفی: ۶۷ معلّم، ۱۲۷۸ طلّاب۔ حنبلیوں کی نمائندگی بہت کم تھی، یعنی صرف ۳ معلّم، ۲۵ طلّاب۔ ان کے علاوہ کچھ طلبہ ایسے بھی تھے جن کے نام رجسٹر میں درج نہ تھے۔ طلّاب ۱۵ حاروں اور ۳۸ رواقوں میں منقسم تھے (الخِطَط الجدیدۃ، ۴: ۲۸)۔ ان میں متعدّد غیر ملکی طلّاب بھی تھے (دیکھیے رواقوں کی فہرست، [آ]، طبع اوّل، بذیل مادّہ ''ازہر''، شق ۲ و ۶)۔ تعطیل ماہ رجب سے شروع ہوتی تھی اور وسط شوّال میں ختم ہوتی تھی۔ اس کے علاوہ بیس دن کی تعطیل بیرام (عید قربان) کے موقع پر اور اتنی ہی طَنطَہ کے ولی اللہ احمد بدوی اور دوسرے اولیاے کرام کے عرس (مولد) کے موقع پر ہوتی تھی (الخِطَط الجدیدۃ، ۴: ۲۸)۔

(۴) الازہر کی اصلاح: بوناپارٹ کی مہمّ سے مصر کو جو دھکا لگا اور اس کے بعد محمد علی اور اس کے جانشینوں نے مصر میں تہذیبِ جدید پھیلانے کی جو کوششیں کیں ان کا یا تو الازہر نے کوئی اثر نہ لیا اور یا مخالفت برتی۔ انفرادی طور پر بعض لوگ [نئی تحریک کے] حامی تھے، لیکن اکثریت کی غیر متزلزل سرد مہری نے انھیں کچھ کرنے نہ دیا۔ یورپ کے بعض تصوّرات کے اثر سے الازہر بجا طور پر خائف تھا؛ لیکن یہ سمجھنے والے بہت کم تھے کہ یورپ کی لائی ہوئی چیزوں میں جو اسلام کے نزدیک قابلِ قبول ہیں اور جو ناجائز ہیں اُن میں حدِ فاصل کس طرح کھینچی جائے۔ ایک گروہ خاموش مزاحمت پر اڑا رہا۔ بایں ہمہ ازہریوں ہی میں سے (کیونکہ اس وقت کوئی اَور تعلیم یافتہ گروہ موجود ہی نہ تھا) مصر جدید کا فعّال دستہ چنا گیا (مثلاً مصر کا تعلیمی وفد، جو ۱۸۲۵ - ۱۸۳۱ء میں رفاعۃ الطَّہطاوی کی سرکردگی میں پیرس بھیجا گیا؛ محمد عیّاد الطّنطاوی کا سفر روس اور بعد ازاں سعد زَغلُول اور مفتی عبدہٗ وغیرہ)؛ لیکن یہ لوگ ہمیشہ الازہر کے قدامت پسند عنصر کا راستہ کاٹ کر چلے، کیونکہ ان کا ظہور اور طرزِ عمل قدامت پرست علما کا سا نہ تھا۔ انیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں الازہر کو ایک دینی دارالعلوم تو بجا طور پر کہا جا سکتا تھا، لیکن اس وقت یہ ایک مکمّل جامعہ کہلانے کا مستحق نہ تھا جہاں عصرِ حاضر کے ان سب علوم کی تعلیم دی جاتی ہو جو ملک کی بیداری کے لیے ضروری تھے۔ بہر کیف معلوم ہوتا ہے کہ ان دنوں الازہر کا قدامت پسند طبقہ (الازہر کے اندر یا باہر) نئے علمی شعبوں کی تخلیق و ترویج یا الازہر کی دینی تعلیمات کے نظام و نصاب کی اصلاح کی ضرورت کو سمجھنے سے قاصر تھا اور یورپ کی تقلید سے نجس ہو جانے کے خوف نے ہر اقدام کو مفلوج کر رکھا تھا۔

ان سب باتوں کے باوجود الازہر کو اصلاح کا راستہ اختیار کرنا پڑا۔ اس کے معاملات میں حکومت کی مداخلت، جو اب روز مرّہ کی بات ہو گئی تھی اور جسے بعض اوقات ازہری ناخوشی ہی سے برداشت کرتے تھے، اس موقع پر فیصلہ کن ثابت ہوئی۔ جب حکومت خود اصلاحات کی مخالف تھی (مثال کے طور پر محمد عبدہٗ کے آخری ایّام میں) تو قدامت پسند عناصر نے، جن کے مقابل کی اَور کوئی طاقت نہ تھی، ہر چیز کو مفلوج کر رکھا تھا۔ اصلاحات کے نفاذ کے لیے خدیوی (بعد میں شاہی) اختیارات ہی کام دے سکتے تھے۔ اصلاح کے اہمّ مدارج یہ تھے: (۱) ۱۲۸۸ھ/۱۸۷۲ء میں فرمان صادر ہوا کہ نصابِ تعلیم کے اختتام پر سند دی جایا کرے گی؛ ہر سال زیادہ سے زیادہ چھ طلّاب گیارہ مضامین میں ایک طویل اور دقّت طلب امتحان میں شرکت کیا کریں گے؛ اس امتحان میں کامیاب ہونے والوں کو ''عالم'' (حسبِ لیاقت درجۂ اوّل، درجۂ دُوم، درجۂ سوم) کا لقب ملے گا؛ اس سے ان کے لیے بعض مادّی فوائد یقینی ہو جائیں گے اور انھیں الازہر میں درس دینے کا حق حاصل ہو جائے گا؛ لیکن یہ اقدام بھی صریحًا ناکافی تھا (الخطط الجدیدۃ، ۴: ۲۷ - ۲۸؛ روزنامہ وادی النّیل، مؤرّخہ ۲۶ فروری ۱۸۷۲ء)۔ (۲) ۱۸۷۲ء ہی میں اعلٰی تعلیم کا ایک دارالعلوم قائم کیا گیا، جہاں سے کچھ ازہری تخصُّص کی سند لے کر جدید مدارس میں تعلیم دینے کے لیے تیار ہو سکتے تھے (محمد عبدالجوّاد: تقویم دار العلوم، قاہرہ ۱۹۵۲ء، خلاصہ در *MIDEO*، ۱: ۱۶۰-۱۶۲)۔ (۳) ۱۳۱۲ - ۱۳۱۳ھ/۱۸۹۵ء میں خدیو عبّاس نے ایک مجلس شورٰی، بنام مجلس ادارۃ الازہر قائم کی، جس کے ارکان الازہر کے اور اس کے باہر کے لوگوں پر مشتمل تھے۔ یہ ادارہ، جس کے قیام کا مطالبہ محمد عبدہٗ نے کیا تھا، ۱۸۹۶ء کی اصلاحات کا پیش خیمہ تھا۔ محمد عبدہٗ اس مجلس کے رکن اور اس کی رُوح و رواں تھے۔ (۴) ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۵ء میں طَنطَہ، دَمیاط اور دَسُوق کی درس گاہوں کو الازہر سے ملحق کر دیا گیا۔ (۵) اساتذہ اور معلّمین کی تنخواہوں کے بارے میں، جن میں سے بعض کے مشاہرے بہت قلیل تھے، ایک فرمان جاری ہوا۔ (۶) ۲۰ محرّم ۱۳۱۴ھ/یکم جولائی ۱۸۹۶ء کو محمد عبدہٗ کی تحریک پر ایک قانون نافذ کر دیا گیا، جس کی رُو سے قرار پایا کہ الازہر کی مجلس الازہر کے تین علما اور حکومت کے نامزد کردہ دو سرکاری علما پر مشتمل ہو گی۔ اس قانون کی رُو سے الازہر میں داخلے کی کم سے کم عمر پندرہ سال مقرر کر دی گئی اور داخلے کی شرط یہ رکھی گئی کہ داخل ہونے والا پڑھنا لکھنا جانتا ہو اور اسے آدھا قرآن حفظ ہو۔ اس قانون کی رو سے لائحۂ تعلیم کی ازسرِ نو تنظیم کی گئی اور یہ قید لگا دی گئی کہ نئے طلّاب کو حواشی نہ پڑھائے جائیں، بلکہ ان کا مطالعہ پرانے طلّاب تک محدود رکھا جائے۔ دو امتحان مقرّر کر دیے گئے: پہلا امتحان آٹھ سال کی تعلیم کے بعد قرار پایا، جس میں کامیاب ہونے والوں کو ''اہلیت'' کی سند مل سکتی تھی اور دوسرا بارہ سال کے مطالعے کے بعد، جس میں کامیابی پر ''عالمیت'' کی سند دی جا سکتی تھی (اس کے تین امتیازی درجے رکھے گئے) نصاب میں عصر حاضر کے مضامین شامل کیے گئے، جن میں کچھ تو لازمی قرار پائے (جیسے ابتدائی حساب اور الجبر والمقابلہ) اور کچھ اختیاری (جیسے تاریخ اسلام، انشاء، مبادی جغرافیہ وغیرہ)۔ تعطیلات (گرما، رمضان، عید قربان) کی مدّت مقرّر کر دی گئی۔ حفظِ صحت کے امور کی نگرانی کے لیے ایک طبّی افسر مقرّر کر دیا گیا۔ نصاب تعلیم کی مقررہ کتب کی فہرست بنائی گئی۔ اس قانون کے نفاذ میں شدید مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا، جس کا اظہار اخبارات میں بھی ہوا۔ (۷) ۱۹۰۳ء میں الاسکندریہ میں ایک درس گاہ (انسٹی ٹیوٹ)

قائم کی گئی، جو الازہر سے ملحق تھی۔ (۸) مُحرّم ۱۳۲۵ھ/فروری۔ مارچ ۱۹۰۷ء کے ایک قانون کی رُو سے الازہر میں (شرعی عدالتوں کے لیے) قضاۃ کا ایک مدرسہ قائم کیا گیا۔ (۹) ۱۲ صفر ۱۳۲۶ھ/ ۶ مارچ ۱۹۰۸ء کے ایک قانون کی رُو سے الازہر کی تعلیم تین درجوں، ابتدائی، ثانوی اور اعلٰی میں تقسیم کر دی گئی، ہر درجے کی میعادِ تعلیم چار سال مقرّر ہوئی اور ہر درجے کے آخری امتحان کے بعد سند ملنے لگی۔ ۱۸۹۶ء کے اختیاری مضامین لازمی بنا دیے گئے۔ اس قانون کو الازہر کی خود مختاری کے لیے ایک ضربِ شدید سمجھا گیا اور اس کے خلاف بہت شور مچا۔ قاہرہ اور طنطہ میں تو طلّاب کی شورشیں رونما ہوئیں (جنھیں جلد ہی دبا دیا گیا) مگر اَور کسی جگہ نہیں؛ فیصلہ کیا گیا کہ اس قانون کو بتدریج نافذ کیا جائے گا۔ (۱۰) دسمبر ۱۹۰۸ء میں مغربی طرز کی آزاد قاہرہ یونیورسٹی قائم ہوئی، جو مغربی طرز کی موجودہ چار یونیورسٹیوں کا پیش خیمہ تھی۔ اس سے ایک ایسے مقابلے کا آغاز ہو گیا جو الازہر کے لیے تکلیف دہ ثابت ہوا۔ (۱۱) ۱۴ جمادی الاولٰی ۱۳۲۹ھ/۱۳ مئی ۱۹۱۱ء کا قانون ۱۹۰۸ء کی صدائے بازگشت تھا۔ اس کی رُو سے قرار پایا کہ شیخ الازہر کو خدیو نامزد کیا کرے گا، مجلس ادارۃ الازہر کی توسیع کر دی گئی (جس میں شیخ الازہر، چاروں مذاہب کے شیوخ، اوقاف کا ناظم اعلٰی اور مجلس وزرا کے فیصلے کے مطابق تین نامزد ارکان رکھے گئے)۔ تیس بڑے علما کا، جو تیس مخصوص شعبوں کے صدر تھے، ایک محکمہ (tribunal) قائم کر دیا گیا، جن میں سے شیخ الازہر چنا جائے۔ جامعہ میں داخلے کی شرائط میں عمر کی شرط دس تا سترہ سال کر دی گئی۔ باقی دفعات وہی رکھی گئیں جو ۱۸۹۶ء کے قانون میں تھیں۔ علومِ حاضرہ کے درس میں تھوڑا سا اضافہ کر دیا گیا، وغیرہ۔ یہ قانون ابھی تک مخالفت کا تختۂ مشق بنا ہوا تھا کہ ایک دل چسپ مسئلہ یہ پیدا ہوا کہ دار العلوم اور مدرسۃ القضاۃ کے فارغ التحصیل طلّاب کو سرکاری عہدے الازہر کے فارغ التحصیل طلّاب کی بہ نسبت زیادہ آسانی سے مل جاتے اور وہ زیادہ کما لیتے تھے۔ (۱۲) ۱۹۲۱ء میں داخلے کی شرط یہ کر دی گئی کہ نصف قرآن کی جگہ سارا قرآن حفظ ہو۔ (۱۳) ۱۳ محرّم ۱۳۴۲ھ/ ۲۶ اگست ۱۹۲۳ء کے قانون کی رُو سے اعلٰی ترین درجۂ تعلیم کا نام "تخصُّص" رکھا گیا اور اس کی متعدّد شاخیں تھیں۔ مدرسۃ القضاۃ، جو ۱۹۰۷ء سے کبھی ایک اَور کبھی دوسری وزارت کے ساتھ منسلک ہوتا چلا آ رہا تھا، بالآخر الازہر سے متعلّق کر دیا گیا اور اس کی الگ حیثیت کا خاتمہ کر کے اسے درجۂ تخصّص ہی کا ایک شعبہ بنا دیا گیا (۱۹۲۳ - ۱۹۲۵ء)۔ اس دوران میں الازہر سے متعدّد وفود تحصیل علم کے لیے یورپ گئے، تاکہ واپس آ کر الازہر میں درس دیں۔ (۱۴) ۱۹۲۵ء میں قاہرہ میں آزاد یونیورسٹی کی جگہ سرکاری یونیورسٹی (جامعۃ فؤاد الاوّل) قائم ہوئی۔ (۱۵) ۲۴ جمادی الاُخرٰی ۱۳۴۹ھ/۱۶ نومبر ۱۹۳۰ء کے قانون کی رُو سے یہ قرار پایا کہ علمائے کبار کا محکمہ اس امر کا فیصلہ کرنے کا مجاز ہے کہ کوئی عالم کسی ایسے فعل کا مرتکب ہوا ہے جو اس کے مرتبے کے شایان نہ تھا۔ اس قانون نے مجلسِ شورٰی کی مزید توسیع کر دی (مفتی اعظم، مذاہب اربعہ کے شیوخ کی جگہ تین کلیات علوم کے شیوخ، وغیرہ)۔ اسی قانون کی رُو سے قرار پایا کہ داخلے کے وقت طالب علم کی عمر سولہ سال سے کم ہونا چاہیے (البتہ غیر ملکی طلّاب کے لیے اٹھارہ سال کی عمر رکھی گئی اور انھیں پورے قرآن مجید کا حافظ ہونے کی شرط سے مستثنٰی کر دیا گیا)۔ اس قانون کی رُو سے جن تین کلّیات کی تشکیل عمل میں آئی (یعنی قانونِ اسلامی یا شرعیہ، دینیات یا اصول الدین اور عربی زبان یا اللغۃ العربیہ) ان میں سے ہر ایک میں ابتدائی درجے کا نصاب چار سال کا، ثانوی درجے کا پانچ سال کا اور اعلٰی تعلیم کا چار سال کا مقرّر رہا اور مناسب صورتوں میں ان کلّیات میں جو صرف قاہرہ میں تھیں مزید تخصُّص حاصل کرنے کی اجازت دی گئی۔ اعلٰی معیار (عالمیت) کے لائحۂ تعلیم کی تکمیل اس طرح کی گئی کہ جنھوں نے کسی مخصوص شعبے میں امتیاز حاصل کیا ہو انھیں اسی کے مطابق مخاطب کیا جانے لگا، مثلاً فلاں فلاں مضمون کا "استاذ" وغیرہ۔ جو طلّاب مقرّرہ نصاب کی تعلیم نہیں حاصل کر سکتے تھے ان کے لیے ایک عمومی شعبہ قائم کر دیا گیا۔ تعطیلات کا تعیُّن سال بسال ہونے لگا۔ (۱۶) ۳ محرّم ۱۳۵۵/ ۲۰ مارچ ۱۹۳۶ء کے قانون نے، جو ۱۹۵۵ء تک بھی نافذ تھا، یہ شرط لگا دی کہ داخلے کے وقت طالب علم کی عمر بارہ سے سولہ سال تک ہونا چاہیے اور تخصُّص کی تعلیم کی مدّت دو سال ہو۔ مضامینِ تعلیم کے بارے میں جو قواعد بنائے گئے (ان کی مزید تفصیل بعد میں شائع ہونے والے لوائح نصاب (syllabuses) میں دی جانے کو تھی)۔ ان کی بدولت یہ قانون گویا عصرِ حاضر کی تعلیم کا حقیقی منشور (چارٹر) بن گیا ہے۔ اس میں قدیم مضامین کے علاوہ حسبِ ذیل مضامین قابلِ ذکر ہیں: انگریزی یا فرانسیسی زبان (اصول الدّین کے کلّیے کے لیے لازمی، باقی ماندہ دو کلّیوں کے لیے اختیاری)؛ اصول الدین اور اللغۃ العربیہ کے کلّیوں کے لیے مبادیِ فلسفہ، تاریخ فلسفہ، وغیرہ اور کلّیۃ الشریعہ کے لیے مشترک بین الاقوامی قانون اور قانونِ قیاسی (comparative law) کا مطالعہ لازم کیا گیا۔ تخصُّص کی بعض شاخوں میں ایک اَور مشرقی زبان (شعبۂ وعظ و ارشاد میں) یا مبادیات عبرانی اور سریانی (شعبۂ نحو و بلاغت میں) یا تاریخِ مذہب وغیرہ کو لازمی قرار دیا گیا۔ ثانوی درجے کے معمولی نصاب ("نظامی") میں جدید علوم میں سے منطق اور فنّ بلاغت، طب (بہ استعمال خوردبین)، کیمیا، علم حیوانات و نباتات، تاریخ، جغرافیہ شامل تھے اور ابتدائی تعلیم کے نصاب میں تاریخ، جغرافیہ، حساب، الجبر والمقابلہ (بسیط مساوات تک، جن میں صرف ایک غیر معلوم چیز ہو) اور حفظِ صحت کے مبادیات۔ قسم البعوث کی تعلیم، جو ان غیر ملکی طلّاب کے لیے مخصوص تھی جو جامعہ کے معمولی نصاب میں نہیں چل سکتے تھے، بارہ سال کی تعلیم پر مشتمل تھی۔ یہ قسم چار چار سال کے تین درجوں پر مشتمل ہے، جن کا نصاب تعلیم ذرا سہل ہے۔ علوم جدیدہ میں سے انھیں صرف حساب، تاریخ، جغرافیہ اور منطق پڑھایا جاتا تھا؛ مگر یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ مذکورۂ بالا جدید مضامین کو درس و تدریس میں ایک ثانوی حیثیت دی جاتی ہے اور ان پر کم وقت صرف کیا جاتا ہے۔ (۱۷) ۱۹۴۵ء میں دار العلوم کو ایک کُلّیے کی حیثیت سے قاہرہ یونیورسٹی سے ملحق کر دیا گیا۔ ۱۹۵۲ء میں دار العلوم محض ازہریوں کے لیے مخصوص نہ رہا بلکہ اس میں دوسرے سرکاری مدارس کے

طلاب بھی داخل کیے جانے لگے۔ ۱۹۵۴ء میں لڑکیوں کے لیے ایک شعبہ کھولا گیا۔ (۱۸) ۱۹۵۴ء میں الازہر کے لائحۂ تعلیم میں معمولی سی تبدیلی کی گئی، یعنی اللغۃ العربیہ کے کُلّیے کے لیے ایک غیر ملکی زبان لازمی قرار دے دی گئی۔ اساتذہ کے لیے سبک دوشی کی عمر پینسٹھ سال مقرر ہوئی اور یہ قاعدہ علماے کبار (صدور) پر بھی عائد کیا گیا، جو پہلے عمر بھر کے لیے مقرر ہوتے تھے۔ (۱۹) ۱۹۵۵ء میں شرعی عدالتیں موقوف کر دی گئیں، جس سے کلیّۂ شرعیہ کے ازہریوں کے مستقبل کا بڑا دروازہ بند ہو گیا۔ ۱۹۵۷ء تک ہر چیز تیار تھی، صرف اس کام کے لیے میزانیہ میں روپے کی منظوری کا مرحلہ باقی تھا۔

۱۹۵۳ء میں الازہر کے کلّیات میں طلاب کی تعداد بالترتیب یوں تھی: کلّیۂ شریعہ: ۱۶۰۳، کلّیۂ لغت عربیہ: ۱۶۵۵، کلّیۂ اصول الدین: ۷۰۷۔ ملحقہ مدارس و مکاتب میں ابتدائی درجے کے طلاب ۱۲۳۹۸، ثانوی درجے کے ۶۵۵۹، اور مسلکہ درجات میں ۳۰۷۳، آزاد درس گاہوں میں کل ۲۴۴۵۸ طلاب تھے۔ ۱۹۵۵ء سے مصر کے حسب ذیل شہروں میں کچھ درس گاہیں الازہر سے (بہ لحاظ نصاب تعلیم یا ''نظامی'') بلاواسطہ ملحق ہیں: (ا) ابتدائی اور ثانوی درس گاہیں: قاہرہ، طنطہ، منصورہ، شِبِّین، الکُوم، قنا، سُہاج، جُرجا (گرگا)، اَسیُوط، مِنْیا، فَیُّوم، مَنُوف، سَمَنُّود، زقازِیق، دَسُوق، دمیاط، الاسکندریّہ، دَمَنْہُور میں؛ (ب) صرف ابتدائی درس گاہیں: بنی سُوَیف، بَنْہا، کفر الشیخ میں۔ (ج) آزاد مدارس زیر نگرانی (تحت الاشراف) الازہر: طَہطا، بِلْسفُورۃ، بنی عدی، ملّاوی، ابو قُرقاص، ابوکبیر، فاقُوس، مِنْشاوی، قاہرہ (عثمان ماہر) میں۔

۱۹۵۳ء میں غیر ملکی طلاب کی تعداد حسب ذیل تھی: سُودان کے ۲۶۳۴، نائیجیریا، غانا اور سنیگال کے ۱۴۱؛ حبشہ، ایری ٹیریا، صومالستان اور زنجبار کے ۳۰۹؛ فرانسیسی سُودان کے ۵۷؛ یوگنڈا اور جنوبی افریقہ کے ۳۷؛ ہندوستان اور پاکستان کے ۴۶؛ چین کے ۸؛ جاوا اور سماٹرا کے ۸۰؛ افغانستان کے ۱۳؛ کویت کے ۶؛ عراق، بحرین اور ایران (رِواق الاکراد) کے ۲۱؛ ترکی، البانیا، یوگوسلاویا (رِواق الاتراک) کے ۲۰۶؛ شام، لبنان، اردن اور فلسطین (رِواق الشوام) کے ۲۴۷؛ یمن کے ۲۰؛ شمالی افریقہ اور لیبیا (رِواق المغاربہ) کے ۲۶۷؛ حجاز کے ۱۷؛ میزان: ۴۵۸۶۔

۱۹۵۳ء میں علماے ازہر کی جماعت کے ۱۱۲ معلّم یا واعظ حسب ذیل ملکوں میں تبلیغ کے لیے گئے ہوئے تھے: عراق میں ۲، کویت میں ۱۶، سُودان (امّ دُرمان کی درس گاہ) میں ۲۳، فلپائن کے مسلم ہائی سکول میں ۹، اریٹریا (درس گاہ اَسْمَرہ میں) ۷، مَلَکَّل میں ۵، بُرْقہ میں ۳، غَزّہ میں ۱، حجاز میں ۴، لبنان میں ۵، لنڈن کے مرکز ثقافتِ اسلامیہ میں ۱، واشنگٹن کے مرکز ثقافتِ اسلامیہ میں ۱، استوائی افریقہ میں ۱، شام میں ۳، جُوبا کے سکول میں ۳، (۱۹۵۳ء کے اعداد و شمار ماخوذ از السجلّ الثقافی سَنَۃ ۱۹۵۳ء، قاہرہ ۱۹۵۵ء، ص ۴۷۳ - ۴۷۴؛ ساطع الحُصری: حَوْلیّۃ الثّقافۃ العربیّۃ، قاہرہ ۱۹۵۴ء، ۴: ۳۰۱).

۱۹۲۷ء کے قانون شمارہ ۱۵ کے نفاذ کے وقت تک الازہر بلاواسطہ بادشاہ کے سامنے جواب دہ تھا۔ اس وقت تک مجلس وزرا کے لیے ضروری تھا کہ شیخ الازہر وغیرہ کے تقرر کے معاملے میں بادشاہ کی راے کو ملحوظ رکھے۔ اس کا میزانیۂ آمد و خرچ حکومت کی منظوری کے لیے پیش ہوتا تھا اور مسلسل بڑھتا گیا (۱۹۱۹ء میں ۱۳۶۰۰۰ مصری لیرا؛ ۱۹۵۴ء میں ۱۶۱۷۲۰۰ مصری لیرا، جس میں اوقاف کی آمدنی سے صرف ۹۴۳۸۰ مصری لیرے وصول ہوے اور باقی رقم وزارتِ مالیات نے دی)۔ وظائف سے جملہ طلاب اور متعلّمین مستفید ہوتے تھے اور جب انھیں سرکاری اقامت خانوں میں جگہ نہ ملتی تو ان کے طعام و قیام کے لیے بھی وظیفے دیے جاتے تھے۔ ۱۹۵۵ء میں یہ وظیفہ ابتدائی اور ثانوی درجوں کے لیے تقریباً پچاس پیاسٹر ماہانہ تھا۔ کتابیں اور عطایا، جو مصر کی خیراتی انجمنوں کی طرف سے آتے تھے، ان کے علاوہ ہیں۔ غیر ملکیوں کے لیے رہنے سہنے کا کم از کم وظیفہ ڈھائی لیرا مصری تھا۔ کلّیات کے طلاب کو بھی مالی امداد مل سکتی تھی، جو پانچ لیرا مصری سے بھی کچھ زیادہ تک ہوتی تھی۔ سُودانیوں سے ترجیحی سلوک کیا جاتا تھا اور انھیں آٹھ لیرا مصری وظیفہ ملتا تھا۔ بعض ملک اپنے ملک کے طلاب کے قیام و طعام کے لیے خود بھی امدادی رقم بھیج کر وظیفے میں اضافہ کر دیتے تھے۔ ۱۹۵۳ء سے مؤتمر اسلامی بھی بعض ازہریوں کی مدد کرنے لگی (*MIDEO*، ۳: ۴۷۱ - ۴۷۸)۔ اسی طرح دار العلوم بھی طلاب کی مدد کرتا تھا (یہ امداد ان طلاب کے لیے موقوف کر دی گئی جو ۱۹۵۳ء کے بعد داخل ہوے تھے)۔ ان معقول مالی اعانتوں کی وجہ سے الازہر ایک ایسی واحد درس گاہ بن گئی اور اب تک ہے جس میں غریب خاندانوں کے نوجوان اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں (ماسوا سرکاری یونیورسٹی کے امدادی وظائف (bursaries) کے)۔ آج کل ازہریوں کے لیے طبّی امداد کا بھی انتظام ہو گیا ہے۔

مسجد کے کتب خانے میں، جس کا انتظام نہایت اعلیٰ ہے، بیس ہزار سے زیادہ مخطوطات ہیں اور ان کی مطبوعہ فہرست موجود ہے۔ بعض رواقوں کے کتب خانوں میں چند بڑے کام کے مخطوطات ہیں، لیکن ۱۹۵۵ء تک ان کی فہرست مرتّب نہیں ہوئی تھی۔ اس کے علاوہ ہر ادارے میں اپنے اپنے طلاب کے لیے الگ کتب خانہ ہے۔ ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۰ء سے الازہر کا ایک ماہانہ رسالہ شائع ہو رہا ہے، جو اساتذہ کا سرکاری ترجمان ہے۔ اس کا پہلا نام نور الاسلام تھا، جو چھٹے سال کے آخر میں تبدیل کر کے مجلّۃ الازھر کر دیا گیا۔ ایک دوسرا ماہانہ، جو شعبۂ وعظ و ارشاد کا ترجمان ہے، اب بھی نور الاسلام ہی کے نام سے چھپتا ہے۔ ان کے علاوہ بعض نصاب بھی طبع کیے جاتے ہیں اور بہت سے ازہری موجودہ مصر کی ادبی مطبوعات میں مضامین لکھتے رہتے ہیں۔ بے شمار فقہی سوالات کا، جن کے بارے میں الازہر سے استفتا کیا جاتا ہے، جواب دینے کے لیے ''لَجْنَۃُ الفتوٰی'' کے نام سے ایک مجلس ۱۳۵۴ھ/۱۹۳۵ء میں قائم کی گئی (صدر اور گیارہ دوسرے ارکان پر مشتمل، جو ہر مذہب سے تین تین کے حساب سے لیے جاتے ہیں)۔ اس مجلس کو اس دار الافتا

سے ملتبس نہ کرنا چاہیے، جو مصر کے مفتیِ اعظم کے ماتحت ہے۔

(۵) شیوخ کی فہرست: الجَبَرتی کے وقائع میں مشائخ الازہر کے نام ۱۱۰۰ھ سے محفوظ ہیں۔ لوگ مَشْیَخَۃ، یعنی شیخ الازہر کے عہدے کے بہت متمنّی رہتے تھے، جس پر ممتاز ترین علما فائز ہوتے تھے اور جس کے لیے مذاہب اربعہ کے درمیان طویل جھگڑے رونما ہوتے رہتے تھے۔ یہ مشائخ بہت مختلف معاشری طبقات سے لیے جاتے رہے، چنانچہ بعض جاگیردار امیروں کے خاندان سے تعلّق رکھتے تھے اور بعض ایسے معمولی لوگ تھے جو ابتدا میں حصول معیشت کے لیے کتابت کیا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر نے اٹھارھویں اور انیسویں صدی عیسوی میں شرحیں اور دوسری کتابیں لکھی ہیں، جن کا ان کے سوانح نگاروں نے ذکر کیا ہے۔ ۱۹۵۴ء میں الازہر کے میزانیۂ آمد وخرچ میں شیخ الازہر کے لیے دو ہزار مصری لیرا سالانہ کی رقم رکھی گئی (دیکھیے فہرست وحوالہ جات در الخفاجی: الازھر فی الف عام، قاہرہ ۱۳۷۴ھ، ۱: ۱۴۷-۱۹۶)۔ الجَبَرتی نے ایک تیسرے شخص کے سوانح حیات بیان کرتے ہوے ضمناً ایک شیخ الازہر کے نام کا حوالہ دیا ہے اور یہ سب سے پہلا نام ہے جو ہمارے علم میں آیا: (۱) محمد بن عبداللہ الخَرَشی (م ۱۱۰۱ھ/ ۱۶۹۰ء)؛ (۲) محمد النَّشَرتی (م ۱۱۲۰ھ)؛ (۳) عبدالباقی القَلْیُنی جس کی نامزدگی پر مسجد کے اندر لڑائی ہوگئی اور کچھ گولیاں بھی چلیں؛ (۴) محمد شَتَن، اپنے وقت کے سب سے زیادہ دولت مند اشخاص میں سے ایک (م ۱۱۳۳ھ)؛ (۵) ابراہیم بن موسٰی الفَیُّومی (م ۱۱۳۷ھ)؛ (۶) عبداللہ الشَّبْراوی، شاعر اور ظریف، جو صوفیہ کے ہاں بہت آمدورفت رکھتا تھا اور ان کی حمایت کرتا تھا (م ۱۱۷۱ھ)؛ (۷) محمد بن سالم الحِفْناوی الخَلْوَتی، صوفی اور فقیہ، مؤلف شروح وحواشی (م ۱۱۸۱ھ)۔ غالباً امیروں نے اسے زہر کھلا دیا۔ اس کا مزار لوگوں کے لیے مرجع عقیدت بن گیا (براکلمان، ۲: ۳۲۳؛ تکملہ، ۲: ۴۴۵)؛ (۸) عبدالرؤف السَّجینی (م ۱۱۸۲ھ)؛ (۹) احمد بن عبدالمُنْعِم الدَّمَنْہُوری (م ۱۱۹۲ھ)؛ (۱۰) عبدالرحمٰن العَرِیشی، حنفی مذہب کا، جس سے شیخ الحِفْناوی نے تصوف کے سلسلے میں بَیعت کی۔ اسے شافعی دباؤ کے ماتحت جلد ہی معزول کر دیا گیا؛ (۱۱) احمد العَرُوسی، صوفی اور شارح (م ۱۲۰۸ھ/ ۱۷۹۳-۱۷۹۴ء)؛ (۱۲) عبداللہ الشَّرقاوی، جس کے شیخ ہونے کے زمانے میں بونا پارٹ کی مہم واقع ہوئی، ایک فاضل شخص، جس کی تصانیف اس زمانے میں بکثرت پڑھی جاتی تھیں (م ۱۲۲۷ھ/ ۱۸۱۲ء)؛ (۱۳) محمد الشَّنَوانی، جس نے اپنے ایک حریف المہدی کو، جو برائے نام شیخ تھا، برطرف کرا کے اس کی جگہ سنبھالی (م ۱۲۳۳ھ)؛ (۱۴) محمد العَرُوسی (م ۱۲۴۵ھ)؛ (۱۵) احمد بن علی الدَّمْہُوجی (م ۱۲۴۶ھ)؛ (۱۶) حسن بن محمد العطّار [رک بآں]، جو بونا پارٹ کے فرانسیسیوں کا رفیق اور اصلاحات کا حامی تھا (م ۱۲۵۰ھ)؛ (۱۷) حسن القُوَیْسنی (م ۱۲۵۴ھ)؛ (۱۸) احمد الصّائم السَّفْطی (م ۱۲۶۳ھ)؛ (۱۹) ابراہیم بن محمد البَاجُوری (م ۱۲۷۷ھ)، مشہور عالم دین (براکلمان، ۲: ۴۸۷؛ تکملہ، ۲: ۴۱۷)؛ (۱۹ الف) چار سال کا خالی وقفہ، جس کے دوران میں چار ناظموں کی ایک مجلس الازہر کا انتظام چلاتی رہی؛ (۲۰) مصطفٰی العَرُوسی (۱۲۸۷ھ/ ۱۸۷۰-۱۸۷۱ء تک)، اس نے ان اصلاحات کے لیے راستہ ہموار کیا جو اس کے جانشین نے رائج کیں؛ (۲۱) محمد العبّاسی المہدی الحنفی، جس کی جگہ عُرابی پاشا کے خروج (۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۲ء) کے دوران میں محمد الاَنْبابی نے عارضی طور پر سنبھالی۔ بالآخر اس نے ۱۳۰۴ھ/ ۱۸۸۶ء میں اپنا عہدہ ترک کر دیا؛ (۲۲) محمد الاَنْبابی، زبردست عالم، لیکن ہر قسم کی جدت کا مخالف تھا۔ ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۵ء میں اس کے علٰیحدہ ہونے سے پہلے اس پر خاصی مدّت دباؤ ڈالا گیا (براکلمان: تکملہ، ۲: ۷۴۲)؛ (۲۳) حسُّونۃ النَّوَوی، ایک پختہ کردار شخص، جسے اہل مصر احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ وہ فقہی تعلیم میں اپنے تلامذہ پر بہت اثر انداز ہوا، جنھوں نے مصر کی سیاسیات میں اہم کردار ادا کیا۔ وہ الازہر کی مجلس انتظامیہ کا صدر رہا، ۱۸۹۶ء کی اصلاحات کے نفاذ کی نگرانی کے لیے منتخب کیا گیا اور ۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹ء میں مستعفی ہوا؛ (۲۴) عبدالرحمٰن قطب النَّوَوی، مقدّم الذکر کا بھائی، اسی سال فوت ہوگیا۔ اس کے جانشینوں کا پے در پے مستعفی ہونا اس بے چینی کو ظاہر کرتا ہے جو اصلاحات کی وجہ سے پیدا ہوئی؛ (۲۵) سلیم البِشْری، ایک متقی شخص، جس نے اپنی گزشتہ زندگی فقر وفاقہ میں بسر کی تھی۔ محدّثوں میں سے آخری [شیخ الازہر] (اسے حدیث کے تمام رواۃ کا پورا پورا علم تھا)۔ وہ محمد عبدہٗ اور ان اصلاحات کا جو اس کی تجویز سے عمل میں آئیں سخت مخالف تھا۔ وہ ۱۳۲۰ھ میں مستعفی ہوا؛ (۲۶) علی البیلاوی، ۱۳۲۳ھ میں مستعفی ہوا؛ (۲۷) عبدالرحمٰن الشِّرْبینی، جو اپنی دیانت وپرہیزگاری کی وجہ سے بہت محترم تھا، ۱۳۲۴ھ میں مستعفی ہوا؛ (۲۸) حسُّونۃ النَّوَوِی، دوسری دفعہ، ۱۹۰۸ء کے قانون کے نفاذ کی وجہ سے ۱۳۲۷ھ/ ۱۹۰۹ء میں مستعفی ہوا؛ (۲۹) سلیم البِشْری، دوسری دفعہ (م ۱۳۳۵ھ)؛ (۳۰) محمد ابوالفضل الجِیزَاوی (م ۱۳۴۶ھ/ ۱۹۲۸ء)؛ (۳۱) مصطفٰی المراغی، محمد عبدہٗ کا شاگرد، ۱۳۴۸ھ/ ۱۹۲۹ء میں مستعفی ہوا؛ (۳۲) محمد الاحمدی الظّواہری، ۱۳۵۴ھ/ ۱۹۳۵ء میں مستعفی ہوا؛ (۳۳) مصطفٰی المراغی، دوسری دفعہ (م ۱۳۶۴ھ/ ۱۹۴۵ء)؛ (۳۴) مصطفٰی عبدالرازق، ایک بہت صاحب ذوق شخص، محمد عبدہٗ کا مدّاح تھا۔ وہ لیونز (Lyons) یونیورسٹی (فرانس) میں عربی پڑھاتا رہا تھا اور بعد ازاں مصر کی یونیورسٹی میں اسلامی فلسفے کا استاد رہا۔ اسے شاہ فاروق نے شیخ نامزد کیا تھا، حالانکہ وہ علماے کبار کی جماعت میں سے نہ تھا۔ الازہر میں اس کے خلاف اس قدر شدید معاندانہ مظاہرے ہوے کہ وہ ۱۳۶۶ھ/ ۱۹۴۷ء میں دل کا دورہ پڑنے سے فوت ہوگیا؛ (۳۵) محمد مامون الشِّنّاوِی (م ۱۳۶۹ھ/ ۱۹۵۰ء)۔ اس کے بعد سے شیخ الازہر کے عہدے پر تقرر کی مختصر میعادیں مصری سیاست کے اندرونی محرّکات سے مطابقت رکھتی ہیں، یعنی نہر سویز کے علاقے میں برطانیہ سے کشمکش؛ ۲۶ جنوری ۱۹۵۲ء کے فسادات قاہرہ؛ ۲۳ جولائی ۱۹۵۲ء کا انقلاب حکومت۔ متعدّد مواقعوں پر حکومت نے شیوخ الازہر پر اپنے عہدے سے علٰیحدگی کے لیے دباؤ ڈالا؛ (۳۶) عبدالمجید سلیم، ۴ ستمبر ۱۹۵۱ء کو مستعفی ہوا؛ (۳۷) ابراہیم حَمُروش، ۱۰ فروری ۱۹۵۲ء کو مستعفی ہوا؛ (۳۸) عبدالمجید سلیم، دوسری دفعہ شیخ بنا اور ۱۷ ستمبر

۱۹۵۲ء کو مستعفی ہوا؛ (۳۹) محمد الخضر حسین، جنوری ۱۹۵۴ء کے آغاز میں مستعفی ہوا؛ (۴۰) عبدالرحمٰن تاج، پیرس یونیورسٹی کا دکتورِادب (Docteur des lettres)، ۸ جنوری ۱۹۵۴ء کو نامزد ہوا۔

(۶) اصلاحات کے نتائج: ایک غیر مسلم اور غیر مصری کے لیے ان نتائج کی تشخیص کرنا مشکل ہے، کیونکہ اس کے لیے یہ جاننا ضروری ہے کہ مجوّزہ لائحۂ عمل پر کس دل سے کام کیا گیا اور ہر صورت میں ان اصلاحات کے کون سے حصّے پر درجات میں عمل کیا گیا۔ باہر سے دیکھ کر صرف اتنا قیاس کیا جاسکتا ہے کہ ان معنی خیز اصلاحات کے باوجود جن کا ذکر اوپر کیا گیا کیفیتِ حال مکمل طور پر قابلِ اطمینان نہیں ہے۔ اس کے علاوہ خود اہلِ مصر کا طرزِ عمل بھی اسی کی غمّازی کرتا ہے، چنانچہ الازہر کے بہت سے اساتذہ اپنے بچوں کو تعلیم کے لیے اپنی درس گاہ میں نہیں بلکہ سرکاری سکولوں میں بھیج رہے ہیں۔ حکومت نے سرکاری یونیورسٹیوں کے اور الازہر کی اعلیٰ جماعتوں کے اساتذہ کے درمیان مساوات کا اصول تسلیم نہیں کیا ہے۔ الازہر کے علما اپنی درس گاہ میں معلّم ہیں اور امامت اور وعظ کرتے ہیں۔ یہ مناصب قانوناً ان کا حق ہیں، لیکن ان کے ماسوا الازہری علما کو سرکاری یونیورسٹیوں کے ہم پیشہ معلّمین کے مقابلے میں ہر جگہ ادنیٰ حیثیت دی جاتی ہے۔ زمانۂ حال میں شرعی عدالتوں کی موقوفی سے ازہریوں کا ایک قدیم روایتی دروازہ بند ہو گیا ہے۔ ازہری تعلیم کے طریقے میں، جسے چھے سال کی عمر کے بچے کو کسی مکتب قرآنی میں داخلے پر اختیار کرنا پڑتا ہے، اور عام دنیوی تعلیم کے طریقے میں بُعد المشرقین ہے۔ الازہری طلّاب پر سرکاری یونیورسٹیوں میں داخل ہونے کے دروازے مسدود ہیں۔ اگر الازہری قومی محکمۂ تعلیمات کے سلسلۂ ملازمت میں عربی کا معلّم بننے کے خواہاں ہوں تو ان کے لیے دارالعلوم یا ادارۂ تعلیم (Institute of Education) کی سند لینا ضروری ہے۔ علاوہ بریں [جامعۃ] الازہر محسوس کرتی ہے کہ سرکاری یونیورسٹیاں اس پر معترض ہیں اور اسے شُبہہ ہے کہ اس کے بعض مخالف اس کی خودمختاری سے ناراض ہیں اور اس کی ابتدائی اور ثانوی درس گاہوں کو بند کرانے کے خواہاں ہیں، بلکہ شاید کلّیات (faculties) میں بھی تصرُّف کرنا چاہتے ہیں (دیکھیے مجلّۃ الازہر، ج ۲۷، شمارہ ۴، ربیع الثانی ۱۳۷۵ھ/ ۱۹۵۵ء، جو سب کا سب اسی قسم کے حملوں کے خلاف اپنی مدافعت کے لیے وقف کر دیا گیا ہے)۔ جب یہ دیکھا جائے کہ ان مصریوں میں جو دوررس اصلاحات چاہتے ہیں نہ صرف لامذہب لوگ بلکہ سچے مسلمان اور یہاں تک کہ الاخوان المسلمون کے ارکان بھی شامل ہیں تو یہ مسئلہ اَور بھی پیچیدہ ہو جاتا ہے۔ ساٹھ سال سے الازہر کا مسئلہ وقتاً فوقتاً انتہائی خلجان کا موجب بنتا رہا ہے۔ اساسی طور پر مسئلہ یہ ہے کہ معلوم کیا جائے کہ بیسویں صدی عیسوی کے مسلم معاشرے کی ضروریات کے پیشِ نظر الازہر کا حقیقی مقصد کیا ہے اور یہ کہ یہ درس گاہ جو ذہنی اور اخلاقی تعلیمات دیتی ہے وہ ان ضروریات کے مطابق ہیں یا نہیں۔

الازہر اس مقام پر بہت زور دیتی ہے جو مصر اور عالم اسلامی کی زندگی میں اس کے سابق اساتذہ اور تلامذہ کو حاصل رہا ہے اور اب تک حاصل ہے۔ الازہر کا مطالبہ یہ ہے کہ لوگ اس کا اعتراف کریں کہ میدانِ علم و فضل میں اس نے قابل ستائش کام کیا ہے۔ اس علم و فضل کا اظہار درحقیقت کئی پہلوؤں سے ہوتا ہے۔ سب سے پہلے تو عظیم اسلامی قدروں کا وہ علم ہے جو اس کے طلّاب نہ صرف اپنی جائے تعلیم کے خصوصی ماحول سے بلکہ اپنے نصابوں کے ذریعۂ تعلیم سے بھی اخذ کرتے ہیں۔ اس حیثیت سے الازہر نے برابر شہری اور دیہاتی روایتی حلقوں میں تصوراتِ اسلامی کو برقرار رکھا ہے۔ اس نے ان اوصاف کو قائم رکھا ہے جن پر اس کی کشش منحصر ہے، یعنی زندگی کے متعلّق ایک سنجیدہ اور مذہبی روش، مہمان نوازی، والدین اور اساتذہ کا ادب و احترام، زکوٰۃ و خیرات کا فریضہ۔ الازہر میں رہ کر قرآن اور حدیث کے اُن بہترین پہلوؤں کی یاد تازہ ہو جاتی ہے جن پر قدیم زمانے سے زور دیا جاتا رہا ہے۔ پھر اس کے بعض اساتذہ نے، جو عربی زبان اور فقہ اسلامی کے ماہر ہیں، روایتی موضوعات کو لے کر انھیں سہل تر شکلوں میں دوبارہ پیش کیا ہے، لیکن بنیادی مفروضات اور اصولوں میں ردّوبدل کیے بغیر، ماسوا بعض مسائل کے (مثلاً تعدّدِ ازدواج وغیرہ)۔ تاریخ میں بعض مخصوص مضامین کی جدید تصنیفات (مثلاً خود الازہر کے بارے میں) وہی کام دیتی ہیں جو زمانۂ وسطیٰ کی تصانیف دیتی تھیں اور ان کی تیاری میں وہی طریقے بھی استعمال کیے گئے ہیں (مثلاً دستاویزات کی تدوین، سوانح حیات وغیرہ)۔ بعض اَور اساتذہ نے، جو بہت سے قدیم لغوی اور مذہبی رسائل سے باخبر ہیں، ان کے ایسے متون طبع کیے ہیں جو اہل علم کے لیے بہت بیش قیمت ہیں۔ یہ علم و فضل مجموعی حیثیت سے کروڑوں مسلمانوں کی ضروریات کے عین مطابق ہے، جن کے سادہ اور غیر متزلزل عقائد اجنبی خیالات سے متأثر نہیں ہوئے اور اسی طرح ان لوگوں کے لیے جو موجودہ شیخ الازہر کے الفاظ میں فطرت سے زیادہ قریب (اقرب الی الفطرۃ) ہیں اور جن میں اسلام، جیسے کہ افریقہ میں، برابر ترقی کر رہا ہے۔ تاہم الازہری اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ بہت سی یونیورسٹیوں میں اسلامی عقائد رُوبہ زوال ہیں اور مغرب نے اسلام کے پیغام سے (اب تک) کوئی اثر نہیں لیا۔ اس کے مقابلے میں وہ اپنے تلامذہ کو جواباً چھوٹے چھوٹے مضامین لکھنے کی تعلیم دیتے ہیں، جو ایک حد تک یکساں نوعیت کے اور تعلیمی یا اعتذاری ہوتے ہیں اور ابتدائی اور ثانوی مدارس کے درجاتِ انشا میں لکھوائے جاتے ہیں (مثلاً صفائی اور صحت بدن، زکوٰۃ کا صحیح مصرف، شراب کی خرابیاں، تعدّدِ ازدواج کی حکمت، وغیرہ)۔ مقالات اور خطبات میں اس نوع کی اعتذاری چیزوں کی مثالیں برابر ملتی رہتی ہیں، لیکن ان میں زیادہ ضروری مسائل پر غور نہیں کیا جاتا۔ الاخوان المسلمون نے بھی اگرچہ اپنی تبلیغی مساعی میں ایسی ہی اعتذاریات کو فروغ دیا، تاہم معلوم ہوتا ہے کہ وہ زمانۂ حاضرہ کی مشکلات سے زیادہ باخبر ہیں، مثلاً ۱۹۵۱ء میں ان میں سے ایک نے الازہر سے خاص طور پر درخواست کی کہ وہ ایسے موضوعات پر بھی کچھ کہے جیسے کہ محنت و مزدوری کا وقار، معاشری مسائل، سرمایہ پرستی، مارکس کا فلسفۂ حیات، وغیرہ (سیّد قطب، در مجلّۂ

الرسالة، مؤرخہ ۱۸ جون ۱۹۵۱ء)۔ مجلّة الازہر نے اس کے متعدد جوابات شائع کیے) منجملہ اَوروں کے، ۲۳ (۱۳۷۱ھ): ۸۹-۹۵)۔ ان جوابات میں کام کی باتیں بہت کم ہیں اور یہ معلوم نہیں ہوتا کہ مخالفین ایک دوسرے کو اس تصویر میں شناخت بھی کر سکیں گے جو ان کی کھینچی گئی ہے، کیونکہ وہ ابتدائی اور بے رنگ ہے۔ علم وفضل کا یہ تصور اگرچہ پہلے بھی کارآمد رہا ہے اور اب بھی کارآمد ہے، لیکن ان اہل مغرب کو جنھیں واقعات کو دیکھنے کا بہترین موقع حاصل ہے اس کی محدودیت کا احساس ہوتا ہے اور یہ ان مصریوں کو بھی نظر آتی ہے جنھوں نے عصر حاضر کے طریقوں پر تعلیم پائی ہے۔ الازہر میں تاحال ایسے مطالعات کا سوال ہی سامنے نہیں آیا جن میں عصرِ حاضر کے تاریخی طریقوں سے استفادہ کیا جائے یا عصر حاضر کے افکار کے رجحان کے زیر اثر ان میں وسعت پیدا کی جائے۔ یہاں عبارتیں ازبر کرنا اور متون کے صفحات کو اپنے حافظے میں جمع کر لینا طلّاب کے لیے لازمی شرط معلوم ہوتی ہے۔ بعض لوگ اس تنگ نظری کی علّت اس بے مغز تاویل بازی کو قرار دینا پسند کریں گے جس میں اہم مسائلِ زندگی، مثلاً طلاق وغیرہ، کو مجرد منطقی استدلال کا موضوع سمجھ لیا جاتا ہے اور ان اثرات کو یکسر فراموش کر دیا جاتا ہے جو عملاً انسان پر پڑتے ہیں (دیکھیے روزنامۂ الجمہوریة از ۹ - ۱۷ جنوری ۱۹۵۴ء)۔ ایک اَور گروہ الازہر پر یہ اعتراض کرتا ہے کہ وہ ہر اصلاحی اقدام کی راہ میں روک بن کر کھڑی ہو جاتی ہے اور اپنے آپ کو اسلام کا واحد محافظ سمجھتی ہے؛ حالانکہ اسلام ایک ایسا مذہب ہے جو مساوات پر مبنی ہے، جس میں مذہبی اجارہ داری کے لیے کوئی جگہ نہیں اور ذہنِ رسا رکھنے والے ہر فرد کو مختلف امور میں رائے دینے کا حق حاصل ہے۔ بعض ادارے، مثلاً سرکاری یونیورسٹیاں، جہاں تفسیرِ قرآن، فقہِ اسلام، عربی زبان وغیرہ کے اپنے اپنے نصاب ہیں یہ چاہتی ہیں کہ ان معاملات میں خود صاحب اختیار ہوں اور خود ہی اپنے طلّاب یا اساتذہ کی کسی ایسی کج روی کے بارے میں فیصلہ کریں جو ان کے اندرونی ضبط ونظم سے تعلّق رکھتی ہو (محمد احمد خَلَف اللہ کا معاملہ، ۱۹۴۷ء - ۱۹۵۱ء، دیکھیے MIDEO، ۱: ۳۹-۷۲)۔ حال ہی میں الازہر کے عائد کردہ دو فتوے دیوانی عدالتوں نے منسوخ کر دیے (۱۷ مئی ۱۹۵۰ء کا فیصلہ، جس کی رُو سے محمد خالد محمد کی ضبط شدہ کتاب مِن ھُنا نبدأ کو از سرِ نو شائع کرنے کی اجازت دی گئی، نیز ۱۹۵۵ء میں شیخ بَخِیْت کا معاملہ، MIDEO، ۳: ۴۶-۴۸)۔ انقرہ کی مجلسِ ملّی کبیر [بیوک ملّت مجلسی] میں بھی یہ مسئلہ زیر بحث آیا کہ آیا ترکی رعایا کے ان افراد کو جو الازہر میں تعلیم پاتے ہیں طالب علم ہونے کا درجہ دیا جائے یا نہ دیا جائے اور آخری رائے مخالف نکلی (۱۳-۱۶ فروری ۱۹۵۴ء)۔

لیکن دوسری طرف الازہر کے علما اپنے مخالفین پر مسلم معاشرے کی ضروریات کو نظرانداز کر دینے کا الزام لگاتے ہیں۔ کوئی ازہری اس امر کو تسلیم کرنے کے لیے آمادہ نہیں کہ ان کی جامعہ کا درجہ گھٹا کر اسے دینیات کے اعلیٰ مطالعات کا ایک کلّیہ بنا دیا جائے، جیسا کہ تھوڑے عرصے پہلے تونس کی جامعۂ زیتونہ کے معاملے میں ہوا۔ اس کے برعکس اگرچہ وہ وقار جو الازہر کے نام سے وابستہ تھا مصر میں بہت کم ہو گیا ہے، تاہم باہر کے ملکوں میں پہلے کی طرح قوی اور مضبوط ہے۔ دنیا میں بہت سے مسلمان الازہر ہی کو مصر سمجھتے ہیں۔ شاید خارجہ حکمت عملی کے تقاضے الازہر کی مخالفت کی اُس رَو میں بھی کچھ اعتدال پیدا کر سکیں جو اس وقت مصر میں موجود ہے۔

مآخذ: دیکھیے بالخصوص (۱) ابراہیم سلامہ: *Bibliographie analytique et critique touchant la question de l'enseignement en Égypte depuis la période des Mamelūks jusqu'à nos jours*، قاہرہ ۱۹۳۸ء؛ مذکورہ بالا حوالہ جات کے علاوہ دیکھیے (۲) المَقْرِیزی: الخِطَط، قاہرہ ۱۳۲۶ھ، ۴: ۴۹-۵۶ (۳) السُیُوطی: حسن المحاضرة، ۱۲۹۹ھ، ۲: ۱۸۳-۱۸۴؛ (۴) الجَبَرْتی کے وقائع؛ اور (۵) علی پاشا مبارک: الخِطَط الجدیدة، ۴: ۱۹-۴۴؛ انیسویں عیسوی کے تیسرے ربع کے لیے دیکھیے: (۶) سلیمان احمد الحنفی الزیّاتی: کنز الجواھر فی تأریخ الازھر، قاہرہ، تقریباً ۱۳۲۲ھ و (۷) مصطفٰی بیرم: رسالة فی تاریخ الازھر، قاہرہ ۱۳۲۱ھ؛ عصر حاضر کے لیے دیکھیے: (۸) محمود ابوالعُیُون: الجامع الازھر، نبذةٌ فی تاریخه، قاہرہ ۱۳۶۸ھ/ ۱۹۴۹ء؛ اور بالخصوص از حد ضروری تصنیف (۹) محمد عبدالمنعم الخَفَاجی: الازہر فی الف عام، قاہرہ ۱۳۷۴ھ/ ۱۹۵۵ء، تین جلدوں میں، جس میں قدیم دستاویزوں سے بھی بحث کی گئی ہے اور (۱۰) عبدالمُتعال الصَّعِیدی: تاریخ الاصلاح فی الازہر، قاہرہ بدون تاریخ، جس کا اختتام ۱۹۵۰ء، کے آخر پر ہوتا ہے۔ یہ مؤخر الذکر تاریخی تصنیف ان متعدّد تصانیف میں جو الازہر کی اصلاحات کے سلسلے میں لکھی گئیں سب سے زیادہ دلچسپ ہے۔ اس میں ان کتب کے عنوانات درج ہیں جو انیسویں صدی کے خاتمے کے وقت سے الازہر میں پڑھائی جاتی رہی ہیں؛ تعلیمات ومطالعات کی تنظیم کے لیے دیکھیے: (۱۱) Vollers، در (آ)، لائڈن، طبع اوّل، بذیل مادہ؛ (۱۲) E. Dor: *L'instruction publique en Égypte*، ۱۸۸۹ء، ص ۳۴ ببعد، ۲۰۵ ببعد؛ (۱۳) P. Arminjon: *L'enseignement, la doctrine et la vie dans les universités musulmanes*، پیرس ۱۹۰۷ء؛ نیز (۱۴) Johs. Pedersen: *Al-Azhar, et Muhamm-edansk Universitet*، کوپن ہیگن ۱۹۲۲ء؛ (۱۵) A. S. Tritton: *Materials on Muslim Education in the Middle Ages*، لنڈن ۱۹۵۷ء؛ (۱۶) J. Heyworth-Dunne: *An Introduction to the History of Education in Modern Egypte*، لنڈن ۱۹۳۹ء؛ (۱۷) ابراہیم سلامہ: *L'enseignement islamique en Égypte*، قاہرہ ۱۹۳۹ء؛ (۱۸) علی عبدالرّازق: من آثار مصطفٰی عبدالرازق، قاہرہ ۱۹۵۷ء؛ الازہر کے بارے میں ۱۹۱۱ء سے لے کر سرکاری متون وقوانین وغیرہ کا فرانسیسی ترجمہ دیکھیے در (۱۸) *REI*، ۱۹۲۷ء، ص ۹۵-۱۰۸، ۴۶۵-۵۲۹؛ ۱۹۲۸ء، ص ۳۷-۱۶۵، ۲۵۵-۳۳۷، ۴۰۱-۴۷۲؛ ۱۹۳۱ء، ص ۲۴۱-۲۷۶؛ ۱۹۳۶ء، ص ۱-۴۴۔ ان سب کے آغاز میں مقدمہ از A. Sekaly؛ (۱۹) ۱۹۳۶ء کے قانون کے مطابق مختلف مدارج کے سرکاری نصاب ہائے تعلیم کے الگ الگ کتابچوں کی صورت میں مطبع الازہر نے چھاپ رکھے ہیں (پہلا سلسلۂ نصاب ۱۹۳۸-۱۹۴۵ء میں؛ معمولی تبدیلیوں کے ساتھ طبع ثانی ۱۹۵۳ - ۱۹۵۶ء

میں)؛(۲۰) سالانہ میزانیہ آمد وخرچ بھی طبع کیا جاتا ہے؛ مقالہ نگار نے میزانیة الجامعة الازھر و المعاھد الدینیة لسنة ۱۹۵۳-۱۹۵۴ء المالیة سے استفادہ کیا ہے، جس میں شعبوں اور نصاب کے معیاروں وغیرہ کے مطابق اساتذہ اور معلّمین کی تعداد درجہ واردی گئی ہے.

(J. JOMIER)

---

* **الازہری:** ایک نسبت، جس سے عام طور پر وہ شخص مراد ہوتا ہے جس نے جامعۃ الازہر [رک بآں] قاہرہ میں تعلیم پائی ہو.

---

* **الازہری:** ابراہیم بن سلیمان الحنفی، جس نے ۱۱۰۰ھ/ ۱۶۸۸ء کے قریب الرسالة المختارة فی مناھی الزّیارة لکھا، جس میں اس نے ثابت کیا ہے کہ قبروں کی زیارت کے وقت انھیں چھونا، بوسہ دینا یا ان پر لیٹ جانا خلاف شرع ہے (دیکھیے Ahlwardt: *Verzeichniss der arab Hss. der Kgl. Bibliothek zu Berlin*، شمارہ ۶۲۹۴)۔ وہ ایک اَور رسالے کا بھی مصنّف ہے، جس کا موضوع تھوکنے، بوسہ لینے یا بغل گیر ہونے سے متعلّق فقہی احکام ہیں۔ اس کا نام رحیق الفِرْدَوس فی حکم التّزیق والبَوْس ہے (وہی کتاب، شمارہ ۵۵۹۶).

مآخذ: براکلمان، ۲:۴۱۰.

(براکلمان C. BROCKELMANN)

---

* **الازہری:** ابومنصور محمد بن احمد بن الازہر، عرب لغوی، ۲۸۲ھ/ ۸۹۵ء میں بمقامِ ہرات پیدا ہوا اور ۳۷۰ھ/ ۹۸۰ء میں اسی مقام پر وفات پائی.

الازہری اپنے ایک ہم وطن محمد بن جعفر المُنْذِری (م ۳۲۹ھ/ ۹۴۰ء)، لغوی، کا شاگرد تھا، جس نے خود ثعلب [رک بآں] اور المبرّد [رک بآں] سے تلمّذ کیا تھا (دیکھیے یاقوت: ارشاد، ۶:۴۶۴=مطبوعۂ قاہرہ، ۱۸:۹۹ببعد)۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ عنفوانِ شباب ہی میں عراق چلا آیا تھا۔ یاقوت کے بیان کے مطابق اس نے بغداد میں نِفْطَوَیْہ سے صرف ونحو کی تحصیل کی، لیکن الزجّاج اور ابن دُرَید سے بہت کم استفادہ کیا۔ اگر شافعی فقہا کی اس فہرست کو صحیح تسلیم کرلیا جائے جو یاقوت نے دی ہے اور جن کے متعلّق فرض کیا جاتا ہے کہ وہ الازہری کے اساتذہ تھے تو یقیناً اسے شافعی فقہ پر پورا عبور حاصل ہوگیا ہوگا۔ ۳۱۲ھ/ ۹۲۴ء میں جب وہ مکّۂ مکرّمہ سے کوفے کی جانب حجّاج کے ایک قافلے کے ساتھ واپس آرہا تھا تو قافلے پر قرامطہ [رک بآں] نے الہُبَیر کے مقام پر حملہ کرکے کچھ لوگوں کو قتل کردیا اور بعض کو قید کرلیا۔ الازہری دو سال تک بحرین کے بدویوں کے ہاں، جنھوں نے قرمطیّت اختیار کرلی تھی، قید رہا۔ ایک عبارت میں، جو یاقوت اور ابن خلّکان نے نقل کی ہے، وہ بیان کرتا ہے کہ اس نے کس طرح ان بدویوں کے مابین اپنے قیام سے فائدہ اٹھاتے ہوے ان کی زبان سیکھی، جو بقول اس کے نہایت شستہ تھی۔ اس کی بقیہ زندگی ہمارے لیے ایک رازِ سربستہ ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ اس نے اپنے وطن میں مطالعے اور عزلت میں بسر کی.

الازہری کے کام کا علم ہمیں چودہ تصانیف کے ناموں کی اس فہرست سے ہوتا ہے جو یاقوت اور ابن خلّکان نے فراہم کی ہے (اور جسے جزوی طور پر السیُوطی نے بھی بُغیة الوُعاة، ص ۸، میں نقل کیا ہے)۔ اس میں معلّقات اور ابوتمّام کے دیوان کی شرحوں کو چھوڑ کر باقی سب کتابیں لغت کی ہیں۔ ان میں سے ایک لغت ہم تک پہنچی ہے (جو ابن خلّکان کے وقت میں دس جلدوں پر مشتمل تھی)، جس کا نام تہذیب اللغة ہے۔ یہ کتاب ابھی تک طبع نہیں ہوئی، لیکن اس کے مخطوطات لنڈن، استانبول اور ہندوستان میں موجود ہیں؛ دیکھیے فہرست، در براکلمان۔ یہ مجموعہ اس مسالے سے تیار کیا گیا ہے جو الازہری کو اپنے استاد المُنْذری سے ملا تھا۔ یاقوت (ارشاد، مقام مذکور) تو المنذری سے لغت کی ایک مکمّل کتاب کی روایت کا بھی ذکر کرتا ہے۔ اس کتاب کی بنیادی خصوصیّت یہ ہے کہ اس میں اس طریقے کو قائم رکھا گیا ہے جس کی طرح خلیل نے اپنی کتاب العین میں ڈالی تھی، یعنی اس میں مادّوں کو عام رواج کے مطابق حروفِ تہجّی کی عام ترتیب کے لحاظ سے نہیں بلکہ صوتی تقسیم کے اعتبار سے مرتّب کیا گیا ہے، اس طرح کہ ابتدا حلقی حروف سے کی گئی ہے اور انتہا حروفِ شفوی پر۔ تہذیب سے ابن منظور نے لسان العرب میں بکثرت استفادہ کیا ہے.

مآخذ: (۱) یاقوت: ارشاد، ۶:۱۹۷-۱۹۹=مطبوعۂ قاہرہ، ۱۷:۱۶۴-۱۶۷؛ (۲) ابن خلّکان، قاہرہ ۱۳۱۰ھ، ۱:۵۰۱=طبع مُحی الدّین، قاہرہ ۱۹۴۸ء، ۳:۴۵۸-۴۶۲؛ (۳) Zetterstéen، در *MO*، ۱۴ (۱۹۲۰ء):۱-۱۰۶؛ (۴) Kra-emer، در *Oriens*، ۶ (۱۹۵۳ء):۲۱۳؛ (۵) براکلمان، ۱:۱۲۹ و تکملہ، ۱:۱۹۷.

(بلاشیر R. BLACHÈRE)

---

* **الازہری:** احمد بن عطاء اللہ بن احمد، علم بدیع و بیان پر ایک کتاب موسومہ نھایة الاعجاز فی الحقیقة والمجاز کا مصنّف، جو ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء میں لکھی گئی۔ اس کتاب کا علم، جس پر مصنّف کے بیٹے کی طرف سے ایک شرح بھی ہے، ایک مخطوطے کے ذریعے ہوا، جس کی کیفیت Ahlwardt نے لکھی ہے؛ دیکھیے براکلمان، ۲:۲۸۷.

(براکلمان C. BROCKELMANN)

---

* **الازہری:** خالد بن عبداللہ بن ابی بکر، مصری نحوی، صعید مصر میں جَرْجاء کے مقام پر پیدا ہوا (اسی سے ''جرجاوی'' کی وہ نسبت ماخوذ ہے جو بعض اوقات اس کے نام کے ساتھ استعمال ہوتی ہے) اور ۹۰۵ھ/ ۱۴۹۹ء میں قاہرہ میں وفات پائی۔ وہ صرف ونحو کی ایک کتاب المقدمة الازھریة فی علم العربیة کا مصنّف ہے (مطبوعۂ بولاق ۱۲۵۲ھ، جس کے ساتھ مصنّف کی لکھی ہوئی شرح بھی ہے؛ جدید طباعتیں: بولاق ۱۲۸۷ھ اور قاہرہ ۱۳۰۷ھ، مع مختلف اساتذہ کے حواشی کے)۔

الازہری نے صرف و نحو پر متعدّد کتابچے، نیز ابن مالک [رکّ بآن] کی الفیة پر ابن ہشام کی شرح پر شرح اور البوصیری [رکّ بآن] کے [قصیدۂ] بُردہ اور آجرّومیہ کی شرحیں بھی لکھی ہیں۔ الازہری کو اپنے وقت میں بڑی شہرت حاصل ہوئی۔ السیُوطی کا شمار اس کے شاگردوں میں ہوتا ہے۔

مآخذ: (۱) براکلمان، ۲: ۲۷؛ (۲) سرکیس: معجم المطبوعات العربیة، ص ۸۱۱.

(براکلمان C. BROCKELMANN)

---

* **اَزْیمُت**: رکّ بہ سَمْت.

---

* **اَزْیَہَک**: رکّ بہ نُجوم.

---

* **اَسَاس**: رکّ بہ اسمٰعیلیہ.

---

* **اِساف**: مکّے کے ایک بُت کا نام، جس کا ذکر تقریبًا ہر جگہ نائلہ کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ روایت یہ ہے کہ یہ دو نام قبیلۂ جُرہم کے ایک مرد اور ایک عورت کے ہیں، حرمِ کعبہ کے اندر بدکاری کے مرتکب ہوے اور اس کی پاداش میں پتھر بن گئے۔ ابتدا میں انھیں الصّفا اور المروہ پر رکھ دیا گیا تاکہ دوسروں کے لیے باعث عبرت ہوں، لیکن بعد میں عمرو بن لُحَیّ کے حکم سے ان کی پرستش ہونے لگی اور اس وجہ سے انھیں دو مقدس پتھر سمجھا جانے لگا، لیکن ان کے ناموں کی [کوئی معقول] توجیہ ابھی تک نہیں ہو سکی۔ اس بارے میں جو کوششیں کی گئی ہیں ان کا بیان ڈوزی (Dozy): *De Israelieten te Mekka*، ص ۱۹۷ میں موجود ہے۔

مآخذ: (۱) Wellhausen: *Reste Arab. Heidenthums*، بار دوم، ص ۷۷.

---

* **اِساک**: (ISAAK)، رکّ بہ اسحٰق.

⊗ **اُسامہؓ**: بن زید بن حارثہ بن شرجیل [شراحیل ہے۔ دیکھیے ابن الاثیر: أسد الغابة؛ ابن حجر، الاصابة فی تمییز الصحابة (ترجمہ اسامہ بن زید)] الکلبی الہاشمی۔ اسامہ نام ہے، ابو محمد (اور ابو زید) کنیت، حِبُّ رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم، یعنی "آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کے محبوب" لقب (ابن حجر: تہذیب التہذیب؛ ابن الاثیر: أسد الغابة، بذیل مادّہ)۔ حضرت بَرَکہ اُمّ اَیْمَنؓ کے بطن سے پیدا ہوے۔ وہ آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کی کھلائی تھیں۔ والد حضرت زیدؓ آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کے محبوب اور منہ بولے بیٹے تھے۔ گویا آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کی محبوبیت کا شرف ان کو والدین سے ورثے میں ملا۔ انھوں نے اسلام ہی میں آنکھ کھولی اور کفر و شرک کی آلودگیوں سے کبھی ملوث نہیں ہوے؛ بقول صاحبِ تہذیب التہذیب وہ جانتے تھے تو صرف اسلام (لَمْ یَعرِفْ اِلَّا الْاِسلام)۔ فتح خیبر کے بعد اُن کا وظیفہ مقرر ہو گیا، یعنی رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کو جو زمین فَے میں ملی اس کے ایک حصّے کے پھلوں اور غلّے کی پیداوار میں اُن کو بھی حصّہ دیا گیا (جَعَلَ لَهُ سَهمًا فِی الثَّمَرِ وَالْقَمْعِ مِنْ رِبعِ الْاَرْضِ اَفَاءَهَا اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ بِخَیْبَرَ (ابن ہشام: سیرة، طبع وسٹنفلٹ، ص ۷۷۵، ۷۷۶) اور جس کے انتظام کے لیے وہ اکثر وہاں تشریف لے جاتے۔ زندگی نہایت سادہ تھی۔ وفات پر کوئی مال و زر نہیں چھوڑا۔ عمر بھر دین کے خدمت گزار رہے۔ کسی فتنے سے آلودہ نہیں ہوے۔ ہجرت کا شرف بھی حاصل کیا.

غزوۂ اُحد پیش آیا تو ان کا سن دس گیارہ برس سے زیادہ نہیں تھا۔ جہاد میں شرکت کے آرزومند تھے، لیکن بسبب کم عمری اجازت نہ ملی۔ مکّۂ معظّمہ ۸ھ میں فتح ہوا، [دیکھیے صحیح بخاری، کتاب المغازی باب غزوة الفتح] تو آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کے ہمراہ بیت اللّٰہ میں داخل ہوے۔ البخاری، کتاب المغازی، میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلّم ایک ناقہ پر سوار تھے۔ آپؐ کے جلو میں حضرت بلالؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت طلحہؓ تھے اور ردیف میں حضرت اُسامہؓ.

۱۱ھ میں آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم نے حضرت اُسامہؓ کو اس جیش کا سردار مقرر فرمایا جو موتہ میں حضرت زیدؓ اور حضرت جعفر طیارؓ کی شہادت کے بعد تیار کیا گیا اور جس سے مقصود یہ تھا کہ اسلامی لشکر رومی علاقے میں یلغار کرے تاکہ سرحد فتنہ و فساد سے محفوظ ہو جائے، لیکن صحابہؓ نے ان کی نوعمری کے باعث ان کی سرداری پر اعتراض کیا۔ آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کو خبر پہنچی تو باوجود علالت کے باہر تشریف لائے اور حضرت اُسامہؓ کے حق میں تقریر فرمائی۔ آپؐ نے حضرت اُسامہؓ کو اپنے دست مبارک سے عَلَم عطا کیا تھا، لیکن وہ ابھی اپنی پہلی منزل گاہ جُرْف تک، جو مدینۂ منوّرہ سے زیادہ دور نہیں، پہنچے تھے کہ آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی۔ اس خبر کو سن کر حضرت اُسامہؓ لوٹ آئے، مگر جس روز وہ مدینۂ منوّرہ پہنچے مرض میں افاقہ تھا، لہٰذا آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کے ارشاد پر وہ پھر اپنی مہمّ پر روانہ ہو گئے۔ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح اور متعدّد صحابۂ کبار شریک لشکر تھے، لیکن حضرت اسامہؓ ابھی جُرْف سے روانہ نہیں ہونے پائے تھے کہ حضرت اُمّ اَیْمَنؓ کی اطلاع پہنچی کہ رحلت مصطفویؐ کا وقت قریب ہے، لہٰذا وہ مع لشکر مدینۂ منوّرہ واپس آ گئے۔ بخاری، کتاب المغازی، میں ہے کہ انھوں نے حضورؐ کی تجہیز و تکفین میں شریک ہونے اور حضورؐ کا جسدِ اطہر قبر میں اتارنے کا شرف بھی حاصل کیا.

حضرت ابوبکرؓ خلیفہ منتخب ہوے تو جیسا کہ آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم کا ارشاد تھا انھوں نے باوجود فتنۂ ردّہ کے، جس نے قبائل کو بغاوت پر آمادہ کر دیا تھا، جیشِ اسامہؓ کو پھر تیاری کا حکم دیا، گو باعتبار ان کے سن و سال اور باعتبارِ حالات پھر اس کی مخالفت کی گئی۔ حضرت عمرؓ کی رائے تھی کہ اس مہمّ کو کسی آزمودہ کار صحابی کے سپرد کرنا چاہیے، لیکن حضرت ابوبکرؓ اپنی رائے پر قائم رہے۔ انھوں نے فرمایا یہ

آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا حکم ہے جس سے سرتابی ممکن نہیں؛ لہٰذا حضرت اُسامہؓ پھر اس مہم پر روانہ ہو گئے اور ارضِ شام میں دور تک یلغار کرتے ہوئے اُبنی تک پہنچ گئے۔ یہ وہ قریہ ہے جسے آج کل خان الزّیت کہتے ہیں۔ چند روز المزّہ میں کہ دمشق کے قریب ایک قریہ ہے قیام فرمایا (تہذیب التہذیب، بذیل مادّہ)۔ اس کامیاب مہم پر کہ ایک طرح سے تسخیرِ شام کی تمہید تھی، مدینۂ منوّرہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ وہ مدینۂ منوّرہ واپس آئے اور کچھ دنوں کے بعد جب حضرت ابوبکرؓ فتنۂ ردّہ کے سلسلے میں الابرق تشریف لے گئے تاکہ باغی قبائل کی سرکوبی کریں (بقول طبری واقعۂ ذوالقعدہ) تو انھوں نے حضرت اسامہؓ ہی کو اپنا جانشین مقرر کیا۔

عہدِ فاروقی میں جب حضرت عمرؓ نے ان کا وظیفہ اپنے صاحب زادے حضرت عبداللہؓ کی بہ نسبت زیادہ مقرّر کیا اور حضرت عبداللہؓ کو اس پر اعتراض ہوا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''كَانَ اَحَبُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْكَ وَاَبُوْهُ اَحَبُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْ اَبِيْكَ'' (ابن الاثیر: اسد الغابۃ، بذیل مادّہ) (وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو تجھ سے زیادہ عزیز تھے اور ان کا باپ تیرے باپ سے زیادہ عزیز تھا)۔

حضرت عثمانؓ کے زمانے میں فتنہ وفساد کو تحریک ہوئی تو حضرت اسامہؓ باحتیاط اس سے الگ رہے۔ انھوں نے حضرت علیؓ کی بیعت نہیں کی اور امیر معاویہؓ کے خلاف ان کی معرکہ آرائیوں سے بھی کنارہ کش رہے، لیکن حضرت علیؓ کو حق پر جانتے تھے اور بالآخر اپنی غیر جانب داری پر نادم بھی ہوئے (مَامَاتَ حَتّٰى تَابَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ تَخَلُّفِهٖ عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ، الاستیعاب، بذیل مادّہ)۔

حضرت اُسامہؓ کی وفات ۵۴ھ میں، یعنی امیر معاویہؓ کے آخری زمانے میں ہوئی، جب وہ جرف میں مقیم تھے۔ بعض روایات میں ہے کہ انھوں نے ۵۸ھ میں انتقال فرمایا۔ مدینۂ منوّرہ میں دفن ہوئے۔

انھوں نے متعدّد شادیاں کیں اور کثیر الاولاد تھے۔ فضائل اخلاق میں اُن کا درجہ بڑا بلند ہے۔ زُہد و تقوٰی میں حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ اور حضرت ابوذرّ غفاریؓ سے مشابہ تھے۔ ان کی ساری تربیت کاشانۂ نبویؐ میں ہوئی۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے محبوب، رازدار اور معتمد علیہ تھے، لہٰذا اصحابہؓ میں ان کی ذات ایک طرح سے منفرد تھی۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ اُن کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ صحابہؓ میں بھی اُن کا بڑا احترام تھا۔ اُن کے فضائل بہت زیادہ ہیں۔ انھوں نے متعدّد احادیث روایت کی ہیں۔

مآخذ: (۱) ابن حجر: تہذیب التہذیب؛ (۲) وہی مصنّف: الاصابۃ؛ (۳) ابن الاثیر: اسد الغابۃ، ۱: ۶۴؛ (۴) ابن عبدالبر: الاستیعاب؛ (۵) البخاری: الصحیح، کتاب المناقب؛ (۶) ابن سعد: طبقات، ۴/۱: ۴۲-۵۱؛ (۷) البلاذُری، ص ۴۷۳، ۴۵۱؛ (۸) الخزرجی: خلاصۃ التذہیب، طبع اوّل، قاہرہ ۱۳۲۲ھ، ص ۲۲؛ (۹) الطبری، طبع دخویہ (d. Goeje)، ۱: ۱۹۴۳، ۱۹۵۲، ۲۰۷۲، ۳۱۲۴ و ۳: ۲۳۴۴، ۲۴۴۰؛ (۱۰) ابن ہشام: طبع وُسٹنفلٹ، ص ۵۶۰، ۶۷۷، ۷۳۴، ۹۷۰، ۹۸۴، ۹۹۹، ۱۰۰۸، ۱۰۱۸؛ (۱۱) کائتانی (Caetani): *Annali dell' Islam*، بذیل ۱۱ھ، ص ۳-۵، ۹-۱۲، ۷۳، ۱۰۶-۱۱۱ و بذیل ۲۳ھ: ص ۱۵۶، شمارہ ۱؛ (۱۲) Miednikoff: *Pale-stina*، ۱: ۳۶۳-۳۸۴؛ (۱۳) ولہاؤزن (Wellhausen): *Muhammad in Medina*، ص ۴۳۳، ۴۳۴، ۴۳۶؛ (۱۴) Lammens: *Fațima*، ص ۲۰، ۲۸، ۳۱، ۷۲، ۱۰۳-۱۰۶، ۱۴۰؛ (۱۵) شاہ معین الدین ندوی: مہاجرین، حصّۂ دوم، دارالمصنّفین اعظم گڑھ۔

(سید نذیر نیازی)

✱ **اُسامہ بن مُرشد:** بن علی بن مُقلّد بن نَصر بن مُنقِذ الشّیزری الکِنانی، ایک جنگ آزمودہ عرب شاہ سوار اور ادیب وشاعر، جو ۴۸۸ھ/۱۰۹۵ء میں بمقام شیزر (صلیبیوں کا سیزارہ Sizara) پیدا ہوا۔ یہ جگہ ملکِ شام میں حماۃ کے شمال میں [۱۵ میل کے فاصلے پر] واقع ہے۔ [مختلف زمانوں میں اس شہر کے نام میں تبدیلی ہوتی رہی ہے۔ ڈیڑھ ہزار سال قبل مسیح اس شہر کا نام سِنزار یا سِیزار تھا؛ بعد کے مصادر میں یہ نام زِنزار کی شکل میں ملتا ہے۔ قدیم یونانی اسے سِذزارا اور بوزنطی سیزر کہتے تھے۔ اواخر قرن رابع قبل مسیح میں یہ نام شَیزَر ہوا۔ امرؤالقیس کے ایک شعر میں شَیزَر کا لفظ استعمال ہوا ہے:

تقطع اسباب اللّبانة والهوى
عشيّة رُحنا من حماة و شَيْزَرا

عبیداللہ بن قیس الرقیّات کہتا ہے:

فَوَا حَزنًا اذا فارقونا و جاوروا
سوى قومهم اعلى حماة و شَيزَرا

(یاقوت: معجم البلدان، ۳: ۳۵۳)

آج کل یہ شہر سَیجَر کے نام سے مشہور ہے]۔ بنومنقذ کے رئیسوں کا دارالحکومت یہیں تھا۔ یہ لوگ مُنقِذی امرا کہلاتے تھے۔

[اس خاندان کی ابتدا ایک کنعانی عرب منقذ سے ہوئی، جس کا سلسلۂ نسب یعرب بن قحطان تک پہنچتا ہے۔ تاریخ کے اوراق بانی خاندان منقذ اور اس کے بیٹے نصر کے متعلّق خاموش ہیں۔ اس خانوادے کا پہلا فرد، جس کے متعلّق ہمیں اطلاعات ملتی ہیں، ابوالمتوّج مخلص الدّولہ مقلّد ابن نصر (م ۴۵۰ھ) ہے، جو اپنے خاندان اور قبیلے میں اپنی جرأت، شجاعت، جود وسخا اور علم نوازی نیز دوسری خصوصیات کی بنا پر نہایت ممتاز تھا (وفیات الاعیان، ۲: ۱۱۸؛ لباب الآداب، ص ۳۶۸)۔ اس کا بیٹا عزّالدولہ سدید الملک ابوالحسن علی (م ۴۷۵ھ) علم وادب کا مربّی اور سرپرست تھا۔ ابن الخیّاط الخفاجی کے دیوان میں اس کی مدح میں متعدّد قصائد ملتے ہیں۔ یہ خود بھی شاعر وادیب تھا (وفیات الاعیان، ۱: ۳۶۷؛ راغب الطبّاخ: اعلام النُبلاء فی تاریخ حلب، ۴: ۲۱۱)۔ ابن عساکر کی روایت کے مطابق وہ شام میں لغت اور نحو میں سند کا درجہ رکھتا تھا (ابن القلانسی: تاریخ دمشق، ص ۱۱۴، لنڈن ۱۹۰۸ء)۔ اس کے اشعار کے کچھ نمونے یاقوت الحموی اور ابن خلّکان نے نقل کیے ہیں (معجم الادباء، طبع مرجلیوث، ۲: ۱۸۹؛ وفیات الاعیان، ۱: ۳۶۷)]۔

اس کی پیدائش سے چار برس پہلے صلیبیوں نے یروشلم پر قبضہ کرلیا تھا، لیکن اس کی وفات سے ایک سال پہلے [سلطان] صلاح الدین ایوّبی نے اسے دوبارہ فتح کرلیا۔ عمر بھر فرنگیوں کے ساتھ اس کے تعلّقات کبھی معاندانہ اور کبھی دوستانہ رہے۔

پندرہ برس کی عمر میں اسے شیزر کی حفاظت کرنے کے لیے ٹینکرڈ کی فوجوں سے مقابلہ کرنا پڑا۔ یہ فوجیں انطاکیہ سے حملہ آور ہوئی تھیں۔

اپنے والد کی تقلید میں، جو محض ایک مجاہد ہی نہیں، بلکہ شکاری بھی تھا اور خطّاط بھی، اُسامہ نے بھی اپنا وقت جہاد، سیر و شکار اور تحصیل علم و ادب میں صرف کیا۔ وہ نو برس (۱۱۲۹-۱۱۳۸ء) تک موصل کے اتابک زنگی کی فوج میں رہا، لیکن اپنے والد کے انتقال (۵۳۱ھ) کے بعد اُسے شیزر چھوڑنا پڑا، کیونکہ جب اس کا چچا [عزّ الدولہ ابوالعساکر، سلطان] شیزر کا حاکم ہوا تو وہ اُسامہ کی حربی شہرت کی بنا پر اپنے بیٹوں کی خاطر اُس سے حسد کرنے لگا؛ چنانچہ اسامہ نے چھے برس (۱۱۳۸-۱۱۴۴ء) بُوری حکمرانوں کے پاس دمشق میں گزارے۔ جب حکومت یروشلم سے معاہدات کے بعد تعلّقات پُرامن ہوگئے تو اسے فرنگیوں کے ساتھ شناسائی کے مواقع پہلے سے بھی زیادہ حاصل ہوگئے؛ چنانچہ بہت سے فرسان قدس (الداویہ Templars) کے ساتھ اس کی دوستی ہوگئی۔

اس کے بعد وہ [۵۳۹ھ میں] دمشق سے مصر چلا گیا، جہاں فاطمیوں کی حکومت اپنے دن گِن رہی تھی۔ یہاں پہنچ کر (۱۱۴۴ اور ۱۱۵۴ء کے درمیان) وہ سازشوں میں الجھا رہا اور اس نے فلسطین میں صلیبیوں کے خلاف متعدّد مہمّوں کی سربراہی کی۔ بالآخر دس برس کے قیام کے بعد اُسے [بادلِ ناخواستہ] قاہرہ چھوڑنا پڑا۔ راستے میں اس کی کتابوں کا تمام ذخیرہ ضائع ہوگیا، جس میں چار ہزار سے زیادہ مخطوطات تھے۔

دمشق میں دوسری دفعہ آباد ہونے کے بعد وہ اپنے سابق مربّی سلطان زنگی کے فرزند اور مشہور مجاہد سلطان نورالدّین کی معیّت میں متعدّد بار فرنگیوں کے خلاف معرکہ آرا ہوا (۱۱۵۴-۱۱۶۴ء)۔ پھر ۵۵۲ھ/۱۱۵۷ء میں ایک ہولناک زلزلے سے اس کا گھر بالکل تباہ ہوگیا۔ اس کے تین برس بعد، یعنی ۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء میں، اس نے حجّ اور عتبات عالیہ کی زیارت کی۔ اس کے بعد اُس نے دس برس، یعنی ۱۱۶۴ء سے لے کر ۱۱۷۴ء تک کا زمانہ حصن کیفا میں قرہ آرسلان اُرتُقی کے ساتھ گزارا اور زیادہ تر علمی کاموں میں مشغول رہا۔ اس عرصے میں سلطان صلاح الدین ایوّبی نے صلیبیوں کے خلاف جنگوں میں نام پیدا کرلیا تھا۔ سلطان کی شہرت نے اُسامہ کو تیسری بار دمشق کھینچ بلایا اور یہیں بڑی عمر کو پہنچ کر اُس نے رمضان ۵۸۴ھ/نومبر ۱۱۸۸ء میں وفات پائی۔ اس کا مزار کوہ قاسیون پر واقع ہے، جس کی زیارت سو برس کے بعد مشہور مؤرّخ ابن خلّکان نے کی تھی۔

اُسامہ ایک ایسے خاندان کا فرد ہے جس کے افراد کا ذکر ادبی تصانیف میں اکثر کیا جاتا ہے (مثلاً دیکھیے یاقوت: معجم الادباء، ۲: ۱۷۳-۱۹۷)۔ اُسامہ کے والد مجد الدّین ابوسلامہ مرشد (۴۶۰-۵۳۱ھ) قرونِ وسطیٰ میں امارت اور سرداری کی ساری خصوصیات سے متّصف تھے۔ شجاع، فیاض اور فنونِ جنگ میں ماہر ہونے کے علاوہ ادبیات اور فنونِ لطیفہ میں بھی اچھی دسترس رکھتے تھے۔ وہ بہت اچھے خطّاط تھے۔ ان کی وفات کے بعد قرآن پاک کے تینتالیس نسخے ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے موجود ملے، جن میں دو نسخے مُذَہّب و مُطلّا تھے۔ ان میں سے بعض خطّاطی کے بہترین نمونے کہے جاسکتے تھے [اُسامہ بن منقذ: کتاب الاعتبار، ص ۵۳، طبع فیلیب حِتّی (Hitti)، ۱۹۳۰ء]۔ خود اُسامہ نے بھی ایک شاعر و ادیب ہی کی حیثیت سے شہرت پائی۔ اس کا دیوان دو جلدوں پر مشتمل ہے [یہ دیوان ابن خلّکان کی نظر سے گزرا تھا اور اس نے اس کے مُنتَخَبہ اشعار بھی اپنی کتاب میں دیے ہیں۔ یہ نسخہ خود مصنّف کے ہاتھ کا لکھا ہوا تھا۔ ابوشامہ الذّہبی اور عماد الاصفہانی نے بھی اس کا دیوان دیکھا تھا اور ان مصنّفین نے اپنی تصانیف کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین، (قاہرہ ۱۲۸۷ھ)، تاریخ الاسلام (نسخۂ رضائیہ رام پور) اور فریدۃ القصر و جریدۃ اھل العصر (نسخۂ کتب خانۂ ملّی پیرس) میں اُسامہ کے اشعار نمونے کے طور پر درج کیے ہیں]۔ دیوانِ اُسامہ الیافعی (م ۷۶۸ھ/۱۳۶۷ء) کے زمانے میں موجود تھا اور انھوں نے اس کا مطالعہ کیا ہے (دیکھیے مرآۃ الجنان، ۳: ۴۲۷) [آٹھویں صدی ہجری کے بعد بظاہر یہ دیوان گم ہوگیا، کیونکہ الیافعی کے بعد کوئی شخص اس کے دیکھنے کا مدّعی نہیں]۔ درانبورغ (Derenbourg) نے اس کے کچھ اشعار گوتھا (Gotha) کے نامکمّل نسخے اور متعدّد شعری مجموعوں سے جمع کر کے شائع کیے ہیں (*Ousama b. Mounkidh*، ج ۱، *La vie d' Ousama*، پیرس ۱۸۸۹-۱۸۹۳ء: ص ۳۳۶-۳۳۸، ۵۴۳-۵۶۲) [لیکن اس میں اشعار کی تعداد بہت کم ہے۔ اُسامہ کی اہمیّت اور دیوان کی نایابی کے پیشِ نظر ۱۹۴۹ء میں الاستاذ عبدالعزیز المیمنی کی نگرانی میں مختار الدّین احمد نے قلمی اور مطبوعہ مصادر سے اُسامہ کے اشعار جمع کر کے ایک دیوان مرتّب کیا تھا (دیکھیے دیوان شعر الامیر مؤیّد الدّولۃ اُسامۃ بن منقذ الشیزری، نتفہ و اقتطفہ من المظانّ المطبوعۃ والمخطوطۃ، مختار الدّین احمد لنیل شہادۃ الاستاذیۃ (M. A.) فی اللغۃ العربیۃ و آدابہا تحت اِشراف الاستاذ عبدالعزیز المیمنی، نسخۂ خطّی مخزونۂ کتاب خانۂ جامعۂ علی گڑھ)۔ کچھ عرصے کے بعد دارالکتب المصریہ کو دیوان کا ایک نسخہ، مکتوبہ ۶۸۸ھ، ہاتھ لگا۔ اس پر ایک مضمون مجلّۂ الکتاب، ۳: ۵۰۶ میں شائع ہوا ہے۔ اسے قاہرہ سے ۱۹۵۳ء میں احمد البدوی اور حامد عبدالحمید نے شائع کیا۔ دیوان مطبوعہ سے مقابلہ کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ مختار الدّین احمد کے مرتب کردہ شعری مجموعے میں بہت سے ایسے اشعار موجود ہیں جن کا پتا دیوانِ مطبوعہ میں نہیں، اس لیے اس مجموعے کی اہمیّت اب بھی باقی ہے۔ دیوان کے کچھ اور نسخے بھی بعض کتب خانوں میں محفوظ ہیں، جن کا علم دیوان کے مرتّبین کو نہیں۔ دیوانِ اُسامہ کے ایک مکمّل اور علمی تنقیدی ایڈیشن کی ضرورت اب بھی باقی ہے]۔ اس کی تصانیف میں بارہ کے قریب کتابوں کا ہمیں

علم ہے (قبّ درانبورغ (Derenbourg)، کتاب مذکور، ص ۳۳۰-۳۳۹)، لیکن اس وقت ان میں سے صرف پانچ موجود ہیں [اب اس کی دو اَور کتابوں کا پتا چلا ہے۔ یہ تجرید مناقب امیر المؤمنین عمر بن الخطاب لابن الجوزی اور تجرید مناقب عمر بن عبدالعزیز لابن الجوزی ہیں۔ اوّل الذّکر کتاب کا ایک نسخہ کتاب خانۂ برلن میں دوسری عالمگیر جنگ کی ابتدا تک محفوظ تھا اور غالباً اب بھی ماربرگ یا ٹوبنگن میں موجود ہوگا۔ اس کا ایک نسخہ دارالکتب المصریہ میں محفوظ ہے۔ دوسری کتاب کا نسخہ برلن (شمارہ ۹۷۵۹) اور کتب خانۂ تیموریّہ (تاریخ: ۱۵۱۳) میں اور اس کا مائکروفلم معہد المخطوطات قاہرہ (تاریخ: ۵۲۲؛ فلم شمارہ ۶۰۳) میں محفوظ ہے]۔

اس کی سب سے زیادہ قابل توجّہ اور دلچسپ تالیف کتاب الاعتبار ہے، جس کی اہمیّت ادب عربی کے عام دائرے سے بہت زیادہ دور تک پہنچتی ہے۔ اس میں اس کی یادداشتیں ہیں اور اس کے زمانے کی جیتی جاگتی تصویر ہے، جس سے امن اور جنگ دونوں زمانوں کا حال معلوم ہوتا ہے۔ اس کتاب کا صرف ایک ہی قلمی نسخہ معلوم ہے، جسے درانبورغ نے اسکوریال (Escurial) میں دریافت کیا (دیکھیے *Comment J'ai découvert en 1880 à l'Escurial le manuscrit arabe contenant l'autobiographie d' Ousama b. Mounḳidh*، جوشومان (G. Schuman) کے جرمن ترجمے کا مقدّمہ ہے، دیکھیے نیچے)۔ اس کتاب کا مکمّل ترجمہ چار مرتبہ کیا گیا ہے، فرانسیسی میں درانبورغ نے (پیرس ۱۸۹۵ء)، جرمن میں G. Schumann نے (Innsbruck ۱۹۰۵ء)، روسی میں سلیر (Salier) نے (مع مقدّمہ، تعلیقات و فہرستِ کتب متعلّقہ، از I. Kratschkovsky، پیٹروگراڈ (Petrograd) ۱۹۲۲ء) اور انگریزی میں حتّی (Hitti) نے (نیویارک ۱۹۲۹ء) [اس کتاب کا ایک اَور انگریزی ترجمہ G. R. Potter نے ۱۹۲۹ء ہی میں لنڈن سے شائع کیا۔ کتاب الاعتبار کا اردو ترجمہ مختارالدّین احمد جامعۂ علی گڑھ نے مکمّل کرلیا ہے اور عنقریب شائع ہوگا۔ اس کتاب کا عربی متن پہلی مرتبہ درانبورغ نے لائڈن سے ۱۸۸۴ء میں اور فلپ حتّی نے جامعۂ پرنسٹن (امریکہ) سے ۱۹۳۰ء میں شائع کیا۔ ابھی حال میں حتّی (Hitti) کے ایڈیشن کو عکس کے ذریعے چھاپ کر شائع کیا گیا ہے]۔

اُسامہ کی بقیہ تصنیفات صرف قلمی نسخوں کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔ اس نے فنِ شعر پر بھی ایک کتاب لکھی ہے، جس کا نام البدیع فی البدیع ہے (بعض نسخوں پر نام البدیع فی نقد الشعر درج ہے، دیکھیے مخطوطات دار الکتب المصریة، ۴: ۱۲۴)۔ درانبورغ نے (برلن، لائڈن اور قاہرہ کے) تین نسخوں کی مدد سے اس کا حال لکھا اور اس کے اقتباسات دیے ہیں (کتاب مذکور، ص ۲۳۰-۳۳۱، ۶۹۱-۷۲۲)۔ [اس کتاب کا ایک قدیم نسخہ، ۷۱۱ھ کا لکھا ہوا، مکتبۂ بلدیۂ اسکندریہ میں محفوظ ہے، اس کی کتابت یوسف بن نعمان بن یوسف المارديني نے کی ہے]۔ ان نسخوں میں ہم اب ایک اَور نسخے کا بھی اضافہ کر سکتے ہیں جو لینن گراڈ کے Asiatic Museum میں موجود ہے (دیکھیے Kratschkovsksky، [در مجلة المجمع العلمی العربی، دمشق ۱۹۲۵ء، ص ۳۳۵ و] در Zapiski، طبع دوم، ۱: ۳-۴)۔ [یہ کتاب اب احمد البدوی، حامد عبدالمجید کی تحقیق اور ابراہیم مصطفٰی کی مراجعت کے بعد قاہرہ سے ۱۹۶۰ء میں شائع ہوگئی ہے، اس کا ایک اختصار، بعنوان مختصر مقدمة الشعر، لائڈن میں محفوظ ہے۔ یہ رسالہ بھی اب مصر سے شائع ہوگیا ہے]۔ اُسامہ کی ایک تصنیف کتاب العصاء بھی ہے۔ [مرجلیوث (D. S. Margoliouth) نے اپنی معجم الادباء [از یاقوت] کی طباعت (۲: ۱۸۱) اور احمد محمد شاکر نے مقدمۂ لباب الآداب میں غلطی سے اس کتاب کا نام کتاب القضاء لکھا ہے۔] اس میں نثر و نظم کے متعدّد اقتباسات ہیں، جن میں ان تمام "عصاؤں" کا ذکر ہے جنھیں تاریخ، [ادب] یا افسانے میں اہمیّت حاصل ہوگئی (درانبورغ (Derenbourg): کتاب مذکور، ۱: ۳۳۴-۳۳۶ اور ۴۴۹-۵۴۲)۔ [اس کتاب کے نسخے لائڈن اور قاہرہ میں محفوظ ہیں۔ مختار الدّین احمد، جامعۂ علی گڑھ، نے ایک نسخہ کتب خانۂ خدا بخش، بانکی پور میں تلاش کیا ہے، جس کا ذکر وہاں کی فہرست میں موجود نہیں۔ اس کے سرورق پر مصنّف کا نام ابوالمحاسن یوسف بن رافع بن شدّاد لکھا ہوا ہے]۔ اس پر اس قلمی نسخے کا بھی اضافہ کر سکتے ہیں جو میلان میں موجود ہے اور یمن سے آیا ہے (دیکھیے Griffini، در *ZDMG*، ۶۹ (۱۹۱۵ء): ۳۷ [کتاب العصاء کو عبدالسلام ہارون نے نوادر المخطوطات (حصّۂ دوم، ص ۱۷۵-۲۱۵) میں قاہرہ سے ۱۹۵۱ء میں شائع کر دیا ہے]۔

ابھی حال میں اُسامہ کی ایک اَور کتاب بھی ملی ہے، جس کا اب تک علم نہیں تھا، یعنی کتاب المنازل والدّیار (مصنّف کا خود نگاشتہ نسخہ، محرّرہ ۵۶۸ھ/ ۱۱۷۲ء، درحصنِ کیفا)۔ یہ نسخہ لینن گراڈ کے ایشیاٹک میوزیم میں ملا ہے۔ اس انتخاب کا باعث وہ زلزلہ ہوا جو اگست ۱۱۰۷ء میں آیا تھا اور اس میں منازل، دیار، مغانی، اطلال، ربع، دمن اور رسم وغیرہ کے بارے میں ہر قسم کے اقتباسات ہیں۔ اس قلمی نسخے کا حال Kratschkovsky نے شائع کیا ہے اور متن کے بہت سے اقتباسات بھی نقل کر دیے ہیں (Zapiski، طبع ثانی، ۱: ۴-۱۸) [نیز دیکھیے اسی مصنّف کا مقالہ مجلة المجمع العلمی العربی (جولائی ۱۹۲۵ء) میں۔ اس کتاب کا عکس روسی مقدّمے اور حواشی کے ساتھ انس خالدوف نے ۱۹۶۱ء میں لینن گراڈ سے شائع کیا ہے۔ اس کا تحقیقی و تنقیدی متن مختارالدین احمد اشاعت کے لیے مرتّب کر رہے ہیں]۔ اُسامہ کی ایک اَور تصنیف کا ایک قلمی نسخہ لباب الادب کے نام سے ۵۹۸ھ کا لکھا ہوا قاہرہ میں یعقوب صرّوف، مدیر رسالۂ المقتطف، کے پاس ہے۔ اس کے متعلّق ہمیں تفصیلات ابھی نہیں ملیں [یعقوب صرّوف نے اس کتاب پر ایک سلسلۂ مضامین سپردِ قلم کیا ہے، جو المقتطف کے دسمبر ۱۹۰۷ء، اپریل اور مئی ۱۹۰۸ء کے شماروں میں شائع ہوے ہیں۔ اس کتاب کا ایک اَور نسخہ، مکتوبہ ۱۰۶۲ھ، دارالکتب المصریّہ میں محفوظ ہے۔ احمد محمد شاکر نے ان دونوں نسخوں کی مدد سے

اس کا متن تیار کر کے ۱۹۳۵ء میں قاہرہ سے شائع کیا ہے].

[اُسامہ کی اولاد میں صرف ایک بیٹے عضد الدّین ابو الفوارس مُرہَف بن اُسامہ (۵۲۰ھ-۶۱۳ھ) کا ذکر معاصر مؤرّخین اور بعد کے مصنّفین نے کیا ہے۔ اس کے تعلّقات خاندانِ ایوّبی سے بہت گہرے تھے۔ وہ سلطان صلاح الدّین کا ندیم و انیس تھا (خریدۃ القصر، ۱: ۴۹۹-۱۴) اور وہ اور ملک العادل اسے عزّت و احترام کی نظر سے دیکھتے تھے (معجم الأُدباء، ۱: ۱۹۷)۔ یاقوت الحموی سے مرہف کی ملاقات قاہرہ میں ۶۱۳ھ میں ہوئی، جبکہ اس کی عمر ۹۲ سال کی ہو چکی تھی۔ اس عمر میں بھی اس کی یادداشت، ذہانت اور ظرافت لوگوں کے لیے حیران کن تھی۔ ابو شامہ (کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین، ۱: ۲۲۵)، عماد الاصفہانی (خریدۃ القصر، قسم الشام، ۱: ۴۹۹، ۵۷۱) اور یاقوت الحموی (معجم الأُدبا، ۵: ۱۴۳) نے اس سے ملاقات کا حال اور اس کے اشعار اپنی کتابوں میں درج کیے ہیں.

اُسامہ کے ایک اَور بیٹے ابوبکر کا پتا دیوان اُسامہ بن منقذ (قاہرہ ۱۹۵۱ء) کی داخلی شہادتوں سے چلتا ہے۔ ابوبکر کا انتقال صغرسنی میں ہو گیا تھا اور معلوم ہوتا ہے اُسامہ کو اس سے بڑی محبت تھی۔ اس کے متعلّق اس نے جو درد بھرے شعر لکھے ہیں وہ دیوان میں دیکھے جا سکتے ہیں (دیوان، قطعات، شمارہ ۵۰۵، ۵۰۶، ۵۱۵، ۵۱۶، ۵۱۸، ۵۱۹، ۵۲۰؛ خریدۃ القصر، ۱: ۵۱۳).

اُسامہ کے ایک بیٹے عتیق کے مرثیے کے تین شعر عماد الاصفہانی نے خریدۃ القصر (۱: ۵۴۶) میں نقل کیے ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لڑکا بھی اُسامہ کی زندگی میں اسے داغِ مفارقت دے گیا تھا۔ اس بیٹے کے متعلّق کسی اَور ماخذ سے کوئی اطلاع نہیں مل سکی].

مآخذ: (۱) اُسامہ کے سوانح حیات اور اس کی تالیفات و تصنیفات کے متعلّق اہمّ ترین مواد درانبورغ (Derenbourg) نے اپنی مبسوط تالیف میں جمع کر دیا ہے (دیکھیے اوپر)۔ اسی نے اُسامہ کے متعلّق الگ الگ متعدّد مقالے بھی لکھے ہیں (قب براکلمان، ۱: ۳۲۰)۔ یہ مقالے اس کی کتاب *Opuscules d' un arabisant* (پیرس ۱۹۰۵ء، ص ۳۱۳-۳۳۶) میں دوبارہ شائع ہوے؛ (۲) ان مقالوں اور ان کے بعد کی تصنیفات، نیز اہم تبصروں کا، جو ان کتابوں پر لکھے گئے، ذکر Ign. Kratschkovsky نے کتاب الاعتبار کے اس روسی ترجمے کے ضمیمے میں کر دیا ہے جو M. Salier نے کیا ہے (پیٹروگراڈ ۱۹۲۲ء، ص ۲۰۶-۲۰۷)؛ نیز دیکھیے (۳) T. Kowalski: *Pamietniki arabskie z pierwszego wieku krucjat*، در *Pzre'glad Warszawski*، ۱۹۲۳ء، شمارہ ۱۸: ص ۳۸۰-۴۰۰ و (۴) Ign. Kratschkovsky: *Neizwestnoje sočinenjeaw-tograf sirijskago emira Usamy*، در *Zapiski*، طبع ثانی، ۱ (۱۹۲۵ء): ۱-۱۸۔ [اب ان مآخذ پر ذیل کا اضافہ کیا جا سکتا ہے (۵) مختار الدین احمد: *The Bani Munqidh, their scholastic and literary pursuits, with special reference to Mu'ayyid al-Daulah Usāma b.Munqidh al-Kirāni al-Shayzari*، غیر مطبوعہ، مخزونہ کتب خانۂ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۱۹۴۹ء؛ (۶) الاستاذ محمد حسین: اُسامة بن منقذ؛ (۷) طاہر النّسعانی: اُسامة بن منقذ؛ (۸) مختار الدّین احمد: دیوان اُسامة بن منقذ (دیکھیے اوپر)؛ (۹) الزّرکلی: الاعلام، طبع ثانی، ۱۹۵۹ء، ۱: ۲۸۲؛ (۱۰) عمر رضا کحّالہ: معجم المؤلّفین، دمشق ۱۹۵۷ء، ۲: ۲۲۵؛ (۱۱) احمد البدوی: الحیاۃ الادبیۃ فی عصر الحروب الصلیبیۃ بمصر و الشام، ص ۱۷۱-۱۸۸؛ (۱۲) عماد الاصفہانی: خریدۃ القصر (قسم الشام، ۱: ۴۹۸-۵۷۲)، تحقیق الدکتور شکری فیصل، دمشق ۱۹۵۵ء].

(IGN. KRATSCHKOVSKY [و مختار الدین احمد])

اِسپَرتہ: (ابن بَطُّوطہ میں سَبَرْتا؛ عہد نامۂ جدید، اعمال رسل، باب ۲۱، آیت ۱ کے عربی ترجمے میں یونانی پَتَرَہ (Patara) کی جگہ سبارطہ (قب *ZDMG*، ۹: ۳۱۷)، قدیم Baris Pisidiae (Pliny: *Nat. Hist.*، ج ۵، فصل ۱۴۷؛ Potlemy، ج ۵، فصل ۵)، قونیہ کے سلجوقیوں نے قلیج آرسلان ثالث (۶۰۰-۶۰۱ھ/۱۲۰۳-۱۲۰۴ء) کے عہد میں فتح کر کے بوزنطیوں سے لے لیا (Houtsma: *Rec. de textes rel. à l' Hist. des Seldjoucides*، ۳: ۶۲: ۴ = ۲۶)۔ قونیہ کی سلطنت کے زوال کے بعد اِسپَرتہ حمید اوغلو [رک بآں] کے قبضے میں چلا گیا اور ۷۸۳ھ/۱۳۸۱-۱۳۸۲ء میں اس خاندان کے آخری حکمران نے اس شہر کو اپنی املاک کے بیشتر حصّے کے ساتھ سلطان مراد اوّل کے ہاتھ فروخت کر دیا (Leunclavius: *Hist.*، ص ۲۳۸؛ سعد الدّین، ۱: ۹۸)۔ سلطنتِ عثمانیہ کے زیرِ حکومت اسپرتہ حمید ایلی کے سنجق بے کی جاے سکونت تھا اور آج کل یہ شہر حمید آباد کے متصرّف اور پسی ڈیا (Pisidia) کے یونانی اُسقُفِ اعظم کا صدر مقام ہے۔ اس خوش حال شہر کی آبادی تقریبًا ۳۰۰۰۰ ہے، جس میں ۶۰۰۰ یونانی اور ۵۰۰ ارمنی ہیں۔ یہاں متعدّد مساجد (۱۳ جامع، ۶۳ [عام] مسجدیں) ہیں، جن میں سے مسجد فردوس بے [مشہور ترکی معمار] سنان کی تعمیر کردہ ہے، ۹ مدرسے اور ایک کتب خانہ ہے، جس میں ۶۰۰ کتابیں ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں ۸ یونانی گرجے اور ایک ارمنی گرجا بھی ہے۔ مقدّم الذّکر دل چسپی سے خالی نہیں ہیں۔ یہاں کی مصنوعات میں قالین (۶۰۰ کھڈیاں) اَلَجہ اور بوغاسی (۲۵۰ کارخانے)، ریشم، عطرِ گلاب اور الکحل قابلِ ذکر ہیں.

مآخذ: (۱) ابن بطّوطہ (مطبوعۂ پیرس)، ۲: ۲۶۶؛ (۲) کاتب چلبی: جہان نُما، ص ۶۳۹ ببعد؛ (۳) Paul Lucas: *Voyage dans la Grèce, l'Asie Mineure, la Macédoine* etc.، ۱: ۲۴۶ ببعد (باب ۳۴)؛ (۴) Arundell: *A Visit to the Seven Churches of Asia*، لنڈن ۱۸۲۸ء، ص ۱۱۸-۱۳۲؛ (۵) وہی مصنّف: *Discoveries in Asia Minor*، لنڈن ۱۸۳۴ء، ۱: ۳۴۶ ببعد و ۲: ۱-۲۲؛ (۶) Hamilton: *Researches*، ۱: ۴۸۳؛ (۷) Sarre: *Reisen in Kleinasien*، ص ۱۶۷ ببعد؛ (۸) Cuinet: *La Turquie d'Asie*، ۱: ۸۵۰ ببعد؛ [شہر کا] ایک منظر در de Laborde: *Voyage d l' Asie Mineure*، ص ۱۰۶.

(J. H. MORDTMANN)

---

* اِسپَنْدار مَذْ: (ف) ایرانی شمسی مہینوں کا بارھواں مہینہ، نیز ہر ماہ کے پانچویں دن کا نام۔

---

* اِسپِہان: رک بہ اِصْفَہان.

---

* اَسْپَہبَد: (پہلوی: سپاہ پَت (spāh pat)[قب سنسکرت: سیناپتی]، سپہ سالار، 'Procopius = ασπέβεδης')، سوار فوج کا افسر اعلیٰ۔ ساسانیوں کے عہد میں یہ لفظ اسم عَلَم کے طور پر ان سات اَرْسکی الاصل خاندانوں میں سے ایک خاندان کے لیے استعمال ہوتا تھا جنھیں خاص مراعات حاصل تھیں۔ لقب کے طور پر اس کا استعمال موروثی عہدوں میں سے پانچویں عہدے سرخیل کے لیے ہوتا تھا (Theophylactes، ۳: ۸)، ان میں سے دوسرے درجے، یعنی فوج کے عام معاملات کی نگرانی و انتظام کرنے والے منصب دار کو ''ایران سپاہ بَذ'' کہتے تھے۔ خسرو اوّل انوشروان کے عہد میں ایرانی فوج چار بڑی فوجی قیادتوں میں منقسم تھی، جن میں سے ہر ایک کے سالار کو اِسپَہبَد کہتے تھے اور ان میں سے ہر ایک کے ماتحت ایک پاذوسپان (وائسرائے) ہوتا تھا، جو پہلے مطلق العنان ہوا کرتا تھا۔ ایران کی فتح کے بعد طبرستان کا علاقہ، جو باقی علاقوں سے کوہ البرز کے بلند سلسلۂ کوہ کے باعث جدا تھا، مدّت دراز تک ان امرا کے ماتحت جنھیں اسپہبد (عربی: اَلْاِصْبَہبَذ، البلاذری، ص ۳۳۶ بعد) کہتے تھے آزاد رہا۔ خلیفہ المأمون نے مازیار (مَیْزْدَیار) بن قارن کو یہی لقب دے کر (حوالۂ مذکور، ص ۳۳۹) اس صوبے کا والی مقرّر کیا۔ ان شہزادوں نے جو سکّے ضرب کرائے ان پر یہ نام پائے جاتے ہیں: خُورْ شِیْذ اوّل، ۹۳ھ/ ۷۱۱ء و ۹۷ھ/ ۷۱۵ء میں؛ فَرُّخان (۱۰۵ - ۱۱۰ھ/ ۷۲۳-۷۲۸ء)؛ داذ بُرْ جِ مِہر، ۱۲۰ھ/ ۷۳۸ء میں؛ خُور شِیْذ ثانی (۱۲۲ - ۱۴۸ھ/ ۷۴۰ - ۷۶۵ء)؛ ۱۵۱ھ/ ۷۶۸ء کے بعد سے مسلم والیوں کے نام شروع ہو جاتے ہیں۔ چھٹی صدی ہجری/ بارھویں صدی عیسوی میں جب باوَنْد خاندان نے طبرستان میں ازسرِنو ایک آزاد ریاست قائم کی تو ان امرا نے، جو اپنے ایرانی ناموں کے ساتھ اسلامی القاب کا اضافہ کرنے لگے تھے، اسپہبد کے لقب کو دوبارہ استعمال کرنا شروع کر دیا (علاءُ الدّولہ علی بن شہریار بن قارِن، نصرۃ الدین رستم، تاج الملوک علی بن مَرْداوِیج، حُسام الدّولہ اَرْدشیر بن حسن)۔

مآخذ: (۱) Arthur Christensen: *L'empire des Sassanides* (*Danske Vidensk. Selsk. Skrifter* 7. reakke، ۱/۱، ۱۹۰۷ء)، ص ۲۷، ۴۲؛ (۲) Fr. Spiegel: *Erânische Alterthumskunde*، ۳: ۲۴۷؛ (۳) A. D. Mordtmann، در *ZDMG*، ۱۹ (۱۸۶۵ء): ۴۸۵ بعد و ۳۳ (۱۸۷۹ء): ۱۱۰-۱۱۲ (اسپہبدوں کے سکّے)؛ (۴) ابن اسفندیار: *History of Tabaristān*، مترجمہ E. G. Browne، ص ۴۲ بعد، ۵۸-۷۳، ۹۱ بعد؛ (۵) نولدیکہ (Nöldeke): *Gesch. d. Perser u. Araber z. Zeit d. Sasaniden*، ص ۱۳۹، ۱۵۱ بعد، ۱۵۵، ۲۷۹، ۴۴۳، ۴۴۴ بعد.

(CL. HUART)

---

* استاد سِیس: خراسان کی ایک مذہبی تحریک کے رہنما کا نام، جو عبّاسیوں کے خلاف تھی۔ یہ بغاوت ۱۵۰ھ/ ۷۶۷ء میں شروع ہوئی اور جلد ہی ہرات، بادغیس، گنج رُستاق اور سجستان کے اضلاع میں پھیل گئی۔ مآخذ سے پتا چلتا ہے کہ استاد سیس کے پیرووں کی تعداد تین لاکھ تھی۔ اس تحریک کو پہلی مزاحمت کا سامنا مَرو الرُّوذ میں کرنا پڑا، لیکن باغیوں نے عرب سردار الأجْثم اور اس کے بہت سے افسروں کو مار ڈالا۔ اس واقعے کی اطلاع پانے پر خلیفہ المنصور نے اپنے سپہ سالار خازم بن خُزَیمہ کو اپنے بیٹے المہدی کے پاس نیسابور (نیشاپور) روانہ کیا اور اس نے خازم کو بیس ہزار فوج کے ساتھ باغیوں پر حملہ کرنے کا حکم دیا۔ کئی چھوٹی چھوٹی شکستوں کے بعد، جو ماتحتوں کی غدّاری کا نتیجہ تھیں، خازم نے ایک ایسی جگہ ڈیرا جما لیا جس کا نام نہیں بتایا گیا اور کئی حربی چالوں کے ذریعے، نیز طخارستان سے آنے والی کمک کی مدد سے، وہ باغیوں کو شکست دینے میں کامیاب ہو گیا۔ باغیوں کی بہت بڑی تعداد ماری گئی۔ استاد سِیس پہاڑوں میں بھاگ گیا، لیکن اگلے سال کے دوران میں گرفتار کر لیا گیا۔ ان تیس ہزار لوگوں کو جو اس کے ہمراہ گئے تھے رہا کر دیا گیا، لیکن اسے اور اس کے بیٹوں کو بغداد بھیج دیا گیا، جہاں وہ قتل کر دیے گئے۔ استاد سِیس کی بغاوت مذہبی رنگ کی تھی۔ وہ اپنے آپ کو پیغمبر بتاتا اور لوگوں کو کفر کی تلقین کرتا تھا (الطبری، ۳: ۳۷۷)۔ وہ ان ملحد باغی سرداروں کے سلسلے میں سے تھا جو ابومسلم [رک بآن] کی موت کے بعد خراسان میں پیدا ہوے، مثلاً سِنباذ مغ (magian)، بِہ آفرید [رک بآن]، یوسف البَرَم اور المقنّع۔ اس کے خیالات غالبًا زردشت کے اصولوں پر مبنی تھے۔ الطبری نے سردار کا نام استاد سیس دیا ہے۔ سیس اکثر ایرانی ناموں میں پایا جاتا ہے (قب Justi: *Altiran. Namenbuch*، ص ۳۳۶؛ الفہرست، ص ۳۳۴، کے مطابق مانی کا جانشین سِیس الامام کہلاتا تھا، اور یونانی مآخذ اسے Sisinnios کہتے ہیں)۔ دوسری جانب کتاب البدء والتاریخ (طبع ہوار (Huart)، ۶: ۸۶) کے بیان کے مطابق غز ترکوں کی ایک بڑی تعداد اس ملحد کے متبعین میں شامل تھی، جیسا کہ باغی اسحٰق الترک کے معاملے میں ہوا، جو ابومسلم کو خدا کا اوتار مانتا تھا۔ الیعقوبی راوی ہے کہ استاد سیس نے المہدی کو [المنصور کا] ولی عہد ماننے سے انکار کر دیا تھا؛ مگر سب سے تعجب انگیز بیان ابن الاثیر کا ہے، جو کہتا ہے کہ استاد سیس ہارون الرشید کی بیوی اور المأمون کی والدہ مَراجل کا باپ تھا اور یہ کہ اس کے بیٹے، یعنی المأمون کے ماموں غالب، نے مؤخّر الذّکر کے مشہور وزیر الفضل بن سَہل ملقب بہ ذوالریاستین کو قتل کر دیا تھا۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس کہانی کی بنیاد کیا ہے، لیکن غالبًا ہم یہ دیکھ سکتے ہیں کہ اس کی تہ میں ایک ایرانی روایت کارفرما ہے، جس کا مدعا المأمون کو ایک شاہانہ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ بزرگانہ حسب و نسب دینے کے سوا اَور کچھ نہیں۔ استاد سیس کا خروج اشکانی خاندان کی تأسیس کے پانچ سو سال بعد وقوع میں آیا اور اس کی تحریک کا ایک مرکز سجستان بھی تھا، جہاں اسے شاید وہ نجات دہندہ (ساوشْیَنْت) متصوّر کر لیا گیا ہوگا جس کا انتظار زرتشتی مذہبی روایت کی رُو سے کیا جا رہا ہے (قب

G. van Vloten: *Recherches sur la domination arabe*، در *Verh. Ak. Amst*، ۱:۳،۱۸۹۴ء، ۳:۶۸).

مآخذ: (۱) الیعقوبی: تأریخ، طبع ہوتسما (Houtsma)، ۲: ۴۵۷؛ (۲) الطبری، ۳: ۳۵۴-۳۵۸؛ (۳) ابن الاثیر، ۵: ۴۵۲ ببعد؛ (۴) Wiel: *Geschichte der Chalifen*، ۲: ۶۵.

(J. H. KRAMERS کرامرز)

---

* **اُسْتَاذ:** فارسی میں آقا، مُعلّم، کاریگر۔ یہ لفظ معرّب ہوگیا ہے اور اس کی جمع استاذُون اور اَساتِذہ ہے۔ اس لفظ کے معنی خواجہ سرا، ماہر موسیقی اور تاجر کے کھاتے کے بھی ہیں، لیکن حال کی زبان میں اس کا مفہوم بالخصوص مُعلّم ہی کا ہو گیا ہے۔ دار کے لفظ کے ساتھ اس کی ترکیب، یعنی استاذ دار ''مُہتمم امورِ خانہ'' (major domo) کے معنوں میں استعمال ہوتی تھی اور اس اصطلاح کا اطلاق مملوک [رکّ بآن] سلاطینِ مصر کے بڑے امرا میں سے ایک پر کیا جاتا تھا۔ ہمیں اس لفظ کی مخفّف صورتیں، یعنی اُستا، اُسطا اور اوسطا بھی ملتی ہیں، جن کی جمع اُستَوات، اُسطَوات اور اوسطوات ہیں۔ قاہرہ میں یہ اصطلاح گاڑی بانوں کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

مآخذ: (۱) ولرز (Vullers)، لین (Lane) اور ڈوزی (Dozy) کی فرہنگیں؛ (۲) نالینو (C. A. Nallino): *L'arabo parlato in Egitto*، طبع ثانی، میلان ۱۹۱۳ء، ص ۱۸۵-۱۸۶.

(A. J. WENSINCK ونسنک)

---

* **اِسْتَار:** (στατήρ) دواؤں یا سونے چاندی کو تولنے کا ایک وزن، جو یونانیوں سے لیا گیا اور جس کا اندازہ بالعموم دو مختلف پیمانوں سے لگایا جاتا ہے۔ ایک معادلہ (equation) تو یہ ہے کہ ۱ اِستار = ۶ درہم اور ۲ دانق = ۴ مثقال (دوا فروشوں کا اِستار) اور دوسرا یہ کہ ۱ اِستار = ۶½ درہم = ۴½ مثقال (مشرق کا تجارتی مثقال)۔ پہلی مساوات صرف اس صورت میں درست ہوگی کہ درہم مسکوک اور مثقال مِیّال کو یوں سمجھا جائے:

$$\frac{(۲٫۹۷ \times ۲ + ۲٫۹۷)}{۶} = ۱۸٫۱۸ = ۲٫۷۲ \times ۴ \times ۴ = ۱۸٫۱۸؛$$

دوسری مساوات تقریبًا یوں درست ہوگی کہ ہم درہم مسکوک اور قدیم مثقال (دینارِ طلائی) کو لیں (۲٫۹۷ × ۵٫۶ = ۱۹٫۳ = ۴٫۲۵ × ۴٫۲۵ = ۱۹٫۱۲۵)؛ دونوں صورتوں میں نتیجہ عام یونانی وزن (stater) سے بہت زیادہ نکلتا ہے۔ ایک اَور نسبت، یعنی یہ کہ ۲۰ اِستار کا ایک رطل (پونڈ) ہوتا ہے، اس وقت درست ہوتی ہے جب اِستار ۶½ درہم کا ہو اور رطل سے مراد بغدادی رطل ہو، جو ۱۳۰ درہم کا ہے۔

مآخذ: (۱) H. Sauvaire: *Matérieux*، بذیلِ مادّہ؛ (۲) Don Vasquez Queipo: *Essai sur les Systèmes métriques*، ج ۱۔

(E. V. ZAMBAUR زَمْباور)

⊗* **اِسْتِئْناف:** شریعتِ اسلامیہ میں اس سے مراد ہے کسی ایسے شرعی کام (مثلاً نماز) کو شروع سے دوبارہ ادا کرنا جس کا سلسلہ کسی وجہ سے منقطع ہوگیا ہو۔ برخلاف اس کے اگر صرف اسی حصّے کو جو انقطاعِ سلسلہ کی وجہ سے رہ گیا تھا بعد میں ادا کیا جائے تو اسے بنا کہتے ہیں (یعنی اس کام کا جاری رکھنا جس کا سلسلہ درمیان میں ٹوٹ گیا تھا)۔ [لغوی معنی: کسی امر کی پھر سے ابتدا (دیکھیے صُراح)؛ ایک فقہی اصطلاح، جس سے مراد ہے پہلی تکبیرِ تحریمہ کے ابطال کے باعث اس کی تجدید، یعنی دوبارہ ابتدا، مثلاً یوں کہ اگر حالتِ نماز میں حَدَث واقع ہوگیا اور اس لیے وضو کی ضرورت پیش آئی، لہٰذا وضو کے بعد نماز کی پھر ابتدا کی گئی اور اس حصّے (رکن) کو پورا کیا گیا جس میں حدث واقع ہوا تھا تو اسے استئناف کہا جائے گا۔ نماز کے باقی حصّے کے اتمام کو، جو بسبب حدث پورا ہونا رہ گیا تھا، ''بنا'' کہتے ہیں۔ استئناف گویا پھر سے ابتدا ہے کسی امر کی اور بنا ہے اس کا سلسلہ جاری رکھنا۔ استئناف علمِ معانی میں بھی ایک اصطلاح ہے، مثلاً آپ نے ایک جملے کو اس کے پہلے جملے سے الگ کر دیا، اس لیے کہ یہ جواب تھا اس جملے کا تو اس دوسرے جملے کو مستأنفہ کہا جائے گا۔ اندریں صورت استئناف کا اطلاق اگرچہ دونوں جملوں پر ہوتا ہے لیکن مستأنفہ کا صرف اس جملے پر ہوگا جسے الگ کر لیا جائے۔ ایسے ہی نحو میں بھی استئناف کا استعمال بطور ایک اصطلاح کے ہوتا ہے، لیکن نحوی اس ابتدائی جملے کو مستأنفہ کہتے ہیں جس کا تعلق ''لما'' یعنی کسی سوال کے جواب سے ہے۔ وہ اس قسم کے استئناف کی تین صورتیں بیان کرتے ہیں: ایک یہ کہ کسی بات کے سبب کے متعلّق مطلقًا سوال کیا جائے اور جس کا ظاہر ہے کوئی بھی سبب ہو سکتا ہے، مثلاً شاعر کہتا ہے:

قَالَ لِیْ کَیْفَ اَنْتَ قُلْتُ عَلِیْلٌ
سَھَرٌ دائِمٌ وَ حُزْنٌ طَوِیْلٌ

یہاں سوال محض یہ تھا ''تم کیسے ہو؟'' جواب ملا ''علیل ہوں'' اور علالت کی کیفیت بھی بیان کر دی گئی۔ کوئی خاص سبب مذکور نہیں ہوا؛ استئناف کی دوسری صورت یہ ہے کہ سبب خاص کی وضاحت کی جائے، مثلاً آیہ شریفہ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ سے دراصل یہ کہنا مقصود ہے کہ ہاں، اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ۔ صورت اوّل میں سبب کے متعلّق تاکید کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، لیکن دوسری صورت میں تاکید لازم آتی ہے؛ تیسری صورت، جس کا تعلّق نہ سبب مطلق سے ہے نہ سبب خاص سے، یہ ہوگی جیسے قرآن پاک کی اس آیت میں وَ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰھِیْمَ بِالْبُشْرٰی قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ (۱۱ [ھود]: ۶۹)، یعنی جب ابراہیم علیہ السلام کو سلام کہا گیا تو آپ نے بھی کہا تم پر سلام ہو۔ مختصرًا یہ کہ استئناف کا باب نہایت وسیع ہے اور اس کے محاسن بھی کئی ایک ہیں، مثلاً بعض جملے ایسے ہوتے ہیں جن میں استئناف مقدّر رہتا ہے، جیسے اس صورت میں: اَحْسَنْتَ اَنْتَ اِلٰی زَیْد،

زَیْدٌ حَقِیْقٌ بِالْاِحْسَانِ، جس میں گویا سوال یہ تھا کہ تو نے زید پر کیوں احسان کیا؟ کیا وہ اس کا مستحق تھا؟ صورت حال یہ ہے کہ تھا۔ ایسے ہی آیۂ شریفہ یُسَبِّحُ لَہٗ فِیْھَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ، جس میں پھر سوال یہ تھا کہ کون اس کی تسبیح کرتے ہیں؟ جواب یہ ہے کہ رجال].

مآخذ: (۱) تھانوی: کشاف اصطلاحات الفنون، کلکتہ ۱۸۶۲ء؛ (۲) التفتازانی: المطوّل، مطبع نولکشور، لکھنؤ؛ (۳) شمس الدّین: جامع الرموز، مطبع نولکشور، لکھنؤ].

(TH. W. JUYNBOLL[وسیّد نذیر نیازی])

---

* **اِستانبول** (قسطنطینیہ): اِستانبول عثمانلی ترکوں کی فتح (۱۴۵۳ء) تک:-

نام: یہ شہر، جسے قسطنطینِ اعظم نے ۱۱ مئی ۳۳۰ء کو سلطنت شرقیہ کا صدر مقام بنالیا اور جس کا نام اسی کے نام پر رکھا گیا، عربوں کے ہاں قُسْطَنْطِیْنِیَّہ (نظم میں قُسْطَنْطِیْنِیَّہ، کبھی حرف تعریف بڑھا کر کبھی اس کے بغیر) کے نام سے معروف تھا۔ وہ اس کے قدیم تر نام Byzantion (بُوزَنْطِیہ، مختلف ہجّوں کے ساتھ) سے بھی واقف تھے، نیز اس حقیقت سے بھی کہ متأخّر یونانی، جیسے کہ آج کل، اسے محض ἡ πόλις = ''البلدۃ'' یعنی ''خاص شہر'' کہتے تھے (المسعودی، ۹:۳۳۷؛ ابن الاثیر، ۱:۲۳۰؛ ابو الفداء، ۲:۱-۳۹؛ الدّمشقی، ص ۲۴۰، ۲۵۹؛ ابن بطّوطہ، ۲:۴۳۱)۔ یونانی εἰς τὴν πόλιν سے ترکی استانبول مشتق ہے (ابن الاثیر اور قاموس: استنبول؛ ابو الفداء، الدمشقی، یاقوت اور ابن بطّوطہ: اِصْطَنْبُول؛ Clavijo، ص ۲۲، طبع Bruun: اسکمبولی (Escamboli)؛ Schiltberger، ص ۴۵، طبع "Constantinopel hayssen die Chrischen:Langmantel =*Istimboli* und die Thürcken hayssends *Stambol*" ''قسطنطینیہ، جسے عیسائی اِستمبولی اور ترک ستامبول کہتے ہیں'')۔ سولھویں صدی میں ہمیں ایک اَور شکل اسلامبول = ''اسلام معمور'' [معمورۂ اسلام] بھی نظر آتی ہے۔ شکل قُسْطَنْطِیْنِیَّہ اور اس کی دوسری شکل قُسْطُنْطِیْنَہ، زمانۂ حال تک سرکاری نام کے طور پر سِکّوں اور فرمانوں میں مستعمل رہی۔ احمد ثالث سے لے کر سلیم ثالث تک سکّوں پر اسلامبول نام نظر آتا ہے۔ تحریری زبان میں اور زیادہ شائستہ گفتگو میں اس کے لیے ''دار سعادت'' اور اس سے کسی قدر کم ''آستانۂ سعادت'' = ''درِ خُرّمی'' استعمال ہوتا تھا۔ روزمرّہ کی گفتگو میں استانبول باقی چلا آتا ہے اور زیادہ خصوصیت کے ساتھ اس کا اطلاق خاص شہر پر، جس میں غلَطہ اور پیرا شامل نہیں ہیں، ہوتا ہے، بلکہ ابن بطّوطہ کے زمانے میں بھی یہی صورت تھی۔

استانبول پر عرب حملے: روایت ہے کہ خود رسول اللہ [صلّی اللہ علیہ وسلّم] نے پیش گوئی کر دی تھی کہ متبعین اسلام قسطنطینیہ کو فتح کر لیں گے۔ ترک مؤرّخین اس کی سند میں یہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ: ''تم قسطنطینیہ کو ضرور فتح کر لوگے؛ رحمت ہو اس بادشاہ اور اس لشکر پر جس کے ہاتھوں یہ فتح نصیب ہو'' (عالی: کُنہ الاخبار، ص ۲۵۲ ببعد؛ صُولاق زادہ، ص ۱۹۴؛ اولیا، ۱: ۳۲ ببعد، ۷۳؛ علی ساطع، حدیقۃ الجوامع، ۱: ۲ ببعد)؛ السّیُوطی کی الجامع الصغیر کو بطور سند پیش کیا جاتا ہے؛ اس سے زیادہ قدیم حوالے موجود نہیں [لیکن قب مسلم: الصحیح، کتاب الفتن، حدیث ۳۴، ۳۷، ۳۸؛ ابوداؤد: السُنَن، کتاب الملاحم؛ ترمذی: الجامع، کتاب الفتن، باب ۵۸؛ احمد: مسند، ۱: ۱۷۸، ۴۳۵ و ۲: ۱۷۴، ۱۷۶ و ۴: ۱۹۳، ۳۳۵ جہاں فتح روم و قسطنطینیہ کے قدیم تر حوالے موجود ہیں].

واقعہ یہ ہے کہ بنوامیّہ نے اس کارِ خطیر کو انجام دینے پر اس ہمّت اور بہادری سے کمر باندھی جو ابتدائی مجاہدین اسلام کے دل میں جوش زن تھی۔ بقول تھیوفینس (Theophanes) عالمی سال ۶۱۴۶ میں (جو یکم ستمبر ۶۵۳ء سے شروع ہوا) طرابلس [الشام] میں جہازوں کا ایک بیڑہ قسطنطینیہ پر چڑھائی کرنے کے لیے تیار کیا گیا، جس نے Αβουλαθάρ، یعنی بُسر بن ابی اَرْطَاۃ کے زیر قیادت یونانی بیڑے کو فینیقیا [Phoenix (Finika)] میں ساحل لیکیا (Lycian) پر شکست دی، لیکن قسطنطینیہ تک اس کی پہنچ نہ ہوئی؛ اسی وقت امیر معاویہؓ نے [خشکی کے راستے] بھی بوزنطی مملکت پر حملہ کیا تھا.

سال ۴۴ھ/ ۶۱۵۶ عالمی/ ۶۶۴ء میں عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید کا حملہ وقوع پذیر ہوا، جو برغمہ (Pergomon)، تک بڑھتے چلے گئے؛ عرب مآخذ کی رُو سے امیر البحر بُسر بن ابی ارطاۃ قسطنطینیہ تک پہنچ گیا تھا (الطبری، ۲:۸۶).

اس کے بعد کے سالوں کے دوران میں فَضَالَہ بن عُبَید چالسیڈن (Chalcedon) تک پہنچ گیا اور اس کے پیچھے پیچھے یزید بن معاویہؓ کو روانہ کیا گیا۔ تھیوفینیس (Theophanes) کے قول کے مطابق یہ واقعہ ۶۱۵۹ عالمی میں ہوا، جو یکم ستمبر ۶۶۶ء سے شروع ہوتا ہے۔ نِسِبِیس (Nisibis) کے الیاس (Elias) کا کہنا ہے کہ یزید ۵۱ھ میں، جو ۱۸ جنوری ۶۷۲ء کو شروع ہوا، قسطنطینیہ کے سامنے نمودار ہوا۔ ایک بیڑے نے، جس کا امیر بُسر بن ابی اَرْطَاۃ تھا، اس حملے میں مدد کی۔ ۶۷۲ء میں ایک زبردست جنگی بیڑا بحیرۂ مارمورا کے یورپی کنارے پر شہر کی دیواروں کے نیچے لنگر انداز ہوا۔ عرب اپریل سے دسمبر تک شہر پر حملے کرتے رہے؛ سردی کا موسم انھوں نے سِزی کَس (Cyzicus) میں گزارا اور اس کے بعد کے موسم بہار میں پھر نئے حملے شروع کر دیے، یہاں تک کہ ''سات سال جنگ کرنے کے بعد آخر کار وہ واپس ہوئے''۔ بیڑے کا ایک بڑا حصّہ آتش یونانی (Greek fire) سے فنا ہو گیا۔ بہت سے جہاز واپسی کے سفر میں تباہ ہوئے (تھیوفینیس، ص ۳۵۳ ببعد)۔ اس سات سالہ محاصرے کے مختلف واقعات کی تاریخی ترتیب میں تھیوفینیس کے ہاں بہت سے اشکالات موجود ہیں۔ بظاہر عسکرِ برّی قسطنطینیہ کے سامنے ۶۶۷ء میں نمودار ہوا اور بحری بیڑا انجام کار ۶۷۳ء میں واپس لوٹا۔ عرب مؤرّخین نے مختلف طور پر اس کا سال ۴۸، ۴۹، ۵۰ اور ۵۲ھ لکھا ہے اور حضرت ابو ایّوب انصاریؓ کی وفات کا سال ۵۰، ۵۱، ۵۲، یہاں تک کہ ۵۵ھ تک بتایا ہے۔ چونکہ قسطنطینیہ کے گرد جنگ سات سال تک جاری رہی اس لیے تاریخی تخمینوں میں یہ اختلاف نا قابلِ توجیہ نہیں ہے.

دنیاے عرب میں اس محاصرے کو خاص شہرت حاصل ہوئی، اس لیے کہ اس میں ابو ایوب خالد بن زید انصاری [رض] [رکّ بآن] شہید ہوے اور قسطنطینیہ کی دیواروں کے سامنے دفن کیے گئے؛ سلطان محمد ثانی نے اس شہر کے آخری بار محاصرے کے دوران میں ان کی قبر دریافت کی۔ یہ واقعہ کچھ اسی قسم کا ہے جیسا کہ ابتدائی صلیبی محاربین کو انطاکیہ کے محاصرے کے دوران میں ''مقدّس نیزہ'' مل گیا تھا۔ ([حضرت] ابو ایوب [رض] کی قبر کا ذکر پہلی بار ابنِ قُتَیبہ، ص ۱۴۰، میں پایا جاتا ہے؛ الطبری، ۳: ۲۳۲۴؛ ابن الاثیر، ۳: ۳۸۱؛ ابن الجوزی اور القزوینی، ص ۴۰۸ نے لکھا ہے کہ بوزنطی اس قبر کا احترام کرتے تھے اور خشک سالی میں بارش کے لیے دعا کرنے (استسقاء) کی غرض سے اس کے گرد جمع ہوا کرتے تھے۔ ترکی روایت بہت تفصیل کے ساتھ لی انکلیویس (Leunclavius): *Hist. Mus.*، ص ۱۴۱ بعد، میں اور خاص اس موضوع پر محنت سے لکھی ہوئی کتاب حاجی عبداللہ: الآثار المجیدیۃ فی المناقب الخالدیۃ، استانبول ۱۲۵۷ھ میں مندرج ہے)۔

اس کے بعد بوزنطیوں اور عربوں کے درمیان چالیس سال تک جنگ ملتوی رہی، یہاں تک کہ ۹۷ھ میں (جس کا آغاز ۱۵ اکتوبر ۷۱۵ء کو ہوا) سلیمان بن عبدالملک تخت نشین ہوا۔ اس زمانے میں ایک ''حدیث'' مشہور تھی، جس کی رُو سے کوئی خلیفہ، جس کا نام ایک نبی کے نام پر ہوگا، قسطنطینیہ کو فتح کرے گا۔ سلیمان سمجھا کہ اس پیش گوئی کا اشارہ اسی کی طرف ہے، چنانچہ اس نے قسطنطینیہ کے خلاف ایک بڑی مہمّ کی تیاری کی۔ اس لشکر کا سالار، جس میں محاصرے کی توپیں موجود تھیں، سلیمان کا بھائی مسلمہ تھا۔ ایشیاے کوچک میں سے گزر کر اس نے درۂ دانیال (Dardanelles) کو ابیڈوس (Abydos) کے پاس سے عبور کیا اور قسطنطینیہ کے گرد گھیرا ڈال دیا۔ عربوں کے بڑے بحری بیڑے کا ایک حصّہ تو بُحیرۂ مارمورا کے ساحل پر کی دیواروں کے سامنے لنگر انداز ہوا اَور ایک حصّہ باسفورس میں؛ قرن الذّہب (شاخِ زرّیں Golden Horn) کو ایک زنجیر سے بند کر دیا گیا۔ محاصرہ ۲۵ اگست ۷۱۶ء کو شروع ہوا اور مکمل ایک سال تک جاری رہا۔ آخر مسلمہ کو واپس ہونا پڑا، اس لیے کہ اُدھر تو بلغاریوں نے حملہ کر دیا اور اِدھر سامان رسد کم پڑ گیا (تھیوفینیس، ص ۳۸۶-۳۹۹)؛ پوری تفصیل ابن مِسکَوَیہ، طبع دخویہ (de Goeje): ص ۲۴-۳۳، میں ملے گی؛ قبّ نیز الطبری، ۵: ۱۳۱۴ بعد؛ ابن الاثیر، ۴: ۱۷ بعد؛ قبّ Gelzer: *Pergamon unter Byz- antinern und Osmanen*، ص ۴۹-۶۴، میں بڑا واضح بیان۔ متاخّر عرب مصنّفین کے ہاں مسلمہ کے پُرخطر جنگی کوچ کا ذکر بہت سی جگہ آیا ہے۔ چند صدیوں کے بعد تک بھی وہ ''بُرِ مسلمہ'' سے واقف تھے، جو ابیڈوس (Abydos) میں اس جگہ واقع تھا جہاں مسلمہ نے پڑاؤ ڈالا تھا (المسعودی، ۲: ۳۱۷؛ ابن خُرّداذبہ، ص ۱۰۴) اور اُس مسجد کو بھی جانتے تھے جو اُس نے وہاں بنائی تھی (یاقوت، ۱: ۳۴۷)۔ عبداللہ بن طیّب پہلا مسلمان تھا جس نے ''بابِ قسطنطنیہ'' پر حملے کی قیادت کی۔ وہ مسلمہ کے ساتھیوں میں سے ایک تھا (ابن قُتَیبہ، ص ۲۷۵)۔ مسلمہ کی بابت کہا گیا ہے کہ اس نے قصرِ شاہی کے پاس عرب قیدیوں کے لیے ایک عمارت بنائی تھی، کیونکہ اس کی تعمیر معاہدۂ صلح کی شرطوں میں شامل تھی اور اسی نے استانبول میں پہلی مسجد بھی تعمیر کی (المقدسی، ص ۱۴۷؛ ابن الاثیر، ۱۰: ۱۸؛ الدّمشقی، ص ۲۲۷)؛ سب سے آخر میں غَلَطَہ کا منار تعمیر کرنے والا بھی اسی کو بتایا گیا ہے (الدمشقی، ۴: ۲۲۸) اور غَلَطَہ کی ''جامع عرب'' بنانے کا سہرا بھی اسی کے سر ہے (حاجی خلیفہ: تقویم التواریخ، سال ۹۷ھ)۔ اولیا اور اس کے مآخذ میں مسلمہ کی مہمّ کے دوران میں دو محاصروں کا ذکر ہے اور ان کا بیان ایسی حکایات سے مزیّن ہے جو ناقابلِ یقین ہیں۔ نرگسی (۱۰۴۴ھ / ۱۶۳۴ء) نے مسلمہ کے غزوات سے اپنے *Pentas* [خمسہ] کی چوتھی فصل میں بحث کی ہے اور اس میں اس نے محی الدّین ابن العربی کی مسامرات کا تتبّع کیا ہے۔

عرب لشکر قسطنطینیہ کی حدود میں صرف ایک موقع پر اَور نمودار ہوا، یعنی ۷۸۲ھ میں، جب کہ خلیفہ المہدی کے فرزند ہارون نے اپنے لشکر کے ہمراہ ایشیاے کوچک میں سے کوچ کیا اور بلامزاحمت بڑھتا چلا گیا، یہاں تک کہ کریسوپولس (Chrysopolis) (سقوطری، اشقودرہ) میں جا کر ڈیرا ڈال دیا۔ ملکۂ آیرین (Irene) نے، جو اپنے لڑکے قسطنطین (Constantine) کی کارکن نائب تھی، فوراً صلح کر لی اور خراج ادا کرنا منظور کیا (تھیوفینیس، ص ۴۵۵ بعد، بذیل ۶۲۷۴ سال عالمی / ۷۸۱-۷۸۲ء؛ البلاذری، ص ۱۶۸؛ الطبری، ۳: ۵۰۴ بعد؛ ابن الاثیر، ۶: ۴۴ تحت ۱۶۵ھ، جو ۲۶ اگست ۷۸۱ء سے شروع ہوا)۔ اولیاء اور اس کے مآخذ (محی الدّین جمالی، م ۹۵۷ھ / ۱۵۵۰ء بموجب Rieu: *Catalogue*, etc.، ص ۴۶ بعد) میں یونانیوں کے خلاف المہدی اور ہارون کے غزوات کے دوران میں قسطنطینیہ کے چار باقاعدہ محاصرے بیان کیے گئے ہیں۔ [بقول ان کے] ان میں سے دوسرے محاصرے کے بعد ہارون نے اسی طرح کے ایک حیلے سے استانبول کے ایک حصّے کو اپنے قبضے میں کر لیا جیسا کہ ڈیڈو (Dido) نے کارتھیج حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا تھا (لیون کلاویس (Leunclavius): محلِّ مذکور، ص ۵۴؛ اولیاء، ۲: ۸۱ = *Travels* etc.، ۱: ۱، ۲۵)؛ ایسی ہی حکایت کلاویجو (Clavijo)، ص ۲۳، نے اہلِ جنیوا کے غَلَطَہ میں آ کر بس جانے اور اولیاء: *Travels* etc.، ۱: ۲: ۶۶، نے محمد ثانی کے رومیلی حصار بنانے کی بابت دی ہے۔

قسطنطینیہ کے متعلّق عرب بیانات دسویں صدی سے شروع ہوتے ہیں۔ وہ درۂ دانیال، بُحیرۂ مارمورا اَور باسفورس کو ایک ہی آب نای (خلیج) سمجھتے تھے، جو بحرِ متوسّط کو بحرِ اسود سے ملاتی ہے۔ الاصطخری اور دیگر مصنّفین نے اس بڑی زنجیر کا ذکر کیا ہے جس نے عربوں کے جہازوں کو داخلے سے روک دیا تھا۔ اس سے غالبًا اس زنجیر کی طرف اشارہ ہے جو غَلَطَہ اور استانبول کے درمیان جنگ کے زمانے میں پھیلا دی جاتی تھی (دیکھیے بیان آئندہ)۔ انھوں نے شہر کے گرد کی بلند دوہری فصیلوں مع ان کے بُرجوں اور بڑے پھاٹکوں کے، بشمول ''بابِ زرّیں''

[آلتون قپو]، آیا صوفیا، گُھڑ دوڑ کے میدان مع اس کی یادگار عمارتوں کے (جس میں مصری مخروطی منار (obelisk) زیادہ نمایاں ہے) محّل کے دروازے پر کے چار کانسی کے گھوڑوں اور قیصر "قسطنطین" کے (درحقیقت جسٹینین (Justinian) کے، جو آغسطس (Augusteus) کہلاتا تھا) گھوڑے پر سوار مجسّمے کا ذکر کہیں زیادہ تفصیل کے ساتھ اور کہیں بالاِجمال کیا ہے۔ ابن حوقل اور المقدّسی نے خاصی توجہ پری ٹوریم (Praetorium) پر دی ہے، جہاں ان کے اہل وطن، جو جنگ میں اسیر ہوے تھے، قیدِ محض میں رکھے جاتے تھے اور اس مسجد پر بھی جو مسلمہ کی طرف منسوب ہے (قبّ یاقوت، ۱: ۷۰۹، بذیلِ مادّۂ "بَلاط" اور Constantinos Porphyrogenitus: *de Cerin*، ۱: ۵۹۲، ۷۶۷)۔ ابن الوَرْدی (چودھویں صدی عیسوی) کا بیان سب سے زیادہ مفصّل ہے)۔ وہ پروفائرُوجینیٹس (Porphrogenitus) کے کانسی کے مخروطی منار، آرکیڈیس (Arcadius) کے ستون اور ویلنز (Valens) کے کاریز (Aqueduct) کا ذکر کرتا ہے اور اسے یہ بھی معلوم ہے کہ باب زرّیں بند کر دیا گیا تھا۔ ابن بطّوطہ (۲: ۴۳۱-۴۴۴) نے اپنے زمانے کی کلیسائی زندگی کا آنکھوں دیکھا حال لکھا ہے؛ سب سے آخری ملاحظات فیروز آبادی (م ۸۱۷ھ) نے اپنی لغت کی کتاب [القاموس، بزیرِ مادّۂ قسط] میں دیے ہیں۔

جنگی قیدیوں کے علاوہ بہت سے مسلمان سوداگر اور خلیفہ اور دیگر مسلم فرمانرواؤں کے سفیر بوزنطیم میں بود و باش رکھتے تھے؛ مملوک سلاطین بعض مواقع پر فتنہ پرداز افراد کو مع ان کے گھر بار کے یہاں جلاوطن کر دیتے تھے؛ سلجوق سلاطین اور مدعیانِ تخت (قلیج ارسلان ثانی، کیخسرو اوّل، کیکاؤس ثانی) نے متعدّد بار طویل مدّت تک قسطنطینیہ میں آ کر قیام کیا؛ دارالسلطنت میں ان کی زندگی کے حالات بوزنطی مصنّفین اور سلجوقی مؤرّخین نے بڑی تفصیل سے لکھے ہیں۔

عربوں کے قسطنطینیہ پر دونوں حملوں نیز اُن کے اور دیگر مسلمانوں کے وہاں بود و باش رکھنے کے واضح آثار ابھی تک دست یاب نہیں ہوے؛ بالخصوص مسجد مَسْلَمَہ کا ابھی تک کوئی سراغ نہیں ملا۔ اس کا ذکر پہلی دفعہ Const. Porphyr.: *de Adm.*، باب ۲۲؛ *Bonn Corpus*، ص ۱۰۱، ۲۲ [؟!] نے کیا ہے؛ یہ ایک عوامی شورش کے دوران میں ۱۲۰۰ء میں تباہ ہوگئی اور ۱۲۰۳ء میں صلیبی محاربوں نے اسے تاراج کیا (Nicetas chon.، ص ۶۹۶، ۷۳۱، مطبوعۂ بون Bonn)۔ ابن الاثیر، ۹: ۳۸۱، قبّ ۱۰: ۱۸ (جس سے ابوالفدا نے استفادہ کیا ہے) کے بیان کے مطابق اس مسجد کو ۴۴۱ھ / ۱۰۴۹-۱۰۵۰ء میں مرمّت کر کے بحال کیا گیا اور یہ کام کنسٹنٹائن مونومے کس (Constantine Monomachos) نے طغرل بیگ سلجوق کی درخواست پر کیا۔ اَلْمقریزی (۱: ۱۷۷، طبع کاترمیئر Quatremere) نے کہا ہے کہ میکائل ہشتم پیلیولوگس (Michael VIII Palaeologus) نے ۶۶۰ھ / ۱۲۶۱-۱۲۶۲ء کے قریب ایک مسجد تعمیر کی، جسے مملوک سلطان بیبرس نے نہایت شان دار طریقے سے آراستہ کیا۔ "عرب جامع" اور استانبول میں عربوں کی دیگر تعمیرات کی بابت بیانات اَساطِیر کے زُمرے میں آتے ہیں۔

قسطنطینیہ اور آلِ عثمان

فتحِ قسطنطینیہ: اس وقت سے جب ہارون کے زیرِ قیادت عربوں نے باسفورس پر ڈیرا ڈالا چھے سو سے زیادہ سال گزر چکے تھے کہ ترکوں نے قسطنطینیہ پر، جو مع اپنے متصل قُرب و جوار کے عظیم مشرقی سلطنت کا وہ تنہا حصّہ تھا جو ابھی تک بچ رہا تھا، قبضہ کرنے کی پہلی کوشش کی۔ بایزید اوّل نے ۱۳۹۶ء میں اس شہر کا محاصرہ کیا، جو چند ماہ تک جاری رہا، لیکن یہ سن کر کہ فرانسیسیوں اور ہنگری والوں کی کمکی فوج سِیجِسمنڈ (Sigismund) اوّل کے تحت پہنچ رہی ہے اس نے محاصرہ اٹھا لیا۔ پھر اس فوج کی نکوپولیس (Nikopolis) پر شکست (۲۵ ستمبر ۱۳۹۶ء) کے بعد ترکی محاصرے نے ایک تنگ گھیرے کی شکل اختیار کر لی، جو کئی سال تک جاری رہا، یہاں تک کہ قیصر نے بایزید کے مطالبات مان لیے (تقریبًا ۱۴۰۰ء)؛ دیگر مراعات کے ساتھ ساتھ ترکوں کو یہ اجازت مل گئی کہ وہ اپنا ایک الگ محلہ بسائیں، جس میں ان کا اپنا ایک علٰیحدہ قاضی ہو اور وہ شہر میں ایک مسجد بھی بنا سکیں۔ تیمور کے نمودار ہونے اور انقرہ کی جنگ میں بایزید کی گرفتاری کی بدولت بوزنطیم کو اپنے ستانے والوں سے وقتی طور پر نجات مل گئی۔ (جو تاریخ یقینی طور پر معلوم ہے وہ ۱۳۹۶ء کے محاصرے کی ہے؛ جنگِ نکوپولس (Nikopolis) کے بعد کے واقعات کے بیانات ایک دوسرے سے مختلف ہیں اور ان کی تاریخی ترتیب معیّن نہیں کی جا سکتی)۔

جس حکمران نے اس شہر کا دوبارہ محاصرہ کیا وہ مراد ثانی تھا، لیکن اس نے جون ۱۴۲۲ء سے لے کر ستمبر ۱۴۲۲ء تک شہر پر جتنے حملے کیے وہ سب بے سود ثابت ہوے۔ بعد میں باہم صلح ہوگئی، جو اس سلطان کی وفات تک قائم رہی۔ قسطنطینیہ کی فتح اور بوزنطی سلطنت کا تختہ الٹنا مراد ثانی کے فرزند محمد ثانی کے نام مقدّر ہو چکا تھا۔

اس نے سمندر کی طرف سے سامانِ رسد اور ہر ممکن کمک کا راستہ بند کرنے کے لیے ۱۴۵۲ء میں باسفورس کے یورپی ساحل پر قلعہ رومیلی حصار بنایا (جس کا نام اس وقت بوغاز کیسن boghaz-kesen = قاطع آب نائے) تھا۔ شہر کا محاصرہ ۱۹ اپریل ۱۴۵۳ء کو شروع ہوا اور جمعرات ۲۹ مئی کو ختم ہوا۔ حملے کا خاص زور شہر کی خشکی کی طرف کی ان فصیلوں پر تھا جو "طوپ قپو" (توپ دروازہ) اور ادرنہ دروازہ کے درمیان تھیں، جہاں محاصرہ کرنے والوں کی بھاری گولہ باری نے فصیل کا بڑا حصّہ منہدم کر دیا تھا۔ اس محاصرے کے زمانے کے دو اہم حادثے خاص شہرت حاصل کر چکے ہیں: (۱) ترکی بیڑے کا شاخِ زرّیں میں، جو ایک بھاری زنجیر کے ذریعے بند کر دی گئی تھی، اس طرح داخل ہو جانا کہ اسے زمین پر گھسیٹ کر شاخِ زرّین میں پہنچایا گیا (خلیج دولمہ باغچہ Dolma Baghče سے پیرا (Pera) کی پہاڑی پر ہوتے ہوے وادی قاسم پاشا تک)۔ یہ واقعہ ۲۱-۲۲ اپریل کی درمیانی رات کا ہے؛ (۲) شیخ آق شمس الدّین کا ابو ایّوب انصاریؓ کی

قبر کا دریافت کرنا.

مفتوح شہر کے اندر تین روز تک تاخت و تاراج کا بازار گرم رہا۔ اس کے بعد سلطان شہر میں داخل ہوا، اس نے آیا صوفیا میں جمعے کی نماز پڑھی اور ایک صُو باشی (حاکم شہر) مقرّر کر کے اِدرنہ واپس چلا آیا۔

قسطنطینیہ کی فتح کے چند روز بعد اہلِ جینوا کی غَلَطَہ نامی نواحی بستی نے بھی، جو محاصرے کے دوران میں غیر جانب دار رہی تھی، اطاعت قبول کر لی۔

دارالسلطنت (قسطنطینیہ) کے عثمانلی ترکوں کے زیرِ حکومت آ جانے کے بعد فقط دو مرتبہ کوئی بیرونی دشمن فوج اس کے سامنے نمودار ہوئی: ۲۰ فروری ۱۸۰۷ء کو انگریزی امیر البحر ڈک ورتھ (Duckworth)، جو کوئی اہم حملہ کیے بغیر دس دن بعد واپس ہو گیا اور ۱۸۷۷ء میں روسی لشکر، جس نے شہر پر قبضہ نہ کیا، بلکہ سان سٹیفانو (San Stefano) کے اطراف میں ڈیرہ ڈالا [تیسری دفعہ پہلی عالمی جنگ کے دوران میں انگریزی اور فرانسیسی فوجوں نے ۱۶ مارچ ۱۹۲۰ء کو کچھ عرصے کے لیے قسطنطینیہ پر قبضہ کر لیا تھا]۔

قسطنطینیہ ترکوں کے زیرِ حکومت، محلِ سلطانی (سرای) اور سرکاری عمارتیں: فتح کے فوراً بعد کے سالوں میں محمد ثانی ویران شدہ شہر کے دوبارہ آباد کرنے اور اسے شاہی مسکن بنانے میں ہمہ تن مصروف رہا، جو لوگ یہاں بسانے کے لیے قرہ مان سے لائے گئے ان سے استانبول کے دو محلّوں قرہ مان اور آق سرای کے نام نکلے؛ فاتح سلطان نے کَفّہ (Kaffa)، مدِلّی (Mytilene) اور دیگر جزائر سے بھی لوگوں کو دارالسلطنت میں بسانے کے لیے بلوایا؛ ارمن، ایرانی اور دیگر نسل کے لوگ بھی یہاں بڑی تعداد میں آ گئے۔ بعد کے زمانے میں وہ یہودی اور عرب بھی جو ہسپانیہ سے نکال دیے گئے تھے بڑی تعداد میں یہاں آ بسے (قبّ وہ خیالی اور دور از کار بیانات جو اولیاء: *Travels* etc.، ۱: ۴۸ ببعد میں دیے گئے ہیں)۔ وہ یہودی جو محاصرے سے پہلے یا اس کے بعد شہر چھوڑ کر بھاگ گئے تھے رفتہ رفتہ پھر واپس آ گئے۔

بوزنطیم کے شاہی محلّات کو ویران ہی چھوڑ دیا گیا۔ بجائے ان کے محمد ثانی نے شہر کے بیچوں بیچ تیسری پہاڑی پر ایک محلّ تعمیر کیا (Critobubus، ج ۲، باب ۱، فصل ۲؛ Ducas، ص ۳۱۷؛ بموجب اولیاء: *Travels* etc.، ۱: ۱، ۵۰: ۸۵۸-۸۶۲ھ / ۱۴۵۴-۱۴۵۸ء)۔ اس محلّ کی تکمیل کے بعد ایک زمانے میں یہ محلّ اِسکی سرای [قدیم محل] کہلانے لگا اور صدیوں تک ــ محمود ثانی کی حکومت تک ــ یہ اس کام آیا کہ معزول شدہ سلاطین کے حرم کے لیے رہنے کا ٹھکانا مہیّا کرے۔ اس کے بعد یہ سرعسکر کی جائے سکونت بن گیا، اور ۱۸۷۰ء کے ابتدائی ایّام میں اسے گرا کر اس کی جگہ سرعسکریہ کی (نئی) عمارت بنائی گئی، لیکن اس کا قدیم نام ''اِسکی سرای'' عوام میں ابھی تک مؤخّر الذّکر عمارت کے لیے مستعمل ہے۔

مقابلۃً ابتدائی زمانے میں ــ یعنی کہا جاتا ہے کہ ۸۷۲ھ / ۱۴۶۷-۱۴۶۸ء میں ــ سلطان محمد نے ایک دوسرا محلّ، دور تک پھیلے ہوئے باغوں کے درمیان اس پہاڑی کی چوٹی پر بنانا شروع کیا، جو بُحیرۂ مارمورا، باسفورس کے داخلے کے دروازے اور شاخِ زرّیں کے درمیان ہے اور خشکی کی طرف سے اس تمام خطّے کو ایک مضبوط اور بلند دیوار بنا کر الگ کر دیا (رمضان ۸۸۳ھ میں، جو ۲۶ نومبر ۱۴۷۸ء کو شروع ہوا، اس کی تکمیل ہوئی)؛ سمندر کے رخ ساحلِ سمندر کی دیواریں محلّ کی حدود بناتی تھیں۔ فاتح کی تعمیر کردہ عمارتوں میں سے اب فقط چینی لی کوشک (چینی محل) کی عمارت باقی ہے، جو ستمبر ۱۴۷۲ء میں بن کر تیار ہوئی تھی؛ اس عمارت کو اب شاہی عجائب خانوں سے متعلّق کر دیا گیا ہے۔ نئے محلّ کی جائے وقوع اور اس کی الگ الگ عمارتوں کے لیے قبّ عبدالرحمٰن شرف کا مستند مقالہ *Revue Historique de l' Institut d' Histoire Ottomane*، ج ۱ و ۲ (مع ایک نقشے کے)۔

اس رقبے کے اندر اصل محلّ، جو بوزنطیوں سے پہلے کے بالا حصار (Acropolis) کی چوٹی پر واقع ہے، الگ الگ عمارتوں کے ایک پیچیدہ مجموعے پر مشتمل ہے اور اس میں تین بڑے صحن ہیں، جن میں داخل ہونے کے تین ہی دروازے بھی ہیں: (۱) بابِ ہمایون، (۲) اورتہ قپوسی، جسے بابُ السّلام بھی کہتے ہیں اور (۳) بابِ سعادت۔ ان میں سے تیسرے صحن کے گرداگرد سلطان کے نجی مکانات ہیں، جن میں حرم، خزانہ اور وہ کمرے ہیں جن میں اسلام کے مقدّس تبرّکات محفوظ ہیں (خرقۂ شریف اوطہ سی) اور خود صحن کے اندر دیوان عام (عرض اوطہ سی) ہے۔ اس دیوان کا بڑا ایوان دوسرے صحن میں تعمیر کیا گیا تھا اور اس کے ساتھ بیرونی خزانہ (طشرہ خزینہ سی) بھی۔ پہلے صحن میں علاوہ دیگر عمارات کے محلّ کا اسلحہ خانہ (جب خانہ) ہے، جو پہلے آیرین (Irene) کا گرجا تھا اور اب اسلحہ کا عجائب خانہ ہے؛ ۱۶۲۳ء کے بعد یہیں ٹکسال (ضرب خانہ) بھی بنی۔ بعد کے سلاطین نے یہاں قصروں اور کوشکوں کا ایک پورا سلسلہ قائم کیا، جن میں کچھ محل کے بلند مقامات میں اور کچھ پست مقامات میں سمندر کے قریب طوپ قپو پر تھے؛ ان میں سے سب سے زیادہ مشہور یہ ہیں: (۱) بغداد کوشک، جو محلّ کے تیسرے صحن کے باہر کے رخ ہے؛ اسے مراد رابع نے تعمیر کیا؛ (۲) اینجو لی کوشک (موتی محل) بُحیرۂ مارمورا پر اور (۳) یالی کوشک (گرمائی محل)، شاخِ زرّیں پر۔ ان میں سے دو مؤخّر الذّکر برباد ہو چکے ہیں۔ قصرِ طوپ قپو، جو انیسویں صدی کے آغاز تک سلطان کی موسم سرما کی قیام گاہ تھا۔ ۱۸۶۲ء میں نذرِ آتش ہو گیا۔ مراد ثانی پہلا سلطان تھا جس نے بِشِک طاش میں سکونت اختیار کی۔ اس کے جانشین عبدالحمید نے وہاں دولمہ باغچہ کا شاندار قصر تعمیر کیا اور اس کے بعد عبدالعزیز نے، جو عبدالحمید کا جانشین تھا، قصرِ چراغاں بنایا، جو ۱۹۱۰ء میں آگ لگ کر تباہ ہو گیا۔ عبدالحمید ثانی نے (جو ۱۹۰۹ء میں تخت سے معزول کیا گیا) دوبارہ قصرِ یلدیز میں سکونت اختیار کی، جو بِشِک طاش کے اوپر کی بلندیوں پر تھا۔ اس وقت سے محمد خامس قصرِ دولمہ باغچہ میں رہتا چلا آ رہا تھا۔ آج کل کے جدید محلّات سے ممتاز کرنے کے لیے اس رقبے کو، جس کا ابھی ذکر ہوا، مع اس کی عمارتوں کے، یورپ والے

''پرانی سرائے'' (Old Serai) کہتے ہیں۔ خود ترکوں نے اسے طوپ قپوسرای کا نام دے رکھا ہے؛ پہلے یہ یکی [ینی] سرای کہلاتا تھا۔

۱۶۵۴ء تک صدرِاعظم کے دفتر کے لیے کوئی سرکاری عمارت مخصوص نہیں کی گئی تھی۔ وہ سرکاری کام جو دیوان میں پیش نہیں ہوتے تھے وزیر کے نجی مکان میں طے کیے جاتے تھے۔ ۱۶۵۴ء میں محمد رابع نے صدرِاعظم درویش محمد پاشا کو محلِّ شاہی کے قریب ایک بڑی عمارت علائی کوشک کے سامنے مرحمت فرمائی۔ یہ صدرِاعظم کا دفتر بن گیا اور بابِ عالی (Sublime Porte) کہلایا (عوامی زبان میں بابلی یا پاشا قپوسی)۔ گزشتہ صدیوں کے دوران میں یہ عمارت کئی بار پوری کی پوری یا جزوی طور پر آتش زدگی سے تباہ ہوتی رہی ہے ــ سب سے آخری مرتبہ ۶ فروری ۱۹۱۱ء کو۔

صدرِاعظم کے علاوہ یکی [ینی] چریوں کے آغا کا بھی ایک الگ Porte (دفتری مکان) تھا، جو آغا قپوسی کہلاتا تھا۔ یہ یکی [ینی] چریوں کی بارکوں اور مسجد سلیمانیہ کے نزدیک تھا؛ اسے سلیمان اوّل [قانونی] نے تعمیر کیا تھا۔ ۱۷۵۰ء میں ''قصرِ آتش زدہ'' (یانغین کوشکی) کے ساتھ یہ بھی آگ سے جل گیا اور پھر مراد اوّل نے اسے دوبارہ تعمیر کیا۔ جب یکی [ینی] چریوں کا دستۂ فوج معطّل کر دیا گیا تو یہ عمارت ۱۸۲۵ء میں شیخ الاسلام کو سرکاری قیام گاہ کے طور پر دے دی گئی (شیخ الاسلام قپوسی، باب فتوی پناہی) اور مشہور و معروف قصرِ آتش زدہ کو منہدم کر کے اس کی جگہ پر سرعسکری برج تعمیر کر دیا گیا۔

سرکاری دفاتر کو، جو انیسویں صدی میں یورپ کے نمونے پر قائم کیے گئے تھے، آج کل متفرّق عمارات میں جگہ دے دی گئی ہے۔ ان میں سے اکثر بالکل جدید طرز کے ہیں اور ان میں تاریخی دلچسپی کی کوئی بات نہیں ہے۔ ان میں سے فقط ''دفتر خانہ'' (دفترِ تسجیلِ اراضی)، جو آت میدان میں ہے اور جس کے رجسٹر ''کوتکات'' کہلاتے ہیں، جو سلیمان اوّل نے ساری مملکت کے لیے مرتّب کیے تھے، ذکر کے قابل ہے۔

مساجد: (۱) جامع آیاصوفیا، اس کے لیے دیکھیے جداگانہ مقالہ بذیل مادّہ۔

(۲) جامع محمدیہ، جسے سلطان فاتح نے کنیسۂ حواریین اور بوزنطی شہنشاہوں کے مقبرے کی جگہ چوتھی پہاڑی پر ۸۶۷ھ/ ۱۴۶۲ء - ۸۷۵ھ/ ۱۴۷۰ء میں تعمیر کیا۔ یہ ان متفرّق اوقاف کی وجہ سے جو اس کے لیے مخصوص کیے گئے مشہور ہے، جن میں ''آٹھ مدرسے'' بھی شامل ہیں۔ اسی مسجد کے پاس فاتح کی ''تربت'' (مقبرہ) بھی ہے۔ ایک دوسری ''تربت'' اَور بھی ہے، جس میں بایزید ثانی کی والدہ گل بہار سلطان نیز دوسرا یلی کنیزوں (حرم) اور محمد ثانی کی ایک دختر کی قبریں ہیں۔ ایک روایت کے مطابق، جس کی اَور کہیں سے تصدیق نہیں ہوتی، ان کا معمار ایک یونانی تھا، جس کا نام کرسٹوڈولوس (Christodoulos) تھا۔ ان مختلف افسانوں کے لیے جن میں کہا گیا ہے کہ سلطان نے اسے قتل کر دیا تھا، یا اس کے اعضا کاٹ دیے تھے، دیکھیے Kantemir: *Gesch. des Osm. Reiches*، ص ۱۵۸ اور اولیاء: *Travels* etc.، ۱:۶۸۔ کہا جاتا ہے کہ فاتح کی سوتیلی ماں، یعنی سربیا کی شہزادی ماریا (Maria)، جو جارج برانکووچ (George Brancovic) کی دختر تھی اور جو سلطان کے حرم میں داخل ہونے کے بعد عیسائی رہی، ان میں سے پہلی ''تربت'' میں مدفون ہے۔

۲۲ مئی ۱۷۶۶ء کے زلزلے سے مسجد کا گنبد گر گیا، جس سے فاتح کی ''تُربت'' کو صدمہ پہنچا۔ اس کے بعد اس مسجد کو مکمّل طور پر از سرِنو تعمیر کیا گیا، جس میں قریب قریب پانچ سال لگے (۱۷۶۷-۱۷۷۱ء)۔

(۳) مسجد بایزید ثانی، جو بڑے بازار میں ہے اور جس میں بانی مسجد کی اور اس کی دختر سلجوق سلطان کی تربتیں ہیں۔ یہ مسجد ۱۵۰۱-۱۵۰۶ء میں تعمیر کی گئی اور اس بازار کی وجہ سے جو ماہ رمضان میں اس کے صحن میں لگتا ہے نیز ان کبوتروں کی وجہ سے جنھوں نے اس میں اپنے ٹھکانے بنا رکھے ہیں مشہور ہے۔

(۴) (جامع) سلیمیہ، جو پانچویں پہاڑی پر محلّۂ فنار میں واقع ہے اور جس میں سلیم اوّل کی قبر ہے، سلیمان اوّل نے ۱۵۲۲ء میں مکمّل کی؛ اسی میں سلطان عبدالمجید کی قبر بھی ہے۔

(۵) جامع شہزادہ، تیسری پہاڑی پر سلیمان اوّل کے لیے معمار سنان [رتّ بآن] نے ۹۵۵ھ/ ۱۵۴۸-۱۵۴۹ء میں شاہزادہ محمد کی یادگار میں، جو ۹۴۹ھ میں فوت ہوا، تعمیر کی۔ اسی میں اس شاہزادے کی اور اس کے بھائی جہانگیر (م ۹۶۰ھ) کی تربتیں اور متعدّد وزیروں کی قبریں بھی ہیں۔

(۶) جامع سلیمانیہ، اپنے بلند محلِّ وقوع، جو شہر کی سب سے اونچی پہاڑی پر ہے، اور اپنی عظیم جسامت کی وجہ سے، بہت شان دار معلوم ہوتی ہے۔ اسے سلیمان کی فرمائش پر سنان نے ۱۵۵۵-۱۵۵۷ء میں تعمیر کیا۔ اس میں چار مدرسے، ایک ''عمارت'' [لنگر خانہ] اور دیگر مکانات ہیں۔ چاروں میناروں میں بل کھاتے ہوئے دس زینے (شرفہ) ہیں، بظاہر اس لیے کہ اس کا بانی دسواں عثمانی سلطان تھا۔ سلیمان اوّل کی تربت مسجد کے صحن میں ہے اور اسی میں سلیمان ثانی، احمد ثانی اور بہت سی سلطانی خواتین بھی مدفون ہیں۔

(۷) جامع احمدیہ، جو آت میدان میں ہے، اپنے میناروں کی تعداد (چھے) کی وجہ سے مشہور ہے۔ اسے احمد اوّل نے ۱۶۱۷ء میں پورا کیا۔ اس کے اندر اس کے بانی کی قبر ہے، جس کی وفات اسی سال ہوئی اور اسی میں اس کے فرزند عثمان ثانی، مراد رابع اور ان کی مشہور ماں کوسم والدہ [ماہ پیکر، دختر سلطان احمد اوّل] اور چند دیگر شاہزادیوں کی قبریں بھی ہیں۔ ایام ماضیہ میں یہ مسجد ''شاہی مسجد''، مسجدِ جامع، بہت سے مذہبی تہواروں کے منانے کی جگہ اور بہت سے درباری رسمی جلوسوں کی گزرگاہ رہ چکی ہے (von Hammer: *Const. u. Bosp.*، ۱:۴۲۱)۔

(۸) یکی (نئی) جامع، شاخ زرّیں کے ساحل پر باب یہود (چفُت قپوسی) کے پاس، جو اب غائب ہو چکا ہے؛ اسے کوسم والدہ نے شروع کیا اور اس کے بعد ترخان خدیجہ سلطان نے، جو محمد رابع کی والدہ تھی، ۱۰۷۴ھ/ ۱۶۶۳-۱۶۶۴ء

میں پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔ علاوہ دیگر مقابر کے اس میں محمد رابع، مصطفٰی ثانی، احمد ثالث اور عثمان ثالث کی قبریں ہیں.

(۹) نور عثمانیہ، دوسری پہاڑی پر بڑے بازار کے پاس؛ اُسے محمود اوّل نے ۱۷۴۸ء میں شروع کیا اور عثمان ثالث نے ۱۷۵۵ء میں پورا کیا.

(۱۰) مسجد لالہ لی، شاہی مسجدوں میں سب سے چھوٹی مسجد، شہر کے اندرونی حصّے میں بحیرۂ مارمورا کی جانب لالہ لی چشمہ (چشمۂ لالہ) کے قریب سال ۱۷۶۱-۱۷۶۴ء میں سلیمیہ کے نمونے پر تعمیر کی گئی۔ اس میں دو ''تربتیں'' ہیں، جن میں بانی مسجد، اس کے بچے (بشمول سلیم ثالث) اور ان کی بیویاں مدفون ہیں.

یہ مسجدیں جن کا ذکر اوپر ہوا وہ بڑی بڑی شاہی مسجدیں ہیں جو استانبول کی فصیلوں کے اندر واقع ہیں۔ باقی ماندہ مسجدوں میں سے، جو کل ملا کر پانچ سو سے زائد ہیں، مندرجۂ ذیل خاص طور پر ذکر کے قابل ہیں:-

(۱) آیا صوفیا کوچک (چھوٹی آیا صوفیا)، بحیرۂ مارمورا کے اوپر واقع ہے۔ پہلے یہ S. Sergias اور S. Bacchus کا کنیسہ تھا، لیکن فاتح کی حکومت کے دوران میں اسے مسجد میں تبدیل کر دیا گیا.

(۲) جامع زیرک، شاخِ زرّیں پر اون کپان کے اوپر ہے۔ پہلے یہ پَینٹوکریٹُر (Pantokrator) کی خانقاہ تھی، فتح کے بعد کچھ دن تک چمڑا رنگنے کے کارخانے کے طور پر کام میں آتی رہی اور بعد ازاں فاتح نے اسے مسجد بنا دیا۔ اس کا نام زاویۂ زیرک ملّا محمود کے نام پر رکھا گیا ہے، جو اس کے پاس ہی ہے.

(۳) جامع محمود پاشا، نور عثمانیہ کے قریب اس کنیسہ کی جگہ پر ہے جسے ۸۶۸ھ/ ۱۴۶۳-۱۴۶۴ء میں منہدم کر دیا گیا تھا۔ اسے اس صدرِ اعظم نے مکمّل کیا جس کے نام پر اس کا نام رکھا گیا اور اسی میں اس کی تربت بھی ہے.

(۴) جامع مراد پاشا، جو آق سرای کے محلّے میں ہے، ۸۷۰ھ/ ۱۴۶۵-۱۴۶۶ء میں بنائی گئی؛ اس کی بنیاد رکھنے والا فاتح کے وزیروں میں سے ایک تھا.

(۵) جامع وفا، شاخ زرّیں بر بایزید ثانی نے ۸۸۱ھ/ ۱۴۷۶-۱۴۷۷ء میں زینیہ شیخ مصطفٰی کے لیے بنائی.

(۶) جامع داؤد پاشا، ساحل مارمورا پر، ۸۹۰ھ/ ۱۴۸۵-۱۴۸۶ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچی.

(۷) جامع قوجہ مصطفٰی پاشا، محلّۂ پسمتیہ (Psamatia) میں؛ ۸۹۵ھ/ ۱۴۸۹-۱۴۹۰ء میں ایک بوزنطی گرجا سے مسجد میں تبدیل کی گئی۔ اس کا بانی، جس کے نام پر اس کا نام رکھا گیا، پہلے عیسائی تھا۔ اس کی بابت کہا گیا ہے کہ یہ وہی شخص ہے جس نے شہزادۂ جم (پسر سلطان محمد فاتح) کو زہر دیا تھا۔ یہ مسجد ان حکایات کی وجہ سے مشہور ہے جو زنجیر دار سرو کے درخت سے اور بیرونی صحن کے کنووں سے متعلّق ہیں.

(۸) اِسکی (یا عتیق) جامع علی پاشا، چنبرلی طاش پر۔ ۹۰۲ھ/ ۱۴۹۶-۱۴۹۷ء میں تعمیر ہوئی، اس میں متعدد وزرائے اعظم کی تربتیں ہیں.

(۹) مسجدِ مہر ماہ سلطان، دخترِ سلیمان اوّل، جس کی وفات ۹۶۵ھ/ ۱۵۵۷-۱۵۵۸ء میں ہوئی، شہر کی سب سے اونچی چوٹی پر ادرنہ دروازے کے قریب ہے اور اسی وجہ سے اسے ادرنہ قپوسی جامع کہتے ہیں۔ یہ سنان کی بنائی ہوئی عمارتوں میں سے ہے.

(۱۰) مسجد رستم پاشا، محلّہ تختہ قلعہ میں شاخ زرّیں پر ہے۔ یہ اپنے کاشی نقش و نگار (faience work) کی وجہ سے مشہور ہے، اس کا بانی، جو بہت دن تک سلیمان اوّل کا وزیر اعظم رہا، مہر ماہ سلطان کا خاوند تھا۔ بَسبِک (Basbek) نے اس کے جو حالات لکھے ہیں ان کی وجہ سے وہ مشہور ہے۔ اس پاشا کی وفات ۱۵۶۱ء میں ہوئی۔ یہ مسجد سنان نے تعمیر کی.

(۱۱) وزیرِ اعظم صُوقوللّی محمد پاشا کی مسجد، آت میدان (Hippodrome) کے جنوب میں؛ یہ پہلے ایک بوزنطی کنیسہ تھا؛ ۹۷۹ھ/ ۱۵۷۱-۱۵۷۲ء میں مکمّل ہوئی.

(۱۲) جامع فتحیّہ، پانچویں پہاڑی پر۔ پہلے یہ پاما کرسٹوس (Pammakaristos) کا کلیسا تھا، جو فتح کے بعد یونانی بطریق کا مستقر بنا اور مراد ثالث نے اسے ۱۵۸۷ء میں مسجد میں بدل دیا؛ اسی وجہ سے کچھ عرصے تک یہ مراد یہ کے نام سے معروف رہی.

(۱۳) مسجد جرّاح محمد پاشا، ساتویں پہاڑی پر، عورت بازار کے قریب، ۱۰۰۲ھ/ ۱۵۹۳-۱۵۹۴ء میں تعمیر ہوئی.

بوزنطی کلیساؤں میں سے، جن کی تعداد چار سو تھی اور جو از رُوے روایت کبھی موجود تھے، صرف پچاس کی اب بھی نشان دہی کی جا سکتی ہے۔ ان میں سے فقط ایک (جسے "Muchliótissa" کہتے ہیں) یونانیوں کے قبضے میں باقی ہے۔ ایک پر سولھویں صدی میں ارمنوں نے قبضہ کر لیا تھا (صُولومناستر)، باقی سب کے سب فتح کے بعد کی دو صدیوں میں مسجد بنا دیے گئے۔ آئرین (Irene) کا ایک کلیسا، جو سرائے (محل شاہی) میں ہے، اب دنیوی اغراض کے لیے استعمال ہوتا ہے.

جو کلیسا اب مسجد بن چکے ہیں ان میں سے چند کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے:

کلیسا جامع، یہ پہلے St. Theodor تھا اور پندرھویں صدی کے آخری ایّام سے بطور مسجد استعمال ہوتا رہا ہے؛ (۲) جامع خیریہ، جو اپنے نقش و نگار کی وجہ سے مشہور ہے، پہلے بابِ ادرنہ کے پاس τῆς Χώρας خانقاہ تھی؛ اسے بایزید ثانی کے عہد میں مسجد بنایا گیا؛ (۳) اسی کے عہد میں سٹوڈیوس کی خانقاہ کو بھی، جو پدی قُلہ کے پاس ہے، مسجد بنایا گیا اور (۴) آخر میں ''گل جامع'' (گلاب مسجد) شاخِ زرّیں پر آیا قپوسی کے پاس، جسے سلیم ثانی کے عہد میں مسجد بنایا گیا.

بابِ ایوان سرائے کے سامنے، جو [گورستانِ] ایوّب کے قریب ہے، [حضرت] ابو ایُّوب انصاریؓ کی مسجد ہے، جسے خاص طور پر مقدّس مانا جاتا ہے اور ان کی تُربت اسی کے قریب اس جگہ پر ہے جہاں آق شمس الدّین نے اسے محمد ثانی کے محاصرے کے زمانے میں دریافت کیا تھا۔ ۸۶۳ھ/ ۱۴۵۸-۱۴۵۹ء میں فاتح نے اسی مقام پر مسجد تعمیر کی تھی، جس کی جگہ ۱۲۱۳-۱۲۱۵ھ/ ۱۷۹۸-۱۸۰۰ء

میں ایک اَور مسجد نے لے لی، جو اصل عمارت ہی کے نمونے پر بنائی گئی تھی، [حضرت] ابو اَیُّوب انصاریؓ کے مقبرے کی آخری بار مرمّت محمود ثانی نے ۱۲۳۵ھ/ ۱۸۱۹-۱۸۲۰ء میں کی۔ اس مسجد میں جو تبرّکات محفوظ ہیں ان میں سے ایک رسول اللہ [صلّی اللہ علیہ وسلّم] کا نقشِ قدم [قدم شریف] ہے۔ خود مقبرے میں وہ بانس محفوظ ہے جس پر (آپؐ کا) مقدس جھنڈا لہراتا تھا (سنجقِ شریف)؛ اسی میں جشنِ تخت نشینی کے موقع پر [سلاطین کی] رسم شمشیر بندی (تقلیدِ شریف) ادا کی جاتی تھی۔

گورستانِ ایُّوب، جس میں متعدد سلطانوں کی بیگمات، فضلا، شعرا، وزرا وغیرہ کی قبریں ہیں، بہت مشہور ہے۔

زیادہ تر سلاطین کے مقبرے شاہی مساجد میں ہیں؛ اس سے مستثنا یہ ہیں: (۱) سلطان عبدالحمید اوّل (م ۱۷۸۹ء) کا خوب صورت مقبرہ (باغچہ قپوسی کے پاس)؛ اسی میں مصطفٰی چہارم (م ۱۸۰۷ء) بھی مدفون ہے؛ (۲) محمود ثانی (۱۸۳۹ء) کا شان دار مقبرہ؛ دیوان یولو پر؛ اسی میں عبدالعزیز (م ۱۸۷۷ء) بھی مدفون ہے۔

درویشوں کی خانقاہیں (تکّہ، تکیہ، زاویہ) بھی یہاں بڑی تعداد میں موجود ہیں، جن میں سے کچھ بڑی ہیں اور کچھ چھوٹی۔ ۱۸۸۵ء میں ان خانقاہوں کی تعداد، جو استانبول اور اس کے اطراف میں موجود تھیں، دوسو ساٹھ تھی۔ ان اطراف میں وہ گاؤں بھی شامل ہیں جو باسفورس پر واقع ہیں۔ یہ خانقاہیں بہت ہی مختلف قسم کے سلسلہ ہاے صوفیہ سے تعلّق رکھتی ہیں اور ان میں سب سے زیادہ اہمّ یہ ہیں: (۱) خانقاہ مولویہ، جو یکی [یِنی] قپوسی میں ہے (یہ ۱۰۰۶ھ/ ۱۵۹۷-۱۵۹۸ء میں تعمیر کی گئی)؛ (۲) مرکز افندی کی خانقاہ سنبلیّہ، جو اسی مقام پر واقع ہے اور جسے شیخ مصلح الدّین مرکز موسٰی نے بنایا تھا، جس کی وفات ۹۵۹ھ/ ۱۵۵۲ء میں ہوئی؛ (۳) پیرا کا مولوی خانہ، جس کا ذکر بعد میں آئے گا۔

مدارس (کالج): von Hammer: *Gesch. d. Osm. R.*، ۹:۱۴۵ببعد، میں ۲۷۵ مدرسوں کے نام دیے گئے ہیں؛ ۱۸۸۵ء میں ان میں سے استانبول اور ایُّوب میں ۱۶۸ تھے اور بِشک طاش، طوپ خانہ اور سقوطری میں ایک ایک؛ یعنی کل ملا کر صرف ۱۷۱، جن میں ۱۴۸ طلبہ مقیم تھے۔ ان میں سے سب سے زیادہ حاضری ان مدارس میں تھی: آیا صوفیا (۱۴۸)، سلطان احمد (۲۰۰)، مدارس سلیمانیہ (کل ۶۴۴) اور وہ مدارس جو [جامع] محمدیہ سے متعلّق تھے (کل ۹۰۲)۔

شفاخانے اور بیمارستان (شفاخانہ، تاب خانہ، تیمارخانہ)، جو پہلے مسجدوں سے متعلق تھے، اب ان کی جگہ جدید ہسپتال یورپی نمونے پر بنا دیے گئے ہیں (مثلاً گُل خانہ، حیدر پاشا وغیرہ کے ہسپتال، قبّ ریدار پاشا (Reidar Pasha): *Für Jena die Turkie*، ۱۹۰۴ء)۔ ان میں سب سے اچھے اور زیادہ مشہور [شفاخانۂ] محمدیہ اور بیمارستان احمدیہ تھے۔ ''عمارتیں'' (عوامی باورچی خانے) بھی، جو مسجد کے ساتھ وابستہ ہوتی تھیں، اپنی اہمیّت کھو بیٹھیں؛ ترکی پارلیمنٹ نے ۱۹۱۱ء میں فیصلہ کر دیا کہ ان کی تعداد گھٹا کر تین کر دی جائے۔

کتب خانے: ۱۸۸۲ء میں استانبول، ایوب اور طوپ خانہ میں عوامی کتب خانوں کی تعداد پینتالیس تھی، جن میں بحیثیت مجموعی کل ۶۴۱۶۲ کتابیں تھیں اور تقریباً سب کی سب مخطوطات کی شکل میں۔ ان میں سے بیشتر کتب خانے مسجدوں سے یا زیادہ صحیح معنوں میں ان مدارس سے تعلّق رکھتے تھے جو مسجدوں کے ساتھ وابستہ تھے۔ ان میں سے سب سے زیادہ کتابیں ان میں تھیں: کتب خانۂ آیا صوفیا (۴۸۶۴)، محمدیہ (۴۸۸۵)، نوری عثمانیہ (۴۳۸۲)، اِسعد افندی (۳۸۵۳)، کوپرولی (۲۷۷۷) اور راغب پاشا (۱۷۳۳)؛ ان اعداد میں وہ مجموعے شامل نہیں ہیں جو اِسکی (طوپ قپو) سرائے اور اُن ''عوامی'' (عمومی) کتب خانوں میں تھے (جن میں بہت سی کتابیں مطبوعہ ہیں) جو اس وقت سے اب تک قائم کیے گئے ہیں۔ ان کتب خانوں کی فہرستیں (بہ استثناے کتب خانہ جات سرائے) استانبول میں طبع ہو چکی ہیں۔ ان کی سب سے پہلی خاصی صحیح فہرست (von Hammer) نے اپنی کتاب *Gesch. d. Osm. Reiches*، ۹:۱۶۹ببعد میں دی ہے۔ مخطوطات اور مطبوعات دونوں کی قدیم فہرستوں (قبّ حاجی خلیفہ، طبع فلوگل (Flügel)، ج ۷) کی قدر و قیمت اب بھی باقی ہے، اس کے باوجود کہ جدید فہرستیں چھپ چکی ہیں۔ سرائے کے مجموعہ ہاے کتب کے دوسب سے زیادہ اہمّ مجموعے بغداد کو شک (تقریباً پندرہ سو جلدیں) اور اس کتب خانے میں ہیں جو احمد ثالث نے ۱۷۱۹ء میں تعمیر کیا تھا (اندرون ہمایون کتب خانہ سی: تقریباً تین ہزار جلدیں)۔ یورپ میں محلّ شاہی کا کتب خانہ سولھویں صدی سے مشہور رہا ہے، کیونکہ اس میں یونانی اور لاطینی مخطوطات بڑی تعداد میں موجود تھے (اب ۳۷) اور یہ امید کی جاتی تھی کہ ان میں کلاسیکی مصنّفین کی بعض گم شدہ کتابیں مل سکیں گی۔

استانبول کے مسقّف بازار، جن میں کھلی دکانیں ہیں (چارشو، بزستین)، نیز خانات (جو اطالوی Fondachi کی طرح بیک وقت گودام بھی ہیں اور دکانیں بھی) بظاہر سب کے سب ترکی زمانے کے ہیں۔ بڑا بازار، جس کی بنیاد محمد ثانی نے ڈالی تھی، قدیم تر ایّام میں کئی بار آتش زدگی سے تباہ ہوا؛ اسے ۱۰ جولائی ۱۸۹۴ء کے زلزلے سے بھی بڑا نقصان پہنچا تھا۔ ''بڑے بازار'' سے ملتی جلتی طرز ''مصری بازار'' کی بھی ہے، جو سلیمان اوّل نے ۱۵۶۰ء میں بنایا تھا اور جسے آگ لگ جانے کے بعد ۱۶۰۹ء میں احمد اوّل نے دوبارہ پتھر سے بنایا (مصر چارشوسی: دواؤں اور گرم مسالے کا بازار)؛ یہ یکی [یِنی] جامع کے قریب بندرگاہ کی جانب واقع ہے۔

سب سے پرانی اور سب سے بڑی سرائیں (خان) ان سڑکوں پر ہیں جو بندرگاہ سے بڑے بازار کو جاتی ہیں، مثلاً (۱) مشہور ''والدہ خان'' (جو ۱۶۴۶ء میں کوسم والدہ سلطان نے تعمیر کر کے ''یکی [یِنی] جامع'' کے لیے وقف کی)، ایرانی سوداگروں کے ٹھیرنے کی بڑی جگہ ہے اور اس میں تقریباً ۴۰۰ کمرے ہیں؛ (۲) بیوک یکی [یِنی] خان، جو مصطفٰی ثالث نے تعمیر کی اور جس میں ۳۲۰ سے ۳۵۰ تک کمرے ہیں؛ (۳) سنبللو خان؛ (۴) محمود پاشا خان وغیرہ۔ دوسری سراؤں میں سے ہم ''وزیر خان'' کا ذکر کر سکتے ہیں (جو طوق بازار کے محلّے میں ہے) اور جسے

کور پرُولو احمد پاشا نے تعمیر کیا تھا اور ایک اس "خان" کا جسے پرتو پاشا نے تختہ قلعہ محلے میں بنایا۔ ان عمارات میں سے جو آج سے بہت دن پہلے بنائی گئیں تھیں تخمیناً ۲۰۰ ایسی ہیں جو اب تک استعمال ہو رہی ہیں۔

کاروان سرائیں (یہ بھی خان کہلاتی تھیں) اب استانبول میں بالکل ناپید ہو چکی ہیں یا سیّاحوں کی قیام گاہ کی حیثیّت سے ان کی کوئی اہمیّت نہیں رہی ہے۔ ان میں سب سے بڑی کاروان سرائے سقوطری [اسکدار] میں تھی؛ انھیں میں سے ایک ایلچی خان (سفیروں کی خان) تھی، جسے ۱۸۸۳ء میں گرا دیا گیا۔ یہ دیوان یولو پر نام نہاد "عمودِ سوختہ" (چنبرلی طاش) کے مقابل تھی۔ سترھویں صدی کے نصف آخر تک (بقول v. Hammer: *Gesch. d. Osman. Reiches*، ۵: ۳۹۱، ۱۶۴۴ء تک) بوزنطی قیصر کے سفیر یہیں ٹھیرائے جاتے تھے یا یوں کہیے کہ حراست میں رکھے جاتے تھے۔

آب رسانی: سب سے قدیم کاریزوں کی بنیاد قیصر ہیڈرین (Hadrian) اور ویلنز (Valens) نے رکھی تھی، ویلنز کی کاریز کے خوش منظر آثار "بوزطوغان کمری"، تیسری اور چوتھی پہاڑی کے درمیان محفوظ ہیں۔ بوزنطی شہنشاہوں نے پانی بہم پہنچانے کا مکمّل انتظام اس طرح کیا کہ نئی کاریز اور نل باسفورس کے یورپی ساحل کے دور دراز چشموں سے شہر تک پانی لانے کے لیے بنائے۔ ان کی جگہ بعد میں (ترک) سلاطین آئے اور انھوں نے ان آب رسانی کے ذرائع کو اَور آگے تک پھیلایا کیونکہ مسلمانوں کے (وضو، غسل اور طہارت کے) مخصوص طور طریقوں کے پیشِ نظر ان کی خاص اہمیّت تھی۔ سب سے پہلے جس نے یہ کام انجام دیا وہ خود فاتح تھا (Kritobulos، ۲: ۱۰، فصل ۲)۔ سلیمان [اوّل] ذرائع آب رسانی کی تعمیر کو اپنی زندگی کے تین کارناموں میں سے ایک سمجھتا تھا (باقی دو کام بڑی مسجد کی تعمیر اور وی اَنا کا فتح کرنا ہیں)۔ اس نے اپنے خاص معمار سنان کو پانچ کاریزوں (بند کمری، اوزون کمر، معلّق کمر، گوزلجہ کمر اور مدرّس کوئی کے کمر) اور ان کے ساتھ ان سے متعلّق نل اور ایک بڑے حوض کی تعمیر کا حکم دیا۔ عثمان ثانی نے ۱۶۲۰ء میں پرگوس (Pyrgos) کا حوض بنوایا، احمد ثالث کی طرف ایک بند کی تعمیر منسوب کی گئی ہے، جو اس نے بلغراد کے جنگل کے پُرآب رقبے میں بنوایا۔ محمود اوّل نے ۱۷۳۲ء میں باغچہ کوئی کا بند بنوایا اور ایک کاریز تعمیر کی، جو پیرا غلَطہ اور طوپ خانہ کو پانی پہنچاتی ہے۔ ان ذرائع کی تعمیر کے علاوہ گزشتہ تیس سال سے ڈرکوس (Derkos) کی جھیل سے پانی نجی مساعی کی بدولت بھی پہنچایا جا رہا ہے۔ ان میں سے قدیم تر تعمیرات میں مشرقی طرز "تقسیم" (مقسّم آب) میں اور صوتر ازی (ترازوے آب) کے ستونوں میں نمایاں ہے۔ سب سے زیادہ مشہور پیرا کی "تقسیم" (محمود اوّل) ہے اور وہ جو اگری قپو دروازے کے باہر استانبول کی خشکی کی جانب کی فصیلوں کی طرف واقع ہے۔

بوزنطی حوضوں میں سے (جن میں سے ایک درجن سے زیادہ اس وقت تک معلوم ہو چکے ہیں)، جو پانی کی کمیابی کے وقت پانی جمع کرنے کے کام آتے تھے، یعنی خشک سالی، محاصرات وغیرہ کے دوران میں، اور جن میں بڑی بڑی کاریزوں کے ذریعے پانی لایا جاتا تھا، اس وقت فقط یرہ بَاتن سرائے [زمین میں دھنسی ہوئی سرائے] کا حوض باقی ہے، جو استعمال میں آ رہا ہے اور باقی حوض ــ کم سے کم وہ جن پر چھت نہ تھی ــ ترکاری کے باغیچوں (چُقُور بوستان) میں تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ بعض اَور، مثلاً ان میں سب سے بڑا، یعنی فلکونوس (Philoxenos) کا حوض، جسے اب بِنگ بر دِیرِک (ایک ہزار ایک ستون) کہتے ہیں، اپنے مرطوب ماحول کی وجہ سے ریشم کاتنے کے کارخانوں کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ ترکی عہد میں ہزاروں فوّارے (چشمے، سبیل خانے) بن گئے ہیں، جن میں سے بعض اپنی ساخت اور آرائش دونوں کے لحاظ سے فنِ تعمیر کا حقیقی نمونہ ہیں؛ ان میں سے خاص طور پر قابلِ ذکر احمد ثالث کا فوّارہ ہے، جو محلِّ شاہی ہی جانے کے بڑے دروازے (باب ہمایوں) کے سامنے ہے اور جس پر اُس کے بانی کا خود اپنا لکھا ہوا کتبہ نصب ہے (۱۱۴۱ھ/ ۱۷۲۸-۱۷۹۰ء) [دیکھیے مادّۂ احمد ثالث].

بوزنطی غسل خانوں میں سے اب ایک بھی باقی نہیں۔ ان کی جگہ مشرقی طرز کے معروف غسل خانوں (حمّاموں) نے لے لی ہے۔ اٹھارھویں صدی کے قریب استانبول کے ایسے حمّاموں کی تعداد کا اندازہ ایک سو تیس لگایا گیا تھا۔ اس وقت بھی ان کی تعداد غالبًا یہی ہے۔

قدیم بوزنطی شہر کی فصیلیں، جو اگرچہ عرصۂ دراز سے شہر کے بچاؤ کے لیے کسی مصرف کی نہیں رہیں، ابھی تک بغیر کسی عملی تغیّر و تبدُّل کے مغربی سمت میں قائم ہیں۔ محمد ثانی نے فتح کے چند سال بعد ان کی مرمّت کی اور سات بُرجوں کا قلعہ (یدی قُلہ) تعمیر کیا۔ اس یدی قُلہ میں (جسے Grelot نے بجا طور پر قسطنطینیہ کا باسٹیل (Bastille) کہا ہے) محافظ فوج ایک "دِزْدار" (قلعہ دار) کے زیرِ قیادت رہتی تھی۔ اس کے بعد سترھویں صدی تک اسے خزانے کے طور پر کام میں لایا جاتا رہا اور انیسویں صدی تک بڑے بڑے سرکاری افسروں اور بیرونی سفیروں کی قیام گاہ اور جنگی قیدیوں کے لیے محبس بنا رہا۔ اسی میں محمود پاشا کو، جو محمد ثانی کا مشہور وزیرِ اعظم تھا، نظر بند اور قتل کیا گیا اور جلّادوں نے عثمانِ ثانی کو گلا گھونٹ کر شہید کیا۔ ۱۲۴۷ھ/ ۱۸۳۱-۱۸۳۲ء میں آت میدان کے دار الوُحوش (آرسلان خانہ) کے شیر اس میں منتقل کر دیے گئے۔ اسے اب شکستہ اور ریزہ ریزہ ہو جانے کے لیے چھوڑ دیا گیا ہے۔

۱۴ ستمبر ۱۵۰۹ء کے بڑے زلزلے نے ان فصیلوں کو بڑا نقصان پہنچایا اور بایزید ثانی ان کی مرمّت کرانے پر مجبور ہو گیا (فان ہامر von Hammer: *Gesch. d. Osm. Reiches*، ۲: ۳۵۰)۔ مراد رابع کے عہد (۱۶۳۵ء) میں سمندر کی طرف کی فصیلیں کئی بار ٹوٹیں پھوٹیں اور بیرام پاشا نے انھیں پھر سے بنایا اور ان پر سفیدی کرائی (قبّ اِوْلیاء: *Travels*, etc، ۱: ۱۲۰ ببعد)۔ احمد ثالث کے عہد میں سمندر کی طرف کی فصیلوں اور بندرگاہ کی دیواروں کو اگری قپو

تک مکمّل طور پر نئے سرے سے ۱۷۲۲-۱۷۲۴ء میں بنایا گیا (چلبی زادہ، ورق ۶۷ب بعد).

اس کے بعد سے اب تک ان کی حفاظت کے لیے کچھ نہیں کیا گیا۔ جب مشرقی ریلوے کی بنیاد پڑی تو سمندر کی جانب کی فصیلوں کا ایک بڑا حصّہ منہدم کر دیا گیا۔ شاخِ زرّین کی طرف کی فصیلیں تقریبًا ساری کی ساری ان مکانوں سے ڈھک گئی ہیں جو ان پر بن گئے ہیں اور یا آتشزدگی سے برباد ہوگئیں۔ اب صرف کہیں کہیں چند خاصے بڑے حصّے بچ رہے ہیں.

فصیلوں کے دروازے

(الف) شاخِ زرّین پر، مشرق سے مغرب کی جانب:-

(۱) باغچہ قپو (باغ دروازہ)؛ (۲) چِفُت قپو (یہودی دروازہ)، یِکی [یَنی] جامع کے سامنے؛ (۳) بالق بازار قپو (مچھلی منڈی دروازہ)؛ یہ تینوں اس وقت تباہ ہو چکے ہیں؛ (۴) یَمش اسکلہ سی قپو (میوے کی بندرگاہ کا دروازہ)، جسے عام طور پر زندان قپو (جیل دروازہ) کہتے ہیں، کیونکہ اس کے قریب ہی ''محبسِ قرضداران'' واقع ہے، جسے زنانہ جیل کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا تھا۔ (۱۲۴۷ھ/ ۱۸۳۱-۱۸۳۲ء میں اسے بدل کر قرہ قُول Karakol ''چوکیدار خانہ'' بنایا گیا)؛ اس کے قریب ہی بابا جعفر کا مقبرہ ہے، جو قیدیوں کا نگہبان ولی ہے؛ (۵) اودون قپو (لکڑی کا دروازہ)؛ (۶) یِکی [یَنی] یا ایازمہ قپو، جو سولھویں صدی میں تعمیر کیا گیا؛ (۷) اون کپان قپو (آٹے کے گودام کا دروازہ)؛ (۸) جُبّہ لی قپو، جس کا نام جُبّہ علی کے نام پر رکھا گیا ہے، جس نے فاتح کے زیرِ قیادت محاصرے میں حصّہ لیا تھا؛ (۹) آیا قپو (مقدّس ہستیوں کا دروازہ، جس نے سینٹ تھیوڈوشیا کے کنیسے کے قرب کی وجہ سے یہ نام پایا، یہ کنیسہ آج کل گُل جامع ہے)؛ (۱۰) فِنار قپو، یہ محلّۂ فنار کے مدخل پر ہے؛ (۱۱) پیٹری قپو، جو بوزنطی عہد میں قلعہ بند پیٹرین (Petrion) کے اندر جانے کے راستے پر تھا؛ (۱۲) ایچری یِکی [یَنی] قپو (شاخِ زرّین کے اندر جانے کا نیا دروازہ)؛ (۱۳) بلاط قپو، اس کا نام قصر بلیشرنا (Blachernae) کے نام سے ماخوذ ہے، جو اس کے قریب واقع ہے؛ سولھویں صدی تک بھی اس کا بوزنطی نام τοῦ Κυνηγοῦ (شکاری دروازہ) موجود تھا؛ (۱۴) ایوان سرائے قپو (ایّوب انصاریؓ کی بگڑی ہوئی شکل ہے، کیونکہ اس دروازے سے گورستان، ایّوب کے احاطے میں داخل ہوتے ہیں)، سولھویں صدی میں یونانی اسے Xyloporta کہتے تھے.

(ب) خشکی کی طرف کی فصیلوں کے دروازے، شمال سے جنوب کی جانب:-

(۱) اِگری قپو (ٹیڑھا دروازہ)۔ اگری قپو کے پاس فصیل شہر سے ملے ہوئے تِکفُور سرائے کے، جو کنسٹینٹائن پورفروجینی ٹاس (Constantine Porphyrogennetos) (دسویں صدی) کا تعمیر کردہ قصر تھا، کھنڈر ہیں۔ فتح کے بعد اسے پہلے اصطبلِ فیل اور پھر نیسین چینی (nicean faïence) اور کانچ سازی کا کارخانہ بنایا گیا۔ پھر یہ اس وجہ سے مشہور ہو گیا کہ یہاں چوبان طاشی دستیاب ہوا، جو تر کی تاج کے جواہر میں سب سے زیادہ قیمتی ہیرا ہے؛ (۲) اِدرنہ قپو (اڈریانوپل دروازہ)؛ (۳) طوپ قپو (توپ دروازہ)؛ (۴) مولوی خانہ یِکی [یَنی] قپو (خانقاہِ ''درویش'' کا نیا دروازہ)؛ (۵) سلیوری قپو (سلیوری دروازہ)؛ (۶) قاپہ لی قپو (تیغا کیا ہوا دروازہ، جو اب دوبارہ کھول دیا گیا ہے)؛ (۷) سلاخ خانہ قپو (مذبح یا کمیلا دروازہ)، جو عام طور پر یِدی قُلّہ قپو کہلاتا ہے.

تھیوڈوسیس (Theodosius) کا تعمیر کردہ سنہری دروازہ (علامتِ فتح مندی)، ترکوں کی فتح کے بعد سے چُن دیا گیا ہے۔ ہلکے ابھرے ہوئے نقش و نگار (bas reliefs)، جو انیسویں صدی کے آغاز تک بھی اس کے لیے باعث زینت تھے، اب بالکل مٹ گئے ہیں.

(ج) سمندر کی طرف فصیل کے دروازے، مشرق سے مغرب کی جانب:-

(۱) نارلی قپو؛ (۲) سماطیہ (Psamatia) قپو؛ (۳) داؤد پاشا قپو؛ (۴) بوستان قپو (جواب تباہ ہو چکا ہے)؛ (۵) لنگا یِکی [یَنی] قپو؛ (۶) تُوم قپو (ریت دروازہ)؛ (۷) چَتلادی قپو (چٹخا ہوا دروازہ)، جسے یونانی سولھویں صدی میں ''ریچھوں والا دروازہ'' کہتے تھے کیونکہ اس کے اوپر پتھر کے شیر رکھے ہوئے تھے؛ (۸) آخور قپو.

(د) محل شاہی کی فصیل کے دروازے، جو سُحیرۂ مارمورا اور شاخِ زرّین کے ساتھ ساتھ جاتے ہیں:-

(۱) بالق خانہ قپو؛ (۲) دگرمن قپو؛ (۳) خستہ لق قپو؛ (۴) اوغرون (اودون) قپو؛ (۵) طوپ قپو (محلّ سلطانی میں سب سے اونچی جگہ پر؛ اب تباہ ہو چکا ہے)؛ (۶) یالی کوشلک قپو، جو اب مسمار ہو چکا ہے.

یہ دروازے فقط محل کے ساتھ مواصلات کے لیے استعمال کیے جاتے تھے.

وہ مقدّس اور غیر مقدّس عمارتیں جو اوپر گنوائی گئی ہیں، ان تغیّرات کا واضح تصوّر پیش کرتی ہیں جو قسطنطینیہ میں اس زمانے میں رونما ہوے جب اس پر ایک ایسی قوم کا تسلّط ہو گیا جو نسل، مذہب اور ثقافت میں مختلف تھی اور جس کی روزمرّہ کی ضروریات بالکل جداگانہ تھیں۔ اس انقلاب سے کوئی چیز بھی نہیں بچی۔ ان لوگوں کا اثر ان متعدّد یادگار عمارتوں اور ان فنّی مصنوعات پر بھی ہوا جو کبھی بوزنطیم کے بازاروں اور عوامی سیرگاہوں کی زینت کا باعث تھیں۔ فاتح نے حکم دیا کہ جسٹینین (Justinian) کا عظیم فلزّی گھڑسوار مجسّمہ (باقر آتی = ''کانسی کا گھوڑا'') اپنی جگہ سے اکھاڑ دیا جائے اور دھات کو پگھلا کر اس کی توپیں ڈھال لی جائیں اور دیگر مجسّموں کا بھی یہی حشر ہوا.

اس کے علاوہ دیگر منار وغیرہ، جو ابھی تک تقریبًا معجزانہ طور پر غالبًا اس لیے بچے ہوے ہیں کہ انھیں طلسمات خیال کیا گیا تھا، یہ ہیں: آت میدان میں ابھی تک مصری مخروطی عمود کھڑا ہوا ہے، جو کنسٹینٹاین پورفروجینی ٹاس کے عمود (سانپ کی لاٹ) کے بیچ کا حصّہ ہے، لیکن اس حصّے کا نحاسی خول ضائع ہو چکا ہے۔ سانپ کی لاٹ اٹھارھویں صدی کے آغاز تک بھی بچی ہوئی تھی۔ اس کے تین سر اور کھلے

ہوے جبڑے تقریباً سب آفتوں سے بچ گئے تھے۔ ۱۷۰۳ء میں جب پولینڈ کی سفارت کو آت میدان میں ٹھیرایا گیا اس وقت اس کے تینوں سر بعض توڑ پھوڑ کرنے والوں نے، جن کا کبھی پتہ نہ چلا، کاٹ ڈالے۔ خارجی مہمانوں پر شُبہہ ہوا کہ انھوں نے یہ حرکت کی ہے..... ان میں سے ایک سر کا اوپر کا جبڑا اس وقت سے پہلے ہی ضائع ہو چکا تھا؛ عام قصّے کہانیوں کے مطابق اسے سلیمان اوّل کے وزیرِاعظم ابراہیم پاشا کے خدّام نے کاٹ ڈالا تھا۔ کچھ اَور لوگ کہتے ہیں کہ یہ کام محمد ثانی نے کیا اور کچھ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ سلیم ثانی یا مراد رابع نے ایسا کیا۔

قسطنطینِ اعظم کا سنگِ سماق کا ستون، جو طوق بازار میں ہے اور جسے ترک چنبرلی طاش کہتے ہیں، ابھی تک باقی چلا آتا ہے، اگرچہ اسے بجلی گرنے، زلزلے اور آتش زدگی سے نقصان پہنچ چکا ہے۔ اسی طرح مارشین (Marcian) کا ستون (قزِ طاشی، columna virginea) بھی ابھی تک بچا ہوا ہے۔ اس بے ڈھنگی وضع کے چبوترے کی بابت، جس پر وہ کھڑا ہے، ترکوں کا پختہ خیال ہے کہ یہ قسطنطین اعظم کی دختر کی قبر ہے۔ آرکیڈیس کے ستون (the columna historiate، جسے یہ نام اس لیے دیا گیا کہ اس کے گرداگرد ویسے ہی ابھرواں نقش ونگار بنے ہوے ہیں جیسے کہ ٹراجن کے ستون پر ہیں) کا فقط چبوترہ باقی بچا ہے؛ یہ ستون اٹھارھویں صدی کے آغاز میں تباہ ہوا اور اس کی ابھرواں دھاریاں مٹ گئیں۔ مختلف اقسام کے ستونوں کے لیے دیکھیے C. Gurlitt: *Antike Denkmalsäulen in Konstantinopel* (۱۹۰۹ء)؛ سانپ کی لاٹ (Snake Column) پر قدیم اور جدید زمانے میں جو افتادیں پڑیں ان کے لیے دیکھیے O. Frick: *Das Plataeische Weihgeschenk zu Konstantinopel*، (لائپزگ ۱۸۵۹ء)؛ Fabricius، در *Jahrbuch des Deutschen Arch. Inst.*، ۱:۱۷۶-۱۹۱ (۱۸۸۶ء)۔ قسطنطینیہ کے قدیم مناظر اور خاکے، نیز سولھویں صدی کے آغاز کے کھدے ہوے کتبے یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اس وقت تک بہت سی قدیم عمارتیں بچی ہوئی تھیں، جن کی بابت ہمارے پاس مزید اطلاعات اس وقت نہیں ہیں۔ آت میدان کی یادگار عمارتوں اور ان مجسّموں کے لیے جو ابراہیم پاشا پسٹ (Pest) [ہنگری] سے لایا اور وہاں نصب کیے، دیکھیے Weigand کا مقالہ، در *Jahrbuch des Deutschen Arch. Inst.*، ج ۲۳ (۱۹۰۸ء)۔

شہر کی قدیم جہاز گاہیں، جو بحیرۂ مارمورا پر تھیں، ترکوں کے عہد میں غائب ہو گئیں۔ ان میں سے سب سے بڑی جہاز گاہ ایلوتھیریس (Eleutherius) ۱۷۶۰ء میں بالکل پاٹ دی گئی اور اس وقت وہ منڈی کا ایک بڑا باغ ہے (ولنگا بوستان wlanga bostān)۔ ''گیلی (Galley) جہاز گاہ'' (قدِرغہ لیمانی، جولین (Julian) یا صوفیا (Sophia) کی بندرگاہ) اس وقت تک بحری بندرگاہ اور مخزنِ سامانِ جنگ کے طور پر استعمال کی جاتی رہی جب کہ سلیم اوّل اور سلیمان اوّل نے شاخِ زرّین پر مخزنِ آلاتِ حرب بنایا۔

شاخِ زرّین (ترسانہ بوغازی) اس وقت سے قسطنطینیہ کی بحری اور تجارتی بندرگاہ بن گئی ہے۔ بوزنطی عہد میں داخلے کا یہ راستہ دشمنوں کے بیڑوں کو روک دینے کے لیے بارہا ایک زنجیر سے بند کر دیا جاتا تھا (دیکھیے van Millingen، ص ۲۲۹ ببعد)۔ جس جگہ اب ایک پُل تعمیر کر دیا گیا ہے وہاں دونوں ساحلوں کے درمیان آمدورفت کا سلسلہ چھوٹی کشتیوں کے ذریعے قائم رکھا جاتا تھا۔

سولھویں صدی تک بھی گورستانِ ایّوب کے پاس اس سنگین پُل کے جو جسٹینین (Justinian) نے بنایا تھا کچھ ٹکڑے باقی تھے۔ اسے ابن بطّوطہ، ۲:۴۳۱، نے تباہ شدہ لکھا ہے۔ سمندر کے اس سب سے زیادہ اندر کو گھسے ہوے بازو کی شاخ پر ایک یا ایک سے زیادہ پُل ''آبہاے شیریں'' (کیات خانہ Kiat-Khane) کے پاس بنے ہوئے تھے۔ دسپینا (Déspina) پل اور ''ہاتھیوں کے پل'' (فیل کوپروسی) کی بابت کہا گیا ہے کہ وہ ترکی عہد میں موجود تھے۔

سلطان محمود ثانی نے لکڑی کی تیرتی ہوئی چوڑے پیندے کی کشتیوں کا سب سے پہلا پل استانبول (اون کپان) اور غَلَطَہ (عذاب قپو) کے درمیان بنایا؛ اس کا افتتاح بڑی دھوم دھام سے ۳ ستمبر ۱۸۳۶ء کو ہوا۔ دوسرا بڑا پل، جدید یا ''والدہ'' پل، چوک امین اونُونو Eminönü (استانبول کی جانب، جامع والدہ کے قریب) اور قرہ کوی (غَلَطَہ) کے درمیان ۱۸۴۵ء میں سلطان عبدالمجید کی والدہ نے بنایا۔ ان دونوں پلوں کی بارہا مرمّت ہو چکی ہے اور چوبی کشتیوں کی جگہ آہنی کشتیاں لگا دی گئی ہیں۔

ایک تیسرا پل، جو ایّوب اور خاص کوی کے درمیان تھا (اور ''یہودیوں کا پل'' کہلاتا تھا) ۱۸۶۲ء میں آتشزدگی سے تباہ ہو گیا۔ یہ پل صرف دس سال تک قائم رہا۔

سلیم اوّل نے شاخِ زرّین کے شمالی ساحل پر ایک مخزنِ سامانِ حرب (ترسانہ) ۹۲۲ھ/ ۱۵۱۶ء میں، اس مقام پر جو آگے چل کر ربض قاسم پاشا ہونے والا تھا، تعمیر کیا۔ اسے پہلے سلیمان اوّل نے اور پھر امیر البحر اعظم جزائر لی حسن پاشا نے (عبدالحمید اوّل کے زمانے میں) بہت زیادہ وسیع کر دیا اور اب وہ اپنی متعلّقہ عمارات — قرارگاہ جہازان، کارخانے، رہنے کے مکانات، ''دیوان خانہ'' (قپودان پاشا کا مسکن اور اس کے بعد وزارتِ بحری کا دفتر) وغیرہ — کی بدولت خاص کوی سے غَلَطَہ (عذاب قپو) تک پھیلا ہوا ہے۔

دیوان خانے کے مغرب میں جہازی غلاموں کے لیے وہ بدنام مقام تھا جسے بگنیو bagnio (فحش خانہ) کہتے تھے۔

اس مخزنِ اسلحہ کے اوپر بلند جگہ پر اوق میدان (تیر بازی کا میدان) ہے، جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ اس کی بنیاد محمد ثانی نے ڈالی تھی۔ اس میدان میں تیر انداز، جن میں بہت سے سلاطین بھی شامل تھے، بالخصوص سلیم ثالث، تیر چلانے کی مشق کیا کرتے تھے؛ ان کی مہارت اور قادراندازی کا بیان بہت سے سنگی ستونوں (نشان طاشی) پر نظم اور نثر میں لکھا ہوا ہے۔ نماز پڑھنے کی کھلی جگہ (نماز گاہ)، جو ان نفیس مناظر کی وجہ سے مشہور ہے جو وہاں سے نظر آتے ہیں، احمد ثالث نے

۱۱۲۷ھ/۱۵-۱۷۱۷ء میں بنائی تھی۔ قحط اور وبا کے زمانے میں لوگ دعا کے لیے جوق در جوق یہیں جمع ہوتے تھے۔ ستمبر ۱۷۲۰ء میں شہزادوں کے ختنوں کا جشن بھی یہیں چودہ دن تک منایا گیا تھا۔

ان اطراف و جوانب میں جو مسجدیں بنائی گئیں ان میں سے صرف قپودان پاشا پیالہ، فاتح ساقز (Chios) اور فاتح جربہ، کی مسجد کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے۔ یہ آخر الذکر مسجد ۱۵۷۲ء میں قاسم پاشا کے اوپر ایک خوش منظر مقام پر تعمیر کی گئی اور اس کے لیے بڑی قیمتی جائداد وقف کی گئی۔

ناحیۂ غلطہ: اس نام کی، جو اس مقام کو اس کے پرانے نام Sykae کی جگہ بہت ہی قدیم زمانے میں دے دیا گیا تھا، اصل یقینی طور پر معلوم نہیں؛ اس کے ساتھ اس کا متبادل نام Pera؛ (''دوسری جانب'') مختلف شکلوں میں استعمال ہوتا رہا۔ جب مملکت بوزنطیم پھر بحال ہوئی تو میکائل ہفتم پیلیولوگس نے ۱۲۶۱ء میں غَلَطَہ اہلِ جینوا کو دے دیا۔ انھوں نے وہاں ایک خود مختار نو آبادی کی بنیاد ڈالی، جو ایک حاکم (Podesta) کے تحت تھی۔ آگے چل کر انھوں نے شہر کے گرد اگرد فصیلیں اور خندقیں بنالیں۔ غَلَطَہ کا برج، جو ایک سو پچاس فٹ بلند ہے اور ایک اونچے مقام پر کھڑا ہوا ہے، پرانے استحکامات کی وہ سب سے آخری عالیشان یادگار ہے جو بچ رہی ہے۔ اس عظیم برج کو فتح کے بعد قید خانے کے طور پر استعمال کیا گیا اور اس کے بعد اسے آتشزدگی کی نگرانی کرنے کا مقام بنا دیا گیا، جو یہ آج تک بنا ہوا ہے۔ ۱۲۰۸ھ/۹۳-۱۷۹۴ء میں اس میں آگ لگی، جس سے اسے سخت نقصان پہنچا؛ اس کے بعد اسے پھر ویسا ہی بنا دیا گیا جیسا پہلے تھا اور اس کی بلندی کئی گز بڑھا دی گئی۔ مشہور و معروف مفتی فیض اللہ (اٹھارھویں صدی کے آغاز میں) نے یسوعی پادری (Jesiut) بسنیر (Besnier) سے خواہش کی کہ وہ اس چوٹی پر ایک رصدگاہ قائم کرائے۔

غَلَطَہ کی فصیل میں اندر داخل ہونے کے حسبِ ذیل دروازے تھے: شاخِ زرّیں پر (مغرب سے مشرق کو) عذاب قپو، قورقچی قپو، باغ قپان قپو، بالق بازار قپو، قرہ کویی قپو، کُرشُنلُو مخزنی قپو، موم خانہ قپو، کرُج قپو، ارگری قپو؛ خشکی کی جانب (مغرب سے مشرق کو): مایت اسکلہ سی قپو، بویوک اور کوچک قلہ قپو، طوپ خان قپو؛ اندرونی فصیل میں: کوچک قرہ کویی قپو، محل قپو، میدانجیک قپو، کلیسا قپو، اِیچ عذاب قپو، صارق قپو۔ ۱۸۵۷-۱۸۶۰ء میں فصیلوں کو مع برجوں کے تقریباً کلی طور پر گرا دیا گیا؛ جینوا کے عہد کی سراؤں کا بھی، جو پرشم بے بازار میں ابھی تک بچ رہی ہیں، یہی انجام ہونے والا ہے۔ بعد میں جو پیرا کی لاطینی آبادی کہلائی اس کی جڑ وہی فرنگیوں (اطالویوں) کی جماعت تھی جو قدیم زمانے میں یہاں آ کر آباد ہو گئی تھی۔ اس کے بعد یونانی (بالخصوص ساقز (Chios) سے، یہودی اور ارمنی یہاں آ کر آباد ہوئے۔ جب یہاں مخزنِ سامانِ اسلحہ اور توپ سازی کے کارخانے (طوپ خانے) کی بنیاد رکھی گئی تو مغرب اور مشرق کے مسلمان بھی زبردستی یہاں گھس آئے اور بڑے بڑے کیتھولک اور یونانی کلیساؤں پر، جو انھیں وہاں ملے، اپنا قبضہ جما بیٹھے۔ کیتھولک لوگوں کے پاس فقط سینٹ پیئر (Pierre)، سینٹ جارجز (Georges) اور سینٹ بنوئت (Benoît) بچ رہے؛ باقی سب، یعنی سینٹ پال (Paul)، جو آج کل ''عرب جامع'' ہے (۱۵۲۵-۱۵۳۵ء سے یہ مسجد بن گئی ہے)، سینٹ ماریا ڈی ڈراپیرس (Draperis) جو ۱۶۶۳ء میں ضبط ہو گیا)، سینٹ فرانسوئس (François)؛ (۱۸۹۷ء سے یہ ''مسجد والدہ'' ہے)، سینٹ آنا (Anna)؛ (جو ۱۶۹۷ء میں ضبط ہوا)، سینٹ سیباسٹین (Sebastian)، سینٹ کلارا (Clara)، سولھویں اور سترھویں صدی کے گزرتے گزرتے نیست و نابود ہو گئے۔ یونانی کلیساؤں میں سے سب سے زیادہ مشہور Χρυσοπηγή تھا؛ یہ سترھویں صدی میں ویران ہو گیا۔ غلطہ میں ترکوں کی چودہ مسجدیں ہیں، جن میں سے چار اصل میں گرجا تھے۔

غَلَطَہ میں، جہاں آج کل کے پیرا کی طرح متعدد ہوٹل اور تفریح گاہیں ہیں، بہت سے ترک سیر کے لیے پہنچ جاتے تھے تاکہ وہاں فرنگیوں کے طریقے سے لطف اندوز ہوں۔ محمد ثانی کبھی کبھی کیتھولک گرجاؤں میں وہاں کی نماز دیکھنے بھی چلا جاتا تھا۔

سولھویں صدی کے آغاز ایسے قدیم زمانے ہی میں وینس اور فرانس کے سفیر اور دیگر بیرونی اشخاص غلطہ کے شمالی بلند مقامات میں آ کر "vignes de Pe'ra" (''دوسری طرف یا پار کے تاکستان'') میں سکونت اختیار کر لیتے تھے؛ چنانچہ Pera کا لفظ، جو اسی فقرے سے مختصر کر کے بنا لیا گیا ہے، اس نو آبادی کا مخصوص نام ہو گیا اور پھر غلطہ کے نام کے طور پر، جس پر پہلے اس کا اطلاق ہوتا تھا، متروک ہو گیا۔ لیوگی گرِٹّی (Luigi Gritti) کا مکان بھی، جو سلیمان اوّل کے وزیرِ اعظم ابراہیم پاشا کا مشیر اور کارکن تھا، یہیں تھا اور مشرقی شان و شوکت سے مزیّن تھا۔ ترکوں کے ہاں اس کا نام بیگ اوغلو (فرزند شاہزادہ) مشہور تھا (کیونکہ وہ ایک دوژ (Doge) [وینس اور جنوآ کی جمہوریتوں میں حاکم اعلیٰ] کا بیٹا تھا)، اس لیے پیرا کا بھی یہی نام پڑ گیا۔ اس کا یونانی نام Stavrodròmi (''چوراہا'') ہے، کیونکہ پیرا کے اندر داخل ہونے کے مقام پر پیرا جانے والی بڑی سڑک کو وہ سڑک جو طوپ خانہ سے اسلحہ خانے جاتی ہے کاٹتی ہے۔

اس وقت سے اب تک پیرا برابر پھیلتا جا رہا ہے، اس کی آبادی ایک لاکھ ہو گئی ہے اور اب یہی یورپ والوں کا اصلی مقام و مسکن ہے؛ غَلَطَہ اب تک تجارتی مرکز اور سمندری بندرگاہ بنا ہوا ہے۔ ترکوں کی آبادی، جو پیرا کی بلند پہاڑی کی مغربی اور مشرقی ڈھلانوں پر ابتدائی زمانے میں آ کر یہاں بس گئے تھے، رفتہ رفتہ غائب ہوتی چلی جا رہی ہے اور اب فقط چند چھوٹی چھوٹی مسجدیں، جو یورپی محلّے کے درمیان رہ گئی ہیں، یہ یاد دلاتی ہیں کہ یہاں کبھی مسلمان بھی بستے تھے۔

ابتدائی زمانے کی دو یادگاریں اَور باقی رہ گئی ہیں: ایک غلطہ سرائے، دوسری خانقاہ مولویہ، جو غلطہ اور پیرا کی درمیانی سڑک پر واقع ہے۔ غَلَطَہ سرائے کا بانی بایزید ثانی تھا اور یہ شاہی خدام کے لیے تربیت گاہ کے کام میں لائی جاتی تھی۔ سلیم ثانی

اور پھر دوبارہ محمد رابع کے عہد (۱۰۷۶ھ/ ۱۶۶۵-۱۶۶۶ء) میں اسے بند کر دیا گیا تھا؛ اس کے بعد احمد ثالث نے ۱۷۱۴ء میں اسے پھر بحال کر دیا۔ قدیم عمارت کو ۱۸۲۰ء میں منہدم کر دیا گیا؛ جدید عمارت ۱۸۲۷ء میں تیار ہوئی اور اسے میڈیکل سکول بنا دیا گیا جہاں عام امراض کی تشخیص کی جاتی تھی۔ ۱۸۶۷ء سے اسے فرانسیسی نمونے پر شاہی ثانوی (Lycée Impérial) درسگاہ بنا دیا گیا ہے۔

خانقاہ مولویہ، جو اس دارالسلطنت میں سب سے زیادہ قدیم آبادی ہے اور ''غلطہ مولوی خانہ سی'' کہلاتی ہے (اس لیے کہ ضلع غلطہ میں پیرا بھی شامل ہے)، ۸۹۷ھ/ ۱۴۹۱-۱۴۹۲ء میں تعمیر کی گئی، ۱۷۶۵ء میں آتشزدگی سے تباہ ہوئی اور آخری مرتبہ سلیم ثالث نے اسے ۱۲۱۰ھ/ ۱۷۹۵-۱۷۹۶ء میں موجودہ شکل میں تعمیر کیا۔ یورپ والوں میں یہ اس لیے زیادہ مشہور ہے کہ یہاں مرتد احمد پاشا (بونیوال Bonneval، رتک بآن) کی قبر ہے اور مسلمانوں میں اس لیے کہ یہاں اسمٰعیل انقروی، شارحِ مثنوی، کا مزار ہے۔

غلَطہ سے متّصل ساحلِ سمندر کی مشرقی سمت میں طوپ خانہ کے آس پاس کا علاقہ ہے۔ طوپ خانہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہاں خود فاتح نے بندوقیں ڈھالنے کا کارخانہ قائم کیا تھا اور سلیمان اوّل نے اسے اَور زیادہ پھیلایا۔ موجودہ عمارت کی، جس میں آج کل محض سرکاری دفاتر ہیں کیونکہ اسلحہ اب بیرونی ممالک سے درآمد کیا جاتا ہے، تعمیر کی تاریخ ۱۷۴۵ء ہے۔ ٹھیک اس کے مقابل قپودان پاشا قلیج علی نے اپنی عظیم مسجد ۱۵۸۰ء میں بنائی، جس میں ایک تربت بھی ہے، جو بد سلیقگی سے فرنگی طرز پر بنائی گئی ہے۔ یہ دونوں عمارتیں سنان نے تعمیر کیں۔ تربت کا زمانۂ تعمیر غالباً متاخّر ہے، ۱۷۳۲ء میں محمود اوّل نے اس مسجد کے سامنے ایک فوارہ بنایا اور اسے خوب آراستہ کیا۔ اس سے تھوڑے فاصلے پر ایک کھلے میدان میں نصرتیّہ مسجد ہے، جو مراد ثانی نے ۱۸۲۳-۱۸۲۶ء میں یکّی [ینی] چریوں کے قتل کی یادگار میں بنائی۔

اس رصدگاہ کی جائے وقوع جس کا بارہا ذکر آ چکا ہے اور جسے ماہر ہیئتِ تقی الدّین نے مراد ثالث کے حکم سے تعمیر کیا تھا اور جو فروری ۱۵۸۰ء میں تاریخی جغرافیہ دان سعد الدّین کی درخواست پر منہدم کر دی گئی زیادہ وضاحت کے ساتھ معیّن نہیں کی جا سکتی۔

انھیں اطراف و جوانب میں محلّۂ فندقلی کے اندر ایک مسجد ہے، جسے مراد ثالث نے ۹۶۷ھ/ ۱۵۵۹-۱۵۶۰ء میں تعمیر کیا۔ یہ مسجد شاہزادہ جہانگیر کی یاد میں بنائی گئی جو ۱۵۵۳ء میں حملۂ ایران میں مارا گیا اور اس کا نام بھی اسی کے نام پر رکھا گیا۔ یہ ایک مشہور و معروف قطعۂ زمین ہے اور کئی بار نذرِ آتش ہو چکا ہے؛ آخری بار اسے ۱۸۲۳ء میں پھر سے بنایا گیا۔

قباطاش (بے ڈھنگی چٹان) اس خطرناک پہاڑی کا نام تھا جو ساحل کے قریب دولمہ باغچہ میں تھی اور جسے قدیم زمانے میں Petra Thermastis کہتے تھے (Const. u. Bosp.: von Hammer، ۱:۱۹۱)؛ ایک شخص مصطفٰی نجیب نے، جس کا وہاں ساحل پر ایک بنگلہ تھا، اس کے لیے ایک رصیف (pier) بنا دیا۔ آخر میں اسے ۱۲۶۷ء میں ایک چھوٹی سی جہازگاہ تعمیر کر کے محفوظ کر دیا گیا، لیکن اس کا نام چلا آتا ہے۔

دولمہ باغچہ (بھرپور باغ)؛ اس کا ترجمہ ''کدو باغ'' — جو پہلے پہل von Hammer: Const. u. Bosp.، ۲:۱۹۰، میں نظر آتا ہے — ایک مضحکہ خیز غلط فہمی پر مبنی ہے۔ یہ رقبۂ زمین، جہاں اب عبدالمجید کا ۱۸۵۳ء میں بنایا ہوا قصر کھڑا ہے، مع اس کے سامنے والے میدان کے اصل میں ایک گہری خلیج تھا، جو قرہ یالی باغ اور بِشِک طاش باغ کے بیچ میں واقع تھی، جس کا ذکر سولھویں صدی میں اکثر آتا ہے۔ ۱۶۱۴ء میں تین ماہ کی مدّت کے اندر اندر قپودان پاشا خلیل نے اسے سمندر سے علٰیحدہ کر دیا۔ یہی خلیج تھی جس سے فاتح کے جہاز ۱۴۵۳ء میں خشکی پر گھسیٹ کر شاخِ زرّین میں ڈالے گئے تھے (دیکھیے اوپر)۔ آگے چل کر ایک زمانے میں جب جہاز کے بیڑے کو کسی مہمّ پر بھیجنا ہوتا تھا تو امیر البحر اسے یہیں لنگر انداز کرتے تھے اور رخصتی مراسم دھوم دھام سے بجا لاتے تھے۔ اس قصر کو سلطان عبدالمجید اور اس کے بعد اس کا جانشین عبدالعزیز شاہی مسکن کے طور پر کام میں لاتے تھے، یعنی اس وقت تک جب تک کہ عبدالعزیز نے قصرِ چراغان تعمیر نہیں کیا تھا؛ اس کے بعد سلطان محمد خامس پھر دولمہ باغچہ میں رہنے لگا۔

[۱۹۲۰ء کے بعد سے استانبول ترکی کا پایۂ تخت نہیں رہا۔ جمہوریہ کے قیام کے بعد شروع کے چند سالوں میں اس کی گزشتہ رونق اور خوش حالی میں نمایاں فرق پیدا ہو گیا تھا، لیکن یہ عارضی انحطاط جلد ہی جاتا رہا اور استانبول کی آبادی اور اقتصادی اہمیّت میں پھر اضافہ ہونا شروع ہو گیا۔ آج کل یہ شہر جمہوریۂ ترکی کے ایک صوبے (ولایت یا ایل) کا مرکز ہے، جس میں باسفورس (استانبول، بوغازی) کے دونوں طرف کا علاقہ اور جزیرہ نمائے بوزبرون کا شمال مغربی حصّہ (یالوہ کی قضا) شامل ہے۔ اس صوبے کا مجموعی رقبہ ۵۳۹۰ مربع کیلومیٹر ہے (یورپ میں ۳۳۰۲ اور ایشیا میں جزائر سمیت ۲۰۸۸ کیلومیٹر)۔ کل آبادی ۱۹۵۵ء کی مردم شماری کی رُو سے تقریباً پندرہ لاکھ اور ۱۹۶۰ء کی مردم شماری میں ۱۸۸۲۰۹۲ تھی۔ ۱۹۵۷ء میں یہ صوبہ ان اٹھارہ قضاؤں میں منقسم تھا: امین اوغلو، فاتح، ایّوب، زیتون بورنو، باقر کوی، بے اوغلو، شیشلی، بِشِک طاش، صاری یر، بے کوز، اسکدار، قاضی کوی؛ اور جزائر میں: چتالجہ، سلیوری، شیلہ، قَرتال اور یالُوہ۔ ۱۹۶۰ء کی مردم شماری میں شہر استانبول کی آبادی ۱۴۶۶۵۳۵ تھی۔

علم و ثقافت کے نقطۂ نظر سے استانبول صرف ترکی ہی کے شہروں میں سرفہرست نہیں، بلکہ بحرِ متوسّط اور آس پاس کے مشرقی ممالک میں بھی ایک مخصوص اہمیّت کا حامل ہے۔ جامعۂ استانبول میں چھے کلّیے (faculties) اور ۱۹۵۷ء میں ساڑھے سولہ ہزار کے قریب طلبہ تھے۔ اسی طرح یہاں کی صنعتی (technical) یونیورسٹی میں پانچ کلّیے اور تقریباً تین ہزار طلبہ تھے۔ علاوہ ازیں فنون لطیفہ کی ایک